۱۶ جولائی	پنر۴_کرک	۲۲_۲۶
۲۰ جولائی	پکھ(۱)	۱۰_۱۶
۲۳ جولائی	پکھ(۲)	۲۲_۰۵
۲۷ جولائی	پکھ(۳)	۹_۵۲
۳۰ جولائی	پکھ(۴)	۲۱_۳۵
۳ اگست	اشلیکھا(۱)	۹_۱۴
۶ اگست	اشلیکھا(۲)	۲۰_۴۷
۱۰ اگست	اشلیکھا(۳)	۸_۱۴
۱۳ اگست	اشلیکھا(۴)	۱۹_۳۴
۱۷ اگست	مگھا(۱)_سنگھ	۶_۳۹
۲۰ اگست	مگھا(۲)	۱۸_۰۰
۲۳ اگست	مگھا(۳)	۲۹_۰۴
۲۷ اگست	مگھا(۴)	۱۶_۰۱
۳۰ اگست	پوپھا(۱)	۲۶_۵۲
۳ ستمبر	پوپھا(۲)	۱۳_۳۳
۶ ستمبر	پوپھا(۳)	۲۳_۰۵
۱۰ ستمبر	پوپھا(۴)	۱۰_۲۷
۱۳ ستمبر	اتراپھا(۱)	۲۰_۴۰
۲۰ ستمبر	اتراپھا(۳)	۲۰_۴۹
۲۳ ستمبر	اتراپھا(۴)	۲۶_۴۴
۲۷ ستمبر	ہست(۱)	۱۲_۱۴
۳۰ ستمبر	ہست(۲)	۲۱_۴۴
۴ اکتوبر	ہست(۳)	۷_۰۴
۷ اکتوبر	ہست(۴)	۱۶_۱۳
۱۰ اکتوبر	چترا(۱)	۲۵_۱۴
۱۴ اکتوبر	چترا(۲)	۱۰_۰۱
۱۷ اکتوبر	چترا(۳)تلا	۱۸_۴۳
۲۰ اکتوبر	چترا(۴)	۲۷_۱۷
۲۴ اکتوبر	سواتی(۱)	۱۱_۴۴
۳۰ اکتوبر	سواتی(۳)	۲۸_۰۷
۳ نومبر	سواتی(۴)	۱۲_۰۵
۶ نومبر	وشاکھا(۱)	۱۹_۵۴
۱۳ نومبر	وشاکھا(۳)	۱۱_۵
۱۶ نومبر	وشاکھا۴_برچھک	۱۸_۲۹
۱۹ نومبر	انوراوا(۱)	۲۵_۵۴
۲۶ نومبر	انوراوا(۳)	۱۶_۱۵
۲۹ نومبر	انوراوا(۴)	۲۳_۱۸
۳ دسمبر	جیشٹھا(۱)	۶_۱۴
۶ دسمبر	جیشٹھا(۲)	۱۳_۴
۹ دسمبر	جیشٹھا(۳)	۱۹_۴۸
۱۳ دسمبر	جیشٹھا(۴)	۲۶_۳۹
۱۶ دسمبر	مولا(۱)دھن	۹_۰۸
۲۲ دسمبر	مول(۳)	۲۲_۲۰
۲۵ دسمبر	مول(۴)	۲۸_۵۴
۲۹ دسمبر	پوکھا(۱)	۱۱_۲۶

منگل

تاریخ	نچھتر چرن	گھنٹہ منٹ
۶ جنوری	وشاکھا(۲)	۱۱_۳۰
۱۱ جنوری	وشاکھا(۳)	۲۰_۰۸
۱۶ جنوری	وشاکھا۴_برچھک	۲۹/۱۰
۲۲ جنوری	انورادھا(۱)	۱۴_۳۹
۲ فروری	انورادھا(۳)	۱۱_۰۷
۷ فروری	انورادھا(۴)	۲۴_۰۸
۱۳ فروری	جیشٹھا(۱)	۹_۵۴
۲۴ فروری	جیشٹھا(۳)	۱۲_۰۰
۱ مارچ	جیشٹھا(۴)	۲۶_۴۷
۷ مارچ	مول۱_دھن	۱۸_۲۷
۱۹ مارچ	مول(۳)	۶_۴۷
۲۴ مارچ	مول(۴)	۲۷_۴۳
۳۰ مارچ	پوکھا(۱)	۲۷_۱۴
۱۲ اپریل	پوکھا(۳)	۱۱_۴۰
۲۵ اپریل	اتراکھا(۱)	۱۵_۴۱
۲ مئی	اتراکھا(۲)مکر	۱۶_۱۹
۹ مئی	اتراکھا(۳)	۲۸_۲۹
۱۸ مئی	اتراکھا(۴)	۱۰_۲۵
۲۷ مئی	شرون(۱)	۲۴_۲۵
۹ جون	شرون(۲)	۲۰_۲۸
۱۳ جولائی	و_شرون(۱)	۲۵_۵۴
۲۷ جولائی	و_اتراکھا۴	۱۳_۴۷
۹ اگست	و_اتراکھا۳	۱۲_۱۷
۱۴ ستمبر	اتراکھا(۴)	۲۲_۵۰
۲۶ ستمبر	شرون(۱)	۶_۵۶
۱۲ اکتوبر	شرون(۳)	۹_۳۱
۲۵ اکتوبر	دھنشٹھ(۱)	۱۲_۴۳
۳۱ اکتوبر	دھنشٹھ(۲)	۱۳_۰۸
۶ نومبر	دھنشٹھ۳_کنبھ	۸_۲۱
۱۱ نومبر	دھنشٹھ(۴)	۲۳_۰۵
۱۷ نومبر	شت(۱)	۱۰_۴۴
۲۷ نومبر	شت(۳)	۲۵_۳۲
۸ دسمبر	پوبھا(۱)	۹_۳۵
۱۳ دسمبر	پوبھا(۲)	۱۱_۳۶
۲۳ دسمبر	پوبھا(۴)مین	۱۲_۵۶
۲۸ دسمبر	اترابھا(۱)	۱۲_۳۸

بدھ

تاریخ	نچھتر چرن	گھنٹہ منٹ
۳ جنوری	جیشٹھا(۴)	۲۲_۴۷
۶ جنوری	مول۱_دھن	۱۹_۴۳
۱۱ جنوری	مول(۳)	۲۳_۳۸
۱۴ جنوری	مول(۴)	۱۱_۰۶
۱۶ جنوری	پوکھا(۱)	۲۰_۰۶
۲۱ جنوری	پوکھا(۳)	۱۰_۲۸
۲۳ جنوری	پوکھا(۴)	۱۶_۱۰
۲۵ جنوری	اتراکھا(۱)	۲۱_۰۰
۲۷ جنوری	اتراکھا۲_مکر	۲۵_۳
۲۹ جنوری	اتراکھا(۳)	۱۸_۱۸
۱ فروری	اتراکھا(۴)	۶_۴۷
۳ فروری	شرون(۱)	۸_۳۱
۹ فروری	شرون(۴)	۹_۰۴
۱۱ فروری	دھنشٹھ(۱)	۷_۵۹
۱۴ فروری	دھنشٹھ۳_کنبھ	۲۷_۳۳
۱۶ فروری	دھنشٹھ(۴)	۲۴_۰۳
۱۸ فروری	شت(۱)	۲۰_۰۷
۲۳ فروری	شت(۴)	۲۹_۱۲
۲۵ فروری	پوبھا(۱)	۲۳_۳۱
۳ مارچ	پوبھا۴_مین	۶_۵۴
۴ مارچ	اترابھا(۱)	۲۶_۲۵

۱۰ مارچ اترابھا(۳) ۲۷_۱۸
۱۳ مارچ ریوتی(۱) ۱۳_۵۱
۱۶ مارچ ریوتی(۲) ۱۹_۱۹
۲۹ مارچ و۔ریوتی(۱) ۲۹_۰۲
۳ اپریل و۔اترابھا(۴) ۹_۲۳
۱۷ اپریل و۔اترابھا(۳) ۱۸_۵۲
۲۳ اپریل اترابھا(۴) ۱۷_۴۱
۲۷ اپریل ریوتی(۱) ۲۷_۳۱
۱ مئی ریوتی(۲) ۱۳_۵۴
۹ مئی اشونی۱۔میکھ ۱۷_۲۵
۱۳ مئی اشونی(۳) ۶_۱۳
۱۸ مئی بھرنی(۱) ۸_۲۷
۲۵ مئی کرتیکا(۱) ۱۵_۵۵
۲۷ مئی کرتیکا۲۔برکھ ۸_۲۲
۳۰ مئی کرتیکا(۴) ۱۴_۱۰
۳۱ مئی روہنی(۱) ۲۷_۵۴
۴ جون روہنی(۳) ۵_۴۲
۷ جون مرگشر(۱) ۶_۲۷
۸ جون مرگشر(۲) ۱۸_۵۳
۱۰ جون مرگشر(۳)متھن ۷_۳۲
۱۱ جون مرگشر(۴) ۲۰_۳۹
۱۳ جون آردرا(۱) ۱۰_۲۲
۱۶ جون آردرا(۳) ۱۶_۱۹
۱۹ جون پنربسو(۱) ۲۶_۴۲
۲۵ جون پنر۔۴۔کرک ۱۸_۰۸
۲۷ جون پکھ(۱) ۱۹_۲۱
۲ جولائی پکھ(۳) ۶_۰۵
۷ جولائی اشلیکھا(۱) ۸_۵۱
۱۳ جولائی اشلیکھا(۳) ۱۸_۱۸
۳ اگست و۔اشلیکھا(۳) ۱۲_۱۰
۱۲ اگست و۔اشلیکھا(۱) ۱۱_۴۷
۲۵ اگست اشلیکھا(۲) ۱۸_۵۸
۲۸ اگست اشلیکھا(۳) ۲۷_۱۶
۲ ستمبر مگھا۱۔سنگھ ۲۰_۵۸
۶ ستمبر مگھا(۳) ۱۸_۳۱
۱۰ ستمبر پوپھا(۱) ۸_۵۴
۱۴ ستمبر اتراپھا(۱) ۹_۴۸
۱۸ ستمبر اتراپھا۲کنیا ۲۸_۱۴
۲۰ ستمبر اتراپھا(۳) ۲۳_۴۴
۲۳ ستمبر ہست(۱) ۱۶_۱۲
۲۸ ستمبر ہست(۳) ۱۱_۴۵
۲ اکتوبر چترا(۱) ۱۰_۴۳
۴ اکتوبر چترا(۲) ۱۱_۱۳

۶ اکتوبر چترا(۳)تلا ۱۲_۴۲
۱۲ اکتوبر سواتی(۲) ۲۲_۲۱
۱۴ اکتوبر سواتی(۳) ۲۷_۲۱
۱۹ اکتوبر وشاکھا(۱) ۱۲_۱۷
۲۴ اکتوبر وشاکھا(۳) ۹_۴۶
۲۶ اکتوبر وشاکھا۴۔برچھک ۲۰_۴۳
۲۹ اکتوبر انورادا(۱) ۹_۴۴
۳ نومبر انورادا(۳) ۲۱_۱۸
۱۰ نومبر جیشٹا(۱) ۱۹_۰۴
۲۲ نومبر و۔انورادا(۴) ۲۴_۵۸
۲۵ نومبر و۔انو(۳) ۲۰_۱۷
۳۰ نومبر و۔انو(۱) ۲۳_۱۰
۵ دسمبر و۔وشاکھا(۴) ۱۹_۰۶
۸ دسمبر انورادا(۱) ۱۲_۲۰
۱۷ دسمبر انورادا(۳) ۱۰_۳۵
۲۲ دسمبر جیشٹا(۱) ۲۱_۲۰
۲۷ دسمبر جیشٹا(۳) ۱۸_۳۰

برہسپت

۴ جنوری وشاکھا(۲) ۶_۰۹
۲۷ جنوری وشاکھا(۳) ۲۱_۴۴
۱۹ اپریل و۔وشاکھا(۲) ۷_۵۸
۱۶ مئی و۔وشاکھا(۱) ۲۴_۰۵
۱۸ جون و۔سواتی(۴) ۵_۳۹
۲ اگست وشاکھا(۱) ۱۶_۳۹
۳ ستمبر وشاکھا(۲) ۶_۰۴
۲۳ ستمبر وشاکھا(۳) ۲۶_۳۸
۱۱ اکتوبر وشاکھا۴۔برچھک ۱۹_۱۹
۲۷ اکتوبر انورادا(۱) ۲۳_۰۴
۱۲ نومبر انورادا(۲) ۷_۲۷
۲۷ نومبر انورادا(۳) ۷_۱۰
۱۲ دسمبر انورادا(۴) ۶_۲۳
۲۷ دسمبر جیشٹا(۱) ۱۳_۵۳

شکر

۲ جنوری پوکھا(۲) ۲۴_۲۲
۸ جنوری پوکھا(۴) ۷_۳۲
۱۰ جنوری اتراکھا(۱) ۲۳_۰۸
۱۳ جنوری اتراکھا۲۔مکر ۱۴_۴۳
۱۸ جنوری اتراکھا(۴) ۲۱_۵۸
۲۱ جنوری شرون(۱) ۱۳_۲۷
۲۹ جنوری شرون(۴) ۱۲_۴۰
۳۱ جنوری دھنشٹھ(۱) ۲۸_۲۴
۶ فروری دھنشٹھ۳۔کمبھ ۱۱_۵۸
۸ فروری دھنشٹھ(۴) ۲۷_۲۷
۱۱ فروری شت(۱) ۱۹_۳۸
۱۹ فروری شت(۴) ۱۹_۲۳
۲۲ فروری پوبھا(۱) ۱۱_۲۲
۲۷ فروری پوبھا(۳) ۱۸_۳۲
۲ مارچ پوبھا۴مین ۱۱_۴۱
۴ مارچ اترابھا(۱) ۲۷_۵۵
۱۲ مارچ اترابھا(۴) ۲۸_۵۳
۱۵ مارچ ریوتی(۱) ۲۱_۳۰
۲۱ مارچ ریوتی(۳) ۶_۲۴
۲۶ مارچ اشونی۱۔میکھ ۱۵_۴۶
۳۱ مارچ اشونی(۳) ۲۵_۲۸
۶ اپریل بھرنی(۱) ۱۱_۳۱
۱۱ اپریل بھرنی(۳) ۲۱_۵۴
۱۷ اپریل کرتیکا(۱) ۸_۳۸
۱۹ اپریل کرتیکا(۲)برکھ ۲۶_۰۸
۲۲ اپریل کرتیکا(۳) ۱۹_۴۴
۲۸ اپریل روہنی(۱) ۷_۱۷
۳۰ اپریل روہنی۲۔ ۲۵_۴۵
۹ مئی مرگشر(۱) ۷_۴۷
۱۱ مئی مرگشر(۲) ۲۶_۳۸
۱۴ مئی مرگشر(۳)متھن ۲۰_۴۵
۲۰ مئی آردرا(۱) ۱۰_۱۴
۲۵ مئی آردرا(۳) ۲۴_۲۱
۳۱ مئی پنر(۱) ۱۵_۰۸
۶ جون پنر(۳) ۶_۳۸
۸ جون پنر۴۔کرک ۲۶_۴۰
۱۱ جون پکھ(۱) ۲۲_۵۵
۱۷ جون پکھ(۳) ۱۶_۰۴
۲۳ جون اشلیکھا(۱) ۱۰_۱۵
۲۶ جون اشلیکھا(۲) ۷_۴۶
۲۹ جون اشلیکھا(۳) ۵_۳۸
۴ جولائی مگھا(۱)سنگھ ۲۶_۲۵
۱۶ جولائی پوپھا(۱) ۲۴_۵۳
۲۲ جولائی پوپھا(۳) ۲۷_۱۷
۲۹ جولائی اتراپھا(۱) ۸_۳۲
۱ اگست اتراپھا(۲)کنیا ۱۲_۲۶
۴ اگست اتراپھا(۳) ۱۷_۱۹
۱۱ اگست ہست(۱) ۶_۳۲
۱۷ اگست ہست(۳) ۲۵_۴۸
۲۵ اگست چترا(۱) ۵_۴۷
۲۸ اگست چترا(۲) ۲۴_۴۸
۱ ستمبر چترا ۳۔تلا ۲۳_۴۸
۱۰ ستمبر سواتی(۱) ۱۷_۳۱
۱۵ ستمبر سواتی(۲) ۲۰_۱۹

۲۱ ستمبر سواتی(۳) ۲۶_۲۵
۷ اکتوبر و۔سواتی ۳۔ ۱۶_۰۵
۱۸ اکتوبر و۔سواتی(۲) ۲۹_۱۶
۲۴ اکتوبر و۔سواتی(۱) ۲۸_۰۷
۶ نومبر و۔چترا(۳) ۵_۴۳
۲۷ نومبر چترا(۴) ۱۱_۵۴
۴ دسمبر سواتی(۱) ۸_۰۲
۱۳ دسمبر سواتی(۳) ۲۷_۳۰
۲۱ دسمبر وشاکھا(۱) ۲۸_۳۹
۲۹ دسمبر وشاکھا(۳) ۱۰_۲۳

سنیچر

۲۵ جنوری مول(۴) ۶_۳۱
۲ مارچ پوکھا(۱) ۲۳_۳۱
۵ جون و۔مول(۴) ۶_۲۷
۲۲ جولائی و۔مول(۳) ۱۷_۰۱
۲۱ اکتوبر مول(۴) ۶_۱۷
۲۷ نومبر پوکھا(۱) ۱۸_۰۸
۲۶ دسمبر پوکھا(۲) ۲۹_۰۵

راہو

۲۲ فروری و۔اشلیکھا(۱) ۲۱_۱۹
۲۶ اپریل و۔پکھ(۴) ۱۹_۳۱
۲۸ جون و۔پکھ(۳) ۱۷_۵۲
۳۰ اگست و۔پکھ(۲) ۱۶_۱۵
۱ نومبر و۔پکھ(۱) ۱۴_۰۸

کیتو

۲۲ فروری شرون(۳) ۲۱_۱۹
۲۶ اپریل شرون(۲) ۱۹_۳۱
۲۸ جون شرون(۱) ۱۷_۵۲
۳۰ اگست اتراکھا(۴) ۱۶_۱۵
۱ نومبر اتراکھا(۳) ۱۴_۰۸

یورینس

۳۱ مارچ اشونی(۲) ۹_۵۷
۳۰ مئی اشونی(۳) ۲۹_۱۲
۱۸ اکتوبر و۔اشونی(۲) ۱۷_۱۰

نیپچون

۹ مارچ پوبھا(۱) ۹_۴۲
۱۶ اکتوبر و۔شت(۴) ۱۵_۱۹

پلوٹو

۶ مارچ اتراکھا(۱) ۲۴_۲۷
۹ جون و۔پوکھا(۴) ۱۱_۲۴

بکرمی سمت ۲۰۷۵ (۱۹-۲۰۱۸ء) کی تاثیر اور اُسکا ثمرہ

☆ 'ورودھ کرت' نام کے سمت کا پھل ☆

نئے بکرمی سمت ۲۰۷۵ کے شروع میں برہسپت مان (گرو مان) سے شو (رُدر) وِنشتی نظام کے مطابق نوویں صدی کا پانچواں 'ورودھ کرت' نام کا نیا سمت ہوگا۔ نیا بکرمی سمت ۲۰۷۵ چیت شکل یکم یعنی ۱۸/مارچ ۲۰۱۸ء بمطابق ۵ چیت، اتوار سے شروع ہوگا۔ اتوار سے آغاز ہونے سے آنے والے سال (سمت) کا راجا بھی 'سورج' ہوگا۔ حالانکہ 'ورودھ کرت' نامی سمت سر کا آغاز ۱۸/اپریل ۲۰۱۷ء سے ہو چکا ہے اور آگامی پریدھاوی نامی سمت بھی ۱۴/اپریل ۲۰۱۸ء کو شروع ہو جائیگا۔ لیکن معروف رواج کے مطابق سمت آغاز میں موجود سمت کو ہی سمت کا آغاز اوقات سے سال کے آخر تک مذہبی انوشٹھان، جپ، پاٹھ، دان وغیرہ دھارمک کاموں کے شروعات میں استعمال کیا جائیگا۔ یعنی 'ورودھ کرت' نامی سمت سر کا ہی استعمال ہوگا۔

'ورودھ کرت' نامی نیا بکرمی سمت ۲۰۷۵ چیت اماوس کا خاتمہ (۱۷/مارچ) پروشید ۴ چیت سنیچروار کو شام ۶ بجکر ۴۲ منٹ (۱۸/۴۲) پر کنیا لگن میں داخل ہوگا۔ لیکن شاشتر کے مطابق نیا سمت کا آغاز اور راجہ وغیرہ کا فیصلہ چیت شدی یکم کے وار مطابق ہی کیا جاتا ہے۔ جس کے مطابق 'ورودھ کرت' نامی نیا بکرمی سمت ۲۰۷۵ اور چیت (واسنت) نوراتروں کا آغاز ۱۸/مارچ، اتوار (پروشد ۵ چیت) اترا بھاچھتر میں ہوگا۔ سال کا راجا سورج اور وزیر شنی ہوگا۔

ورودھ کرت سمت سر کا پھل شاستروں میں اس طرح بیان کیا ہے۔

विरोधकृद्वत्सरे तु परस्पर विरोधिन: ।
सर्वेजनानृपाश्चैव मध्य सस्यार्धवृष्टय: ॥

ورودھ کرت سمت میں کم بارش (غیر معقول) ہونے سے فصلوں کو نقصان ہوگا۔ جسکے زیر اثر اناج، گیہوں، چاول وغیرہ فصلوں کے پیداوار میں کمی ہوگی۔ لیکن اس کا اثر کوکن، درمیانی علاقہ، ناگپور منڈل (گجرات، مہاراشٹر اور مدھیہ پردیش وغیرہ صوبہ) میں زیادہ ہوگا۔ سرکار اور عام جنتا میں آپسی ٹکراؤ، مخالفت اور غم وغصہ کا عالم ہوگا۔ ضروری اشیاء کی قیمتوں میں زیادہ اضافہ ہونے کی وجہ سے عام لوگوں میں بے چینی ہوگی۔ لیڈروں میں تناز عہ رہیگا۔

روہنی کا واس: بکرمی سمت ۲۰۷۵ میں میکھ سنکرانتی کا داخلہ اترا بھاچھتر کے وقت کا ہے۔ اس لئے جیوتش کے حساب سے روہنی کا واس 'سندھی' میں ہے۔

کنڈلی داخلہ نیا سمت



روہنی کا واس سندھی میں ہونے سے اس سال ملک میں (غیر معقول) معمولی بارش ہوگی۔ کچھ علاقوں میں بہت زیادہ بارش سے سیلاب کا خوف ہے۔ زمین دوزی، آگزنی اور دھماکہ خیز وارداتوں سے جان و مال کا نقصان ہوگا۔ فصلوں کا نقصان، کچھ صوبوں میں بہت کم بارش ہونے کی وجہ سے اناج کی کمی ہوگی۔ اناج، سبزی، دالوں کی قیمتوں میں خاص اضافہ ہوگا۔

سمت کا واس۔ ویشیہ کے گھر

سمت کا واس ویشیہ کے گھر ہونے سے نئے سال میں دھن کا پھیلاؤ ہوگا۔ معقول اور اچھی بارش کی کمی رہے، یعنی کم بارش سے فصلوں کا نقصان ہونے سے اناج، دھان وغیرہ کی قیمتوں میں تیزی ہوگی۔ سیاسی اور کاروباریوں میں لالچ اور خودغرضی بڑھے گی۔ اناج کے تاجر کو خاص طور پر فائدہ ہوگا۔ عام لوگوں میں بھی لالچ خودغرضی کا اثر ہوگا۔

سمت کا واہن یعنی سواری 'گھوڑا'

سمت ۲۰۷۵ کا راجا سورج ہونے سے سمت کی سواری گھوڑا ہوگا۔ جس سے ملک میں کہیں زیادہ بارش تو کہیں کم بارش ہوگی۔ کچھ علاقوں میں زیادہ بارش ہونے کی وجہ سے کہیں سیلاب، زمین دوزی، زلزلہ وغیرہ قدرتی آفات کا خوف ہے۔ کہیں کم بارش ہونے سے قحط، سوکھا، اکال پڑنے کا امکان ہے۔ سیاسی ماحول غیر یقینی رہے گا۔ کہیں حکومت میں تبدیلی اور چھتر بھنگ ہوں۔ زیادہ تر لوگ باہری دکھاوا میں لگے رہیں گے۔ تنش میں اضافہ ہوگا۔

نئے سمت ۲۰۷۵ کے دوران بادشاہ، وزیر وغیرہ کا ثمرہ

(۱) سال کا بادشاہ 'سورج' کا پھل

سال کا بادشاہ 'سورج' ہونے پر ملک کے کچھ حصوں میں وقت کے مطابق معقول بارش کی کمی ہوگی۔ گائے، بھینس اور چوپایا وغیرہ دودھ کم دیں گے۔ عام لوگوں میں دکھ، تکلیف، جھگڑا لڑائی زیادہ ہوگا۔ دھان، گنا وغیرہ کی فصل کم ہو، پیڑوں پر پھل پھول اور موسمی پھلوں کا پیداوار کم ہو۔ انتظامیہ اور حکمرانوں میں آپسی ٹکراؤ اور مخالفت زیادہ ہو۔ ملک میں چوری، بے ایمانی، بھرشٹاچار، دنگا اور قدرتی آفات زلزلہ، آگ زنی سے جان و مال کا نقصان ہو۔ عوام میں غصہ، دنگا، فساد، بیماری کی وجہ سے لوگ دکھی رہیں۔ کسی اعلیٰ سیاسی لیڈر کا اچانک موت ہونے سے دکھ کا ماحول ہو۔

(۲) سال کا وزیر سنیچر کا پھل

سال کا وزیر سنیچر ہونے سے انتظامیہ اور لیڈروں کا برتاؤ عام لوگوں کے لئے بہت سخت، بے رحم اور تکلیف دہ رہیگا۔ ملک کے کچھ حصوں میں بارش کی کمی اناجوں میں کمی اور قدرتی آفات ہونے کا خوف رہیگا۔ عام لوگوں کے پاس مال وزر اور آرام کی چیزوں کی کمی ہو اور مایوسی کا عالم ہوگا۔ لوہا، اسٹیل، تانبہ، جست، سکا، چاندی، دالیں، گیہوں، چاول، تیل وغیرہ اشیاء، پیٹرول، ڈیزل وغیرہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ نوٹ۔ بادشاہ اور وزیر۔ دنوں اہم عہدہ دو آپسی مخالف گرہ سورج اور شنی کے پاس ہونے سے سیاسی اور سماجی سطح پر آپسی ٹکراؤ اور مخالف واردات زیادہ ہونگی۔

(۳) زراعت یعنی فصلوں کا مالک چندر کا پھل

زراعت یعنی فصلوں کا مالک چندر ہونے سے عوام میں عیش و آرام کی چیزوں میں اضافہ ہوگا۔ بادل اچھی بارش کریں گے۔ گائے وغیرہ چوپایوں سے دودھ معقول مقدار میں دستیاب ہونگی۔ کچھ رہنما پنڈت، براہمنوں اور دیوتاؤں کی پوجا اور دھرم کرم میں مشغول ہونگے۔ دنیاں میں عیش و آرام کی چیزوں سے لوگ خوشحال ہونگے۔

(۴) غلّہ (دھان) کا مالک سورج کا پھل

دھان (غلہ) کا مالک سورج ہو تو سردی والی فصلوں جیسے مونگ، موٹھ، باجرا، گنا، دھان، تلہن، ڈلہن وغیرہ کی پیداوار میں کمی ہو یعنی قدرتی آفات کی وجہ سے فصلوں اور زراعت کی پیداوار میں نقصان پہنچے۔ جس کے زیر اثر دلہن، تلہن اور اناج کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ حکمرانوں میں آپسی نااتفاقی اور تنازعہ رہیگا۔ ملک میں جنگ جیسے ماحول بنیں گے۔ ہر طرح کے اناج تیز بھاؤ ہوں گے۔ عام لوگوں میں عجب طرح کا بخار اور بیماریوں کا خوف رہیگا۔

(۵) بادلوں (بارش) کا مالک شکر کا پھل

بارش کا مالک شکر ہو تو اس سال بہت اچھی بارش ہوگی۔ اعلیٰ معزز لیڈر اور انتظامیہ براہمنوں اور دانشوروں کے فائدہ اور عزت افزائی میں لگے رہنگے۔ زیادہ تر لیڈر اور افسر عیش و آرام کی چیزوں سے آراستہ ہونگے۔ کچھ رہنما اور حکمران عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کئی طرح کی کوشش کریں گے اور نئے منصوبوں کا اعلان کرینگے۔

(۶) رسوں کا مالک بدھ کا پھل

رسوں کا مالک بدھ ہو تو اس سال گھی، دھان، چاول، مکی، گنا، سرسوں وغیرہ کا پیداوار اچھی مقدار میں ہوگا۔ جس کے زیر اثر عام لوگوں میں اسکی پہنچ آسان ہوگی جس سے عوام میں خوشی کا ماحول ہو۔ بارش بھی معقول ہو۔ ملک کی حفاظتی انتظام بہتر اور محفوظ رہےگی۔ حکومت بھی قائم رہےگی۔

(۷) دھاتوں کا مالک چندر کا پھل

دھاتوں کا مالک چندر ہو تو سفید رنگ کی اشیاء اور دھاتو جیسے۔ چاندی، موتی، کپڑا، سٹیل، پلیٹنم، بھوسی اور روئی، کپاس، دودھ پنیر وغیرہ چیزوں کی قیمتوں میں خاص اضافہ ہوگا۔

(۸) پھلوں کا مالک برہسپت کا پھل

پھلوں کا مالک برہسپت ہو تو جنگلوں میں پھل پھول اور جنگلی پودھوں کی پیداوار اچھی ہوگی، نئے پودے بھی بڑے پیمانے پر لگائے جائیں گے۔ لوگوں میں بے خوفی کا ماحول ہوگا۔ کہیں کہیں گھروں، مندروں میں پوجا، پاٹھ، یگیہ، ہون اور دھارمک پروگرام زیادہ ہونگے۔ دھارمک لوگ خاص طور سے براہمن، پنڈت وید، پران وغیرہ شاستروں کا مطالعہ کرنے میں مشغول ہونگے۔

(۹) دولت کا مالک چندر کا پھل

جس سال دھن دولت کا مالک چندر ہو تو رسدار چیزیں (دودھ، گھی، شربت، گڑ، جوس، تیل سیب، موسمی وغیرہ) کے خرید و فروخت میں مالی فائدہ اچھا ہوگا۔ اسکے علاوہ کپڑا، اناج، تیل، خوشبودار تیل، دودھ، گھی، چاول، خوشبو، مٹھائی وغیرہ اور کریانہ چیزوں کے تجارت سے بھی اچھا فائدہ ہونے کی آثار ہیں۔ موقع پرست نیتا کئی طرح عیش و آرام کی چیزوں کے مالک ہونگے۔ عوام قانون کا پالن کرتے ہوئے ٹیکس کی ادائیگی کریں گے۔

(۱۰) فوج کا مالک شکر کا پھل۔

فوج کا مالک شکر ہو تو ملک کے خاص لیڈر اور ہائی کلاس کے لوگ عیش و آرام کی چیزوں کے مالک ہونگے۔ سخت انتظامیہ اور امن و شانتی بنے

رہے گی۔ گھر جیسا سکھ شانتی کا ماحول ہوگا۔ جنگلوں اور پہاڑی علاقوں پر بھی ہر طرح کے سہولیات دستیاب ہونگی۔ پہاڑی علاقہ میں بھی آمد و رفت کی سہولتیں فراہم ہونگی۔

نو میگھوں میں 'درون' نامی میگھ کا پھل

درون نامی میگھ ہو تو اعلیٰ سرکاری افسروں اور سرکاری خزانہ بھرپیہ ہونگے۔ پورے دنیا میں اناج کا پیداوار بہتر ہوگا۔ خوشحالی بڑھے گی۔ بارش زیادہ ہوگی۔ مالی حالات بہت بہتر ہونگے۔

بارہ ناگوں میں 'نریندر' نامی ناگ کا پھل

نریندر نامی ناگ ہونے سے دنیا میں بارش کی اکثریت ہوگی۔ گنا، پیڑ، جوار، باجرا اور دھان کی پیداوار اچھی ہوگی۔ راج نیتا اپنے خودغرضی کے ساتھ ساتھ جنتا کی بھلائی کے کاموں میں بھی دھیان دیں گے۔

جل وغیرہ چار ستمبھوں کا ثمرہ ۲۰۱۸ء

۱۔ جل ستمبھ۔ چیت شدی کیم کو ریوتی نچھتر کی گی ہے۔ صاف ہے کہ کئی علاقوں میں بارش خاص طور سے کم ہوگی۔ کہیں کھنڈ بارش اور کہیں معقول بھارش کی کمی رہے گی۔ کہیں پینے کے پانی کے مسائل خوفناک روپ لے لیں گی۔ زمین کے نیچے پانی کی سطح میں بھی گراوٹ بنے گی۔ قحط (اکال) کے حالات پیدا ہونگے جو کہ کسانوں کے لئے نقصاندہ وقت رہیگا۔ سرکار کو بھی ملک کے کچھ حصوں کو اکال سے متاثر کا اعلان کرنا پڑیگا۔ ندیوں کے پانی کے سطح میں گراوٹ بنے گی۔

۲۔ گھاس ستمبھ۔ بیساکھ شدی کیم کو بھرنی نچھتر کا تعلق ۵۔۱۱ فیصدی ہے۔ جس کے زیر اثر جنگلے، بانس، گھاس، پھل پھول، پیڑ پودے، جڑی بوٹیاں اور مختلف طرح کے دوائیوں کے پیداوار میں خاص کمی محسوس ہوگی۔ جانوروں کے چارے کی بھی کمی رہے گی۔ جس سے گائے، بھینس وغیرہ چوپائے کے دودھ میں کمی واقع ہوگی۔ آیورویدک دوائیاں، دودھ، پنیر، مکھن، ڈیری پروڈکٹ مہنگے ہونگے۔ تجارتی لوگ ان حالات میں خاص طور سے فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔ سرکار کو سخت قانون بنا کر کاروائی کرنی پڑیگی۔

۳۔ ہوا کا ستمبھ۔ جیٹھ شدی کیم کو مرگشر نچھتر کا تعلق لگ بھگ ۶۲.۷ فیصدی ہے۔ کچھ علاقوں میں بادلوں کے انتظام بہتر نہ ہونے سے ماحولیات میں گرمی طوفان سے جان و مال کا نقصان، زراعت کو بھی نقصان پہنچنے کا امکان ہے۔ کہیں زیادہ بارش سے سیلاب تو کہیں سوکھے کے حالات ہونگے۔

۴۔ اناج کا ستمبھ۔ ہاڑ شدی کیم کو پنربسو نچھتر کا تعلق بھی ۵۲.۷۵ فیصدی ہے۔ گیہوں، چنا، مکی، دھان وغیرہ کا پیداوار معقول رہیگا۔ ہاڑی، ساونی فصلوں کی پیداوار ٹھیک رہیگی۔ جل استمبھ اور گھاس ستمبھ بھی کم ہونے سے زیادہ تر فصلیں امید کے مطابق نہ ہونگی۔ قیمتوں میں اضافہ اور کسانوں اور بچولیوں کو فائدہ ہوگا۔

سورج کا داخلہ آردرا نچھتر ۲۰۱۸ء

بکرمی سمت ۲۰۷۵ میں سورج آردرا نچھتر میں شدہ جیٹھ شدی دہمی تتھی بمطابق ۲۲ جون ۲۰۱۸ء شکروار کو چترا نچھتر، پریگھ یوگ اور کنیا راشی میں چندرماں کے وقت صبح ۱۱ گھنٹہ ۱۱ منٹ پر سنگھ لگن کے وقت داخل ہوگا۔ لگن کا مالک جو کہ اگنی تتو اور مقیم گرہ ہے اور وایو تتو پردھان اور پچھم جانب کی راشی متھن میں واقع ہے۔ جبکہ جل تتو اور چرسنک گرہ شکر جل تتو اور چر راشی کرک میں ہی واقع ہونے سے گرمی اور تاپمان میں زیادہ تیزی کے باوجود ۲۲ جون کے بعد بادل کی چال خاص طور سے رہے اور معقول بارش کے آثار ہیں۔ شکر راہو کے ساتھ ہونے سے بھارت کے اتر پچھم صوبوں (پنجاب، راجستھان، ہریانہ، جموں، ہماچل پردیش) میں مانسون کی بارش وقت پر شروع ہونے پر بھی اور کچھ علاقوں میں معقول بارش کے باوجود بھی کچھ حصوں میں کارآمد بارش کی کمی اور اڑچنیں رہیں گی۔ بادشاہ سورج اور وزیر شنی کا آپسی دشمنی نظر کا رشتہ بھی تاریخ ۱۶ ار جولائی تک رہیگا۔

سورج آردرا داخل کنڈلی

۲۲ جون ۲۰۱۸ء ۲۱ گھنٹہ ۱۱ منٹ



جس کے زیر اثر بھارت کے اتر پچھمی اور پوربی علاقوں جیسے۔ بہار، اڑیسہ، پچھم بنگال، اتر پردیش، مدھیہ پردیش، ہریانہ، پنجاب، اتر راجستھان، وغیرہ کے کچھ علاقوں میں معقول بارش کی کمی ہوگی۔ جس سے روزانہ کے استعمال کی چیزوں/سبزیوں کی قیمتوں میں خاص اضافہ ہوگا۔

آردرا داخلہ کنڈلی میں لگن کا مالک اور ست کا راجا سورج کے متھن راشی پر اثر سے راجستھان، پنجاب، اتر پردیش، دلی، ہریانہ میں آگزنی اور گرم ہوائیں چلنے کے آثار ہیں۔ آردرا داخلہ دہمی تتھی کے وقت اور شکروار ہونے سے آگامی سال سرکار، دھارمک، معزز، سنت مہاتماؤں کے ذریعہ مختلف طریقوں کے نیک اور دھارمک پروگرام منعقد ہونگے۔ سرکار کی پالیسیوں سے لوگ خوش ہونگے۔ چترا نچھتر میں آردرا داخل ہونے سے مونگ، موٹھ، اُڑد وغیرہ دالوں کی پیداوار زیادہ ہو۔

لیکن پریگھ یوگ اور سورج طلوع کے دو گھڑی بعد آردرا داخل ہونے سے ملک اور سماج سے دھرم اور کرم کا نقصان ہوگا۔ یعنی لوگ اپنے مذہبی عمل کرنے سے دور ہونگے۔

سنیچر کی ساڑھ ستی، ڈھیہ اور پایہ کا بیورہ بابت ۲۰۱۸ء

گذشتہ سال سے (۲۶ اکتوبر ۲۰۱۷ء) دھن راشی میں گردش کر رہے شنی دیو آئندہ سال (۱۸ مارچ ۲۰۱۸ء سے ۵ اپریل ۲۰۱۹ء تک) میں دھن راشی میں ہی گردش کریں گے۔ تاریخ ۱۸ اپریل ۲۰۱۸ء کو دھن راشی میں ہی وکری ہو کر ۶ ستمبر ۲۰۱۸ء کو مارگی ہو کر گردش کریں گے۔

کب اور کیوں ہوتی ہے شنی کی ساڑھ ستی اور ڈھیہ

بارہ راشیوں پر شنی کی ساڑھ ستی اور ڈھیہ کا اثر کب اور کیسے ہوتا ہے، یہ سمجھ لینا ضروری ہے۔ سورمنڈل میں نو گرہوں کے بیچ شنی زمین سے سب سے زیادہ دوری پر گردش کرنے والا گرہ ہے۔ شنی ایک راشی پر لگ بھگ اڑھائی برس تک گردش کرتا ہے۔ شنی کی وکری مارگی وغیرہ رفتار کی اوقات میں تبدیلی کی وجہ سے اڑھائی برس کے اوقات میں کمی و بیشی بھی ہوتی رہتی ہے۔ لیکن شنی پورے راشی چکر کا سفر (360°) ۲۹ برس، ۵ ماہ، ۱۷ دن اور ۵ گھنٹہ میں طے کرتا ہے۔ گوچر میں شنی جب کسی راشی میں داخل ہوتا ہے تبھی شنی اس راشی سے ۱۲ ویں راشی کو آئندہ اڑھائی برس تک تکلیف دہ، پہلی (۱) یعنی جس راشی مین داخل کیا ہو اسے پانچ سال تک اور اپنی سے دوسری راشی کو لگ بھگ ساڑھے سات سال تک ناقص اثر کریگا۔ اس طرح پہلی، دوسری اور ۱۲ ویں راشی پر لگ بھگ ساڑھے سات سالوں تک متاثر کرنے کی وجہ سے شنی کی یہ چکر ہی شنی ساڑھ ستیہ کہلاتی ہے۔

द्वादशे जन्मगे राशौ द्वितीये च शनैश्चरः।
सार्धानि सप्तवर्षाणि तदा दुखैः युतो भवेत्॥

شنی ساڑھ ستی کے زیر اثر جسمانی تکلیف، ذہنی تناؤ، گھر میں تنازعہ، مالی الجھنیں، آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہونگے۔ بنتے کاموں میں رکاوٹ، جسمانی مرض، اور دشمن سے خوف، اولاد اور کنبہ میں پریشانیوں کا سامنا ہوتا ہے۔

شنی کی ڈھیہ:۔ گوچر میں شنی جب چندر راشی (یا نام راشی) سے چوتھے اور آٹھویں خانہ میں گردش کرتا ہے تب شنی کی ڈھیہ کہلاتی ہے۔ یہ اڑھائی سال کے لئے ہوتی ہے۔ اسکا اثر بھی ناقص مانا گیا ہے۔

شنی کی ڈھیہ کے زیر اثر شخص کو فضول کی بھاگ دوڑ، خرچ زیادہ، پوشیدہ فکر، مرض، گھریلو تنازعہ، مالی نقصان، رشتہ داروں میں نا اتفاقی، کام میں رکاوٹ اور مالی الجھنوں کا سامنا رہتا ہے۔

دھیان رہے، شنی جب کسی راشی میں ناقص ہو کر وکری ہو، تو شخص کو ذہنی اور جسمانی تکلیف، مالی پریشانیاں، بیماری پیدا ہونے لگتے ہیں۔ سماج میں سیاسی ٹکراؤ، بدانتظامی، مہنگائی، پیچیدہ بیماری، خوف، دنگا فساد، حکومت میں تبدیلی، سیلاب، سوکھا، زلزلہ وغیرہ قدرتی آفات سے خوف کا ماحول رہتا ہے۔

دھن راشی میں شنی کی ساڑھ ستی اور ڈھیہ ۲۰۱۸ء

(یکم جنوری ۲۰۱۸ء سے سال کے آخر تک)

☆ ساڑھ ستی:۔ برشچک، دھن اور مکر راشی والے شخص کو شنی ساڑھ ستی کا اثر ابھی رہیگا۔

☆ شنی کی ڈھیہ:۔ برکھ اور کنیا راشی والے لوگوں کو شنی کی ڈھیہ کے ناقص اثرات ابھی رہیں گے۔

شنی ساڑھ ستی یا ڈھیہ پھل بھی کنڈلیوں میں ایک جیسا نہیں ہوتا۔ اگر کسی کنڈلی میں شنی (۱، ۵، یا ۹ ویں خانوں کا مالک ہو کر اوچ یا مددگار ہو کر نیک گرہ کی نظر میں ہو، تو شنی ساڑھ ستی یا ڈھیہ کا ناقص اثر کم ہوگا۔ اسکے علاوہ گرہوں کی دشا، انتر دشا شبھ و یوگ کاری گرہوں سے متعلق ہو تو بھی شنی ساڑھ ستی یا ڈھیہ کا ناقص اثر کم ہوگا۔

کسی خاص راشی پر شنی کی ساڑھ ستی/ ڈھیہ کا شبھ/ ناقص پھل کا وچار کرتے وقت، اُس راشی پر دیگر گرہوں کی پوزیشن اور نظرات وغیرہ کا اثر اور سونا وغیرہ پایا کا وچار کر لینا چاہیے۔

سونا وغیرہ پایا وچار:۔ شنی پچھلے سال ۲۶ اکتوبر ۲۰۱۷ء ویروار کو دھن کے چندر کے وقت ہی دھن راشی میں داخل ہو چکا ہے۔ اس کے مطابق میکھ وغیرہ راشیوں پر تانبا وغیرہ پایا اسطرح سے ہے۔

۱۔ میکھ، سنگھ اور برشچک راشی پر چاندی کا پایہ ہونے سے ترقی، غیر ملکی سفر، اچانک دھن لابھ، جائداد، سواری سکھ، بیوی و اولاد وغیرہ کنبہ میں خوشی حاصل ہوگی۔

۲۔ برکھ، کنیا اور مکر راشیوں پر لوہے کا پایہ ہوگا۔ کنبہ میں تنازعہ، گھریلو اور کاروباری الجھنیں، بنتے کاموں میں رکاوٹ، آمدنی میں کمی اور خرچوں کی زیادتی اور حادثہ میں چوٹ کا ڈر ہوتا ہے۔

۳۔ متھن، تلا، مین راشیوں پر تانبہ کا پایا شبھ پھل دیگا۔ اعلیٰ تعلیم میں

دلچسپی اور کامیابی، سواری سکھ، دھن دولت ملے۔ شادی، اولاد سکھ، ترقی کے موقع حاصل ہونگے۔

۴۔ کرک، دھن اور کنبھ راشیوں پر سونا کا پایہ ہوگا۔ جس سے شخص کو جدوجہد والے حالت کا سامنا ہوگا۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہوگا۔ جسمانی تکلیف، مرض کا ڈر، تناؤ، عزیزوں میں نااتفاقی رہے۔

دھن راشی میں شنی کا گوچر پھل ۲۰۱۸ء

☆ **میکھ**۔ راشی سے شنی نویں خانہ (قسمت) میں ہونے سے کاروبار میں اڑچنیں ہوں۔ ۶ر مارچ تک منگل بھی اشٹم خانہ میں رہنے سے صحت خراب، حالات مخالف رہیں گے۔ لیکن ۱۰ر اکتوبر تک برہسپت کی نظر رہنے سے گذارے لائق آمدنی کے ذرائع بنتے رہیں گے۔ مذہبی کاموں کی طرف رجحان بڑھے۔ پایہ چاندی ہونا بھی عیش و آرام کے لئے شبھ ہے۔

☆ **برکھ**۔ راشی سے شنی اشٹم خانہ ڈھیہ اور پایہ بھی لوہا ہونے سے فضول کی دوڑ دھوپ اور خرچ زیادہ ہونگے۔ گھریلو اور کاروباری الجھنیں بڑھیں گی۔ ۱۱ر اکتوبر سے برہسپت کی بھی نظر رہنے سے کسی سے جھگڑا، تناؤ رہے، شنی کے اپائے کرنا شبھ رہیگا۔

☆ **متھن**۔ راشی پر شنی اور منگل کی نظر ہونے سے کاروبار میں جدوجہد زیادہ اور خرچ بھی بڑھیں گے۔ لیکن راشی پر تانبہ کا پایہ اور ۱۰ر اکتوبر تک برہسپت کی نظر ہونے سے صحت بہتر، مذہبی کام میں رجحان اور مالی فائدہ ملیں گے۔

☆ **کرک**۔ راشی سے شنی چھٹے خانہ اور ۶ مارچ ۲۰۱۹ء تک راہو کا گردش ہونے سے جسمانی تکلیف، نزدیکی رشتہ داروں میں تناؤ، دھن کا نقصان، فضول خرچ اور بنتے کاموں میں اڑچنیں پیدا ہونگی۔ ۱۱ر اکتوبر سے برہسپت کی اوچ نظر رہنے سے گذارے لائق آمدنی کے ذرائع بنیں گے۔ اور مذہبی کاموں کی طرف دلچسپی بڑھے۔

☆ **سنگھ**۔ شنی پنچم خانہ ہونے سے گذارے لائق آمدنی کے ذرائع بنتے رہیں گے۔ مذہبی کاموں کی طرف دلچسپی بڑھے گی۔ اس راشی کو شنی کا پایہ بھی چاندی سے مالی فائدہ، پچھلے کئے کاموں میں کامیابی، زمین جائداد اور گھریلو سکھ میں اضافہ ہوگا۔

☆ **کنیا**۔ راشی کو شنی چوتھے خانہ ہونے سے شنی کی ڈھیہ کا ناقص اثر رہیگا۔ جس سے مالی نقصان، گھریلو تنازعہ، خرچ زیادہ رہیں گے۔ شنی کا پایہ بھی لوہا ہونے سے گھریلو اور کاروباری الجھنیں اور پریشانیاں بڑھیں گی۔

☆ **تلا**۔ شنی تیسرے خانہ اور ۱۰ر اکتوبر تک برہسپت لگن میں گردش کرنے سے جدوجہد کے باوجود گذارے لائق آمدنی کے ذرائع بنتے رہیں گے۔ اولاد کے متعلق سکھ، ترقی اور سوچی ہوئی یوجناؤں میں کامیابی ملے گی۔

☆ **برچھک**۔ راشی کو شنی ساڑھ ستی کی وجہ سے کاروبار میں اڑچنیں اور آمدنی کم و خرچ زیادہ رہیں گے۔ شنی کا پایہ چاندی ہونے سے اچانک دھن لابھ، ترقی اور بدیشی سفر کے چانس بنیگے۔

☆ **دھن**۔ شنی ساڑھ ستی چڑھتی ہوئی حالات میں ہوگی۔ کاروبار میں اقتصادی الجھنیں اور گھریلو پریشانیوں کا سامنا رہیگا۔ شنی کا پایہ بھی سونا ہونے سے نزدیکی رشتہ داروں سے من مٹاؤ پیدا ہوگا۔ چھوڑ کے ہوئے کاموں میں کامیابی ملے گی۔

☆ **مکر**۔ راشی کا شنی بارہویں خانہ اور ۶ مارچ ۲۰۱۹ء تک کیتو کا گردش بھی ہونے سے آمدنی کم اور خرچ زیادہ، گھریلو اور کاروبار سے متعلق الجھنیں۔ میاں بیوی میں تناؤ رہیگا۔ شنی کا پایہ بھی لوہا ہونے سے جسمانی تکلیف، تناؤ و جدوجہد زیادہ رہیگا۔

☆ **کنبھ**۔ راشی سے شنی گیارہویں (فائدہ) خانہ میں ہونے سے اس راشی پر خود کی ہی نظر رہے گی۔ کسی نئے کام کی یوجنا بنے گی۔ پچھلے کئے کاموں میں کامیابی ملے گی۔ حالانکہ شنی کا پایہ سونا ہونے سے دھن لابھ اور ترقی کیلئے خاص جدوجہد کرنا پڑیگا۔ آمدنی کم و خرچ زیادہ ہو۔

☆ **مین**۔ راشی سے دسویں خانہ ہونے سے جدوجہد اور رکاوٹ کے باوجود گذارے لائق آمدنی کے ذرائع بنتے رہیں گے۔ ۱۱ر اکتوبر کے بعد برہسپت کی نظر رہنے اور پایہ تانبہ ہونے سے حالات میں کچھ سدھار، اچانک دھن لابھ، زمین و سواری سکھ میں اضافہ ہوگا۔

شنی ساڑھ ستی اور ڈھیہ سے متعلق اپائے

شنی ساڑھ ستی یا شنی کی ڈھیہ کا پھل ہمیشہ نقصاندہ ہی ہوگا۔ ایسا ضروری نہیں۔ دھیان رہے، شنی سبھی راشیوں پر ایک جیسا اثر نہیں کرتا ہے، بلکہ خود کی راشی اوچ، دوستانہ حالات سے اور شبھ و ناقص نظر کے زیر اثر اسکے پھل میں کم و زیادہ فرق پڑنا بھی ممکن ہے۔ جنم کنڈلی اور نوانش میں شنی کی حالت اچھی ہو اور شخص کی گرہ دشا بھی شبھ ہو تو شنی کی ساڑھ ستی یا ڈھیہ کا ناقص اثر بھی بہ نسبت کم ہوگا۔ اسکے علاوہ برکھ، متھن، کنیا، تلا، مکر یا کنبھ راشی پر شنی کی حالات یا نظر شبھ، فائدہ مند بھی ہو سکتی ہے۔ کسی خاص راشی پر شنی ساڑھ ستی کا وچار کرتے وقت اس راشی پر اور گرہوں کی حالت، نظر وغیرہ کا اثر، سونا پایہ کا ضرور وچار کرنا چاہئے۔

شنی کی دشا انتر دشا یا ساڑھ ستی ناقص حالت میں ہونے سے شخص کو مخالف حالاتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بچوں کا پڑھائی میں من نہیں لگتا یا محنت کرنے پر بھی کامیابی حاصل نہیں ہوتی۔ وہ کچھ چڑچڑے فطرت کا ہو جاتا ہے۔ اس کے ہر کام میں رُکاوٹ پیدا ہوتی ہیں۔ اپنے پرایوں جیسا برتاؤ کرنے لگتے ہیں۔ ایسے حالات میں شخص کو شنی کا پوجن، دان، منتر جپ کرنے سے شانتی ملتی ہے۔

اپائے۔ شاشتروں میں درج اپاؤں کو اچھے طریقہ سے کرنے سے ضرور فائدہ پہنچے گا۔

(۱) ہر سنیچر کو شنی بج منتر پاٹھ کریں۔ کم سے کم ۳ مالا ضروری کریں۔ اس پاٹھ کے بعد ذیل شنی ستوتر کا پاٹھ کرنا شبھ ہوگا۔

नम: कृष्णाय नीलाय शितिकण्ठनिभाय च।
नम: कालाग्निपाय कृतान्ताय च वै नम:॥

(۲) سنیچر وار سے شروع کر کے لگاتار ۴۳ دن تک شری ہنومان مندر میں سندور، چمیلی تیل، لڈو اور ایک ناریل چڑھانا۔ سندر کانڈ کا پاٹ کرنے کے بعد شری ہنومان چالیسہ کا پاٹھ کرنا شبھ ہوگا۔

(۳) سنیچر واری اماوس ہو تو اس دن شام غروب آفتاب کے بعد شنی پوجن منتر جاپ کرنا خاص فائدہ مند ہوگا۔

(۴) پرندوں کو دانا دینا، اپنی سایہ دیکھ کر سنیچر وار کو تیل کا دان کرنا۔

شنی ساڑھ ستی ڈھیہ اور شنی پایہ کے ناقص پھل کی خاتمے کے لئے شنی کے بج منتر یا ویدک منتر کی ۲۳ ہزار کی تعداد میں جپ کریں۔ اسکے بعد ہون کرنا یا کروانا فائدہ مند ہوتا ہے۔ سنیچر کا برت رکھنا، اڑد، کالا کپڑا وغیرہ دان کرنا مفید ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ شبھ مہورت میں نیلم اور شنی کا تعویز پہننا فائدہ مند رہتا ہے۔

شنی کا بج منتر۔ ॐ प्रां प्रीं प्रौं स: शनये नम:॥

برہسپت کا تلا و برشچک راشی میں گوچر پھل ۲۰۱۸ء

پچھلے سال ۱۲ر ستمبر ۲۰۱۷ء منگل وار سے برہسپت تلا راشی میں گردش کر رہا ہے۔ ۱۱ر اکتوبر ۲۰۱۸ء میں ویروار کو شام ۷ بج کر ۱۹ منٹ (۱۹/۱۹) پر برشچک راشی میں داخل کریں گے اور ۲۸ مارچ ۲۰۱۹ء تک برشچک راشی میں ہی گردش کریں گے۔

وکری مارگی۔ ۹ مارچ ۲۰۱۸ء سے تلا راشی میں وکری ہو کر ۱۰ جولائی ۲۰۱۸ء سے تلا راشی میں ہی مارگی ہو کر گردش ہونگے۔

دھیان رہے، وکری، غروب اور اتی چار حالت میں برہسپت کچھ شخصوں کو ناقص اثر دیتا ہے۔ تاریخ ۹ مارچ سے ۹ جولائی ۲۰۱۸ء تک برہسپت وکری رہنے اور لگ بھگ ۲۰ ر اکتوبر ۲۰۱۸ء سے ۵ جنوری ۲۰۱۹ء تک اتی چار حرکت سے گردش کرنے سے ملک میں بدامنی، اراجکتا کا ماحول بنے گا۔ مرکزی اور صوبائی حکومتوں کو دنگا فساد، آندولن کا سامنا کرنا پڑیگا۔ عوام میں بدامنی اور خوف کا ماحول ہوگا۔

کہیں حکومت میں تبدیلی اور عوام میں غم وغصہ کا عالم ہوگا۔ اس لئے ان اوقات میں متاثر شخصوں کو ذہنی تناؤ اور سوچی ہوئی یوجنائیں پوری ہونے میں دیری ہوگی۔

☆ تلا راشی۔ برہسپت کے تلا راشی میں گردش سے معقول بارش ہوگی۔ کئی ملکوں کے بیچ جنگ کا ماحول ہوگا۔ کچھ صوبوں میں حکومت میں تبدیلی اور تناؤ کے حالات ہونگے۔ راجستھان، گجرات وغیرہ مغربی صوبوں میں غیر معقول بارش، موسم اور قدرتی آفات سے خاصی جان و مال کا نقصان ہوگا۔ گھی، تیل وغیرہ سستے ہونگے۔ چوری، ڈکیتی کی واردات زیادہ ہوگی۔

☆ برشچک راشی۔ ۱۱ر اکتوبر سے برہسپت برشچک راشی میں آئیگا۔ برشچک راشی میں گردش سے کھنڈ بارش یعنی کہیں زیادہ تو کہیں کم بارش ہوگی۔ کھیتی پیداوار میں کمی، بھادوں میں کارتک ماہ تک مہنگائی زیادہ رہے۔ سونا، چاندی، تانبہ، کانسہ، تل، گھی، شری پھل، گڑ، کپاس، نمک اور سفید کپڑے کچھ ہی دنوں میں مہنگے ہو جائنگے۔ راجستھان، مہاراشٹر وغیرہ کچھ صوبوں میں بدامنی، دنگا، اور آندولن سے عوام پریشان رہے گی۔ بارش کم ہو۔

برہسپت کا کارک۔ برہسپت شوہر سکھ، دھرم ادھیاتم، اولاد، تعلیم، عقل اور ہنر، بڑا بھائی، جیوتش وغیرہ علم کا کارک مانا جاتا ہے۔ جسم میں لیور، دل، پاچن سسٹم، کان وغیرہ کا بھی کارک مانا جاتا ہے۔ کنڈلی میں برہسپت ناقص ہو یا ناقص گرہ کی نظر یا ساتھ ہو تو برہسپت سے متعلق سکھ میں کمی کرتا ہے۔

برہسپت ناقص اثرات کی شانتی کیلیے

برہسپت کی اچھائی بڑھانے کے لئے بزرگ براہمن کو بھوجن کرانا، ویروار کا برت رکھنا۔ پکھراج دھارن کرنا، پیلے کپڑے کا استعمال کرنا۔ چنے کی دال، کانسہ کا برتن، سونے، شکر اور کیلے، لڈو اور گرو گرنتھ کا دان کرنا اور گرو کے بج منتر یا گورو منتر کا جاپ ۱۹۰۰۰ کی تعداد میں یا ترکیب کرنا مبارک اور اثر دینے والی ثابت ہوگی۔ برہسپت دھنو اور مین راشی کا مالک ہے۔ شوہر سکھ حاصل کرنے کے لئے عورتوں کو برہسپت کے بج منتر، برت، پکھراج پہننا اپنے وقت کے مطابق دان کرنا فائدہ مند ہوگا۔ ہر ویروار کو کیسر کا تلک بھی لگانا چاہیے۔

گورو گائتری منتر۔

ॐ आंगिरो जाताय विद्महे वाचस्पतये धीमहि तन्नो गुरु: प्रचोदयात्॥

گورو کا بج منتر۔ ॐ ग्रां ग्रीं ग्रौं स: गुरवे नम:॥

برہسپت کا تلا راشی میں داخل کا پھل ۲۰۱۸ء (سال کے شروع سے ۱۰ ؍اکتوبر ۲۰۱۸ء تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
بہت جدوجہد کے بعد آمدنی کے ذرائع بنیں گے۔ بھائیوں کا سکھ۔ دوڑ دھوپ زیادہ ہو	چھٹے خانہ برہسپت ہونے سے خرچ زیادہ مرض اور دشمن کا خوف ہو گھریلو الجھنیں، من پریشان اور تناؤ رہے	پنچم خانہ برہسپت ہونے سے عیش و آرام کے سامان میں اضافہ۔ رُکے ہوئے کام میں کامیابی، فائدہ اور ترقی کے موقع ملے	چوتھے خانہ میں برہسپت ہونے سے دولت میں اضافہ مگر سکھ میں کمی ہو، تناؤ اور من بے چین، حادثہ میں چوٹ کا ڈر گھریلو جھگڑا	تیسرے خانہ میں برہسپت کی وجہ سے مالی فائدہ کم اچانک خرچ زیادہ، عزیز کو جسمانی چوٹ، الجھن، عورت سکھ	کسی عزیز سے ملاقات فائدہ اور ترقی کے موقع ملینگے مذہبی کاموں میں دلچسپی، اور خرچ زیادہ ہونگے۔	لگن میں برہسپت دشمن راشی کا ہونے سے بہت جدوجہد کے بعد گزارے لائق آمدن کے ذرائع بنیں گے۔	بارہویں خانہ میں برہسپت ہونے سے آمدنی کم خرچ زیادہ گھریلو و کاروباری الجھنیں رہیں۔	اچانک فائدہ اور ترقی کے موقع، زمین سواری وغیرہ کا سکھ ملیگا۔ کاروبار اور تعلیم میں کامیابی حاصل ہو	برہسپت دشم خانہ ہونے سے جدوجہد اور رُکاوٹوں کے بعد کامیابی۔ آمدنی کم خرچ زیادہ ہوگا۔ تناؤ اور صحت خراب ہو	اعلیٰ تعلیم اور کیریئر میں کامیابی، دھرم کرم دلچسپی، اولاد کے متعلق سکھ حاصل ہوگا۔	آٹھویں خانہ میں برہسپت ہونے سے آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہوگا۔ قرض اور بیماری کا خوف، گھریلو الجھنیں بڑھیں گی

برہسپت کا برشچک راشی میں داخل کا پھل ۲۰۱۸ء (۱۱ ؍اکتوبر ۲۰۱۸ء سے سال کے آخر تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
اشٹم خانہ میں برہسپت ہونے سے آمدنی کم خرچ زیادہ قرض اور مرض کا ڈر، گھریلو الجھنیں بڑھیں گے۔	ساتم خانہ میں برہسپت سے خاص محنت اور رُکاوٹوں کے بعد کام بنے دھن لابھ قسمت میں ترقی کے یوگ، تیرتھ یاترا ہو۔	چھٹے خانہ برہسپت ہونے سے بیماری اور دشمن کا خوف۔ رشتہ داروں سے نااتفاقی رہے خرچ زیادہ ہوگا۔	پانچویں خانہ میں برہسپت سے زمین جائداد اور سواری کا سکھ۔ اعلیٰ تعلیم میں کامیابی۔ بیاہ سکھ ملے، بزرگوں کے تعلقات سے فائدہ	چوتھے خانہ میں برہسپت ہونے بیکار کی دوڑ دھوپ اور خرچ زیادہ مالی و سواری کے متعلق پریشانی۔ چوٹ لگنے کا ڈر ہے	تیسرے خانہ میں برہسپت ہونے سے آمدنی کم اور اچانک خرچ زیادہ ہو، جسمانی تکلیف اور تناؤ رہے عورت کا سکھ ملے	بڑے معززلوگوں سے ملاقات ہوگی۔ لمبے سفر کے یوگ۔ دھن لابھ، شبھ کاموں میں خرچ، مذہبی کاموں میں دلچسپی رہے	لگن میں برہسپت پوجیہ ہوتا ہے۔ حالانکہ جدوجہد رہیگا۔ لیکن دوست راشی میں ہونے سے جدوجہد کے بعد کام پورے ہونگے	بارہویں خانہ میں برہسپت ہونے سے آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہیں گے۔ بنتے کاموں میں رُکاوٹ مذہبی کاموں میں دلچسپی نیک کام پر خرچ ہوگا	نئے کام کی یوجنا بنے۔ دھن لابھ ہو۔ قسمت میں ترقی کے راہ ہموار ہونگے۔ عزیزوں سے ملاقات کام میں کامیابی حاصل ہوگی۔	دسویں خانہ میں برہسپت ہونے سے دھوکہ ملے۔ کاروبار میں رُکاوٹ کے باوجود دھن لاب کے موقع ملے۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہو۔	برہسپت قسمت خانہ میں ہونے سے بگڑے کاموں میں کچھ سدھار، زمین، سواری کا سکھ ملے، عزیزوں سے ملاقات اولاد سکھ ملے۔

راہو۔ کیتو کا نیک اور ناقص گوچر پھل ۲۰۱۸ء

پچھلے سال ۱۷ / ۱۸ ؍اگست ۲۰۱۷ء کی نصف شب ۲۷ / ۵۲ منٹ پر راہو کرک راشی میں اور کیتو گرہ مکر راشی میں داخلہ کر چکا ہے۔
آئندہ سال ۲۰۱۸ء میں راہو کرک راشی میں اور کیتو مکر راشی میں ہی گردش کرتے رہیں گے۔
ناقص راہو کی شانتی کے لئے۔ تل، تیل، بھورے رنگ کا کپڑا، کمبل، ناریل، سپت دھان، ستناجا، وغیرہ کا دان کرنا فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ اسکے علاوہ راہو کے بیج منتر۔ اوم بھراں بھریں بھروں سہ راہوئے نمہ: کا ۱۸ ہزار کی تعداد میں جپ کریں۔

راہو کا گائتری منتر۔ اوم شروپائے ودمہ امرتیشایہ دیمہی ۴ راہوئے پرچادیات؛

راہو کا کرک راشی میں گوچر کا پھل ۲۰۱۸ء
(شروع سال سے سال کے آخر تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برچھک	دھن	مکر	کنبھ	مین
نوکری و کاروبار میں رُکاوٹوں کے بعد کامیابی ملے آمدنی کے ساتھ ساتھ خرچ بھی زیادہ ہو	حوصلہ میں اضافہ، مالی فائدہ اور ترقی کے موقع حاصل ہو۔ باہری ملکوں کے سفر کی یوجنا بنے گی۔	گھریلو کلیش، خرچ زیادہ، جسمانی تکلیف، بیمار کا ڈر	جسم میں تکلیف، تناؤ زیادہ ہو، بنتے کاموں میں اڑچنیں رہے۔ خرچ بھی زیادہ ہوگا۔	معقول آمدنی کے ساتھ ساتھ خرچ بھی زیادہ ہوگا۔ کسی حادثہ کی وجہ سے من بے چین رہیگا	مالی فائدہ اور ترقی کے چانس بنیں خرچ بھی زیادہ ہوگا۔ غیر ملکی سفر یا لمبے سفر پر جانے کا وچار ہوگا	فضول کا دوڑ دھوپ زیادہ بنتے کاموں میں رُکاوٹ گھریلو اور کاروباری الجھنوں سے تناؤ بڑھیگا۔	بگڑے کاموں میں کچھ سدھار ہوگا۔ گاڑی کا سکھ ملے خرچوں میں اضافہ، رشتہ داروں میں نااتفاقی ہو	مالی فائدہ کم خرچ زیادہ ہوگا۔ جسمانی تکلیف، بیماری کا ڈر اپنے پرایے جیسا برتاؤ کریں گے	بنتے کاموں میں اڑچنیں پیدا ہونگے فائدہ کم خرچ زیادہ، پریوار یا میاں بیوی میں من مٹاؤ رہیگا۔	اچانک دھن لابھ ہوگا۔ کاروبار میں بھی کامیابی، شبھ یاترا اور پریوار سے ملاقات ہوگی۔	اقتصادی الجھنوں کی وجہ سے گھریلو پریشانی اولاد کی تعلیم میں رُکاوٹ پیدا ہو

کیتو کا مکر راشی میں گوچر کا پھل ۲۰۱۸ء
(شروع سال سے سال کے آخر تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برچھک	دھن	مکر	کنبھ	مین
اپنے بھی پرایوں جیسا برتاؤ کریں گے۔ خرچ زیادہ ہو۔ بیماری اور دشمن کا ڈر پریشانی بڑھے۔	مالی فائدہ، آرام کم جدوجہد زیادہ، حادثہ میں چوٹ لگنے کا ڈر، سواری پر خرچ زیادہ ہوگا۔	مالی نقصان بیماری اور دشمن کا خوف، تعلیم میں رُکاوٹ پریوار اور صحت کی فکر خرچ زیادہ ہوگا۔	دھن خرچ زیادہ، فائدہ کم ہوگا۔ گھریلو الجھنوں کی وجہ سے تناؤ اور من بے چین رہیگا۔	اپنی محنت سے مالی فائدہ ہوگا، بگڑے کاموں میں کچھ سدھار، کوئی خوش خبری ملے گی۔	فائدہ کم خرچ زیادہ۔ گھریلو الجھنوں کی وجہ سے من پریشان، غیر ملکی سفر پیش ہونگے۔	جدوجہد کے بعد گذارے لائق آمدنی کے ذرائع بنیں گے، سواری سکھ حاصل ہو گھریلو الجھن رہیگا	پہلے کئے کاموں میں کامیابی حاصل ہو۔ مالی فائدہ، کسی دوست کی مدد سے بگڑا کام بنیگا۔	فضول کا دوڑ دھوپ، خرچ زیادہ ہو۔ نقصان ہونے کا ڈر، جسمانی تکلیف گھریلو الجھنیں ہو	جدوجہد زیادہ ہو۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ، ہو۔ صحت میں گڑبڑی غصہ زیادہ رہیگا۔	بنتے کاموں میں اڑچنیں پیدا ہو۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہو تناؤ سے صحت بھی ٹھیک نہ رہے۔	زمین، سواری اور عیش و آرام حاصل، مالی فائدہ معمولی، جدوجہد بھی زیادہ ہوگا۔

کیتو کی ناقص اثر کی شانتی کیلئے لوہا، سپت دھانیہ، لال و کالا کپڑا، ناریل، تیل، کستوری، تل، اپاہج آشرم میں بھوجن، کھیر کا دان فائدہ مند رہیگا۔ کیتو کے بیج منتر۔ اوم سرام سریم سروم سہ کیتوے نمہ منتر کا ۱۷ ہزار کی تعداد میں جپ کریں۔

نچھتر کے مطابق پایہ پھل جاننا

☆ آردرا، پنر، پکھ، اشلیکھا، مگھا، پوپھا، اترا پھا، ہست، چترا، سواتی۔ ان دس نچھتروں کے بیچ کسی شخص کا جنم ہو تو چاندی کا پایہ۔

☆ وشاکھا، انورادا، جیشٹھا، مول، پوکھا، اترا کھا، شرون، دھنشٹھ، شتبھکا کے بیچ جنم ہو تو تانبہ کا پایا۔

☆ ریوتی، اشونی، بھرنی، کرتیکا، روہنی، مرگشر۔ سونا پایہ

☆ پوربابھا، اترابھا۔ لوہا پایہ

چاندی اور تانبہ کے پایہ شبھ اور فائدہ مند ہیں اور سونے و لوہا کا پایہ مالی نقصان اور ناقص پھل دیتے ہیں۔

کچھ دانشور اور مہورت گرنتھ کے مطابق جنم راشی سے چندر کے حالات تک حساب لگانے پر مختلف جگہوں کے مطابق چندر ماں کے سونا وغیرہ پاد کا وچار کیا جاتا ہے۔ جیسے

جگہ	۱،۶،۱۱	۲،۵،۹	۳،۷،۱۰	۴،۸،۱۲
چندر پاد	سونا	چاندی	تانبہ	لوہا
پھل	سوبھاگیہ	شوبھتو	غریبی	موت

جنم راشی سے انہیں جگہوں پر مختلف گرہوں کے بھی چرنوں کا وچار کیا جاتا ہے۔ لیکن پھل الگ الگ ہوتے ہیں۔

گرہوں کی آکاشی کونسل اور چنندہ پیشنگوئیاں ۲۰۱۸ء

- نیا 'وردوھ کرت' نامی ست ہونے سے حکمرانوں اور عوام میں آپسی ٹکراؤ، مخالفت اور غصہ کا خوفناک شکل سامنے آئیگی۔ پارٹیاں اور لیڈروں کے وچاروں میں زبردست نااتفاقی ہونگی۔
- راجا سورج اور وزیر شنی یعنی آکاشی کونسل کے دو اہم عہدہ دو مخالف اور دشمن گرہوں کے پاس ہونے سے دنیا کے مختلف ترقی پذیر اور ترقی یافتہ ملکوں کے درمیان مخالفت اور نااتفاقی بڑھے گی۔ مختلف ملکوں میں ٹکراؤ، تنازعہ اور طاقت دکھانے کی ہوڑ سے تناؤ بڑھیگا۔ راجا سورج اگنی تو اہم گرہ ہونے سے لوگوں میں غصہ، تیزی، لالچ، اور عیش و آرام کی عادت میں اضافہ ہوگا۔
- سال کا وزیر شنی ہونے سے حکمرانوں اور انتظامیہ کے افسروں کے برتاؤ عام لوگوں کے لئے سخت اور مطلبی رہیگا۔ عام لوگوں میں نئے نئے سخت اور پیچیدہ سرکاری قانونوں سے پریشانی، غم اور غصہ کا ماحول ہوگا۔
- سماج میں غصہ اور خوف کی وجہ سے توڑ پھوڑ کی واردات زیادہ ہونگی۔ ملک میں کہیں توڑ پھوڑ، آگزنی، دنگا فساد کی وارداتیں ہونگی۔ ملک میں خانہ جنگی جیسے حالات بنیں گے۔
- ۷ مارچ سے یکم مئی تک منگل شنی یوگ، چیت ماہ (۲ مارچ) سے پہلے جیٹھ ماہ (۲۹ مئی) تک کھپر یوگ بنے اور گرہ حالات کے مطابق بھارت، پاکستان، چین اور مڈل ایشیا کے ملکوں کے بیچ آپسی مخالفت، تناؤ اور طاقت کا مظاہرہ دکھانے کی لڑائی بڑھے گی۔ جنگ کا ماحول بنیگا۔ دہشت گردی اور سرحد پر دراندازی کی واردات سے پریشان ہوکر بھارت 'سرجیکل اسٹرائک' جیسے حملے کرنے پر مجبور ہو جائیگا۔
- ۱۵ جون سے ۱۵ جولائی ۲۰۱۸ء کے درمیان سورج شنی کے درمیان سم سپتک یوگ سے باہری و بھارت کی اندرونی حالات خاص طور سے تناؤ والے ہونگے۔ تاریخ ۲۸ جولائی سے ۱۹ ستمبر تک 'کال سرپ یوگ' رہنے سے بھی سیاسی اور سماجی حالات غیر یقینی اور پریشان کن ہونگے۔
- ۲ مئی سے ۵ نومبر تک منگل۔ کیتو کا یوگ کسی اہم لیڈر کے زندگی کے لئے نقصاندہ ہوگا۔ پڑوسی ملکوں خاص کر چین اور پاکستان کے ساتھ تنازعہ رہیگا۔
- نامعقول حالات کے باوجود عالمی اقتصادی بڑھت کی دھوری چین سے کھسک کر بھارت کی طرف مرکوز ہو جائے گی۔ مودی جی کے غیر معمولی تقریر اور ڈپلومیٹک خاصیت کی وجہ سے بہترین خارجہ پالیسی اپنانے سے بھارت کا بین الاقوامی سطح پر قد اونچا ہوگا۔
- مخالف پارٹی اور کچھ تنظیموں کے ذریعہ چلائے گئے کئی کسان آندولن کے زیر اثر مودی سرکار کو آئندہ ودھان سبھا انتخاب میں نقصان پہنچنے کا یوگ ہے۔
- ملک کے مختلف حصوں میں الگ صوبوں کی مانگ اعلیٰ سطح پر زور پکڑیگی۔ جیسے گورکھا لینڈ، بوڑو لینڈ، پوروانچل، بندیل کھنڈ وغیرہ۔ مختلف صوبوں کی مانگوں کو پورا کرنا مرکزی سرکار کے لئے بہت مشکل ہوگا۔
- بھارت میں اقتصادی اور سماجک تبدیلی کے رونما ہونے کے آثار ہیں۔
- آنے والے ودھان سبھا چناؤں میں سیاسی ماحول مذہبی بدامنی کی وجہ سے پوری طرح زہریلا ہو جائیگا۔ ہماچل اور کرناٹک میں بھاجپا کی فتح ہوگی۔ گجرات، اڑیسہ، جھارکھنڈ، تری پورا، میں بھی بھاجپا طاقتور بن کر ابھرے گی۔ ان صوبوں کے کچھ حصوں میں بھاجپا کو نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ بہت کچھ چناؤ سے پہلے اور بعد میں اتحاد پر منحصر کریگا۔ کچھ علاقہ میں کانگریس بھی مضبوط ہوگی۔

پرمپتا پرماتما کی عظیم عنایت سے مفید عالم جنتری اُردو۔ ہندی۔ پنجابی اور پنچانگ دواکر (ہندی) کو شائع ہوتے ہوئے آئندہ برس کی جنتری کو ایک سو تینتالیس (۱۴۳) سال ہو جائیں گے۔ جو اپنے آپ میں ایک ریکارڈ ہے۔ اس جنتری / پنچانگ کے رہنما بانی مشہور عالم پنڈت دیوی دیال جیوتشی (لاہور والے) جوکہ ہمارے پوجیہ پتا ماہ تھے، ان سے لیکر آج تک کے عرصہ میں ہماری جنتری اور دوسری اشاعتوں کو جو ملکی اور غیر ملکی شہرت و مقبولیت حاصل ہوئی ہے وہ جنتری کے قدردانوں سے چھپی نہیں ہے۔ اس میں کارآمد مضامین، بابت علم نجوم، مذہبی، فلسفی اور سال بھر کے تمام اہم واقعات ایسے سلیس اور عام فہم زبان میں درج ہوتے ہیں۔ جنہیں پڑھ کر ہر مذہب و ملت کے احباب استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ انہیں خوبیوں کی وجہ سے مفید عالم جنتری کے قدردان ملک ہی نہیں بلکہ بیرون ملک میں بھی زیادہ پائی جاتی ہے۔ ہم جنتری کے قارئین کو خبردار کرتے ہیں کہ جنتری کے سرورق (صفحہ ۲) پر مصنف پنڈت پنالال جیوتشی کا نام اور فوٹو ضرور دیکھ لیا کریں۔ ایشور (خدا) کی مہربانی سے گذشتہ سالوں کی بہت سی ہماری پیشین گوئیاں جو کہ پنچانگ اور مفید عالم جنتری اُردو ہندی پنجابی میں شائع ہو چکی ہیں اور ہو بہو درست ثابت ہوتی آئی ہیں۔ گذشتہ سالوں کی پیشین گوئیاں مثال کے طور پر اگلے صفحہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

گذشتہ سالوں کی کچھ چنندہ پیشین گوئیاں

۲۰۰۴ء کی جنتری میں صفحہ ۲۷ پر کانگریس پارٹی اور محترمہ سونیا گاندھی کی کنڈلی کے نیچے صاف طور پر پڑھیں۔ لوک سبھا چناؤ میں سونیا گاندھی اور ان کی پارٹی بھاجپا کی نسبت زیادہ سیٹوں پر کامیاب ہونا۔ ۲۰۰۵ء کی جنتری میں پاکستان بھارت وغیرہ میں بھونچال وغیرہ سے ہونے والی جان ومال کے مزید نقصانات کی خبریں بدقسمتی سے سچ ثابت ہو چکی ہیں۔

۲۰۰۶ کی مفید عالم جنتری میں ۲۴ مئی سے ۲ جولائی کے درمیان منگل شنی کا یوگ ہونے سے بھارت کے کچھ صوبوں کشمیر، اتر پردیش، مہاراشٹر، گجرات، آندھر پردیش وغیرہ صوبوں میں بدامنی دہشت گردی اور دھماکہ خیز کی وارداتیں ہونا۔ صفحہ ۲۷ بدقسمتی سے یہ پیشن گوئیاں بھی صحیح ثابت ہوئی۔ صفحہ نمبر ۲۹ پر صاف طور پر دیکھیں سے ۲۰۰۷ء کی مفید عالم جنتری میں دیکھیں پاکستان کے تاناشاہ جنرل مشرف کو اپنے ملک میں زبردست ٹکراؤ اور مخالفت کا سامنا ہونا۔ ملک کے اندر بدامنی اور دھماکہ خیز وارداتوں میں اضافہ ہوگا۔ بے نظیر کی زندگی کو خطرہ ہونا۔ سال ۲۰۰۸ کی جنتری میں صفحہ (۲۵) کالم II پر پاکستان میں ایمرجنسی کے حالات بنا۔ اور جنرل مشرف کا اپنے عہدے سے مستر د ہونا۔ وہاں بدامنی اور دھماکہ خیز وارداتوں کا سلسلہ ہو۔ (صفحہ ۲۷ کالم I) اور سال ۲۰۰۹ء کی جنتری میں پاکستان، افغانستان، شری لنکا، نیپال میں اندرونی حالات بگڑنا، وہاں قدرتی آفات کے ساتھ دہشت گردی وارداتوں میں اضافہ ہونا۔ صفحہ 27 کالم I امریکہ کے نئے صدر براق اُبامہ کو کامیابی کے یوگ۔ دیکھیں صفحہ ۲۷ کالم I لوک سبھا چناؤ میں پھر ملی جلی یو پی اے سرکار کا ہی وجود میں آنا۔

۲۰۱۰ء کی جنتری میں صفحہ ۲۴ سے آگے کے صفحوں تک دیکھیں بھارت کے مشرقی حصوں میں بھاری بارش زبردست سیلاب سے کھڑی فصلوں اور قدرتی آفات سے بھاری جان ومال اور رہائشی علاقوں کے مزید نقصانات وعوام میں غصہ کے باوجود ہریانہ میں کانگریس سرکار (بھوپندر سنگھ ہڈا) پھر سے حکومت میں آنا۔ دیکھیں صفحہ ۱۹ پر۔ جنتری ۲۰۱۱ء میں بڑے پیکانے پر گھوٹالہ اور بھرشٹاچار کو ہونا (صفحہ ۲۳)۔ اناج، تیل، گھی، تیل، سونا، چاندی، دالیں دودھ سبزیاں پٹرول وغیرہ کے نرخوں میں زبردست تیزی کا ہونا (صفحہ ۲۳ کالم I۔II پر دیکھیں)

۲۰۱۲ء کی مفید عام جنتری میں صفحہ ۲۷ پر پڑھیں بادشاہ وزیر شکر ہونے سے سوسائٹی میں عورتوں اور مردوں میں باہری دکھاوہ، بناوٹی خوبصورتی، شنگار اور فیشن پرستی بڑھے گی۔ سنیما، موسیقی اداکاری ناچ گانا، راگ رنگ زیادہ ہونگے۔ اسی صفحہ کالم I مہنگائی اور بڑھے گی۔ لیکن پھر بھی عیش وآرام کی اشیاء کی خرید وفروخت بڑھے گی۔ لوگوں میں آپسی پیار محبت میں کمی رہے گی۔ عام استعمال میں کی جانے والی چیزوں کی قیمتوں میں زبردست تیزی آجانے سے عام لوگوں میں غصہ اور تشویش ہوگی۔ سونا، چاندی، تانبہ پیتل، پکھراج وغیرہ نگینے وغیرہ جواہرات میں تیزی کا رجحان رہیگا۔ چوری، ٹھگی، بے ایمانی، لوٹ مار وغیرہ کی وارداتوں میں اضافہ ہوگا۔ سیاسی پارٹیوں میں ٹکراؤ، (صفحہ ۲۷) عورتوں کے ٹھگی اور زیادتی کے جرم اضافہ ہوگا۔ سبھی طرح کے اناج، چینی، گڑ، دودھ، دوائیاں، تیل، گھی، پٹرول وغیرہ اشیاء میں تیزی کا ہونا۔ دیکھیں صفحہ ۲۷ کالم II پر۔ پاکستان کی ہندوستان کے ساتھ دہشت گردی گھس پیٹھ، جعلی کرنسی کے واقعات کے زیرِ نظر تناؤ بنا رہیگا۔ صفحہ ۲۹ پر۔ پنجاب کے عنوان سے پڑھیں کہ آخر اکالی بھاجپا گٹھ بندھن کے دوبارہ بنے جانے کے یوگ ہیں (صفحہ ۳۱ کالم II)۔ یو پی اے II کانگریس سرکار کو مزید گھوٹالوں، مہنگائی، بیروزگاری اور نئے نئے ٹیکسوں وغیرہ کے مسائل کی وجہ سے اسکے مقبولیت کو گہرا دھکا پہنچےگا۔

سال ۲۰۱۳ مفید عالم جنتری صفحہ ۲۵ پر خاص پیشن گوئی کے مطابق بھارت، پاکستان، سیریا، عراق وغیرہ ترقی پزیر ملکوں میں سیاسی، سماجک، اور اقتصادی حالت ہونگے۔ عرب اور مسلم ممالک میں جیسے سیریا، مصر، لیبیا، سوڈان اور انقلابی تبدیلیاں رونما ہونگے۔ ہندوستان، پاکستان سمیت یورپین ممالک مالی مندی اور اقتصادی مشکلات کے گرفت میں آجائیں گے۔ موجودہ وزیر اعظم اور یو پی اے سرکار کے وقار کو گہرا دھکا لگیگا۔ آگامی انتخابات میں بھاری نقصان اٹھانا پڑیگا۔ سرحدی علاقوں میں چین اور پاکستان کی جانب نقل وحرکت شروع ہوگی۔ صفحہ ۳۰ پر تیل، پیٹرول وغیرہ بلڈنگ میٹریل کے کاروباری کو فائدہ اترا کھنڈ کے متعلق قدرتی آفات رونما ہوئے ہیں وہ بھی بدقسمتی سے واقع صحیح ہوئے۔ صفحہ ۲۹ پر قدرتی آفات، سیلاب، زلزلہ آنا۔ پاکستان اور مسلم ممالک میں دہشت گردی اور انقلابی تبدیلیاں ہوئے۔ پاکستان میں وزیر اعظم راجا پرویز اشرف کا مقررہ وقفے تک بنے رہنا تشویشناک ہے۔ سال ۲۰۱۴ کی جنتری میں صفحہ ۳۶ پر صاف طور پر شری نریندر مودی کے وزیر اعظم بننے کی پیشنگوئی جو صحیح ثابت ہوئی۔ آئندہ لوک سبھا اور ودھان سبھا انتخابات میں کانگریس اور بھاجپا کی کانٹے کی ٹکر میں بھاجپا کو زیادہ سیٹیں ملیں گی۔ گذشتہ سال ۲۰۱۵ء کی جنتری میں صفحہ ۳۴ کے کالم II پر "بادل پھٹنے، سیلاب اور قدرتی آفات سے جانی ومالی نقصان کا اندیشہ ہے" اور صفحہ ۳۵ کے کالم II پر "کوچ گرہ اور بھارت میں آسام وغیرہ پوربی علاقوں میں اور جموں کشمیر کے بھی حصوں میں تشدد، آگ زنی، دنگا فساد کی وارداتیں ہونگی"۔ "ملک میں سیاسی لیڈروں میں آپسی مخالفت اور الزام بازی ہوگی"۔ یہ پیشن گوئیاں ہو بہو صحیح ثابت ہوئی ہیں۔ یہ ہماری جنتری کی مقبولیت کو صاف ظاہر کرتی ہیں۔

۲۰۱۶ء کی جنتری کے صفحہ ۲۷ کے کالم I پر "چین و پاکستان رزیلی پالیسیوں کا استعمال کرتے ہوئے بھارت کے ساتھ غیر بھروسہ مند اور دشمنی کا ماحول رہیگا" جیسا کہ چین نے جی۔ ایس۔ ٹی کے مدعہ پر بھارت کے خلاف پاک کا ساتھ دیا۔ اسی صفحہ کے کالم II پر بنگال، آسام، کیرل وغیرہ کے صوبوں کے ودھان سبھا انتخاب میں بھاجپا کی مقبولیت میں خصوصی اضافہ ہوگا۔

گزشتہ سال ۲۰۱۷ء کی جنتری کے صفحہ ۳۴ کالم (II) پر "وزیر اعظم کے ذریعہ کی گئی ہر اپیل کو عام جنتا بڑا جوش وخلوص دکھائے گی۔ عام لوگوں میں مودی جی میں بھروسہ قائم رہیگا۔ اسی صفحہ پر آگے" آئندہ سال کے ودھان سبھا چناؤ میں حالانکہ اترا کھنڈ، اتر پردیش اور منی پور میں بھاجپا کی مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔ لیکن پنجاب، گوا میں بھاجپا کو نقصان ہو سکتا ہے۔"

یہ ہماری جنتری کی مقبولیت کو صاف ظاہر کرتی ہیں۔

۲۰۱۸ء میں گرہوں کی آکاشی کونسل اور بھویکھ پھل

سال ۲۰۱۸ء میں گرہوں کی آکاشی کونسل کے دس عہدیداروں میں سے تین (۳) اہم عہدہ ناقص (غصیل) گرہوں کو اور سات عہدہ شبھ (نیک) گرہوں کو حاصل ہوئے ہیں۔ بادشاہ کا عہدہ تیز اور اگنی تو سورج کو اور وزیر کا اہم عہدہ غصیل گرہ شنی کو حاصل ہوگا ہے۔ بادشاہ اور وزیر دونوں اہم عہدہ آپسی مخالف گرہوں کو حاصل ہونے سے دنیا کے ملکوں کے درمیان حکمرانوں میں ٹکراؤ، مقابلہ بازی اور ہتھیاروں کی ہوڑ میں اضافہ ہوگا۔ جنگ کا ماحول بنے گا۔ دہشت گرد کی واردات سے پریشان ہوکر بھارت 'سرجیکل اسٹرائک' جیسا قدم اٹھا سکتا ہے۔ 'وِرودھ کرت' نامی سمت کا پھل بھی شبھ نہیں کہا جا سکتا۔ مختلف سیاسی پارٹیوں میں آپسی مخالفت اور ٹکراؤ ہونگے۔ ملک میں کہیں دنگا فساد اور آگزنی کی وارداتیں ہونگی۔ لوگوں میں غصہ، لالچ اور خودغرضی بڑھے گی۔ وزیر شنی کی وجہ سے لوہا، اسٹیل، جستہ، لکڑی، تانبہ، گھی، تیل، پٹرولیم وغیرہ بلڈنگ مٹریل، چمڑا، کل پرزے وغیرہ کے کاروبار میں خاص طور سے فائدہ ہوگا۔ حکمرانوں اور انتظامیہ کے افسروں کا برتاؤ عام لوگوں کے ساتھ سخت اور بے رحم ہوگا۔ شنی کے زیر اثر بدامنی، بے ایمانی، چوری ڈکیتی اور لوٹ مار کی وارداتیں زیادہ ہونگے۔

مال وزر، زراعت اور دھاتوں کا عہدہ چندر کے پاس ہونے سے دھن دولت کا اضافہ ہوگا۔ خوشبودار تیل، دودھ، گھی، کپڑوں، بیوٹی پروڈکٹ کے کاروبار کرنے والوں کو زیادہ فائدہ ہوگا۔ موقع پرست لیڈر کئی طرح کے عیش وآرام کی چیزوں سے لیس ہونگے۔ بارش معقول ہوگی۔ عیش وآرام کی چیزوں میں اضافہ ہوگا۔ دھن کا مالک سورج ہونے سے ہر طرح کا اناج تیز بھاؤ ہونگے۔ لوگوں میں پیچیدہ قسم کے بخار اور مخلق مرض ہونگے۔ موسم سرد کے فصلوں کو نقصان پہنچے گا۔ سبھی طرح کے اناج، دالوں کے قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ بادل اور سیناپتی شکر کے زیر اثر معقول بارش اور اور پھلوں کے اچھی پیداوار کے باوجود ملک کے خاص امیر درجہ کے لوگ اور لیڈر ہی عیش وآرام کی چیزوں سے لیس ہونگے۔ کئی جگہوں پر مسلسل موسلہ دھار بارش ہوگی اور باڑھ جیسے حالات پیدا ہونگے۔ کہیں کم بارش کی وجہ سے اناج کے پیداوار میں کمی ہوگی۔

داخلہ نیا سال اور جگت لگن کنڈلی کے مطابق پیشنگوئیاں بابت ۲۰۱۸ء

نیا سال داخلہ کنڈلی

۱۷ر مارچ ۲۰۱۸ء ۱۸ گھنٹہ ۴۲ منٹ



جگت لگن کنڈلی

۱۴ر اپریل ۲۰۱۸ء ۸ گھنٹہ ۱۰ منٹ



'وِرودھ کرت' نامی نئے سمت ۲۰۷۵ء کا داخلہ چیت اماوس کے خاتمہ ۱۷ر مارچ ۲۰۱۸ء کی شام ۱۸ گھنٹہ ۴۲ منٹ پر پوروا بھاپٹر، شبھ یوگ کے وقت کنیا لگن میں ہوا ہے۔ سال لگن کا مالک بدھ (گردش کے ذرائع، دشمن کا مالک) ساتویں خانہ میں (بین الاقوامی تعلقات خانہ) سورج، چندر اور شکر گرہوں کے ساتھ واقع ہے۔ بھارت کے زیر اثر راشی مکر پانچویں خانہ (حکومت اور انتظامیہ ترقی) میں کیتو کے ساتھ واقع ہے۔ ساتویں خانہ میں سورج، چندر، بدھ، شکر گرہوں پر منگل شنی گرہوں (جنگ والے گرہوں) کی پوشیدہ نظر بھی پڑ رہی ہے۔ اسلئے گرہ کے حالات کے مطابق دنیا میں ISI اور اسکے علاوہ دہشت گرد تنظیم بھارت، قطر، پاکستان، عراق، سیریا میں دھماکہ اور تشدد کی وارداتیں کرنے کی کوشش میں رہیں گے۔ پاکستان، چین وغیرہ پڑوسی ملک پوشیدہ طور سے یعنی غیر اعلانیہ جنگ کی طرح بھارت کے خلاف اپنی کاروائیوں اور تیاریاں پوری رکھیں گے۔ سرحدوں پر جنگ کا ماحول رہیگا۔ دنیا کے زیادہ تر ملک خطرناک اور جان لیوا ہتھیاروں جمع کرنے اور قبضہ بڑھانے کی کوشش میں رہینگے۔ مقابلہ بازی اور ہوڑ کا دوڑ بڑھیگا۔ بھارت کی زیر اثر راشی مکر کا مالک شنی چوتھے خانہ میں دشمن راشی میں لیکن دشمن گرہ منگل کے ساتھ واقع ہے اور منگل تیسرے خانہ (پڑوسی ملکوں کے تعلقات خانہ) کا مالک ہوکر دشمن گرہ شنی کے ساتھ ہونا یہ اشارہ کر رہا ہے کہ پاکستان، چین کے ساتھ امن بات چیت کے باوجود کوئی خاص نتائج نہیں

نکلیگا۔ اور بیچ بیچ میں دہشت گردی اور فوجی کاروائی کی وجہ سے حالات تناؤ والا اور جنگ کا ماحول بنے گا۔ دنیا کی اہم طاقتیں امریکہ، برطانیہ، فرانس، جرمنی، بھارت وغیرہ کے سامنے اسلامک سخت گیری اور ISI کا اثر دہشت گرد کی وارداتیں اہم مدعا بنا رہیگا۔ بین الاقوامی تعلقات کا مالک شکر اعلیٰ مقام پر ہے لیکن منگل شنی پر نظر ہے۔ جس کے زیر اثر بھارت کے ذریعہ پاکستان، چین کے خلاف خارجہ پالیسی کے مورچے پر حملہ آور رُخ اپنایا جائیگا۔

جگت لگن اور دنیا کے واقعات

جگت لگن کنڈلی میں برکھ لگن طلوع ہوا ہے۔ لگن کا مالک اور بین الاقوامی تعلقات کا گرہ شکر بارہویں خانہ میں ہے۔ اسکے ششم خانہ پر خود کی نظر ہے لیکن دشمن برہسپت کے ساتھ سم سپتک یوگ بھی ہے۔ منگل شنی غصیل گرہوں کی آٹھویں خانہ (اچانک حادثہ، قدرتی آفات کا اثر) اور دشمن راشی میں برہسپت کی ان پر دوست نظر رہے گی۔ جس کے زیر اثر دہشت گرد کے پالنے والے ملک (پاکستان، ترکستان، قطر) اور تنظیم ISI، بوکوحرم وغیرہ پابندیوں کے باوجود خفیہ طور سے دہشت گردوں کو مدد اور تعاون کرتے رہیں گے۔ امریکہ، فرانس، برطانیہ وغیرہ ترقی یافتہ ملک اسکا سیاسی اور فوجی کاروائی کریں گے۔ مگر دہشت گردی کی خونی ذہنیت کی وجہ سے مہذب سماج اور انسانیت کو مذہبی جنون میں سخت گیر ڈستا رہیگا۔ بھارت اور مسلم ملک خاص کر سیریا، سوڈان، لیبیا، عراق، افغانستان، پاکستان وغیرہ ملک سمیت فرانس، برطانیہ وغیرہ کچھ یوروپ کے ملکوں میں بھی دھماکہ خیز وارادات سے جان و مال کا نقصان کا امکان ہیں۔ تیسرے خانہ میں راہو کی موجودگی اور منگل کی اس پر خاص نیچ نظر رہے گی۔ تیل کی پیداوار مسلم ممالک نئے گروپ بنانے میں مشغول رہیں گے۔

سال ۲۰۱۸ء میں گرہ گوچر اور دنیا کے حالت

سال کا بادشاہ اور وزیر کا عہدہ سورج اور شنی دونوں ایک دوسرے کے خلاف اور دشمن گرہوں کا اثر رہنے اور بارش اور جگت لگن کنڈلی میں سورج اور شنی کی غیر معقول حالات ہونے سے دنیا میں دہشت گرد متاثر کی حیرت انگیز اور خفیہ وارداتیں رونما ہونگی۔ دنیا میں پھیلے دہشت گردوں کو کچلنے کے لئے بھارت اہم ممالک (امریکہ، اسرائیل، برطانیہ) کے ساتھ ملک خاص قابل غور کوشش کریگا۔ دنیا کے زیادہ تر ممالک خاص کر مغربی ایشائی ملکوں کے اندرونی، سماجی اور سیاسی حالت فکرمند اور پیشان کن رہیں گے۔ جنگ کے خاتمے کیلئے کوششوں کے باوجود دنیا میں اشانتی اور بدامنی کا ماحول رہیگا۔

یوروپ کے ملکوں کی کنڈلی
یکم جنوری ۲۰۱۸ء نصف شب



یکم جنوری ۲۰۱۸ء سے ۳۱ جنوری ۲۰۱۸ء تک گرہ حالت کے مطابق آئندہ سال یوروپ کے ملکوں کیلئے خاص مشکل اور اقتصادی مسائل سے بھرا ہوگا۔ سال بھر شنی کی خاص نظر (لگن راش پر ڈھیہ کا اثر) اور اکادش خانہ (مال و درآمد خانہ) میں راہو کے حالات فکرمند ہے۔ مالی مسائل کی طرف اشارہ ہے۔ یوروپ کے ملکوں میں ترکی اور مسلم ملکوں کے مہاجر کا سیلاب آ سکتا ہے۔ خاص کر بیلجیم، جرمنی، آسٹریلیا اور نیدر لینڈ میں۔ امریکی صدر ٹرمپ کی خودغرض پالیسیوں کی وجہ سے یوروچین تنظیم پھر متحد ہوکر امریکہ پر دباؤ بنانے کی کوشش کریگا۔ ترکی، یمن وغیرہ ملکوں کے ساتھ سرحدوں پر جھڑپ کی وارداتیں ہونگی۔

مسلم ملکوں کی کنڈلی
۳۱ ستمبر ۲۰۱۷ء سے ۱۰ ستمبر ۲۰۱۸ء تک



مسلم ملکوں کی کنڈلی میں مین لگن طلوع ہوا ہے۔ ہجری سن ۱۴۳۹ کے بادشاہ شکر ہے۔ اس کنڈلی میں 'کال سرپ' کا ناقص اثر اور ۱۶ دسمبر ۲۰۱۷ سے ۱۳ جنوری ۲۰۱۸ء تک سورج شنی یوگ اور آگے ۷ مارچ ۲۰۱۸ء سے یکم مئی ۲۰۱۸ء تک منگل شنی یوگ ہونے سے مسلم ملکوں کی اقتصادی حالت کشمکش اور جدوجہد والا ہوگا۔ کسی اہم مسلم ملک (پاکستان، سیریا، دکھن سوڈان) میں حکمران پارٹی/لیڈر کے معزول ہوجانے سے سیاسی حالت اتھل پتھل اور پریشان کن رہیگا۔ شیعہ۔ سنی، یہودی۔ کرد وغیرہ فرقوں میں جنگ کی طرح دنگے فساد ہونگے۔ نائجیریا میں بوکوحرم اور آئی ایس وغیرہ دہشت گرد تنظیم متحد ہوکر پچھم ملکوں میں آتنکی حملے کرنے کے کوشش میں رہیں گے۔

گوچر وچار۔ ماگھ ماس (تاریخ ۳ جنوری سے ۳۱ جنوری ۲۰۱۸ء تک) پانچ منگلوار واقع ہونے سے تاریخ ۱۳ جنوری تک چتر گری

یوگ (سورج، بدھ، شکر، شنی) ۲۷ جنوری سے پھر مکر راشی میں چتر گرہی یوگ (سورج۔ بدھ۔ شکر۔ کیتو رہنے سے پچھم ایشیائی ملکوں میں جنگ کا ماحول بنیگا۔ ترکی، پاکستان، افغانستان، سیریا، عراق، یمن، قطر وغیرہ ملکوں میں جنگ کے بادل گہرائیں گے۔ کہیں حکومت میں تبدیلی، کسی عظیم شخص کا قتل یا موت ہونے کے امکان ہیں۔

پھاگن ماہ (یکم فروری سے یکم مارچ ۲۰۱۸ء تک) میں پانچ ویروار ہونے، ۱۲ فروری سے ۱۳ مارچ ۲۰۱۸ء کے درمیان سورج شنی کا نظم تعلق (۳۔۱۰)، پاک وغیرہ مسلم ملکوں کی زیر اثر راشی کنیا پر شنی کی نظر کے زیر اثر کہیں اولہ زنی سے یورپین ملکوں میں قدرتی آفات سے جانی ومالی نقصان پہنچے گا۔

چیت ماہ (۲ مارچ سے ۳۱ مارچ تک) میں پانچ شکروار اور پانچ سنیچروار ہونے، ۷ مارچ سے منگل شنی یوگ، ۲۶ مارچ سے ۱۸ اپریل تک برہسپت شکر کے درمیان سم سپتک یوگ دنیا میں آپسی دشمنی ٹکراؤ کا ماحول پیدا کریگا۔ پانچ سنیچروار ہونے سے شیعہ، سنی، کرد یہودی وغیرہ قبائلی ذاتیوں میں تشدد اور دنگے فساد بڑھیں گے۔ ضروری چیزوں اور اناج کے قیمتوں میں عالمی سطح پر تیزی ہوگی۔ پورب، اتر کے ملکوں کے حکمرانوں میں تبدیلی یا معزولی کے امکان ہیں۔

بیساکھ ماہ (۱ اپریل سے ۳۰ اپریل تک) میں پانچ اتوار اور پانچ سوموار آنے تاریخ ۱۴ اپریل کو سنیچرواری سنکرانتی اور تاریخ ۱۸ اپریل سے شنی وکری ہونے سے دنیا کے کچھ ملکوں خاص کر افریکہ، ایشیا میں اناج کی کمی، زیادہ مہنگائی، قحط کا خوف لوگوں میں رہیگا۔ کہیں حکومت میں تبدیلی، دہشت گرد کی وارداتیں، نسلی تشدد، اچانک دھماکہ، آگزنی، اور تشدد کی وارداتیں ہونے کے یوگ ہیں۔

پہلا چندر جیٹھ ماہ (تاریخ ۱ مئی سے ۲۹ مئی تک) میں پانچ منگلوار ہونا، تاریخ ۱۵ مئی کو بھوموتی اماوس، تاریخ ۱۶ مئی سے جیٹھ ادھک ماس واقع ہونگے۔ تاریخ ۱۴ مئی سے الٹ پھیر، دنگا، اہم لیڈر کی اچانک موت ہو سکتی ہے۔۔ بھارت اور کچھ ایشیائی ملکوں میں دہشت گرد کی وارداتیں ہونگی۔

تاریخ ۳۰ مئی سے ۲۸ جون کے درمیان دوسرا جیٹھ ماہ میں بھی پانچ بدھ اور پانچ ویروار ہونے، شنی وکری رہنے اور ۱۳ جون تک ادھک ماس رہنے، تاریخ ۸ جون سے منگل، شکر کے درمیان سم سپتک، منگل کیتو، شکر، راہو یوگ عالمی سیاست میں پیچیدہ حالاتیں پیدا کرے گی۔

ہاڑ ماہ (۲۹ جون سے ۲۷ جولائی تک) میں پانچ شکروار کا ہونا، ۱۵ جون سے ۱۵ جولائی تک سورج شنی کے درمیان سم سپتک یوگ، منگل، شکر کے درمیان ششم تعلقات مسلم اور افریکی ملکوں، مڈل ایشیا (سیریا، قطر، یمن، پاکستان، افغانستان میں پیچیدہ بیماری، قدرتی آفات، دنگا فساد، تشدد اور بے گناہ لوگوں کے قتل عام اور اناج کی قیمتوں میں تیزی ہوگی۔ کہیں دودھ کی کمی اور دنیا میں کہیں قحط کا خوف ہوگا۔ کہیں پینے کے پانی کی کمی ہوگی۔

ساون ماہ (۲۸ جولائی سے ۲۶ اگست تک) پانچ سنیچروار اور پانچ اتوار کا آنا، شنی واری ساون اماوس اور شنی وکری حالت میں رہنے سے اس وقفہ میں دنیا کی سیاسی حالات کشمکش اور بدامن بن جائیگا۔ دنیا میں کہیں زلزلہ، قحط، ہوائی حادثہ، مختلف جگہوں پر دنگا، کہیں حکمرانوں کی معزولی، آگزنی اور جنگ جیسا ماحول سے لوگ خوفزدہ ہونگے۔

بھادوں ماہ (۲۷ اگست سے ۲۵ ستمبر تک) میں پانچ سوموار اور پانچ منگلوار ہونے سے سورج۔ منگل کے درمیاں نظر تعلق (۶۔۸)، تاریخ یکم ستمبر سے ۱۰ اکتوبر تک برہسپت شکر یوگ ہونے سے افغانستان، پاکستان، عراق سمیت کئی ملکوں میں سیاسی غیر مستحکم اور اتھل پتھل اور بدامنی قائم ہوگی۔

اسوج ماہ (۲۶ ستمبر سے ۲۴ اکتوبر تک) میں پانچ بدھوار ہونے سے دنیا میں مختلف مخالف ملکوں کے درمیان بھی تجارتی اتحاد ہونگے۔ تاریخ ۱۶ ستمبر سے ۱۶ اکتوبر کے دوران سورج شنی کے بیچ نظر تعلق رہنے سے پاکستان، عراق، افغانستان، غازا، سیریا وغیرہ اسلامی ملکوں میں جنگ کا ماحول، ہوائی اڈوں پر حملہ اور دھماکہ خیز وارداتیں ہونگے۔

کارتک ماہ (۲۵ اکتوبر سے ۲۳ نومبر تک) پانچ ویروار اور پانچ شکروار کا ہونا، ۶ نومبر سے ۲۲ دسمبر تک منگل پر شنی کی نظر ہونے سے ترکی، قطر، سوڈان، مصر وغیرہ مسلم ممالک یا مشرقی ایشیا کے ملکوں میں حکومت کے خلاف بغاوت، آندولن، تختہ پلٹ کے وارداتیں ہونے کی وجہ سے خانہ جنگی جیسے حالات پیدا ہونگے۔

مگھر ماہ (۲۴ نومبر سے ۲۳ دسمبر تک) میں پانچ سنیچروار، منگل شنی کا نظر تعلق، ۱۵ دسمبر کو اتوار پوہ سنکرانتی اور آگے ۱۶ دسمبر سے ۱۳ جنوری ۲۰۱۹ء تک سورج شنی یوگ ہونے سے مخالف ملکوں کے درمیان جنگ جیسے حالات بنیں گے۔ دہشت گرد عالمی سیاست اور حالات کو خاص طور سے متاثر کریگا۔

دنیا کے کچھ مشہور ممالک

امریکہ (America) - اسکی زیر اثر راشی متھن ہے۔ جگت لگن میں متھن راشی دوئم خانہ (ملک کی اقتصادی حالات، تجارتی خانہ) میں واقع ہے اور اس پر منگل، شنی اور برہسپت کی خاص نظر پڑ رہی ہیں۔ جس کے زیر اثر گرہ حالات کے مطابق نئے چنندہ صدر ڈونالڈ ٹرمپ کو اندرونی اور باہری چنوتیوں کا سامنا کرنا پڑیگا۔ پاکستان، عراق، افغانستان، قطر، کیوبا وغیرہ مسلم اکثریت والے ملکوں کے ساتھ بدیشی پالیسی کا پھر سے معائنہ کریگا اور خاص بدلاؤ ہونگے۔ بھارت کے اٹومک انرجی، سیاسی امداد کے ساتھ ہی اقتصادی، معاشیاتی ترقی کے لئے کئے معائدہ کریں گے۔ کچھ مدعوں پر امریکی صدر مذمت کا مرکز بھی بنیں گے۔ اتری کوریا، سیریا اور قطر وغیرہ ملکوں کے خلاف نئے جنگی پالیسی اختیار کریں گے۔

پاکستان (Pakistan) - جگت لگن میں اسکی زیر اثر راشی کنیا پنچم (ترقی، یوجنا کا خانہ) خانہ میں واقع ہے اور راشی کا مالک بدھ ایکادش خانہ میں نیچ راشی اور دشمن گرہ چندر کے ساتھ واقع ہے۔ سال بھر کنیا راشی پر شنی کی خفیہ دشمنی نظر بھی رہیگا۔ جس کے زیر اثر نواز شریف سرکار کو اندرونی مخالفت اور شدید مذمت کی وجہ سے اپنے عہدہ سے استعفیٰ بھی دینا پڑ سکتا ہے۔ حالانکہ انکی حکومت بے حد کمزور اور دکھاوٹی سرکار رہ جائیگی۔ پاکستان کو پچھلے دروازے سے اسکی فوج ہی چلائیگی۔ پی. پی پارٹی کو بھی عظیم تعاون ملے گا۔ پاکستان کے بھیتر سماجی اور سیاسی ماحول بے حد خراب ہونگے۔ بھارت، افغانستان کے خلاف چین کی مدد سے دہشت گردی اور جہادی تنظیموں کا طعام وقیام کرتا رہیگا۔ سرکار کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ملک کے کچھ حصوں میں دہشت گردی اور دھماکہ خیز وارداتوں کی وجہ سے بے قصور لوگوں کو اپنے بیش بہا زندگی سے ہاتھ دھونا پڑیگا۔

۲۰۱۸ء میں گوچر گرہوں کے مطابق بھارت میں رونما ہونے والی اہم پیشنگوئیاں

کنڈلی آزاد ہند
۱۵/۱۴ اگست ۱۹۴۷ء



کنڈلی یوم جمہوریہ
۲۶ رجنوری ۱۹۵۰ء



کنڈلی آزاد ہند (۷۱واں)
۱۴ر اگست ۲۰۱۷ء (دلی)



کنڈلی آزاد ہند (۷۲واں)
۱۵/۱۴ر اگست ۲۰۱۸ء (دلی)



آزاد بھارت کے ۷۱ ویں سال کی کنڈلی میں (۱۴ر اگست ۲۰۱۷ء) میکھ لگن طلوع ہوا ہے۔ برس لگن کا مالک منگل چوتھے خانہ میں سورج کے ساتھ نیچ راشی میں غروب ہے۔ منتھا پر سورج، منگل، شنی وغیرہ گرہوں کی دوستانہ نظر بھی ہے۔ تاریخ ۱۶ر اگست ۲۰۱۷ء سے ۱۵ ستمبر ۲۰۱۷ء سورج شنی کے درمیان مخالف نظر تعلق ہے۔ جس کے زیر اثر آپسی مخالف گرہ حالات کے مطابق ملک میں حکمران بھاجپا سرکار اور مخالف پارٹی کے دچار دھارا میں زبردست نا اتفاقی رہیگا۔ پانچویں خانہ میں بدھ راہو کے ساتھ ہونے سے سرکار کی نئی ٹیکس قانون (GST) کی وجہ کچھ وقت کے لئے تجارتی کام کاج میں رُکاوٹ رہیگی اور سرکار کو مخالف آندولن کا سامنا کرنا پڑیگا۔ لیکن دھیرے دھیرے تجارتی کاروبار پہلے کے بنسبت زیادہ آسان ہونے سے اس کی مقبولیت بڑھ جائے گی۔ بھارت میں یہ ایک بڑی تبدیلی کی شکل اختیار کریگا۔

کنڈلی یوم جمہوریہ (۶۹واں)
۲۶ رجنوری ۲۰۱۸ء (دلی)



سپتم کا مالک شکر (غیر ملکی تعلقات کا گرہ) تیسرے خانہ میں (پڑوسی ملکوں کے تعلقات) دوست راشی میں واقع ہے مگر اس پر برہسپت کی خفیہ دشمنی نظر ہونے سے بھارت سرکار کے سامنے پاکستان، چین، بنگلہ دیش کے ساتھ سرحدی مسائل، دہشت گردی، دراندازی سے متعلق غیر معقول حالات پیدا ہوتے رہیں گے۔ بدھ بھی پنچم (اسکیم خانہ) خانہ میں ہونے سے بھارت سرکار کی طرف سے عوام کی بھلائی کیلئے کئی ترقی پسند یوجناؤں کا آغاز اور اضافہ کیا جائیگا۔ نئے نئے قانون لاکر بھی شہریوں اور خاص طور پر صنعت کاروں اور کاروباریوں کو ایماندار بنانے کی کوشش کی جائے گی۔

۶۹ویں یوم آزادی (۲۶رجنوری ۲۰۱۸ء) کی کنڈلی میں سنگھ لگن طلوع ہوا ہے۔ سال لگن کا مالک سورج چھٹے خانہ (ظاہری و باطنی دشمن کا خانہ) میں دشمن راشی میں ہوکر شکر و کیتو کے ساتھ واقع ہے۔ برہسپت ۔شکر کے درمیان آپسی دشمن نظر (۳-۱۰) تعلق بھی ہے۔ جس کے زیر اثر مرکزی بھارت سرکار کے ذریعہ چلائے جائے مختلف ترقی کے یوجناؤں پر اخراجات کے باوجود امید کے مطابق فائدہ حاصل نہیں ہو پائیگا۔ چھوٹے و مجھولے ترقی کے یوجناؤں میں فضول خرچوں میں اضافہ، اچانک اڑچنیں اور مخالف پارٹیوں کے مخالفت کی وجہ سے ترقی کی رفتار دھیمی رہے گی اور کئی یوجناؤں کا عملی جامہ پہنانے میں دیری ہوگی۔ لیکن منتھا چوتھے خانہ اور منتھا کا مالک منگل بھی چوتھے خانہ میں ہونے سے سرکار بھارت کی سیاست، سماجک اور اقتصادی حالات میں بڑے پیمانے پر تبدیلی لانے کی کوشش کرے گی۔ مالی بنیاد (ٹیکس وصولی) مضبوط رہنے سے کئی طرح کی چنوتیوں سے نپٹنے کے قابل ہوگی۔ نئی ہائی اسپیڈ ٹرین چلاکر، فصل بیما یوجنا، گرامین آواس وغیرہ یوجناؤں کو کامیاب کر عام جنتا کے بیچ سرکار کی مقبولیت بڑھانے کی کوشش کی جائے گی۔

آزاد بھارت کے ۷۲ویں سال کی کنڈلی میں (۱۵راگست ۲۰۱۸ء) کرک لگن طلوع ہوا ہے۔ سال لگن کا مالک چندر تیسرے خانہ (پڑوسی ملکوں کے ساتھ تعلقات کا خانہ) میں دوست راشی میں مگر دشمن گرہ شکر کے ساتھ واقع ہے۔ منتھا دسویں خانہ میں، منتھا مالک ساتم خانہ میں اوچ راشی لیکن کیتو کے ساتھ پڑا ہے۔ منتھا پر سورج، بدھ، راہو، منگل وغیرہ گرہوں کی پوشیدہ نظر پڑ رہی ہے۔ گرہ حالات کے مطابق چین کی چالوں سے نپٹنے کے لئے کارگر یوجنا تیار کی جائے گی اور پاکستان و چین کے خلاف ڈپلومیٹک پالیسی سے کھیل کے اصول خود قائم کریگا۔ لیکن حکومت کے بنائے نئے ضابطہ و قانون بدامنی، مہنگائی، انتظامیہ کے من مانے برتاؤ کی وجہ سے عام جنتا میں غم و غصہ کا ماحول ہوگا۔

۲۰۱۸ء میں گوچر گرہ اور بھارت

سال کا آغاز ماگھ ماہ (۳رجنوری سے ۳۱ جنوری ۲۰۱۸ء تک) میں پانچ منگلوار، ۱۳ جنوری تک چہار گرہ یوگ (سورج، بدھ، شکر، شنی)، ۲۷ جنوری سے پھر مکر راشی میں چتر گرہی یوگ (سورج، بدھ، شکر، کیتو) رہنے سے مرکزی حکومت کو مخالف پارٹیوں کی مخالفت اور آندولن کا سامنا کرنا پڑیگا۔ پڑوسی ملک سرحد پر تناؤ والا اور پیچیدہ حالات پیدا کریں گے۔ ایک راشی میں جب چار یا پانچ گرہن مضبوط ہوکر بیٹھے ہوں تو رہنماؤں کو اندرونی اور باہری دشمنوں سے خوف ہو۔

پھاگن ماہ (۱رفروری سے ۱رمارچ تک) میں پانچ برہسپت وار ہونے، ۱۲فروری سے ۱۳ مارچ ۲۰۱۸ء کو درمیان سورج شنی کے بیچ نظر تعلقات ہونے سے کچھ ملکوں میں معقول بارش کی کمی رہے، تو کہیں زیادہ اور بے وقت بارش ہونے، برفباری وغیرہ قدرتی آفات سے جانی و مالی نقصانہ ہو۔ مرکزی وزرات کابینہ میں تبدیلی کے اشارے ہیں۔

چیت ماہ (۲رمارچ سے ۳۱ مارچ تک) میں پانچ شکروار اور پانچ سنیچروار ہونے، ۷ مارچ سے لگ بھگ مئی تک منگل۔شنی یوگ، ۲۶ مارچ سے ۱۸راپریل تک برہسپت ۔ شکر کے بیچ سم سپتک یوگ ہونے سے ملک میں کہیں دنگا، فساد، آندولن کے آثار ہیں۔ نسلی دنگا، اور فساد بڑھیں گے۔ کہیں دھماکہ خیز واردات ہونے کے اشارے ہیں۔ عوام کے استعمال کی ضروری اشیاء کی قیمتوں میں تیزی کا رجحان رہیگا۔

بیساکھ ماہ (۱راپریل سے ۳۰راپریل تک) میں پانچ اتوار اور پانچ سوموار، تاریخ ۱۴ اپریل کو سنیچرواری سنکرانتی، ۱۸راپریل تک برہسپت ۔ شکر سم سپتک یوگ اور ۱۸راپریل کو شنی وکری ہونے سے کہیں حکمران میں تبدیلی، قحط، اکال، ضروری اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ، کہیں جنگ کا خوف ہوگا۔ ایودھیا (اتر پردیش)، مدھیہ پردیش، آسام، اڑیسہ، پچھم بنگال وغیرہ مشرقی صوبوں میں تشدد اور دھماکہ خیز واردات ہونگے۔

پہلا چندر جیٹھ ماہ (تاریخ ۱ مئی سے ۲۹ مئی تک) میں پانچ منگلوار ہونا، تاریخ ۱۶ مئی سے ۱۳ جون تک جیٹھ ادھک ماس ہونے، تاریخ ۱۴ مئی سے ۷ جون تک برہسپت شکر کے درمیان نظر تعلقات ہونے سے عوام میں کشیدگی اور بدامنی کا عالم ہوگا۔ پچھم بنگال، کیرل، کشمیر وغیرہ کچھ صوبوں کا ماحول دکھاوٹی سیکولرزم کی وجہ سے پوری طرح زہریلا ہو جائیگا۔

تاریخ ۳۰ مئی سے ۲۸ جون کے درمیان دوسرے جیٹھ ماہ میں بھی پانچ بدھ اور پانچ برہسپت وار ہونے، شنی وکری رہنے، تاریخ ۱۳ جون تک ادھک ماس، اناج وغیرہ کی پیداوار میں اضافہ اور امراء کے عیش و آرام کی ذرائع میں اضافہ ہوگا۔ لیکن پانچ ویردار ہونے سے کچھ صوبوں میں معقول بارش کی کمی رہے گی تو کہیں زیادہ بارش اور سیلاب وغیرہ قدرتی آفات سے جانی و مالی نقصان ہوگا۔

ہاڑ ماہ (۲۹ جون سے ۲۷ جولائی تک) میں پانچ شکروار، ۱۵ جون سے ۱۵ جولائی تک سورج شنی کے بیچ سم سپتک یوگ، منگل شکر کے بیچ ششم رشتہ۔ شنی وکری رہنے سے روزانہ استعمال کی چیزوں، پھلوں، سبزیوں کی قیمتوں میں امید کے خلاف تیزی ہوگی۔ دھن دولت کے لین دین میں اضافہ ہوگا۔

ساون ماہ (۲۸ جولائی سے ۲۶ راگست تک) میں پانچ سنیچر وار اور پانچ اتوار، سنیچر واری ساون اماوس اور شنی وکری رہنے سے ضروری چیزوں اور کھانے کی چیزوں میں خاص تیزی بننے سے لوگوں کو بے چینی بڑھے گی۔ چھوٹے چھوٹے احتجاجی آندولن بڑی شکل میں بن جائیگا۔

بھادوں ماہ (۲۷ راگست سے ۲۵ رستمبر تک) میں پانچ سوموار اور پانچ منگلوار ہونے، سورج منگل کے بیچ نظر تعلقات (۶_۸)، تاریخ یکم ستمبر سے ۱۰ راکتوبر تک برہسپت شکر یوگ، ۲۸ جولائی سے ۱۹ ستمبر تک 'کال سرپ یوگ' رہنے سے سیاسی ٹکراؤ، سیاسی اور سماجک حالات کشمکش رہیں گے۔ اس دوران آسم، بہار، پوری اتر پردیش، گجرات میں سیلاب سے جانی و مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔

اسوج ماہ (۲۶ ستمبر سے ۲۴ راکتوبر تک) میں پانچ بدھوار، ۱۶ ستمبر سے ۱۶ راکتوبر کے درمیان سورج شنی کے بیچ نظر تعلقات رہنے سے بھارت پاک یا بھارت چین وغیرہ پڑوسی ملکوں کے ساتھ ہر طرح کے رشتوں میں کھٹاس رہیگا۔ جنگ جیسا ماحول رہیگا۔ مہنگائی، بے روزگاری کے مدعوں پر سرکار کے خلاف مخالف پارٹیاں زور و شور سے مظاہرہ کرینگی۔

کارتک ماہ (۲۵ راکتوبر سے ۲۳ رنومبر تک) میں پانچ ویروار اور پانچ شکروار ہونے، ۶ رنومبر سے ۲۲ دسمبر تک منگل پر شنی کی خاص نظر ہونے سے جموں کشمیر، اتر پردیش، مہاراشٹر، بہار، آسم وغیرہ میں دنگا فساد اور تشدد کی وارداتیں ہونے کے اشارے ہیں۔

منگھر ماہ (۲۴ نومبر سے ۲۲ ردسمبر تک) میں پانچ سنیچر وار، منگل شنی کا نظر تعلقات، ۱۶ دسمبر کی اتواری پوہ سنکرانتی اور آگے ۱۶ ردسمبر سے ۱۳ جنوری ۲۰۱۹ء تک سورج شنی یوگ رہنے سے قدرتی آفات، زمین دھنسنا، زلزلہ، نسلی تناؤ کی واردات زیادہ ہوگی۔ پورب اتر کے کسی صوبے میں حکمران میں تبدیلی، کسی اہم لیڈر کی موت یا معزول ہونے کے بھی یوگ ہیں۔

۲۰۱۸ء میں کانگریس پارٹی کا مستقبل

کانگریس کی جنم کنڈلی میں دھن لگن طلوع ہوا ہے۔ لگن کا مالک برہسپت لابھ خانہ میں ششم شکر کے ساتھ حالانکہ فائدہ مند ہے۔ مگر دشمن کی راشی میں ہونے سے قدم قدم پر بڑے مشکلات اور چنوتیوں کا سامنا کرنا پڑیگا۔ ۲۶ مارچ سے ۱۸ راپریل ۲۰۱۸ کے دوران برہسپت شکر کے بیچ نظر تعلقات رہنے سے یہ اوقات خاص چنوتیوں والا رہیگا۔ کانگریس کو اندرونی مسائل اور نااتفاقی کی وجہ سے یہ سمجھ میں نہیں آئیگا کہ بھاجپا کی چنوتیوں کا سامنا کیسے کیا جائے۔

کنڈلی کانگریس پارٹی

9:57AM(بنگلور)۱۹۶۹_۱۱_۱۲



کنڈلی راہل گاندھی

5.05am۱۹۷۰ء_۶_۱۹



لگن کا مالک برہسپت ۱۲ ستمبر ۲۰۱۷ء سے ۱۰ راکتوبر ۲۰۱۸ء تک تلا راشی (دشمن) میں گردش کرنے سے کانگریس پارٹی کی مشکلات جلد ختم نہیں ہوتی نظر آرہی ہے۔ پارٹی سیاسی چنوتیوں کے چکر میں گھری رہے گی۔ آئندہ سال منگل ۲ مئی سے ۵ نومبر تک اوچ راشی میں گردش کرنے سے کانگریس پارٹی اپنے تعمیر ثانی کے دور سے گزریگی اور پارٹی کے عہدیداروں میں کچھ تبدیلیاں کرے گی۔ برہسپت کی غیر معقول حالات کی وجہ سے کانگریس کے اندر ہی لگاتار پارٹی کے اہم لیڈروں کی طرف سے غیر ذمہ دارانہ بیان سے تنازعہ بڑھیگا۔ آگامی ودھان سبھا چناؤں میں گجرات میں معمولی کامیاب کے باوجود ہماچل، کرناٹک، اڑیسہ، تری پورا میں ناکامیابی اور امید کے خلاف نتائج حاصل ہونگے۔ ودھان سبھا چناؤں میں کانگریسی لیڈروں کی

نا قابلیت سے نقصان پہنچے گا۔

کانگریس پارٹی کے نائب صدر راہل گاندھی کی پیدائش برکھ لگن میں ہوا ہے۔ سال کے شروع سے ۱۰ اکتوبر ۲۰۱۸ء تک برہسپت ششم خانہ اور ساتھ ہی برہسپت کی دشمنی نظر لگن خانہ پر ہے۔ منگل ویش اور مارکیش ہے اور چندر نیچ خانہ میں واقع ہے۔ شنی سارہ ستی کا اثر بھی رہیگا۔ جس کے زیر اثر محنت، مشقت اور کئی طرح پروگرام چلانے کے باوجود سیاسی کامیابی مشکوک ہی رہے گی۔ سیاسی برتاؤ میں غصہ اور نا اہلی ثابت ہوگی۔

ماں کا کارک چندر نیچ راشی میں ہونے سے ۲۱ مارچ ۲۰۱۸ء تک اپنے ماں (محترمہ سونیا گاندھی) کے صحت کے متعلق خاص پریشانیوں اور سیاسی پیچیدگیوں کا سامنا رہیگا۔ کچھ نزدیکی مددگار بھی دھوکہ دیں گے۔ کانگریس پارٹی کی حالات سدھارنے کے لئے بڑے فیصلے لئے جائینگے۔ نئے نئے چہرے سامنے آئیں گے۔

وزیراعظم نریندر مودی اور بھاجپا حکومت

بھارت کے وزیراعظم جناب نریندر مودی جی کو چندر کی مہادشا میں شنی کی انتر دشا (۶-۳-۲۰۱۶ء سے ۶-۱۰۰-۲۰۱۷ء تک) چل رہی ہے۔ شنی ساڑھے ستی کا بھی اثر ہے۔ چندر راس جنم کنڈلی میں نیچے مگر مرکز میں ہوکر یوگ کارک ہے۔ ۶ اکتوبر ۲۰۱۷ء سے ۶ مارچ ۲۰۱۹ء تک چندر بدھ کی انتر دشا چلے گی اور شنی بھی ۲۶ اکتوبر ۲۰۱۷ء سے آئندہ سال مودی جی کی جنم کنڈلی میں دوئم خانہ ہوکر گردش کریگی جو جدوجہد، پریشانیاں اور الجھنیں دیگا۔ لیکن ۱۱ اکتوبر ۲۰۱۸ء سے برہسپت لگن میں ہوکر گردش کریگا۔ جس کے زیر اثر حکومت کی تجربات کی وجہ سے مودی کی ناؤ سرپٹ بھاگے گی۔ اور مخالف پارٹیوں کی اتحادی ناؤ لہروں کے تھپیڑوں میں ڈوبتی نظر آئے گی۔ مختلف رکاوٹوں، مذمتوں، آندولن کے باوجود مودی سرکار بھارت کو ترقی کے راہ پر لانے میں کامیاب ہونگے۔ مودی حکومت کو ملک کے اندرونی اور باہری (سرحدی مدعا اور دہشت گردی وغیرہ) مسائلوں کے کولے کر مشکل چنوتیاں رکاوٹیں آئے گی۔ لیکن ٹیکس حصولی کا قانون اور حکومتی انتظام اور ضابطہ و قانون کو آسان اور بہتر بنا کر مسائلوں کا ہر ممکن حل نکالیں گے۔ بین الاقوامی اور قومی سطح پر اپنی مقبولیت بڑھائیں گے۔ مودی جی کی عالمگیر شہرت ڈھیر سے ڈھیرے بڑھتی جائے گی۔

جنم کنڈلی شری نریندر مودی
۱۷ ستمبر ۱۹۵۰ء اتوار



کنڈلی بھارتیہ جنتا پارٹی
06.04.1980, 11:40 AM



گرہ حالات اور آئندہ سال کے گرہوں کے گردش کے مطابق بھی مودی جی ہندوستان کی خارجہ پالیسی کو قدم بہ قدم فیصلہ کن جانب کی طرف بڑھیں گے۔ برہسپت کے گردش لگن میں آنے سے مودی جی کی موجودگی میں بھارت کی خارجہ پالیسی اہم اور قابل ستائش ہوگی۔

بھاجپا کی قیام شدہ کنڈلی میں لگن کا مالک بدھ قسمت خانہ میں کیتو کے ساتھ واقع ہے۔ منگل، شنی، برہسپت لگن کا مالک بدھ کو پوری نظر سے دیکھ رہے ہیں۔ جس کے زیر اثر بدھ کیتو اکیلا ہونے پر بھی مضبوط ہے اور پارٹی کو مضبوطی دے رہا ہے۔ ۲۰۱۸ء میں بھاجپا سرکار کے چار سال پورے ہونے پر اسکے کارگزاری کا مظاہرہ کرنے کی ہوڑ مچے گی۔ ایک ایسی سرکار جو بھارت کی سیاست، سماج اور اقتصادی حالات میں بنیادی بدلاؤ لانا چاہے گی۔ دوئم چندر ششم خانہ میں برشچک راشی میں ہوکر نیچ راج یوگ بنا رہا ہے۔ اس پر یوگ کارک شکر کی بھی نظر ہے۔ چار گرہ گردش خانہ میں ہے۔ آئندہ سال شنی کو ساتویں خانہ میں واقع اور ۱۰ اکتوبر تک برہسپت کی نظر شبھ اشارے کر رہے ہیں۔ آئندہ ودھان سبھا چناؤں میں کرناٹک، ہماچل پردیش، گجرات صوبوں میں مخالف دلوں کے مقابلے مضبوط اور کامیابی دینے والی ہوگی۔ شنی ساڑھے ستی کے اثر سے کچھ صوبوں (راجستھان، گجرات، اڑیسہ، تری پورا) میں امید کے مطابق کامیابی مشکوک رہے گی۔ حالانکہ ان صوبوں میں بھاجپا مضبوط اور طاقتور پارٹی ہی رہے گی۔

بھارت کے کچھ اہم صوبہ جات

ہماچل پردیش۔ اس کی زیر اثر راشی مین اور نام راشی کرک ہے۔ ۷۱ ویں آزاد بھارت کی کنڈلی میں زیر اثر راشی مین بارہویں خانہ میں برہسپت کے نظر ہے۔ کرک راشی پر سورج اور منگل نیچ ہوکر واقع ہے۔ ۶۹ ویں یوم جمہوریت کنڈلی میں بھی کرک راشی راہو کے ساتھ ہے۔ جس کے زیر اثر اس سال (اگست ۲۰۱۷ء کے بعد) اور آئندہ سال صوبے کی سیاست اور اقتصادیت میں پیچیدہ حالات پیدا ہونگے۔ زیر اثر راشی بھی اشتم خانہ میں ہے۔ گذشتہ سال سے برہسپت دشمن راشی میں (تلا) جانے سے اور راہو اس صوبے کی نام راشی پر گردش کرنے سے کچھ کاموں کی وجہ سے دیر بھدر سرکار پر الزام بازی سے پریشانی بن سکتی ہے۔

جس کے زیر اثر حکمران پارٹی (کانگریس) کو خاص جدوجہد کرنے ہوگے۔ چناؤ سے پہلے کانگریس میں نیا چہرا ابھر کر سامنا آئیگا۔ لیکن ودھان سبھا چناؤ میں حکومت کے خلاف لہر کے باوجود کانٹے کی ٹکر رہیگی۔ پھر بھی بھاجپا کے ہی طاقتور پارٹی ہونے کے یوگ بنیں گے۔

پنجاب۔ اسکی نام راشی کنیا اور زیر اثر راشی مین ہے۔ نئے یوم آزادی اور نئے یوم جمہوریت کنڈلی میں گوچر گرہ کے مطابق اس صوبے کی مالی اور سماجی حالات خراب اور الزام بازی سے بھری رہیں گی۔

دھیان دیں۔ گذشتہ سال کی جنتری میں ہماری پیشنگوئی ہو بہو درست ثابت ہوئی۔ 'موجودہ اکالی بھاجپا الائنس کے اقتدار کو گہری ٹھیس پہنچے گی۔ آئندہ چناؤ میں بہومت ملنا مشکوک ہے۔ کانگریس پارٹی بہومت میں آکر طاقتور پارٹی کے شکل میں ابھرے گی۔'' اس پیشنگوئی کے لئے بھی ہمیں کافی تعداد میں تعریفی خط اور ٹیلی فون کال حاصل ہوئے ہیں۔ جس کے لئے ہم اپنے قارئین کو تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔

۶۹ ویں جمہوریت کنڈلی میں مین راشی آٹھویں خانہ میں ہے اور نام راشی کنیا کا مالک بدھ پانچویں خانہ میں دشمن راشی میں ہے۔ جس کے زیر اثر موجودہ کانگریس سرکار کو آئندہ سال مالی انتظام کی طرف خاص دھیان دینے کی ضرورت ہوگی۔ پچھلے اکالی بھاجپا سرکار کے چلائے گئے کئی یوجناؤں کو بند کر نئی یوجناؤں کا آغاز کیا جائیگا۔ کسانوں کی خودکشی سے پریشان کسان یونین یک جا ہوکر سرکار کے خلاف آندولن کریں گے۔ ڈرگس، بے روزگاری، اناج کی پیداوار میں کمی وغیرہ سے صوبے کے ترقی کی یوجناؤں کو نقصان پہنچے گی۔ وزرات کابینہ میں بھی تبدیلی ہو سکتی ہے۔

جموں کشمیر ۔ زیر اثر راشی تلا اور نام راشی مکر ہے۔ نام راشی پر مخالف گرہ برہسپت کی گردش اور نام راشی پر شنی ساڑھ ستی کا اثر رہیگا۔ سالوں سے چلا آرہا غیر اعلانیہ جنگ اور دہشت گردی کی واردات بڑے شکل میں جنگ میں تبدیل ہو جائیگی۔ دہشت گردی کی واردات اور ملی ٹینسی کو روکنے کے لئے دور اندیشی اور انقلابی بدلاؤ کریگی۔ ملی ٹینسی اور سرکار کی چرم پنتھی پالیسوں کی وجہ سے جموں کشمیر کا مستقبل تاریک ہو جائیگا۔ پاکستان کی شہہ پر دہشت گرد تنظیم گھاٹی میں اپنی خونی واردات سے دنیا کا دھیان کشمیر کی طرف کرنے کی ناکام کوشش کرینگے اور وہ کسی بھی حد تک جانے کے لئے تیار رہیں گے۔ حالانکہ کشمیر کی مختلف مسائل کو سمجھ کر سب کی بھلائی کیلئے قومی اور صوبائی سطح پر کوشش کی جائے گی۔ لیکن سرکار کے سبھی کوششیں ناکام ثابت ہوگی۔ پاکستان اور دہشت گردوں کے خلاف سخت کاروائی ہی سرکار کے سامنے آخری راستہ ہوگا۔ سیر و تفریح کو خاص بڑھاوا دیا جائیگا۔

ہریانہ۔ زیر اثر راشی مین اور نام راشی متھن ہے۔ ۶۹ ویں یوم جمہوریہ کنڈلی میں مین راشی آٹھویں خانہ میں آنے، راشی کا مالک برہسپت اور نام راشی کا مالک بدھ دشمن راشی میں ہونے سے بارش معقول نہ رہنے سے کسان اور متعلق لوگوں کا دشوار حالات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ حکمران بھاجپا سرکار کے سامنے کئی چنوتیاں ہونگی۔ مختلف یوجناؤں کا فائدہ عام لوگوں تک نہیں پہنچ پائیگا۔ دوسرے پارٹیوں کے نیتا اپنا اثر بڑھائیں گے۔ بے وقت کی بارش، گھنگھور بارش اور کہیں کہیں بارش کی کمی سے سوکھا، اکال، جیسے حالات ہوگے۔ کچھ وزیروں کے محکمہ میں کٹوتی، کچھ نئے چہرے اور کچھ کو ترقی دیئے جائیں گے۔

اتر پردیش۔ زیر اثر راشی دھن اور نام راشی برکھ ہے۔ ۶۹ ویں یوم جمہوریہ کنڈلی میں دھن راشی پانچویں خانہ (ترقی اور یوجنا کا خانہ) میں بدھ اور شنی کے ساتھ پڑا ہے۔ دھیان رہے۔ گذشتہ جنتری میں بھاجپا کے اقتدار علاقوں میں اضافہ کا اشارہ پہلے ہی کر دیا تھا۔ 'یوگی ادتیہ ناتھ' کا اتر پردیش کا وزیر اعلیٰ بننا بھارت کے سیاست میں خاص کر پردیش کی سیاست میں نیا موڑ آئیگا۔ وزیر اعلیٰ کے عہدے کے طور پر انکا وقفہ کئی اہم رسم و رواج کو توڑیگا۔ گرہ حالات کے مطابق کچھ ضلعوں میں سیاسی اور سماجی ماحول تناؤ اور پریشان کن ہوگا۔ دنگا، فساد اور نسلی تناؤ کی وجہ سے بھاجپا سرکار اور پردیش کی جنتا پریشان رہیں گے۔

دلی۔ اسکی نام راشی یوم جمہوریہ کنڈلی میں آٹھویں خانہ میں ہونے، اور زیر اثر راشی ششم خانہ میں آنا شبھ نہیں ہے۔ الزام بازی کا دلچسپ تماشہ دیکھنے کو ملے گا۔ ان غیر معقول حالات میں حکمران 'آپ' پارٹی کیلئے عزت و وقار کو بنائے رکھنا مشکل ہوگا۔ بھاجپا کا اثر بڑھیگا۔ حالانکہ پچھلے سال کے بنسبت دلی کی سیاسی ماحول کچھ شانت رہیگی۔ لیکن دلی گورنمنٹ اور مرکزی بھاجپا سرکار کے ساتھ کھینچا تانی اور تناؤ رہیگا۔ جسکی قیمت آخر کار عوام کو چکانا پڑیگا۔ [پچھلے سال اسی کالم پر لکھی پیشن گوئی صحیح نکلی۔ 'علاقائی میونسپل چناؤ میں بھاجپا اور کانگریس کا اقتدار رہیگا۔ کیجریوال جی کے نزدیکی ان کے مخالف بن سکتے ہیں۔' جیسا کہ اپریل میں ہوئے چناؤں میں اور مئی و جون میں کیجریوال جی کے نزدیکی ساتھی کپل مشرا نے بغاوت کردی تھی]

مندرجہ پیشن گوئیاں ملک اور جگہ کی جنم کنڈلیوں کے گرہوں حالات اور گوچر گرہوں کے زیر اثر ہونے والے اثرات کو درج کی گئی ہیں۔ حقیقت میں سب سے بڑے عالم الغیب تو خود بھگوان (خدا) ہی ہیں۔

خیر اندیش پنڈت وید پرکاش شرما جیوتشی ابن پنا لال جیوتشی مرحوم جالندھر

مورخہ ۱۹ر جولائی ۲۰۱۷ء بدھوار

تجارتی جنسوں میں تیزی و مندی کی روزانہ تفصیل ۲۰۱۸ء

تھوک اور وعدہ بیوپار کے لئے ضروری ہدایات

تجارتی جنسوں میں اتار چڑھاؤ کے بعد ہی خرید و فروخت کرنا کامیاب تجارت کی چابی ہے۔ آگے گوچر گرہوں اور نچھتروں کی بنیاد پر چیزوں جنسوں میں روزانہ اتار چڑھاؤ اور مندی تیزی کی خصوصی لائنوں اور طوفان تیزی وغیرہ کی تفصیل لکھ رہے ہیں۔ دھیان رہے حاضر اور وعدہ تجارت کی مارکیٹ پر سیاسی سماجی و قدرتی آفات کا اثر پڑتا ہے۔ جنم کنڈلی میں نقصاندہ یا غیر یقینی گرہ سے متعلقہ جنس کا تجارت کریں۔ علم جیوتش و مالی پوزیشن کے مدنظر کسی خاص جنس کی خصوصی رپورٹ منگوانے کیلئے فی جنس کی ماہانہ رپورٹ -/1100 روپے دو ماہ کی رپورٹ کیلئے -/2100 روپے اور سالانہ -/9000 روپے کی رپورٹ منگوانے کیلئے فیس پیشگی روانہ کریں۔ مصنف: پنڈت وِویک شرما جالندھر۔ فون نمبر 0181-2457959

جنوری : تاجر بھائیوں کے لئے نیا سال خوشگوار اور فائدہ مند ہو۔ ۶ جنوری کو بدھ مول نچھتر اور دھن راشی میں داخل ہو کر سورج شکر شنی کے ساتھ تعلق کریگا۔ بازار میں زوردار تیزی بنے گی۔ اکیلا بدھ حالانکہ دھن راشی میں مندی کرتا ہے، لیکن یہاں غسیل گرہ کے اثر سے بازار میں تیزی کا اثر رہیگا۔ مونگ، مسور، سونا، چاندی، کروڈ آئیل، سرسوں، سویابین وغیرہ تیلوں میں اچھی تیزی بنے گی۔ ۱۰ جنوری کو سورج شکر دونوں ایک ہی نچھتر اترا اکھاڑہ میں داخل ہوگا۔ اسلئے جلد ہی سرسوں، گڑ، کھانڈ، اڑد، مونگ، چاول، چنا، گیہوں، شکر میں تیزی بنے گی۔ سونا، چاندی، روئی میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔

۱۳ جنوری کو شکر مکر راشی میں آکر کیتو کے ساتھ یوگ کریگا۔ شیئر بازار، گڑ، ایلم، کھانڈ، گھی اور گیہوں، چنا وغیرہ سب اناج تیز ہونگے۔ چاندی میں گھٹا بڑھی کے بیچ پہلے مندی بنکر بعد میں تیزی ہی بنے گی۔ ۱۴ جنوری کو سورج بھی مکر راشی آکر شکر کیتو کے ساتھ تعلق کریگا۔ گھی، تیل، السی، گڑ، شکر، کھانڈ، روئی، چاندی میں تیزی بنے گی۔ گیہوں چنا، مکی وغیرہ اناج میں کچھ مندی بنے۔ ۱۹ جنوری کو منگل برچھک راشی میں آنے سے گڑ، روئی، سونا، چاندی، تانبہ وغیرہ دھاتوں میں خاص تیزی کا جھٹکا لگے۔ باقی اور کریانہ جنسوں اور لال مرچ، ارہر، مسور وغیرہ میں بھی تیزی کا رُخ رہے۔

۲۱ جنوری کو شکر شرون نچھتر میں آنے سے سونا، چاندی، گڑ، کھانڈ، شکر، مونگ، موٹھ، اڑد، شیئر بازار میں مندی، تل سرسوں تیل وغیرہ میں تیزی، روئی گھٹا بڑھی ہو کر بعد میں کچھ تیزی بنے۔ ۲۲ جنوری کو سورج نچھتر میں آکر منگل کے ساتھ ایک نچھتر رشتہ بنائیگا۔ گیہوں، جوں، چاول، روئی، سوت، سن، سونا چاندی، گڑ، کھانڈ، السی، سپاری، لونگ، پیپل میں اچھی تیزی بنے گی۔

۲۷ جنوری کو بدھ مکر راشی میں داخل ہو کر سورج، شکر اور کیتو کے ساتھ میل کریگا۔ جو کہ وائدہ اور حاضر بازار میں چل رہی تیزی کو اور بڑھاوا دیگا۔ سونا، چاندی، روئی، مونگ، چنا وغیرہ اناج، بینک شیئرز، ارہر، کروڈ آئیل، تیل، سویابین، سرسوں وغیرہ میں تیزی کو قوت ملے گی۔ ۳۱ جنوری کو شکر دھنشٹھا نچھتر میں آئیگا۔ اسی دن چندر گرہن بھی واقع ہو رہا ہے۔ سونا، چاندی، روئی، کپاس، چاول مونگ، موٹھ، اڑد، جوار، باجرا، سوفٹ ویر اور IT سے متعلق شیئرز میں تیزی کا رُخ رہیگا۔

فروری : ماہ کے شروع میں ۲ فروری کو شکر مشرق میں طلوع ہونے سے گھی، چینی، شیئرز میں معمولی مندی، لیکن ریشمی سوت، ناریل، روئی، کپاس، سن، سونا، چاندی، چاول میں خاص تیزی بنے گی۔ ۶ فروری کو سورج دھنشٹھا نچھتر میں آکر شکر کے ساتھ ایک نچھتر رشتہ بنائیگا۔ اسی دن شکر کنبھ راشی میں آئیگا۔ جس پر منگل اور برہسپت کی نظر بھی رہے گی۔ جس کے زیر اثر سافٹ ویر اور IT شیئرز، روئی، چاندی، گڑ، کھانڈ، گیہوں، چنا، جوں، مونگ، جوار، باجرہ میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔ اکیلا شکر حالانکہ کچھ مندی کرتا ہے لیکن منگل کی نظر رہنے سے پہلے تیزی بعد میں مندی یا برہسپت کی نظر کی وجہ سے پہلے مندی بعد میں تیزی بنے۔ احتیاط برتتے ہوئے کام کریں۔ سونا چاندی وغیرہ جواہرات میں جلدی ہی تیزی بنے گی۔

۱۱ فروری کو بدھ دھنشٹھا نچھتر میں آکر سورج کے ساتھ تعلق بنائیگا۔ اور شکر شت بھکا نچھتر میں آئیگا۔ سونا، چاندی، روئی، گیہوں، چنا وغیرہ اناجوں، گڑ، کھانڈ، گھی، سرسوں میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔ شیئر بازار اور بینک اطلاعی نمبر بھی گھٹا بڑھی کے بعد تیزی ہوگا۔ ۱۲ فروری کو سورج کنبھ راشی میں آکر شکر کے ساتھ میل کریگا۔ ان پر شنی کی نظر رہے گی۔ گھی، تیل، جنک، سرسوں، مونگ پھلی، روئی، ارہر، سونا، چاندی، کاپر میں تیزی بنے گی۔ روئی، السی، ارنڈی، گیہوں، چنا وغیرہ اناج، گڑ، شکر، کھانڈ میں کچھ مندی بن کر پھر تیزی بنے گی۔ زبردست مندی کا جھٹکا لگا کر پھر زوردار تیزی بھی بن سکتی ہے۔

۱۴ فروری کو بدھ کنبھ راشی میں آکر سورج، شکر کے ساتھ میل کریگا۔ ان پر منگل شنی، اور برہسپت کی نظر بھی رہے گی۔ روئی، چاندی، السی، گھی، تیل، گڑ، کھانڈ میں خاص کم و بیش کے درمیان تیزی بنے گی۔ سونا، اناجوں، چنے وغیرہ میں پہلے مندی بنکر بعد میں تیزی بنے۔ تیزی میں فائدہ لے کر نکل جائیں۔ ۱۷ فروری سنیچر وار کو کنبھ راشی میں چاند کا دیدار ہونے سے دال والے اناج، مونگ، موٹھ، اڑد، چنا، ارہر، مسور، سونا، چاندی، سرسوں، روئی میں اچھی تیزی بنے۔ لیکن ۱۹ فروری کو سورج شت بھکا میں آکر بدھ شکر کے ساتھ ایک نچھتر

تعلق بنائیگا۔ یہ یوگ خاص گھٹا بڑھی کریگا۔ دھیان رہے ان پر منگل، برہسپت کی نظر بھی ہے۔ سونا، چاندی، سوت، سن، کپڑا، تل، تیل، کروڈ آئیل، سویابین، ارنڈ، سرسوں، ہینگ، چھوہارا، سونٹھ، ہلدی، گیہوں، گڑ میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنیگا۔ ۲۵ فروری کو بدھ بھی پوبھا میں آکر شکر کے ساتھ ایک نچھتر تعلق بنائیگا۔ سونا، چاندی، تانبہ، لوہا، چنا، مکی وغیرہ اناجوں اور روئی میں گھٹا بڑھی کے بعد مندی بنے گی۔ (نوٹ۔ ۱۱ فروری سے ۱۵ فروری اور ۲۰ فروری سے ۲۳ فروری تک شیر بازار میں تیزی رہیگا۔)

مارچ : شروع ماہ ۲؍مارچ کو شکر تیز رفتار سے اعلی راشی (مین) میں جانے سے اس دن عموماً مندی بنکر بعد میں اچھی تیزی بنے۔ چنا وغیرہ اناج، سرسوں، تل، تلہن، ارنڈی، گڑ، کھاند میں مندی، روئی تیزی بنے۔ ۳ مارچ کو بدھ مین (نیچ) راشی میں شکر کے ساتھ میل کرنے سے سبھی اچھی گھٹا بڑھی کے بعد آگے روئی، گڑ، کھانڈ، سونا، چاندی، شیئر بازار، میں زبردست تیزی کا رُخ بنے گا۔ ۷ مارچ کو منگل مول نچھتر اور دھن راشی میں آکر شنی کے ساتھ ایک راشی تعلق بنائیگا۔ اور مین راشی میں واقع بدھ، شکر پر نظر رکھے گا۔ روئی، سونا، چاندی، شیئرز، سوت، بنولہ، سرسوں، گھی، چنا، جو، مونگ وغیرہ بھی اناجوں میں تیزی کا رُخ بنیگا۔ ۹ مارچ کو تلا راشی واقع برہسپت وکری ہونے سے سونا، چاندی دھاتو، رس، خوشبودار چیزیں، گھی، تل، تیل، کپاس، سرسوں وغیرہ میں اچھی تیزی بنے۔ کریانہ جنسوں میں کچھ مندی بنے۔ جن چیزوں میں مندی بنے گا۔ وہ بھی جلد ہی تیز ہو جائینگے۔ اس لئے مال پکڑ کر آگے ہوشیاری سے بڑھیں۔

۱۴ مارچ کو سورج مین راشی میں آکر بدھ، شکر کے ساتھ میل کرنے سے ل، تیل، السی، سرسوں، کھانڈ، گر، شکر، روئی، سونا، تانبہ میں تیزی بنے گی۔ چنا، مکی، چاول وغیرہ اناجوں اور چاندی، روئی، کاٹن میں کچھ مدنی بن کر بعد میں تیزی بنے۔ ۱۸ مارچ کو سورج اتر بھا میں آنے سے چاول، گڑ، کھانڈ، شکر، گیہوں، تیل، سرسوں میں تیزی بنے۔ ۱۹ مارچ سوموار کو مین راشی واقع چاند کا دیدار ہونے سے روئی، سوت، کپاس، سونا، چاندی میں کچھ تیزی، لیکن گڑ، کھانڈ، شکر میں مندی بنے گا۔ ۲۳ مارچ کو بدھ وکری ہوگا۔ اس پر منگل کی نظر پہلے سے ہی چل رہی ہے۔ سونا، چاندی، بینک شیئرز، مونگ، گڑ، گھی، کھانڈ، شکر میں اچھی تیزی بنے گی۔ چنا، گیہوں، جوں وغیرہ اناجوں میں کچھ مندی بنے گی۔

۲۶ مارچ کو شکر اشنی نچھتر اور میکھ راشی مین داخل ہوکر برہسپت کے ساتھ سم سپتک یوگ بنائیگا۔ گیہوں، چنا، گیہوں وغیرہ اناج، گھی، سونا، چاندی میں زبردست تیزی کی امید ہے۔ سیاسی واقعات بھی بڑا اتھل پتھل بھرا رہیگا۔ گڑ، شکر، بارادانا، پاٹ وغیرہ میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔ اون، ریشم، تل، تیل، سرسوں، السی، مکی میں کچھ مندی بنے گی۔ ۳۱؍مارچ کو سورج ریوتی میں آنے سے السی، سرسوں، ارنڈ، مونگ پھلی، لہسن، موتی، لاکھ، روئی، گیہوں، جوں، چنا، چاول میں تیزی بنے۔

اپریل : گذشتہ ماہ سے چلی آرہی تیزی اپریل کے پہلے دو دن تیزی رہے گی۔ ۶؍اپریل کو شکر بھرنی میں آکر سونا، چاندی، افیم، لال رنگ کی جنسوں، سرسوں، تل، تیل، السی، گھی، اڑد، ناریل میں مندی، جبکہ چنا، مونگ، موٹھ، جوار، میں گھٹا بڑھی روئی، چاندی میں تیزی بنے۔

۱۴؍اپریل کو سورج اشونی نچھتر اور میکھ راشی میں آکر شکر کے ساتھ میل کریگا۔ ان پر برہسپت کی ساتویں نظر بھی ہے۔ اسلئے روئی، کپاس، سوت، گھی، تیل، تل، سرسوں، ناریل، سپاری، بادام، سبھی پھل، گڑ، کھانڈ، شکر، سونا، چاندی تیز ہوکر بعد میں جلد ہی مندی بھی ہونگے۔ ۱۵؍اپریل کو بدھ مارگی ہوگا بدھ پر منگل کی خاص نظر بھی ہے۔ چاندی، روئی، سونا، بینک شیئرز، گیہوں، جوں، چنا وغیرہ اناجوں میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔ تیل، سرسوں، السی، بنولہ، کپور، ارنڈ، چندن وغیرہ خوشبودار چیزوں میں گھٹا بڑھی کے بعد کچھ مندی بنے

۱۸؍اپریل کو دھن راشی میں شنی وکری ہونے سے گڑ، کھانڈ، گھی، کروڈ آئیل میں خاص زوردار تیزی کی امید ہے۔ کچھ کچھ چیزوں میں زوردار مندی کا جھٹکا بھی لگے گا۔ ۱۹؍اپریل کو شکر برکھ راشی میں آئیگا۔ روئی، کپاس، چنا، اناج وغیرہ میں مندی، سونا، چاندی، سافٹ ویر سیکٹر کے شیئروں میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔ ۲۷؍اپریل کو سورج بھرنی اور بدھ ریوتی نچھتر میں آنے سے سونا، چاندی، کاپر، تانبہ، پیتل، وغیرہ دھاتو اور گیہوں، جوں، چنا، چاول، موٹھ، السی، روئی، سرسوں، گڑ، کھانڈ، گھی میں لال مرچ وغیرہ لال رنگ کی چیزوں میں تیزی بنے گی۔ چاندی، روئی، السی میں مندی بن سکتی ہے۔

مئی : ۲؍مئی کو منگل مکر راشی میں آکر کیتو کے ساتھ میل کریگا اور میکھ راشی کو خاص نظر سے دیکھے گا۔ سونا، چاندی وغیرہ دھاتوں، مونگ، موتی وغیرہ رتن، اون، روئی، کپاس، سرسوں، بارادانا اور گڑ، رسدار چیزوں میں تیزی بنے گی۔ چنا وغیرہ میں کچھ مندی بنے۔ (گھٹا بڑھی کے درمیان تیزی کا رُخ ۸ مئی تک رہیگا)۔ ۹ مئی کو بدھ بھی اشونی نچھتر اور میکھ راشی میں آکر سورج کے ساتھ ایک راشی تعلق بنائیگا۔ ان پر منگل اور برہسپت کی نظر رہے گی۔ سونا، چاندی وغیرہ دھاتو، جواہرات، شیئرز، چنا، جوں، تل، سرسوں، گڑ، کھانڈ گھی میں گھٹا بڑھی کے درمیان تیزی بنکر جلد ہی مندی بن جائے گی۔ ہوشیاری سے منافع لے کر نکل جائیں کیونکہ اکیلا بدھ یہاں مندی کی وجہ ہوتی ہے۔

۱۴؍مئی کو سورج برکھ راشی میں اور شکر متھن راشی میں آئیگا۔ شکر پر شنی اور برہسپت کی خاص نظر رہے گی۔ سونا، چاندی، گڑ، کھانڈ، شکر، کپاس، روئی، سوت، بادام، سپاری، ناریل، تل، تیل، سرسوں وغیرہ میں تیزی بنے۔ جوں، چنا، اڑہر، مونگ، چاول میں کچھ مندی بنے گی۔ ۲۵؍مئی کو سورج روہنی اور بدھ کرتیکا نچھتر میں آئیگا۔ اسی دن بدھ مغرب میں غروب ہوگا۔ تل، تیل، ارنڈی، السی، سرسوں، گڑ، کھانڈ، گھی، گیہوں، جوں، چنا، جوار، باجرا، اون، سوت، کپڑا، سن، سپاری، مرچ، رائی میں تیزی بنے۔ چاندی، افیم اور شیر بازار میں گھٹا بڑھی ہوکر مندی بنے گی۔

۲۷؍مئی کو بدھ برکھ راشی میں آکر سورج کے ساتھ تعلق کریگا۔ جن چیزوں میں

مندی چل رہی ہوگی، بدھ اُن میں گھٹا بڑھی کر تیزی لائے گا۔ ۳۱ مئی کو بدھ روہنی میں آکر سورج کے ساتھ اک پنچستر تعلق بنائیگا۔ روئی، کپاس، سوت، سونا، چاندی، تل، تیل، سرسوں، چاول، گڑ، کھانڈ میں تیزی بنے گی۔

جون : ماہ کے شروعاتی ۴ دن گھٹا بڑھی کے درمیان اہم کریانہ جنسوں میں تیزی کا رُخ رہیگا۔ ۵ جون کو وکری شنی مول پنچستر میں آنے سے روئی، کپاس، بنولہ، چاندی، سینڈھی نمک، ہلدی، گھی، کرڈ آئیل، چنا وغیرہ میں تیزی بنے گی۔ ۸ جون کو سورج مرگشر میں آکر بدھ کے ساتھ ایک پنچستر تعلق بنائیگا اور شکر کرک راشی میں آکر راہو کے ساتھ میل کریگا۔ شکر راہو پر منگل کی خاص نظر رہے گی۔ اکیلا شکر حالانکہ کرک راشی میں کچھ چیزوں میں مندی ہے، لیکن یہاں غصیل گرہ کے یوگ اور نظر کے زیر اثر تیزی بنے گی۔ روئی، چاندی، شیئرز گھٹا بڑھی کے بعد تیز ہونگے۔ ۱۰ جون کو بدھ متھن راشی میں آئیگا۔ بدھ پر شنی اور برہسپت گرہ کی خاص نظریں ہیں۔ سونا، چاندی میں تیز بن کر جلد ہی مندی بن جائیگا۔ سرسوں، بینک شیئرز، کھانڈ، مونگ میں تیزی بنے گی۔

۱۵ جون کو سورج متھن راشی میں آکر بدھ کے ساتھ میل کریگا۔ سورج بدھ کا شنی کے ساتھ سم سپتک یوگ بھی بن رہا ہے۔ کند، مول، پھل، وردانا، ریشم، سوت، کپاس، روئی، سرسوں، لوہا، تل، گڑ، کھانڈ، شکر، چینی، گھی، مونگ، اڑد، گیہوں، چنا، چاول وغیرہ اناجوں، سونا چاندی میں اچھی تیزی کا جھٹکا لگے گا۔ برہسپت کی نظر کی وجہ سے جلد ہی تیزی پر لگام لگے گی۔ اس لئے فوراً منافع کما لیں۔ ۲۲ جون کو سورج آردرا میں آنے سے روئی، سوت، کپاس، پھل، السی، ارنڈی، موتی، گیہوں، چاول، چنا، جوں، چاندی میں تیزی بنے گی۔ سونے میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔

۲۵ جون کو بدھ کرک راشی میں آکر شکر اور راہو کے ساتھ میل کریگا۔ ان پر منگل کی خاص نظر رہے گی۔ روئی، چاندی، گڑ، دودھ، تیل، مونگ پھلی، سرسوں، سونے میں مندی کے چانس کے باوجود تیزی کا رُخ بنے گا۔ ۲۶ جون کو مکر راشی منگل وکری ہونے سے کروڈ آئیل، سرسوں، سونا، چاندی، السی، گیہوں، لال رنگ کی چیزیں، گڑ، لال مرچ، تیل، تل وغیرہ میں زوردار تیزی بنے گی۔

جولائی : وایدا اور حاضر میں تیزی کا رُخ ۳ جولائی تک رہیگا۔ ۴ جولائی کو شکر سنگھ راشی میں آکر منگل کی نظر میں رہیگا۔ سونا، چاندی، تانبہ، جوں، چنا، گیہوں، لال چندن، مجیٹھا، لال مرچ، لال رنگ کی چیزیں، گھی میں تیزی بنے گی۔ ۶ جولائی کو سورج پنربسو پنچستر میں آنے سے بھی سونا، چاندی، گڑ، کھانڈ، کپاس، بنولہ، ارنڈی، السی، سرسوں اور ہر طرح کے کریانہ جنسوں میں تیزی بنے گی۔ ۱۰ جولائی کو دھن راشی میں واقع برہسپت مارگی ہوگا۔ روئی، چاندی میں پہلے مندی بعد میں تیزی بنے۔

۱۶ جولائی کو سورج کرک راشی میں آکر بدھ اور راہو کے ساتھ میل کریگا۔ ان پر منگل کی خاص ساتویں نظر بھی رہے گی۔ روئی، سوت، بادام، سپاری، پھل، گڑ، کھانڈ، شکر، تل، ناریل، سرسوں، سونا، چاندی میں زوردار تیزی بنے۔ گیہوں، چنا، جوں، مٹر، ارہر، اڑد، مونگ، چاول میں تھوڑی مندی بنکر بعد میں زوردار تیزی بنے۔ تیزی کا رُخ ۱۲ جولائی تک چلیگا۔

۲۶ جولائی کو کرک راشی میں واقع بدھ وکری ہونے سے گھی، گڑ، کھانڈ، شکر، سبزیاں، چاندی، بینک شیئرز میں تیزی اور گیہوں، جون، چنا میں کچھ مندی بنے۔ ۲۷ جولائی کو کھگراس چندر گرہن واقع ہوگا۔ اسی دن وکری منگل اترا کھا پنچستر میں آنے سے گڑ، کھانڈ، سونا، چاندی، السی، ارنڈی، روئی میں گھٹا بڑھی کے درمیان پہلے مندی، بعد میں تیزی بن جائیگا۔

اگست : شروع ماہ یکم اگست کو ہی شکر کنیا راشی میں آکر شنی کی خاص نظر میں رہیگا۔ چاندی، گیہوں، چنا وغیرہ اناج، گڑ، کھانڈ، اونی، ریشمی کپڑوں، چاول، سافٹ ویر IT سیکٹر کے شیئروں میں خاص تیزی بنے۔ اسی دن وکری بدھ مغرب میں غروب ہونے سے چاندی، روئی میں طوفانی تیزی ممکن ہے۔ ۳ اگست کو سورج اشلیکھا آکر بدھ کے ساتھ ایک پنچستر تعلق بنے گا۔ سونا، چاندی، روئی، بنولہ، گیہوں، چاول، اڑد، چنا، گڑ، شکر، گھی، تل، تیل، سرسوں، ارنڈی، السی، مرچ، مجیٹھ میں تیزی بنے گی۔

۱۲ اگست اتوار کو سنگھ راشی میں واقع چاند کا دیدار ہونے سے سونا، چاندی، گڑ، تیل میں تیزی، روئی، اناج وغیرہ میں گھٹا بڑھی کے بعد مندی بنے گا۔ ۱۶ اگست کو وکری بدھ پورب میں طلوع ہونے سے اناج، سونے میں مندی، گیہوں، جوں، چنا، لال مرچ، السی، بنولا شیئرز میں تیزی بنے گی۔ ۱۷ اگست کو سورج سنگھ راشی میں آئیگا۔ سورج پر منگل کی نظر رہے گی۔ سونا، چاندی، روئی، کاٹن، گڑ، کھانڈ، شکر، تل، تیل، ارنڈی سرسوں وغیرہ اور لال رنگ کی چیزوں میں تیزی بنے۔ شیئروں، اناجوں میں کچھ مندی بن سکتی ہے۔

۱۹ اگست کو کرک راشی میں بدھ مارگ ہوگا۔ راہو ہمراہ بدھ پر منگل کی نظر ہے۔ روئی، سونا، چاندی، گھٹا بڑھی کے بعد تیزی ہو۔ ۳۰ اگست کو سورج پوربا میں راہو کیتو اترا کھا ۴ میں آنے سے زیرا، سوا، چاندی، لوہا، گڑ، کھانڈ، سرسوں، تل، تیل، گھی، گیہوں، جوار، چاول، اونی کپڑے، روئی، سوت میں تیزی بنے گی۔

ستمبر : تاریخ یکم ستمبر کو شکر تلا راشی میں برہسپت کے ساتھ ایک راشی رشتہ بنائے گا۔ بازار کے رُخ میں اچانک تبدیلی ہوکر ایک طرف چلیگا۔ یعنی یا تو تیزی بنکر زوردار تیزی یا مندی کا رُخ بنکر زوردار مندی کی طرف چلے گا۔ ۲ ستمبر کو بدھ سنگھ راشی میں آکر سورج کے ساتھ میل کریگا۔ ان پر منگل کی خاص نظر بھی رہے گی۔ سونا، چاندی، سوت، اونی کپڑے، بینک شیئرز میں تیزی، گڑ، کھانڈ، شکر میں مندی بنے۔ ۶ ستمبر کو دھن راشی میں شنی مارگی ہونے سے سرسوں، روئی میں مندی ہوکر بعد میں تیزی بنے، تل، تیل، بینگ مرچ، چنا، چاول، کروڈ آئیل میں تیزی بنے۔

۱۱ستمبر منگلوار کو کنیا راشی میں واقع چاند کا دیدار ہونے سے اناج، چاول اور وائدہ تجارتی جنسوں میں تیزی کا رُخ رہے گا۔ روئی، سونا، چاندی میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔ گڑ، سرسوں، مونگ پھلی بھی تیز ہونگے۔ ۱۷ستمبر کو سورج کنیا راشی میں آئیگا۔ سورج پر شنی کی نظر رہے گی۔ روئی، ناریل، سپاری، تل، تیل، مجیٹھ، لال چیزیں خاص طور پر تیز ہونگے۔ شیئرز، چاندی میں مندی بنے
۱۸ستمبر کو بدھ کنیا راشی میں سورج کے ساتھ ایک راشی تعلق بنائے گا۔ ان پر شنی کی خاص دسویں نظر رہے گی۔ گیہوں، جوں، چنا، گڑ، شکر، کھانڈ، ہلدی، بینک شیئرز میں تیزی بنے گی۔ روئی چاندی میں پہلے مندی بن کر بعد میں تیزی بنے گی۔ کچھ جنسوں میں زوردار تیزی اور کچھ جنسوں/دھاتوں میں زوردار مندی کا جھٹکا لگے گا۔ اسلئے احتیاط سے سودا کریں۔ ۲۷ستمبر کو سورج ہست میں آکر بدھ کے ساتھ ایک پختہ تعلق بنائیگا۔ گیہوں، جوں، جوار، گڑ، کھانڈ، کپاس، روئی، سوت، جوٹ، لکڑی، نمک، بینک، ہلدی شیئر بازار تیز ہونگے۔

اکتوبر : ۵ ا اکتوبر کو تلا راشی میں شکر وکری ہونے سے گھی کھانڈ میں مندی، روئی، سن، کپڑا، سونا، چاندی، تل، چاول میں تیزی بنے گی۔
۹ ا اکتوبر کو بدھ مغرب میں طلوع ہونے سے روئی، چنے، چاندی، چاول، بینک شیئرز میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔

۱۱ ا اکتوبر کو برہسپت تیز رفتار سے برچھک راشی میں داخل ہوگا۔ روئی، کاٹن، سن وغیرہ آئندہ ۵ ماہ تک تیزی کا رُخ رہیگا۔ سونا، چاندی، کپاس، تانبہ، کانسہ، گھی، تیل، سپاری، سرسوں، گڑ، نمک، ناریل، سفید کپڑے، اڑد و دالوں میں تیزی رہیگا۔ ۱۷ ا اکتوبر کو سورج تلا راشی میں آکر بدھ اور شکر کے ساتھ میل کریگا۔ روئی، چاندی، کروڈ آئیل میں مندی بنے۔ گیہوں، جوں، چنا، شیئرز، السی، سونا، تانبہ، لال چندن، مجیٹھ، شری پھل، سپاری میں تیزی بنے گی۔
۲۱ ا اکتوبر کو بدھ برچھک راشی میں آکر برہسپت کے ساتھ ایک راشی تعلق بنائے گا۔ گھی، تیل، سرسوں، روئی، سونا، چاندی میں گھٹا بڑھی کے بعد اچھی زوردار تیزی بنے گی۔ ۲۹ ا اکتوبر کو بدھ انورادا میں آنے سے سوت، سن، روئی، سونا، چاندی، چنا، اناج وغیرہ میں مندی کا رُخ بنے گا۔ (۱۱ سے ۱۵ اور پھر ۱۸ سے ۲۳ ا اکتوبر تک شیئر بازار خاص تیز رہیں گے۔)

نومبر : ا نومبر کو ہی وکری شکر مشرق میں طلوع ہونے سے سونا، چاندی، گھی، کھانڈ، گڑ، روئی میں زوردار تیزی کا جھٹکا لگے گا۔ لگ بھگ سبھی کریانہ جنسوں میں تیزی دکھے گا۔ ۶ نومبر کو سورج وشاکھا میں اور منگل کنبھ راشی میں آئیگا۔ منگل پر شنی کی خاص تیسری نظر رہے گی۔ سونا، چاندی، گڑ، کھانڈ، روئی، چنا، گیہوں وغیرہ اناجوں میں زوردار تیزی کا جھٹکا لگے گا۔ سرسوں، مسور، سوت، تل، السی، کاٹن، المونیم میں بھی تیزی رہے۔
۱۲ نومبر کو سورج برچھک راشی میں آکر بدھ، برہسپت کے ساتھ میل کریگا۔ گھی، تیل، تانبہ، سونا، چاندی، روئی، اونی کپڑے میں تیزی بنے گی۔ شیئرز میں بھی تیزی رہے۔ لال رنگ کی چیزوں میں کچھ مندی کا اثر رہیگا۔ اسی دن شکر مارگی ہونے سے چاندی، موتی، سونا میں تیزی کا رُخ بنے گا۔ گڑ، گھی کے اسٹاک سے جلدی منافع حاصل ہوگا۔
۱۹ نومبر کو سورج انورادا میں آکر برہسپت کے ساتھ ایک پختہ تعلق بنائیگا۔ جوں، چنا، مکی وغیرہ دھانوں میں اور اون میں تیزی بنے، گیہوں، السی، مرچ، سونے میں تھوڑی مندی بنے۔ ۲۲ نومبر کو وکری بدھ انورادا (۴) میں آکر سورج اور برہسپت کے ساتھ میل کریگا۔ سونا، چاندی، روئی، گھی، بینک شیئرز میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔ اسی دن وکری بدھ مغرب میں غروب ہونے سے روئی، چاندی، گھی میں زوردار تیزی کا جھٹکا بھی بن سکتا ہے۔ ۲۷ نومبر کو برہسپت انورادا (۳) اور شنی پوکھا (۱) میں آنے سے کپاس، روئی، کاٹن، زیرا، سرسوں، جوں، جوار، میں تیزی بنے گا۔ لکڑی، ایندھن، کروڈ آئیل، دھان وغیرہ خریدنے سے مستقبل میں فائدہ ہوگا۔

دسمبر : ۲ دسمبر کو سورج جیشٹا میں آنے سے سونا، چاندی، چاول، گیہوں، جوں، چنا، السی، سرسوں، ارنڈی، بینک، گگل، پارا، گڑ، کھانڈ میں تیزی بنے۔ اسی دن وکری بدھ مشرق میں طلوع ہونے سے سونے میں اچانک مندی، جبکہ شیئرز میں تیزی بن سکتی ہے۔
۶ دسمبر کو بدھ مارگی ہونے سے روئی، چاندی، سونا، گیہوں، جون، چنا وغیرہ اناجوں میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے۔ بینک شیئرز میں اچھی تیزی، ریشم، تیل، السی، ارنڈی، گڑ، بنولہ، مونگ پھلی، چندن، اگر وغیرہ خوشبودار چیزیں مندہ ہونگی۔ ۷ دسمبر کو برہسپت مشرق سے طلوع ہونے سے چاندی، روئی، اناج، چنے میں تیزی، سونے میں گھٹا بڑھی کے بعد معمولی مندی بنے۔
۱۶ دسمبر کو سورج دھن راشی میں آکر شنی کے ساتھ میل کریگا۔ مخالف اور دشمن گروہوں کا ملن تجارتی اور سیاسی حلقوں میں خاص اتھل پتھل لائیگا۔ روئی، کپاس، گھی، سوت، تل، تیل، لوہا، سونا، چاندی، کاپر، تانبہ وغیرہ میں طوفانی تیزی آ سکتی ہے۔ چنا، مکی وغیرہ اناجوں میں کچھ مندی رہے۔ (تیزی ۳۰ دسمبر تک رہنے کے آثار ہیں۔)
۲۳ دسمبر کو منگل مین راشی میں آکر شنی کی نظر سے ہٹ جائیگا۔ اور اب منگل پر برہسپت کی خاص نظر رہے گی۔ سونا، روئی، لکڑی سے بنی چیزوں، چاندی، گڑ، گھی، ہلدی، لال مرچ میں پہلے تیزی بنکر جلد ہی مندی کا رُخ بنے جائیگا۔ ہوشیار رہیں۔ ۲۷ دسمبر کو برہسپت جیشٹا (۱) میں آنے سے چاندی، گھی، گڑ، کھانڈ، سرسوں میں مندی کا رُخ بنے گا۔ ۲۸ دسمبر کو منگل اترابھا میں آنے سے کچھ ہی دنوں میں چندن، کپور وغیرہ خوشبودار چیزوں، سونا، چاندی، روئی، گیہوں، جوں، چنا میں تیزی بنے گی۔
۲۹ دسمبر کو سورج پورہا کھا میں آنے سے بھی تل، تیل، سرسوں، بنولہ، گڑ، کھانڈ، ہلدی، گگل، چمڑا، کپور، اونی کپڑے، سن، چاندی میں تیز بنے گی۔

نوروز عالم افروز عالم اُفق اہل یونان ۲۰ مارچ ۲۰۱۸ء

نوروز عالم افروز یعنی دُنیا کے آغاز کا اوّل دن ۔ کائنات کے آغاز ہونے کا وقت مختلف مذاہب کے رہنماؤں نے اپنے اپنے مذہبی آئین کے مطابق الگ الگ اوقات پر قائم کیا ہے۔ اہل یورپ کا نوروز یکم جنوری سے اہل ہنود کا نوروز بحساب شمس یکم بیساکھ کو اور بحساب قمر چیت شدی یکم کو (برہماجی نے برہمانڈ کا آغاز کیا تھا) اہل نجوم کے حساب سے جب سورج ۱۲ راشیوں کی گردش کرتا ہوا میکھ راشی یا برج حمل پر پہنچتا ہے تو وہ دن نوروز ہوگا۔ اہل اسلام کا نوروز یکم محرم ہوتا ہے۔ اس کو غزاہ بھی کہتے ہیں۔ اہل یونان کا نوروز یکم حمل سے شروع ہوتا ہے۔ یہ وہ مبارک وقت ہے جب آفتاب اپنے محور پر سیدھی رفتار سے بارہ راشیوں میں گردش کرتا ہوا ایک سال کے بعد پھر نکتہ اعتدال کے عین مشرق میں برج حمل میں داخل ہوتا ہے۔ اس مبارک وقت سے اہل یونان نوروز کا آغاز کرتے ۔ اہل یونان اور علم جفر کے عالموں کے نزدیک یہ وقت مبارک ہوتا ہے۔ اس وقت عملیات اور تعویزات تیار کرنا نہایت متبرک، پرتاثیر مانا گیا ہے۔

تحویل آفتاب بر نقطہ اعتدال

اہل یونان کے حساب سے تاثیرات کو ظہور کا داخلہ اس سال ۲۰ مارچ ۲۰۱۸ء بروز منگلوار کے روز چیت شدی تیج تھی، بھرنی نچھتر، ویدھرتی یوگ اور میکھ کے چندرماں کے وقت رات ۹ بجکر ۳۶ منٹ (۲۱/۳۶) بھارتیہ اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق تلا لگن میں داخل ہوگا۔ تحویل آفتاب برج اسد نقطہ اعتدال میں واضح ہوگا۔ منگلوار کو داخل ہونے سے بادشاہ سال منگل (مریخ) ہوگا۔ زائچہ نوروز میں بادشاہ سال منگل تیسرے خانہ میں سنیچر (زحل) گرہ کے ساتھ منعقد ہے۔ سنیچر منگل کا ناقص یوگ سرحدی ممالک کے ساتھ تعلقات کے لئے خراب یوگ ہے۔ لگن کا مالک شکر چھٹے خانہ میں سورج اور بدھ کے ساتھ منعقد ہے جب کہ اس خانہ کا مالک برہسپت لگن میں ہے۔ زائچہ نوروز یونان اور زائچہ ہند کی کنڈلیوں میں پڑے گرہوں کے مطابق مسلم ممالک کی اقتصادی حالات عارضی اور جدوجہد والے ہونگے۔ کسی خاص مسلم ملک (پاکستان، سیریا، جنوبی سوڈان وغیرہ) میں مرکزی حکومت/لیڈر

زائچہ نوروز عالم ۲۱/۳۶
بادشاہ سال منگل اہل یونان



زائچہ نوروز عالم ۱۸/۴۲
بادشاہ سورج اہل ہند



کے معزول ہو جانے سے سیاسی اور سماجی حالات غیر یقینی اور بدامن والے رہیں گے ۔ شیعہ سنی، یہودی ۔ کرد وغیرہ تنظیم میں جنگ ہونگے ۔ نائجیریا میں بوکوحرم اور ISIS وغیرہ دہشت گرد تنظیم متحد ہو کر مغربی ملکوں میں دہشت گردی حملوں اور دھماکہ خیز وارداتوں میں ملوث ہونگے ۔ جس وجہ سے بے قصور عوام کو جان و مال کا نقصان ہوگا ۔ اگرچہ لگن میں برہسپت ہونے سے کچھ سرکردہ ملکوں کے درمیان باہری طور پر امن کے معاہدے منعقد ہونگے ۔ بادشاہ سال منگل ہونے سے مختلف ملکوں میں خانہ جنگی کا ماحول رہیگا ۔

عمل تحویل آفتاب ۔ بھارت میں عمل تحویل کا مبارک وقت بھارتیہ اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ۲۰ مارچ ۲۰۱۸ء رات ۹ بجکر ۳۶ منٹ سے رات ۱۲ بج کر ۱۰ منٹ تک کا عرصہ خاص مبارک ہوگا۔ یہ وقت عملیات اور تعویزات تیار کرنے کے لئے نہایت متبرک اور پُر اثر رہے گا۔ عامل کو چاہئے کہ بروقت تحویل اشنان وغیرہ کر کے صاف کپڑے پہن کر ایک علیحدہ کمرے میں بیٹھ کر خدا کی بندگی اور اپنے ایشٹ دیو کی عبادت کریں ۔ اگر بتی یا دھوپ جلا کر مشرق کی جانب منہ کر بیٹھا جائیں اور چندرماں (قمر) کا دھیان کرتے ہوئے دل میں ایشور کی چھایہ تصور کرتے ہوئے بھوج پتر یا چاندی یا تانبہ کی پلیٹ پر ذیل لکھے جنتر یا تعویز کو ضرورت کے مطابق کوئی بھی جنتر، تعویز یا عمل مور پنکھ یا انار کی قلم، اشٹ گندھ کی سیاہی سے لکھ کر اپنے پاس یا پاک جگہ پر رکھیں۔ اس سے روحانی اور دنیاوی مشکلات حل ہونگی۔ اشٹ گندھ ۔ سرخ چندن، سفید چندن، مشک، کفور، خس، اگر تگر، کیسر اور کستوری ان آٹھ چیزوں کا گنگا یا پاک پانی میں گھول کر سیاہی تیار کر کے تعویز بنائیں۔

مفید اور کارآمد جنتر و منتر

اولاد کے لئے جنتر

۸	۲	۴	۴۳
۷	۳۷	۳۰	۷
۱	۹	۳۳	۳
۳۵	۳۵	۶	۴

جنتر کو نوروز کے دن گیہوں کی روٹی پر لکھ کر کالے کتے کو کھلا دیں۔ اگر چاہیگا تو آپ کی مراد جلد پوری ہوگی۔ جب تک کہ اولاد پیدا نہ ہو ...

دشمن پر فتح کے لئے جنتر

۳۳۲	۳۳۹	۲	۷
۶	۳	۳۳۶	۳۳۵
۳۳۸	۳۳۳	۸	۱
۴	۵	۳۳۳	۳۳۷

نوروز کی ساعت کو بھوج پتر پر اشٹ گندھ کی سیاہی اور انار کی قلم سے لکھ کر ... کے تعویز میں ... بازو میں باندھ لیں ... دشمن ... سے ... جائیں۔

پردیسی کی واپسی کے لئے جنتر

۱	۱۵	۸	۳۵
۱۳	۵	۵۲	۴
۱۳	۳۳	۱۳	۹
۶	۷۲	۳۵	۷۲

نوروز کے دن اس جنتر کو کسی سیاہی ... بھوج پتر پر لکھ کر ... کے تعویز میں رکھ لیں ... کے ... گھر چھوڑ کر گیا ہوگا ...

بیماری دور کرنے کا جنتر

۷۰	۷۷	۲	۷
۲	۳	۷۴	۷
۷۶	۷۱	۷	۱
۵	۵	۷۲	۱۵

اس جنتر کو اسی وقت پر کیسر سے لکھ کر ... دے کر مریض کے گلے میں باندھنے سے ... مرض جلد دور ہو جاتے ہیں۔ ... جنتر کی ...

سروارتھ سدھ یوگ / امرت سدھ یوگ ۲۰۱۸ء

کسی بھی خاص کام کو شروع کرنے کے لئے جلدی میں کوئی مخصوص مہورت نہ ملتا ہو تو نیچے تحریر شدہ مہورتوں (سروارتھ سدھ وغیرہ) سے کوئی مبارک مہورت کو اختیار کر کے شبھ مبارک کام کا آغاز کر سکتے ہیں۔ سروارتھ سدھ یوگوں میں معاہدہ کرنا۔ امتحان، نوکری چناؤ وغیرہ کے لئے درخواست کرنا، زمین سواری زیورات وغیرہ کی خرید کرنا شبھ ہوگا۔ امرت سدھ یوگوں میں سروارتھ یوگوں والے کام شروع کرنے کے علاوہ بارہ شادی کروانا، پریم (محبت) کی شادی کرنا کسی مقصد کیلئے جنتر منتر کرنا مبارک ہوتا ہے۔ روی یوگ میں سروارتھ سدھ یوگوں کی طرح سے ہی مبارک ہوتے ہیں۔ امرت سدھ یوگوں میں سروارتھ سدھ یوگ میں کرنے والے کام، کسی خاص مقصد کے لئے انوشٹھان کرنا، جنتر منتر اور تنتر کے لئے پریوگ کرنا جیسے دشمن کو مارنا، وشی کرنا وغیرہ مبارک ہوتا ہے۔ پنڈت ودیک شرما

سروارتھ سدھ یوگ

یوگ شروع (تاریخ ماہ گھنٹہ منٹ)	یوگ ختم (تاریخ ماہ گھنٹہ منٹ)
یکم جنوری سورج طلوع	یکم جنوری ۵۳_۱۳
۵ جنوری ۱۶_۳۶	۶ جنوری سورج طلوع
۷ جنوری سورج طلوع	۸ جنوری سورج طلوع
۱۳ جنوری ۲۷_۷	۱۳ جنوری سورج طلوع
۱۴ جنوری ۱۳_۱۳	۱۵ جنوری سورج طلوع
۲۳ جنوری سورج طلوع	۲۳ جنوری ۰۹_۸
۲۵ جنوری سورج طلوع	۲۵ جنوری ۲۱_۸
۲۷ جنوری سورج طلوع	۲۸ جنوری ۰۵_۴
۲ فروری ۵۹_۱۴	۳ فروری سورج طلوع
۴ فروری سورج طلوع	۵ فروری سورج طلوع
۸ فروری ۱۹_۴	۹ فروری ۵۵_۱۶
۱۱ فروری سورج طلوع	۱۱ فروری ۵۹_۲۳
۱۸ فروری ۳۶_۱۲	۱۹ فروری سورج طلوع
۲۰ فروری ۰۳_۱۴	۲۱ فروری سورج طلوع
۲۳ فروری سورج طلوع	۲۳ فروری ۲۸_۱۱
۲۷ فروری ۰۰_۶	۲۷ فروری سورج طلوع
۲۸ فروری ۵۲_۳	۲۸ فروری سورج طلوع
۲ مارچ سورج طلوع	۲ مارچ ۰۹_۲۳
۳ مارچ سورج طلوع	۳ مارچ ۱۶_۲۰
۷ مارچ ۳۵_۲۲	۸ مارچ ۳۵_۲۳
۱۸ مارچ سورج طلوع	۱۸ مارچ ۱۰_۲۰
۲۰ مارچ سورج طلوع	۲۰ مارچ ۴۳_۱۹
۲۳ مارچ ۰۲_۱۹	۲۳ مارچ سورج طلوع
۲۶ مارچ ۵۵_۱۲	۲۷ مارچ سورج طلوع
۲۷ مارچ ۲۸_۱۱	۲۹ مارچ سورج طلوع
۳۰ مارچ سورج طلوع	۳۰ مارچ ۲۷_۷
۴ اپریل ۲۱_۷	۵ اپریل ۱۹_۹
۸ اپریل ۲۷_۱۷	۹ اپریل سورج طلوع
۹ اپریل ۲۹_۲۰	۱۰ اپریل سورج طلوع
۱۴ اپریل ۰۵_۴	۱۶ اپریل سورج طلوع
۱۸ اپریل سورج طلوع	۱۹ اپریل سورج طلوع
۲۲ اپریل ۱۸_۱۸	۲۳ اپریل ۰۳_۱۷
۲۳ اپریل سورج طلوع	۲۴ اپریل ۵۹_۱۵

سروارتھ سدھ یوگ

یوگ شروع (تاریخ ماہ گھنٹہ منٹ)	یوگ ختم (تاریخ ماہ گھنٹہ منٹ)
۲ مئی سورج طلوع	۲ مئی ۳۸_۱۷
۶ مئی سورج طلوع	۷ مئی ۳۰_۴
۷ مئی سورج طلوع	۸ مئی سورج طلوع
۱۳ مئی ۳۱_۱۳	۱۴ مئی سورج طلوع
۱۵ مئی ۵۶_۱۰	۱۷ مئی سورج طلوع
۱۸ مئی ۴۳_۲۶	۱۹ مئی سورج طلوع
۲۰ مئی سورج طلوع	۲۰ مئی ۴۵_۲۲
۲۶ مئی ۳۶_۲۰	۲۷ مئی سورج طلوع
۲۸ مئی ۰۴_۲۳	۲۹ مئی سورج طلوع
۳ جون سورج طلوع	۳ جون ۵۹_۱۱
۴ جون سورج طلوع	۴ جون ۰۵_۱۵
۸ جون ۰۴_۲۳	۹ جون سورج طلوع
۱۰ جون سورج طلوع	۱۰ جون ۲۹_۲۲
۱۲ جون سورج طلوع	۱۲ جون ۰۷_۱۹
۱۳ جون سورج طلوع	۱۴ جون سورج طلوع
۱۵ جون ۲۱_۱۱	۱۶ جون سورج طلوع
۱۷ جون سورج طلوع	۱۷ جون ۳۰_۶
۲۰ جون ۱۹_۲۵	۲۱ جون سورج طلوع
۲۳ جون سورج طلوع	۲۳ جون ۳۰_۲۷
۲۵ جون سورج طلوع	۲۶ جون سورج طلوع
۳۰ جون ۲۹_۱۸	یکم جولائی سورج طلوع
۶ جولائی ۵۴_۶	۷ جولائی سورج طلوع
۸ جولائی سورج طلوع	۸ جولائی ۲۸_۷
۱۰ جولائی ۲۱_۵	۱۰ جولائی سورج طلوع
۱۱ جولائی سورج طلوع	۱۱ جولائی ۴۳_۲۳
۱۳ جولائی ۵۴_۲۱	۱۳ جولائی ۵۹_۱۸
۱۸ جولائی ۳۰_۸	۱۹ جولائی سورج طلوع
۲۱ جولائی سورج طلوع	۲۱ جولائی ۰۹_۹
۲۳ جولائی سورج طلوع	۲۳ جولائی ۵۳_۱۴
۲۷ جولائی ۳۳_۲۳	۲۸ جولائی ۳۷_۲۷
۲ اگست ۱۳_۱۴	۴ اگست سورج طلوع
۶ اگست ۰۹_۱۴	۷ اگست سورج طلوع
۸ اگست سورج طلوع	۸ اگست ۳۹_۱۰

سروارتھ سدھ یوگ

یوگ شروع (تاریخ ماہ گھنٹہ منٹ)	یوگ ختم (تاریخ ماہ گھنٹہ منٹ)
۹ اگست ۳۵_۸	۱۰ اگست سورج طلوع
۱۵ اگست سورج طلوع	۱۵ اگست ۱۳_۱۶
۲۳ اگست ۴۸_۶	۲۵ اگست ۴۹_۹
۲۸ اگست ۰۹_۱۷	۲۹ اگست سورج طلوع
۳۰ اگست سورج طلوع	۳۱ اگست ۳۶_۲۰
۳ ستمبر سورج طلوع	۴ ستمبر سورج طلوع
۶ ستمبر سورج طلوع	۷ ستمبر سورج طلوع
۱۰ ستمبر ۴۱_۵	۱۰ ستمبر سورج طلوع
۱۷ ستمبر ۵۵_۴	۱۷ ستمبر سورج طلوع
۲۱ ستمبر سورج طلوع	۲۱ ستمبر ۳۶_۱۶
۲۵ ستمبر سورج طلوع	۲۵ ستمبر ۰۱_۲۵
۲۷ ستمبر سورج طلوع	۲۷ ستمبر ۲۳_۲۶
۲۹ ستمبر ۱۳_۲۶	۳۰ ستمبر سورج طلوع
یکم اکتوبر سورج طلوع	یکم اکتوبر ۵۲_۲۳
۳ اکتوبر سورج طلوع	۳ اکتوبر ۴۹_۲۰
۷ اکتوبر ۱۸_۱۵	۸ اکتوبر سورج طلوع
۱۲ اکتوبر ۲۱_۱۰	۱۳ اکتوبر سورج طلوع
۱۴ اکتوبر ۱۳_۱۳	۱۵ اکتوبر سورج طلوع
۲۳ اکتوبر سورج طلوع	۲۳ اکتوبر ۲۸_۸
۲۵ اکتوبر سورج طلوع	۲۵ اکتوبر ۳۶_۹
۲۷ اکتوبر ۳۰_۸	۲۸ اکتوبر سورج طلوع
۴ نومبر سورج طلوع	۵ نومبر سورج طلوع
دھن: کاروباری حالت پہلے سے بہتر ہونگے۔ تنی کی ساڑھ ستی کی وجہ سے دوستوں اور رشتہ داروں کی مدد لینے میں مشکل۔ کچھ کام پورا ہونگے۔ پریوار میں خوشی کے موقع ملیگا۔ غصہ زیادہ کرنے سے پریشانی بڑھے۔

مکر: تنی وکری حالت میں ہونے سے دھن کا خرچ، دھن کا نقصان بھی ہوگا۔ شکر کے اثر سے اولاد سے متعلق فکر۔ صحت خراب، کسی سے بے وجہ تکرار ہوسکتا ہے۔ پارٹنر کے کام میں نقصان کا ڈر ہے

کنبھ: کنبہ کی فکر رہے گی۔ باپ بیٹے میں نااتفاقی رہیں گے۔ اپنے بھی پرائیوں جیسا برتاؤ کریں گے۔ جلدبازی میں نقصان ہوگا۔ اولاد کے لئے کسی خاص کام میں محنت اور کوششیں تیز ہوں گی۔

مین: آمدن کم اور خرچ زیادہ ہوگا۔ سورج بدھ کا یوگ ہونے سے آمدن کے ذرائع بنتے رہیں گے۔ گھریلو تناؤ کی وجہ سے من اداس رہے گا۔ اپنے بھی پرائیوں جیسا برتاؤ کریں گے۔ خون کی کمی سے پریشانی ہوگی

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلادیش بابت اکتوبر ۲۰۱۸ء

میکھ: بھائیوں، رشتہ داروں کی مدد سے کچھ بگڑے کام میں سدھار۔ جدوجہد کے باوجود آمدن کے ذرائع بنیں گے۔ پریوار میں خوشی کے موقع۔ دھن کا خرچ زیادہ ہوگا۔ سفر پیش ہوگا۔ من بے چین۔ چوٹ کا ڈر۔

برکھ: بدیش کے کاموں میں ترقی ہو۔ کچھ بگڑے کاموں میں سدھار، شکر وکری ہونے سے نئی نئی الجھنیں بنتی رہیں گی۔ برہسپت کی نظر سے نوکری میں فائدہ و ترقی کے موقع ملے۔ زمین سواری آرام میں اضافہ۔

متھن: زیادہ وقت کاروبار کے کاموں میں گزریگا۔ دھن لابھ اور ترقی کے موقع۔ برہسپت کی نظر سے سوچ وچار میں وقت گزریگا۔ عیش و آرام میں اضافہ۔ سرکاری کاموں میں کامیابی۔ مذہبی کاموں پر خرچ ہوگا۔

کرک: راہو کے گردش اور منگل کی نیچ نظر ہونے سے کاروبار ملا جلا اور دھن لابھ معمولی۔ کچھ نئے دوست بنے۔ فضول کے جھگڑے کا ڈر۔ منگل کیتو کے اثر سے پارٹنر کے کام میں پریشانی۔ سرکاری کام میں رکاوٹ ہو

سنگھ: سوچی یوجنا میں تھوڑی کامیابی۔ رکاوٹوں کے باوجود دھن لابھ کے موقع۔ افسروں سے میل جول سے کچھ کام بنے گا۔ بزرگوں کا صلاح لیں۔ سر درد، آنکھوں میں تکلیف کا ڈر۔ سماجی کام میں دلچسپی۔

کنیا: شروع میں راشی پر سورج بدھ کا یوگ ہونے سے کچھ بگڑے کام میں سدھار۔ مالی فائدہ اور ترقی کے راہ ملیں گے۔ تنی کی ڈھیہ کی وجہ سے گھریلو الجھنیں۔ رشتہ داروں میں تناؤ۔ افسر سے میل جول بڑھیگا

تلا: بارہویں گھر سورج پر تنی کی نظر سے صحت سے متعلق پریشانی۔ اولاد کی فکر۔ پریوار کے ماحول میں بدلاؤ۔ خرچ زیادہ ہونے سے من پریشان۔ مالی حالت خراب۔ لین دین میں ہوشیار رہیں دھوکہ مل سکتا ہے۔

برچھک: برہسپت کی گردش اور بارہویں سورج کی گردش کی وجہ سے ملا جلا اثر ہوگا۔ مالی حالات پہلے سے بہتر ہونگے۔ دھرم کرم میں دلچسپی، گھریلو سکھوں میں اضافہ۔ والدین کی مدد سے کام پورا ہوگا۔ صحت کا دھیان رکھیں

دھن: کاروبار بڑھانے کے لئے دوستوں اور رشتہ داروں کی مدد ملے گی۔ تنی کی گردش سے دماغی تناؤ اور کئی الجھنوں کا مقابلہ ہوگا۔ افسر طبقے سے کم ملاپ۔ سرکاری کاموں میں معاہدہ کرتے وقت خاص دھیان رکھیں۔

مکر: نوکری اور کاروبار میں ترقی کے لئے بڑے لوگوں کی مدد فائدہ مند ہوگی۔ خرچ بھی زیادہ۔ گھریلو ماحول کچھ پریشانی والا ہوگا۔ پارٹنر کے کام میں نقصان ہوگا۔ دھرم کرم کی اور دلچسپی بڑھے گی۔

کنبھ: کاروبار میں ترقی کے راہ ملیں گے۔ کچھ بگڑے کاموں میں سدھار ہوگا۔ بارہویں منگل ہونے سے دھن کا خرچ زیادہ اور باہری کاموں میں وقت زیادہ گزریگا۔ بدیشی سفر کی یوجنا بن سکتی ہے۔ صحت کچھ خراب رہے۔

مین: اس راشی پر سورج بدھ کی نظریں ہونے سے رکاوٹوں کے باوجود گزارے لائق آمدن ہوتی رہے گی۔ گھر میں تناؤ سے من بے چین۔ اولاد کی طرف سے کوئی خوشخبری مل سکتی ہے۔ فضول کا سفر پیش ہوگا

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلادیش بابت نومبر ۲۰۱۸ء



کنبھ راشی (Aquarius) گو، گے، گ، س، سی، سو، سے، دو

سارا سال سنیچر لابھ کے خانہ میں گردش کریگا۔ اس راشی پر سنیچر کی اپنی نظر بھی رہے۔ ۱۰ اکتوبر تک برہسپت کی شبھ نظر ہونے سے زیادہ دھن لابھ اور ترقی کے موقع ہوں۔ نئی قسم اور کاروبار میں کچھ پھیلاؤ۔ شبھ اور دھرم کرم کے کام ہوں۔ ۱۳ فروری سے ۱۳ مارچ تک اس راشی پر سورج کی گردش سے بنتے کاموں میں رکاوٹیں، آنکھوں میں تکلیف صحت خراب اور تناؤ کے حالات۔ ۱۸ اپریل سے ۵ ستمبر تک راشی کے مالک سنیچر وکری حالات میں گردش کرنے سے جدوجہد، بھاگ دوڑ ہوگی۔ ۱۷ اگست سے ۱۶ ستمبر کے درمیان اس راشی پر سورج، سنیچر کی نظر پڑنے سے کاروبار میں پریشانی۔ بھائیوں میں جھگڑا خرچ زیادہ۔ اس راشی طالب علم کے لئے یہ سال ۱۰ اکتوبر تک شبھ اور کامیاب ہوگا۔



مین راشی (Pisces) (دی، دو، تھ، دے، دو، چا، چی)

سال شروع سے ۱۰ اکتوبر تک راشی کا مالک برہسپت آٹھویں خانہ میں دھن راشی میں گردش سے پوشیدہ پریشانی۔ گھریلو اور کاروباری الجھنیں۔ ۷ مارچ سے ۲ مئی تک منگل کی چوتھی نظر سے کاروبار میں رکاوٹوں کے بعد کامیابی ہو۔ سوچی سکیموں میں کچھ کامیابی۔ شبھ کاموں پر خرچ۔ ۱۴ مارچ سے ۱۳ اپریل کے درمیان سورج کی گردش سے تناؤ اور الجھنیں ہوں۔ صحت ناسازگار، گھریلو خرچ زیادہ۔ ۲ مئی سے ۵ نومبر تک قسمت کا مالک منگل اُوچ راشی میں داخل ہو دھن خانہ کو اپنی نظر سے دیکھے گا۔ جس سے آمدن کے ذرائع میں اضافہ۔ بگڑے کام بنیں۔ ۱۱ اکتوبر سے آخر سال تک راشی کا مالک برہسپت قسمت خانہ میں گردش سے دھن لابھ اور طالب علم کو کامیابی، غیر ملک کا سفر

میکھ سورج کی اوچ نظر ہونے سے روزانہ کے کاموں میں ترقی۔ اچانک خرچ میں اضافہ۔ پارٹنر کے کام میں نقصان، دماغی تناؤ۔ منگل گیارہویں خانہ میں ہونے سے گھریلو کام جلدی نپٹانے کیلئے پریشانی رہے گی	**برکھ** تنی کی ڈھیہ کی وجہ سے گھر پریوار میں خوشگوار ماحول ہوتے ہوئے بھی کوئی نہ کوئی فکر رہے گی۔ منگل کی نظر ہونے سے غصہ زیادہ، اپنی مرضی سے کام کرنے کی عادت، چوٹ کا ڈر۔ مال جمع کرنے میں پریشانی	**متھن** چھٹے خانہ بدھ برہسپت کی گردش سے دھن لابھ اور ترقی کے موقع۔ پریوار میں من مٹاؤ۔ صحت خراب۔ بنتے کاموں میں رکاوٹ۔ دشمن سرگرم۔ آمدن کے مطابق خرچ کریں نہیں قرض لینا پڑ سکتا ہے	**کرک** کاروبار کی نظر سے عام طور سے شبھ رہیگا۔ برہسپت کی اوچ نظر سے کاروبار نوکری میں بہتری ہو۔ پریوار میں خوشگوار ماحول۔ اولاد کی کوئی پوشیدہ فکر ہو۔ شبھ کاموں میں دھن کا خرچ ہوگا۔
سنگھ تیسرے خانہ سورج شکر کے اثر سے گذارے لائق آمدن کے ذرائع ملتے رہیں گے۔ زمین یا سواری وغیرہ کی خرید فروخت کی یوجنا۔ بزرگوں کی مدد سے گھریلو الجھن کا حل نکلیگا۔ صحت خراب رہیگی۔ دھیان رکھیں۔	**کنیا** شکر وکری حالت میں ہونے سے ملا جلا اثر ہوگا۔ پارٹنر کے کاموں میں ٹھیک فائدہ نہیں۔ منگل کی نظر و تنی کی ڈھیہ سے گھریلو الجھنیں۔ پوشیدہ پریشانی سے ذہنی ربیگا۔ کسی نزدیکی سے دھوکہ ملے	**تلا** راشی کا مالک شکر وکری حالت میں ہونے سے پریوار میں نااتفاقی، پوشیدہ فکر۔ مخالف شک کی نگاہ رکھیں گے۔ آمدن کم خرچ زیادہ ہونگے۔ لین دین کے معاملوں جھگڑا ہوسکتا ہے۔ سفر بھی پیش ہو۔	**برچھک** کاروبار میں زیادہ محنت اور جدوجہد کے بعد ہی دھن حاصل ہوگا۔ بنتی رشتہ داروں سے مالی فائدہ۔ خرچ زیادہ۔ پارٹنر کے کاموں میں معمولی فائدہ۔ تنی سازہ ستی کی وجہ سے صحت خراب و چوٹ کا ڈر
دھن دھن لابھ معمولی رہیگا۔ خرچ زیادہ ہونے دماغی تناؤ غصہ زیادہ۔ کچھ سوچی یوجنا میں شبھ اشارے ہیں۔ تنی سازہ ستی کی وجہ سے صحت خراب۔ آنکھ میں تکلیف۔ جلد بازی میں کوئی کام غلط ہوسکتا۔	**مکر** گیارہویں خانہ برہسپت اور بدھ کا یوگ ہونے سے بنتے کاموں میں پارٹنر سے فائدہ ہوگا۔ تنی سازہ ستی کی وجہ سے زمین جائداد کا مسئلہ حل ہونے میں دیری ہوگی۔ دھرم کرم میں رجحان، اولاد سے خوشی ملے	**کنبھ** دماغی پریشانیاں بڑھیں گی۔ کاروبار میں مالی الجھنیں۔ کام میں رکاوٹ۔ تنی کی اپنے گھر نظر سے کوشش کرنے سے کسی خاص کام میں سدھار اور فائدہ کا موقع۔ اولاد میں اضافہ۔ پاک جگہ کا سفر بھی ہوسکتا ہے۔	**مین** اچانک مال حاصل اور امیدوں میں کامیابی کا یوگ۔ پریوار میں شبھ عمل کام بھی ہونگے۔ جگہ بدلاؤ کے بھی یوگ۔ پریوار میں کوئی شبھ اور دھارمک کام ہوسکتے ہیں۔ جلد بازی میں کئے کام سے نقصان

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلادیش بابت دسمبر ۲۰۱۸ء

میکھ کاروباری دائرے میں کام کرنے کے طریقے میں کچھ بدلاؤ کا وچار۔ بنتی رشتہ داروں سے فائدہ۔ کچھ بنتے کاموں میں رکاوٹ۔ کسی بڑے افسر کی مدد سے کامیابی۔ والدین سے نااتفاقی۔ سواری سکھ۔	**برکھ** آمدن و خرچ برابر۔ تنی کی ڈھیہ کی وجہ سے پارٹنر کے کاموں میں نقصان، دماغی تناؤ رہیگا۔ اپنی مرضی سے کام کرنے کی عادت نقصاندہ ہوگی۔ کاروبار میں اضافہ یا بدلاؤ کی یوجنا۔ کنبہ کے تعلقات بنانے کیلئے محنت کریں۔	**متھن** بدھ وکری ہونے سے آمدن کم خرچ زیادہ، بھاگ دوڑ زیادہ ہوگا۔ دوست و رشتہ داروں سے ملاقات۔ شبھ کام کے یوگ۔ تنی کی نظر ہونے سے غصہ زیادہ، من بے چین۔ چوٹ کا ڈر۔ صحت کا دھیان رکھیں۔	**کرک** اولاد سے متعلق کسی خاص کام میں کامیابی کے یوگ ہیں۔ کیریئر و کاروبار کے لئے کوئی خاص یوجنا بنے گی۔ پریوار میں شبھ کام ہوگا۔ عیش و آرام میں اضافہ۔ دھن کا لین دین کرتے وقت احتیاط برتیں۔
سنگھ ساتویں خانہ میں منگل پر تنی کی نظر ہونے سے بھائی، رشتہ داروں سے نااتفاقی، جسمانی تکلیف۔ برہسپت کی نظر ہونے سے حالات میں سدھار۔ پریوار میں خوشی کے موقع۔ صحت خراب شوہر بیوی میں تکرار۔	**کنیا** کاروباری الجھنیں۔ آمدن کم خرچ زیادہ ہوگا۔ منگل کی نظر ہونے سے پارٹنر کے کام میں نقصان، چوٹ کا ڈر۔ عیش و آرام پر دھن کا خرچ۔ جلد بازی میں لئے گئے فیصلہ پر نقصان ہو۔ نوکری میں ترقی ہوسکتی ہے	**تلا** راشی کا مالک شکر اسی راشی میں ہونے سے خوشی کے موقع ملے۔ خود پر بھروسہ کی کمی سے کام بگڑ سکتا ہے۔ گھریلو ماحول خوشگوار ہوگا۔ جنتی جائداد کو لیکر جھگڑا ہوسکتا ہے۔ اقتصادی معاملے میں بزرگوں سے صلاح لیں۔	**برچھک** کاروبار میں بدلاؤ یا جگہ بدلنے کا وچار بنے گا۔ نئے لوگوں کی مدد سے اچھے کام پورا ہو۔ تنی سازہ ستی کی وجہ سے غصہ اور چڑچڑاپن۔ لین دین میں دھوکہ ہوسکتا۔ سفر پیش۔ عزت میں اضافہ
دھن شروع میں سورج برہسپت بدھ کا یوگ بارہویں ہونے سے ملا جلا اثر۔ کسی کام میں دیری ہونے سے غصہ زیادہ۔ گھریلو الجھنیں اور دھن کا خرچ زیادہ۔ پیٹ و لیور میں خرابی۔ خاندانی جائداد میں الجھنیں ہو	**مکر** منگل دوسرے خانہ میں گردش کرنے سے بنتے کاموں میں رکاوٹ۔ آمدن کم خرچ زیادہ ہوگا۔ راہو کی حالت کی وجہ سے گھریلو الجھن۔ بیوی کی طرف سے کوئی خوشی ملے۔ آنکھوں میں تکلیف ہوسکتا ہے۔	**کنبھ** کاروبار کے دائرے میں کام کو طریقے سے آگے بڑھانے پر فائدہ اور ترقی ملے۔ مالی حالت آگے سے بہتر ہو۔ بنتی رشتہ داروں سے لابھ۔ سماج میں عزت بڑھیگا۔ لڑکی کا کام ہوگا۔ سفر کی پیش ہو۔	**مین** آمدن کی بجائے خرچ زیادہ ہوگا۔ عزت میں اضافہ۔ جوش سے کام کرنے پر کامیابی ملے گی۔ زیادہ غصے سے پریشانی۔ سواری وغیرہ پر دھن کا خرچ ہو۔ منگل بارہویں ہونے سے کنبہ میں نااتفاقی رہیگا۔

شبھ کاموں کے دیکھنے کے مہورت

دشاشول۔ سفر کو روانگی کے وقت اگر دشا شول ہو تو سفر نہ کریں۔ اگر ضروری ہی جانا ہو تو اتوار کو گھی۔ سوموار کو دودھ منگوار کو گڑ بدھ وار کو تل، ویروار کو دہی شکروار جو، سنیچر کو اڑد کھا کر جائیں۔

کال پاش۔ جس دشا میں کال کا نواس ہو اس سے مخالف دشا میں پاش رہتا ہے۔ رات کو کال کا نواس اُلٹا ہوتا ہے۔ کال کا دائیں اور پاش بائیں جانب ہونا شبھ ہوتا ہے۔

یوگنی۔ اگر یوگنی کا نواس بائیں یا پچھلی طرف ہو تو شبھ۔ دائیں اور سامنے ناشں۔ اگر ضروری ہو تو مشرق کو گڑ۔ مغرب کو چھوہارہ۔ شمال کو دہی اور جنوب کو دودھ پی کر سفر کریں۔

چندرماں۔ اگر جانے والی دشا میں چندرماں کا نواس سامنے یا داہنے ہو تو شبھ ہوتا ہے۔ اگر بائیں یا پیچھے ہو تو سفر نہ کریں۔ تفصیل ذیل کے نقشہ میں دیکھیں۔

نام ست	مشرق	شمال مشرق	شمال	شمال مغرب	مغرب	جنوب مغرب	جنوب	جنوب مشرق
دشاشول	سوموار، سنیچر	سنیچروار بدھ	منگوار بدھوار	بدھوار اتوار	شکروار اتوار	ویروار شکر	ویروار	ویروار سوموار
یوگنی	ایکم۔ نوی	اشٹمی اماوس	دوج۔ دمی	ستمی پورنماں	چھٹی چودش	چوتھ دوادشی	پنچمی ترودشی	تیج ایکادشی
کال چکر	سنیچروار	--	اتوار	سوموار	منگوار	بدھوار	ویروار	شکروار
پاش	منگوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار	ـ	اتوار	سوموار
چندر کا نواس	میکھ سنگھ دھن	--	کرک برچھک من	ـ	متھن تلا کنبھ	ـ	برکھ کنیا مکر	ـ

مہورت	شبھ تتھی	شبھ یوم	شبھ نچھتر	کیفیت
بچہ کا نام رکھنا	۲۔۳۔۵۔۷ ۱۰۔۱۱۔۱۳	سوموار۔ ویروار بدھ وار۔ شکروار	اشونی۔ روہنی۔ مرگشر پنربسو کھ۔ تینوں اترا ہست چترا۔ سواتی۔ جیشٹ۔ شرون۔ شت بھکا۔ ریوتی	لگن ستھر ہو۔ لگن سے ۱۔۴۔۵۔۷۔۹ ویں۔ ۱۰ ویں گھر میں شبھ گرہ۔ ۳۔۶۔۱۱ پاپ گرہ ہوں ۸۔۱۲ واں شدھ
منڈن کرنا	۲۔۳۔۵ ۱۰ اور ۱۱	سوموار۔ ویروار بدھوار۔ شکروار	اشونی۔ مرگشر۔ پنربس۔ پکھ۔ ہست۔ چترا۔ سواتی۔ جیشٹا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ شت بھا۔ ریوتی	جنم یا گربھ سے ۳۔۵۔۷ واں سال۔ کنیا کیلئے ۲۔۴۔۶ واں سال شبھ ہے۔ جنم نچھتر اور جنم کا مہینہ نہ ہو۔
جنیو پہننا (زنار بندی)	۲۔۳۔۵۔ ۶۔۱۰۔۱۱ اور ۱۲	اتوار۔ سوموار بدھ وار۔ ویروار شکروار	اشونی مرگشر۔ روہنی۔ آردرا۔ پنربس پکھ۔ اشلیکھا۔ مولا۔ تینوں اترا ہست۔ چترا سواتی۔ انورادھا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ شت بھکا۔ ریوتی۔	برہمن کو ۵۔۸۔۱۶ برس۔ کھتری کو ۱۶۔۱۰۔۲۲۔ ویش کو ۸۔۱۲۔۲۴ برس میں چیت۔ بساکھ۔ جیٹھ۔ ہاڑ۔ ماگھ۔ پھاگن مہینہ ہو۔ ۱۔۵۔۸ میں پاپ گرہ نہ ہو
نئی تعلیم حاصل کرنا	۲۔۳۔۵۔۶ ۱۰۔۱۱۔۱۲	اتوار۔ ویروار شکروار	اشونی۔ مرگشر۔ آردرا۔ پنربس۔ پکھ۔ اشلیکھا۔ تینوں اترا۔ ہست۔ چترا۔ سواتی۔ مولا۔ شرون دھنشٹا۔ شت بھکا	سورج اترائن ہو۔ بیساکھ۔ جیٹھ۔ ماگھ یا پھاگن کا مہینہ ہو۔ ۲۔۳۔۶۔۹ لگن ہو۔ آٹھواں گھر شدھ ہونا چاہیے۔
سگائی کرنا	۱۔۴۔۸۔۹ ۱۲۔۱۳۔۱۴ نہ ہو	اتوار۔ منگوار یا نچروار نہ ہو	کرتکا۔ روہنی۔ مرگشر۔ مگھا۔ تینوں پوربا اور اترا۔ ہست	سواتی۔ انورادھا۔ مولا۔ ریوتی۔ چوتھے اور آٹھویں میں چندرماں نہ ہو۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

مہورت	شبھ تتھی	شبھ یوم	شبھ نچھتر	کیفیت
نیا مکان بنانا	۲۔۳۔۵۔ ۷۔۱۰۔۱۱۔ ۱۲ اور ۱۳	منگوار اور اتوار نہ ہو	روہنی۔ مرگشر۔ پنربس۔ ہست۔ چترا۔ سواتی انورادھا۔ تینوں اترا اور پرانے مکان کیلئے ہست۔ اشونی۔ پکھ۔ مولا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ ہست۔ پکھ۔	بیساکھ۔ ساون۔ مگھر۔ ماگھ۔ پھاگن مہینہ ہو۔ بھادوں کارتک مدھم ہیں۔ زمین سوئی نہ ہو۔ پنچ بان نہ ہو۔ کیندر ترکون شدھ ہوں۔
نئے گھر میں داخلہ	۲۔۳۔۵۔۶ ۷۔۸۔۱۰۔۱۱ ۱۳ اور ۱۵	منگوار اور اتوار نہ ہو	روہنی۔ ریوتی۔ بیشاکھا۔ انورادھا۔ تینوں اترا۔ اور پرانے مکان کے لئے ہست۔ اشونی۔ پکھ۔ مولا شرون۔ دھنشٹا۔ ہست۔ پکھ۔	بیساکھ۔ جیٹھ۔ ماگھ۔ پھاگن کا مہینہ ہو۔ سورج اترائن لگن ستھر ہو۔ جنم لگن راشی سے ۸واں نہ ہو۔ سورج کے پچھتر ۵ خراب۔ ۸ عمدہ۔ ۷ خراب۔ ۶ عمدہ
زمین میں بیج بونا	۲۔۳۔۵ ۷۔۱۰۔۱۱ اور ۱۳	اتوار سنیچروار منگوار نہ ہو	اشونی۔ روہنی۔ مرگشر۔ پنربس۔ پکھ۔ مگھا۔ تینوں اترا۔ ہست۔ چترا۔ سواتی۔ انورادھا۔ دھنشٹا۔ مولا اور ریوتی	لگن ستھر ہو۔ چوتھے گھر میں شبھ وگرہ یا اکی درشٹی ہو۔ یا چوتھے گھر کا مالک اپنے گھر کو دیکھتا ہو۔
مندر بنوانا	۲۔۳۔۵۔۶ ۷۔۱۰۔۱۱۔ ۱۲۔۱۳ اور ۱۵	منگوار نہ ہونا چاہئے	اشونی۔ مرگشر۔ پنربس۔ پکھ۔ چترا۔ سواتی۔ انورادھا۔ ابھی جت۔ شرون۔ دھنشٹا۔ شت بھکا اور ریوتی شبھ نچھتر ہیں۔	پھاگن میں برہما اسوج میں وشنو۔ بھادوں اسوج۔ پوہ چیت۔ دیوی کا جیٹھ۔ بھادوں۔ پھاگن سب دیوتاؤں کے لئے شبھ ہے۔
سواری کرنا	۲۔۳۔۵ ۷۔۸۔۱۲ اور ۱۳	منگوار اور سنیچروار نہ ہو	بھرنی آردرا۔ اشلیکھا۔ مگھا۔ تینوں پوربا۔ مولا جیشٹا کو چھوڑ کر باقی نچھتر گھوڑ سواری یا کار وغیرہ سواری کے لئے شبھ ہیں۔	اشونی۔ روہنی۔ مرگشر۔ پنربس۔ تینوں اترا ہست۔ چترا سواتی۔ ہاتھ ا دوسری سواری کے لئے شبھ ہیں۔
بھی کھانا	۴۔۹ یا ۱۴ نہ ہو	منگوار یا سنیچروار نہ ہو	شرون۔ روہنی۔ مرگشر۔ پنربس۔ تینوں اترا۔ پکھ۔ ہست۔ جیشٹا۔	شرون انورادھا۔ ۸۔۱۲ ا پاپی گرہ نہ ہو اور ترکون میں شبھ گرہ۔
علاج کرنا	۴۔۸۔۹ ۱۰ نہ ہو	اتوار۔ منگوار سنیچروار نہ ہو	اشونی۔ پنربس۔ اترا پھالگنی۔ ہست۔ چترا۔ سواتی۔ انورادھا	مولا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ ہست۔ پکھ۔ ریوتی۔ چندرماں شبھ لگنیش اچھا ہو۔
مقدمہ دائر کرنا	۴۔۹ ۱۴ ہو	منگوار یا سنیچروار ہو	مگھا۔ مولا۔ ریوتی۔ جیشٹا۔ اشلیکھا اور آردرا شبھ ہیں۔	گورو چندرماں لگن میں ہو۔ دسویں شبھ اور چھٹے کرور گرہ ہو۔
کان بیندھنا	۴۔۹ اور ۱۴ نہ ہو	بدھ۔ ویروار شکر۔ سوموار	شرون۔ دھنشٹا۔ پنربس۔ مرگشر۔ ریوتی۔ چترا۔ انورادھا۔ ہست۔ اشونی اور پکھ	سم برس اور جنم تارا کو چھوڑ کر جنم سے ۶۔۷۔۸ ویں مہینے میں یا ۱۲ویں یا ۱۶ویں دن
بچہ کو باہر نکالنا	۲۔۵۔۷۔ ۱۰۔۱۱۔۱۳	سوموار۔ بدھوار ویر۔ شکروار اور اتوار	اشونی۔ مرگشر۔ پنربس۔ پکھ۔ ہست۔ انورادھا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ ریوتی	لگن ستھر ہو۔ لگن سے ۱۔۴۔۵۔۷۔۹ویں شبھ گرہ ہوں۔ ۸واں اور ۱۲واں شدھ ہو۔

گرہوں کی نظرات کا اثر !

سورج چندرماں اور منگل وغیرہ گرہ دائرۃ البروج میں حرکت کرتے ہوئے ایک دوسرے سے مختلف فاصلے بناتے ہیں کہ جن سے موافق و ناموافق شعاعیں نکل کر یا تو موافق اثر ڈالتی ہیں یا ایک دوسرے سے ٹکرا کر کائنات پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اس خاص فاصلوں کو نظرات کہتے ہیں۔ موجودہ سائنٹفک تحقیقات نے بھی یہ بات ظاہر کردی ہے کہ سورج اور چاند یا کسی کوکب کی شعاعیں جو مختلف زاویے سے انسان پر پڑتی ہیں۔ ان کے مختلف اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ مثلاً سورج ۹۰ درجہ کے زاویے پر ہو یعنی عین سر پر ہو تو وہ اپنی ناقابل برداشت شعاعوں سے انسان کو تکلیف میں مبتلا کر دیتا ہے۔ اصطلاح نجوم میں ۹۰ درجہ کو تربیع کہتے ہیں۔ جو نحس نظر ہوتی ہے۔

نظرات کس طرح بنے

(۱)۔ یہ تو آپ جانتے ہیں کہ دائرۃ البروج میں کل ۳۶۰ درجے ہیں۔ آپ اگر ان کو ۲-۴-۸ پر تقسیم کریں۔ تو ایک خاص فاصلہ یا حالت کا علم ہوگا۔ ان میں سے ۱۸۰ درجہ کو مقابلہ، ۹۰ درجہ کو تربیع اور ۴۵ درجہ کو ثمین کہیں گے۔ یہ نحس نظرات ہیں۔

(۲)۔ اگر ان ۳۶۰ درجات کو ۳-۶-۱۲ پر تقسیم کریں۔ تو ۱۲۰ درجہ کو تثلیث ۶۰ درجہ کو تسدیس اور ۳۰ درجہ کو تعشیر کہیں گے۔ یہ سعد نظرات ہوں گے۔

(۳)۔ جب دو کواکب ایک ہی برج میں ایک ہی درجہ اور دقیقہ پر آجائیں تو اسے قرآن کہتے ہیں۔ دئے گئے جدول میں سے تعشیر اور ثمین کو خاص وقت نہیں دی جاتی۔ صرف پانچ نظرات ہی کام میں لائے جاتے ہیں۔

اصلاحاتِ نظرات

قرآن۔ کواکب کے رشتوں اور تعلقات میں پہلا جزو قرآن کا ہے۔ قرآن ایک فیصلہ کن اثر رکھتا ہے اور کواکب اور بروج کی منسوبات کو قوی طریقے سے ظاہر کرتا ہے۔ دو کواکب کی مشترکہ خصوصیات ایک نیا اثر ظاہر کرتی ہیں۔ اور تیزی سے عطارد زہرہ کا قرآن ہو۔ تو دماغی حرکات کے ساتھ احساسات بھی ظاہر ہوں گی۔

مقابلہ۔ یہ نظر کامل دشمنی کی ہے نحس اکبر ہوتی ہے اور ہمیشہ بد تاثیر ظاہر کرتی ہے اور ان امور میں خرابی پیدا کرتی ہے۔ جن سے مقابلہ رکھنے والے کواکب متعلق ہوں۔ اس وقت دونوں کمال عداوت، مقابلہ اور جنگ و جدول کی تاثیر رکھتے ہیں۔ ان اوقات میں کوئی نیک کام سرانجام دیں گے۔ تو تکمیل نہ پائیگا۔ جو کواکب جس گھر میں واقع ہو کر جس گھر کو نظر مقابلہ سے دیکھتا ہے۔ وہ اس گھر کے منسوبات کو پریشانی، رنج اور نقصان پہنچاتا ہے۔

تربیع۔ یہ نظر نیم دشمنی کی ہے۔ نحس اصغر ہے اور بد ہے اس کی تاثیر بمقابلہ مقابلہ کے کم ہے اور اثر دیر میں ہوتا ہے۔ متعلقہ کواکب کے متعلقہ لوگوں میں ایسے اختلافات پیدا ہوں گے۔ جو ایک دوسرے کے نقصان کا باعث ہوں گے۔ اگر دشمن دوست بن چکا ہو۔ تو اس نظر کی تاثیر سے پھر دشمنی کا احتمال ہوگا۔ تربیع کے مفہوم کو ہم جنگل کی دھمکی قرار دے سکتے ہیں۔ اس وقت ہر کام دشواری اور مشقت سے ہوتا ہے۔ جو رنج و مشکلات کی دلیل ہے۔ یہ نظر ظاہری حالت میں درد اور مخالفت نہیں کرتی۔ لیکن اگر موقع مل جائے نقصان پہنچا دیتی ہے۔

تثلیث۔ یہ نظر کامل دوستی کی ہے اور سعد اکبر ہے اس کی تاثیر سے جن شخصوں کے درمیان کمال عداوت و دشمنی ہو ان سے موافق کام لیا جاسکتا ہے۔ دوستی اور محبت کی توقع کی جاسکتی ہے اور سعد امور انجام دئے جاسکتے ہیں۔ کوئی کوکب کسی گھر میں واقع ہو کر جس گھر کو سعد نظر سے دیکھتا ہے۔ وہ اس کو ترقی دیتا ہے اور اس کے منسوبات کو فائدہ پہنچاتا ہے۔

واستو دوش دور کرنے کے لئے مفید اپائے

(۱) شمال مشرق جانب میاں بیوی کے بھی سوتے سے بیمار ہونا کا اندیشہ رہتا ہے۔

(۲) ہمیشہ پورب یا دکھن جانب سر کر کے سونا چاہئے۔ اتر یا پچھم جانب سر کر کے سونے سے جسم میں مرض ہوتے ہیں۔ عمر کم ہوتی ہے۔

(۳) دن میں اتر کی جانب اور رات میں دکھن کی طرف منہ کر کے پیشاب پاخانہ کرنا چاہئے۔ دن پورب کی طرف اور رات میں پچھم کی جانب منہ کر کے پیشاب پاخانہ کرنے سے آدھا سیسی مرض ہوتا ہے۔

(۴) دن کے دوپہر اور تیسرے پہر اگر کسی درخت، مندر وغیرہ کی سایہ مکان پر پڑے تو پیچیدہ بیماریوں کا ڈر رہتا ہے۔

(۵) ایک دیوار سے ملے ہوئے دو مکان، سرنگ کی طرح گھر کے مالک کا نقصان کرنے والا ہوتا ہے۔

(۶) کسی راستہ اور گلی کا آخری مکان تکلیف دہ ہوتا ہے۔

(۷) چراغ (لیمپ وغیرہ) کا منہ پورب یا اتر کی طرف ہونا چاہئے۔

(۸) رسوئی گھر، باتھ روم، پوجا کی جگہ ایک دوسرے کے پاس نہ ہونا چاہئے۔

(۹) رسوئی گھر مین گیٹ کے سامنے نہیں ہونا چاہئے

(۱۰) گھر میں ٹوٹے ہوئے آئینہ، کھاٹ، فرنیچر وغیرہ۔ کوئی سامان ٹوٹے نہیں ہونا چاہئے

ناراض شخص کو خوش کرنے کا طریقہ

اگر کوئی شخص آپ سے ناراض ہے۔ اور تم اُس کے پاس جانا چاہتے ہو۔ تو گھر سے اُس طرف کا قدم پہلے باہر نکالو۔ جدھر کا سُر نہ چل رہا ہو۔ اور جب تم اُس کے پاس پہنچو تو اُس کو اُس طرف رکھو۔ جدھر کا سُر نہ چلتا ہو۔ اس کے بعد بات چیت چھیڑو ایسا کرنے سے اُس کی ناراضگی دُور ہو جائے گی۔

علاوہ بریں ایک متمدن جماعت میں رہ کر ہر شخص کو چھوٹے بڑے آدمیوں سے ملنے کا اتفاق ہوتا رہتا ہے اور بڑے آدمیوں کی خدمت میں شرف باریابی حاصل کرنے یا ان کے فیض و کرم سے مستفید ہونے کی خواہش قریب قریب ہر شخص کے دل میں ہوتی ہے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص اپنے مُرشد یا دوست۔ حاکم بالا۔ رُکن اعظم وزیر سلطنت یا بادشاہ کی خوشنودیٔ مزاج حاصل کرنا چاہتا ہو اور اگر وہ ان بڑے بڑے شخصوں سے مراعات و عنایات کا طالب ہو۔ تو مناسب ہے کہ ان سے ملاقات اُس وقت کی جاوے جب بایاں سُر چل رہا ہو۔ اور ملاقات کے دوران میں ان کو بائیں جانب رکھو اس کے بعد جس چیز کی ضرورت ہو۔ ظاہر ایسا کرنے سے سوال ہرگز رد نہ ہوگا۔ اور گوہر مقصود ہاتھ آجائے گا۔ اگر بایاں سُر چلنے کی حالت میں فتح کامیابی یا اور دوسرے نیک کاموں کے متعلق سوال کیا جائیگا تو اُس سے عمدہ نتائج ہوں گے اور کامیابی حاصل ہوگی۔

دُوسروں کو بس میں کرنے کا طریقہ

ایک بڑا آئینہ جس میں چہرے سے لے کر گردن تک تمام حصے دکھائی دے خرید لو۔ اس میں دیکھنا شروع کرو۔ عکس کی پتلی کو نظر کا مرکز بناؤ۔ اور یکسو ہو کر توجہ کرو۔ کہ تمہاری مقناطیسی آنکھوں سے نکلکر عکس کی پتلی کے ذریعہ سے اس کے دل و دماغ پر اثر کر رہی ہے اور وہ ابھی ابھی میرے قابو میں ہوا چاہتا ہے۔ ہر روز نصف گھنٹہ یہ عمل کرو۔ اگر پہلے دن مشکل ہو۔ تو آہستہ آہستہ تدریج بڑھاؤ۔ یعنی پہلے دن ۵ منٹ۔ دوسرے دن ۱۰ منٹ علی ہٰذا القیاس بڑھاتے جائیں یہاں تک کہ تم ایک یا دو گھنٹہ لگاتار بغیر آنکھ جھپکے دیکھ سکو۔ جب تمہاری آنکھوں میں اس قدر طاقت ہو جائے گی۔ کہ وہ ۵ منٹ تک جس کی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھو گے۔ وہ آپ کے سامنے نہ دیکھ سکے گا اور مطیع ہو جائیگا۔ اس کے آگے ہم آنکھ سے کام لینے کا جو طریقہ جو ہمارا معمول اور مجرب ہے۔ لکھتے ہیں۔ شائقین اس کو بہت مفید پاویں گے۔

آنکھوں کے استعمال کا طریقہ

کسی شخص کے نزدیک جاتے ہوئے ہمیشہ اُس کی طرف دیکھو چاہے اُس کی آنکھوں کو دیکھو آنکھوں کے درمیان ناک کی جڑ کو دیکھو۔ اگر تم دور سے اس کی طرف دیکھ رہے ہو۔ تو اپنی نظر نیچے اُوپر بھی کر سکتے ہو۔ لیکن اس وقت نہیں۔ جبکہ تم اسے اپنا حکم دے رہے ہو۔ جس کی تعمیل کرنے کیلئے تم مجبور ہو۔ اگر تم کو کسی سے بہت دیر تک بات چیت کرنا ہو تو درمیان میں چاہیے اِدھر اُدھر نہ دیکھ لیا کرو۔

لیکن جب تم اپنے مطلب پر پہنچو یا اپنی تقریر کے اُس مطلب پر پہنچو۔ جس کو تم موثر بنانا چاہتے ہو۔ تو بولتے وقت سیدھے اُس کی آنکھوں کی طرف یا ناک کی جڑ کی طرف دیکھو۔ گہری نظر اور ایک ٹک نظر سے دیکھنے کی مشق کرو۔ جھکنے اور چندھیانے والی آنکھوں سے کبھی کسی پر اثر نہیں پڑتا۔ گہری اور زوردار نظر سے دیکھو۔ لیکن اس نظر سے تم اُس وقت تک نہ دیکھ سکو گے۔ جب تک تمہاری مشق مکمل نہ ہو۔ اور ساری تمہاری وقت اداری بھی زبردست ہو۔ جب تم کسی سے کوئی بات منوانا چاہو۔ تو اپنی نظر کو مخاطب کی آنکھوں میں گاڑ دو۔ اور بالکل اِدھر اُدھر نہ رکھو۔ اپنے ارادہ کو مختصر۔ سادہ اور زوردار لفظوں میں اُس کی آنکھ سے آنکھ ملاتے ہوئے ذکر کرو۔ اور اپنے دل میں یہ خیال مضبوط رکھو۔ کہ تم اپنا اثر اس پر ضرور ڈال دو گے اور اس بات کا بھی یقین رکھو کہ تمہاری بات ضرور منظور کرے گا۔ بات چیت کے درمیان جس وقت تم اُس پر اپنا اثر ڈال رہے ہو۔ اور جہاں تک ممکن ہو سکے۔ اُس کو اِدھر اُدھر نہ دیکھنے دو۔ اگر وہ اِدھر اُدھر دیکھنے لگے گا۔ تو اُس کو تمہاری باتوں پر غور نہ کرنے کا موقعہ مل جاوے گا۔

جب تک وہ تمہاری طرف اور تم اُس کی طرف دیکھ رہے ہو۔ اور تمہاری آپس میں بات چیت ہو رہی ہے تو تمہاری باتوں پر اُس کو غور کرنے کا موقعہ بہت کم ملے گا۔ ورنہ وہ تمہاری باتوں کو نامنظور کر دے گا۔

بات چیت کے وقت خاص موقعہ پر کسی آدمی کا دھیان اپنی طرف پھرنے کی کئی ایک تجویز ہیں۔ مثلاً اگر تمہارا مخاطب اِدھر اُدھر دیکھنے لگے۔ تو ایک تدبیر یہ ہے۔ کہ تم بھی اِدھر اُدھر دیکھنے لگو۔ جب اِدھر اُدھر دیکھنے سے کا شیوہ اٹھانے کیلئے وہ پھر تمہاری طرف دیکھنے لگے۔ تو تم فوراً اُس کی طرف اپنی نگاہ پھیر دو۔ اس سے پہلے کہ وہ تمہاری طرف دیکھنے کی کوشش کرے۔ پورے طور پر ممکن ہے کہ تم اپنی بات میں کامیابی حاصل کرو۔

گوچر گرہوں کا سعد و نحس (شبھ و ناقص) اثرات

بھارتیہ جیوتش میں گرہوں کے پھلادیش کے متعلق مختلف طریقوں کا ذکر ملتا ہے۔ زیادہ تر جیوتش (نجومی) لوگ گرہوں کے متعلق اچھے یا بُرے اثرات کو جاننے کیلئے جنم کنڈلی میں اچھے اور ناقص گرہوں کی حالت (پوزیشن) کو دیکھ کر یا ان کی دشا انتر۔ دشاؤں کو دھیان میں رکھتے ہوئے کسی شخص کی زندگی کے متعلق پیشگوئی کرتے ہیں لیکن گرہوں کی نیک و بد حالت اور دشا۔ انتر دشاؤں کے علاوہ گوچر گرہوں کی حالت کو بھی خیال میں رکھ لیا جائے تو پھلادیش کے متعلق اور بھی بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

گوچر گرہ کے طریقہ سے قمر (چندر) کنڈلی کو مرکز کر کے کسی خاص گرہ کی موجودہ حال کی پوزیشن کے مطابق اس کا اچھا یا بُرا پھل (اثر) معلوم کیا جاتا ہے۔ اگر اپنی پیدائش کی راشی کا علم نہ ہو تو اپنی نام راشی کی بناء پر گوچر گرہوں کی گردش کا حال جان سکتے ہیں مگر اس سے گرہوں کے اثرات کی مقدار میں کچھ کمی بیشی ہو سکتی ہے۔ کچھ عالم لوگ جنم لگن سے بھی گوچر گرہوں کے اثرات کا اندازہ لگاتے ہیں۔ یہ بھی اپنے تجربہ کی بناء پر محسوس کیا جا سکتا ہے۔ ماہرین جیوتش نے چندرماں کی بناء پر بھی گرہوں کا گوچر پھل الگ الگ بیان کیا ہے۔ جیسے سنیچر اگر چندرماں سے ۳'۶ یا ۱۱ ویں استھان (خانہ) پر گردش کرے گا تو اس کا اچھا پھل ہوگا لیکن ۱'۲'۴'۵'۷'۸'۹'۱۰'۱۲ ویں استھان (مقام) پر گردش کرے تو اس کا اثر خراب ہوگا۔ کسی بھی خصوصی گرہ کی گوچر پوزیشن آپ ہماری موجودہ سال کی مفید عالم جنتری سے دریافت کر سکتے ہیں۔ ماہرین علم نجوم نے نو گرہوں کے گوچر اثرات کو الگ الگ بیان کیا ہے جو کہ اس طرح سے ہے۔

گرہ	چندرماں سے گوچر گرہوں کا اچھا اثر	گرہ	چندرماں سے گوچر گرہوں کا ناقص اثر
سورج	۳'۶'۱۰'۱۱ویں خانہ	سورج	۱'۲'۴'۵'۷'۸'۹'۱۲
چندر	۱'۳'۶'۷'۱۰'۱۱واں	چندر	۲'۴'۵'۸'۹اور ۱۲
منگل	۳'۶'۱۱واں استھان	منگل	۱'۲'۴'۵'۷'۸'۹'۱۰'۱۲
بدھ	۲'۴'۶'۸'۱۰'۱۱واں	بدھ	۱'۳'۵'۷'۹'۱۲واں
برہسپت	۲'۵'۷'۹'۱۱واں	برہسپت	۱'۳'۴'۶'۸'۱۰'۱۲
شکر	۱'۲'۳'۴'۵'۸'۹'۱۰'۱۱'۱۲	شکر	۶'۷اور ۱۰واں
سنیچر	۳'۶'۱۱واں	سنیچر	۱'۲'۴'۵'۷'۸'۹'۱۰'۱۲
راہو	۳'۶'۱۰'۱۱واں	راہو	۱'۲'۵'۷'۸'۹اور ۱۲
کیتو	۳'۶'۱۰'۱۱واں	کیتو	۱'۲'۵'۷'۸'۹'۱۲واں

عام طور پر سورج' منگل' راہو' سنیچر اور کیتو وغیرہ منحوس گرہ چندرماں سے گوچر وش ۱۔ ۲۔ ۳۔ ۵۔ ۷۔ ۸۔ ۹۔ ۱۰۔ ۱۱ اور ۱۲ ویں استھان (خانہ) پر دھن کا نقصان' بنتے کاموں میں اڑچنیں' جھگڑے فسادات' کلیش' بیماری و دشمن کا خوف' فضول خرچی' آمدن میں رکاوٹیں' بدنامی' گھریلو شکھوں میں کمی اور منصوبوں میں ناکامیابی حاصل ہوگی۔

سنیچر کی ساڑھ ستی اور ڈھیّہ کے اثرات بھی شنی کی گوچر چال کے زیر اثر میں آتے ہیں۔ سنیچر اور راہوں گوچر میں نحس حالت میں آنے سے کاروبار میں مالی نقصان اور گھریلوں اُلجھنیں' صحت میں خرابی وغیرہ اور منگل و کیتو' سورج وغیرہ گرہ۔ جھگڑے فسادات' حادثہ خون میں خرابی' عورت یا خاوند کے ساتھ اختلافات وغیرہ ناقص اثرات پیدا کرواتے ہیں۔ گوچر میں اگر گرہ ناقص اثرات دے رہا ہو تو اسی جنتری میں درج گرہوں کا اپائے اختیار کر کے راحت حاصل کر سکتے ہیں۔

گوچر گرہوں کا پھل (اثر) دینے کا وقت

سوئے طور پر سورج اگلی راشی میں داخل ہونے سے ۵ روز پہلے' منگل ۸ روز پہلے' بدھ اور شکر ۷ دن پہلے (مقیم راشی کے مطابق) اپنا اچھا یا بُرا اثر دینا شروع کرتے ہیں۔ چندرماں اگلی راشی میں داخلہ سے ۳ گھڑی پہلے' راہو اور کیتو ۳ مہینے پہلے اور برہسپت اگلی راشی میں داخل ہونے سے ۲ ماہ پہلے ہی اپنا اچھا یا بُرا اثر دینا شروع کر دیتے ہیں۔

گوچر گرہوں کے اثرات کے متعلق اور زیادہ تفصیل سے حال جاننے کے لئے ہماری شائع شدہ بڑی مکمل کتاب "جیوتش تو" ہندی میں منگوا سکتے ہیں۔ اس میں پھلادیش کے متعلق بہت سے سنہرے اصول دیے گئے ہیں۔

گھر بنانے میں واستو شاستر کے قاعدے

رسوئی گھر (Kitchan)۔ رسوئی گھر کے لئے پلاٹ کا آگے کون یعنی (پورب۔ دکن) کی دشا سب سے اچھی مانی جاتی ہے۔ رسوئی کے کمرہ میں بھی جو جو دکن پورب کا کونا ہو وہیں گیس کا سلینڈر یا چولہا یا سٹوو رکھنا چاہیے۔

اشنان گھر (Bath Room)۔ اشنان گھر کو مشرق (پورب) دشا میں بنانا چاہیے اور شوچ گھر (Latrine) کو دکن۔ پچھم (جنوب۔ مغرب) دشا میں بنانا چاہیے۔ لیکن آج کل جگہ کی کمی کی وجہ سے شوچ کی دشا کا خاص خیال نہیں رکھا جاتا ہے۔ اگر کسی وجہ شوچ گھر کسی دوسری دشا میں بنانا پڑے تو بھی شوچ والے کمرے میں شوچ کی جگہ دکن۔ پچھم دشا میں رکھنا ٹھیک ہوگا۔ اشنان گھر میں گیزر (پانی گرم والا) دکن۔ پورب دشا میں لگنا چاہیے۔ ڈائننگ کمرہ (Dinning)۔ کھانا اگر رسوئی میں نہ کیا جاوے تو اس کا بندوبست ڈرائنگ روم (Drawing Room) میں کیا جا سکتا ہے اس کے لئے ڈائننگ ٹیبل ڈرائنگ کمرہ کے دکن پورب میں رکھنا چاہیے۔

بیٹھک (ڈرائینگ کمرہ)۔ موجودہ وقت میں ڈرائنگ (Drawing) کی خاص اہمیت ہے۔ اس میں فرنیچر دکن اور پچھم کی دشاؤں میں رکھنا چاہیے۔ شمال اور مشرق (اتر۔ پورب) کی جانب کچھ کھلی جگہ چھوڑ دینی چاہیے۔

سونے کا کمرہ (Bed RooM)۔ گھر کے مالک کے سونے کا کمرہ دکن پچھم دشا میں ہونا چاہیے۔ پلنگ یا چارپائی کمرے میں اس طرح سے لگاؤ کہ آپ کا سرہانہ مشرق یا جنوب کی طرف ہے۔ پوجا کا کمرہ۔ اپنے گھر میں پوجا کی تعمیر۔ اتر پورب (شمال۔ مشرق) دشا میں رکھنی چاہیے اور پوجا یا عبادت کرتے وقت آپ کا منہ بھی پورب یا اتر دشا کی جانب ہونا چاہیے۔

گھر کا اہم دروازہ (Main Gate)۔ مضبوط' خوبصورت اور روشن ہونا چاہیے۔ اگر ہو سکے تو اس کی دشا اتر یا پورب دشا میں ہونی چاہیے۔ اگر ہو سکے تو اس کی دشا اتر یا پورب دشا ہونی چاہیے۔ اگر گھر دروازہ کے سامنے کوئی واستو کا دوش (نحس) ہو تو اس کے باہر سواستک کا نشان تلسی یا گلاب کے پودے لگا دیں۔

واستو دوش دور کرنے کے کچھ اپائے: اگر مکان میں واستو شاستر کے مطابق کوئی نحس (دوش) یا خرابی پائی جائے تو اس کے زیر اثر گھر کے مالک اور اس کے پریوار (جیسے بیوی اولاد، والدین وغیرہ) یا دھن دولت کے متعلق پریشانیاں رہتی ہیں۔ اس میں رہنے والوں کی صحت بھی ٹھیک نہیں رہتی۔ اس کے لئے ماہرین نے کچھ اپائے تجویز کئے ہیں۔

(۱) جب بھی پانی پیئے اپنا منہ مشرق یا شمال کی طرف رکھیں اور بھوجن کرتے وقت بھی اپنا منہ پورب یا اتر دشا کی طرف رکھیں۔ (۲) ہر طرح کی خوشحالی کیلئے اپنے گھر (اہم) دروازہ پر شری گنیش جی، سواستک یا اوم ۷۸۶ وغیرہ کے مبارک نشان بنوا کر لگا لیں۔ (۳) رسوئی گھر اگر غلط جگہ پر بن گیا ہو تو دکن۔ پورب دشا کے کونے میں ایک ہائی پاور کا بلب لگوا دیں جو کہ روز شام کے وقت جلتا رہے۔ (۴) گھر میں شری رام چرت مانس کے ۹ پاٹھ کروانے سے بھی واستو دوش دور ہو جاتے ہیں۔ (۵) گھر میں ۴۰ روز تک شری بھگوان کا کیرتن' شری گنیش استوتر' شری ہنومان چالیسہ یا شری درگا سپتشتی کا پاٹھ چلاتا ۴۰ روز تک کرتے رہنے سے بھی بہت سے واستو دوش دور ہو جاتے ہیں۔ قرآن شریف کی آیت مبارک کا پاٹھ عبادت کی جا سکتی ہے۔ (۶) گھر کے اہم دروازہ کے آس پاس شری تلسی کا پودا یا آم کیلا وغیرہ میٹھے پھلوں کے درخت لگائے جا سکتے ہیں۔ ودوانید تفصیل سے اپائے دیکھنے کے لئے ہماری شائع مفید عالم جنتری ہندی 2003 کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ ہندی میں واستو شاستر کے متعلق کتب بھی دستیاب ہوں گی۔ مصنف پنڈت چمن لال جوتشی۔ جالندھر۔ 8-00-1434

دس گورو صاحبان کی زندگی کے مختصر حالات

(۱) شری گورو نانک دیو جی:-



شری گورو نانک دیو جی کا جنم (اوتار) تلونڈی (ضلع شیخوپورہ) جو آجکل پاکستان میں ننکانہ صاحب کہلاتا ہے کارتک شدی پورنماشی کو بکری سمت ۱۵۲۶ء مطابق سن ۱۴۶۹ء عیسوی میں ہوا تھا۔ پتا کے پروہت پنڈت ہردیال نے ان کے پتا مہتا کالو کو شروع ہی میں بتا دیا تھا کہ بالک نانک دیو کی کنڈلی میں گرہوں کے مطابق وہ ایک سدھ اوتار پرکھ ہیں اور لوگ اس کو سچا بادشاہ اور مسیحا پیر تصور کریں گے۔

جنم کنڈلی شری گورو نانک دیو جی



شروع سے ہی شری گورو نانک دیوی جی کا روحانی باتوں کی طرف خاص رجحان تھا۔ دُنیاوی باتوں کی طرف دلچسپی نہ کے برابر تھی۔ کچھ بڑا ہونے پر جب انکے پتا نے اُن کو کچھ دولت دیکر بیوپار کیلئے بھیجا تو انہوں نے وہ دولت غریب سادھوؤں میں بانٹ دی اور سادھو سنتوں کے درمیان زیادہ وقت بتانے لگے۔ ۱۶ سال کی عمر میں ان کی شادی کردی گئی مگر ان کے روحانی رجحان میں کوئی کمی نہیں آئی۔ تھوڑا عرصہ نوکری کرنے کے بعد وہ فقیر بن کر اپنے شاگرد مردانہ کے ساتھ دور دراز کے سفر پر نکل گئے۔ اپنے فقیری سفر کے دوران انہوں نے خدا سے غلفت رہنے والے گمراہ لوگوں کو دھرم اور محبت کا پیغام دیا اور لوگوں کو بناوٹی زندگی اور ذات پات کے وہم سے اوپر اُٹھ کر آپسی بھائی چارے کا پیغام دیا۔ اسوج بدی دشمی ۷ ستمبر ۱۵۳۹ء کو کرتار پور (پاکستان) میں یہ مہان سنت جیوتی جیوت سما گئے۔ شری چند اور لکھمی داس ان کے دو لڑکے ہوئے۔

(۲) شری گورو انگد دیو جی

ان کا جنم مکتسر سے (تین کوس پورب کی جانب) گاؤں متے کی سرائے میں بیساکھ شدی یکم تتھی سن عیسوی ۳۱ مارچ سن ۱۵۰۴ء کو ہوا تھا۔ اِنکے والد صاحب کا نام پھیرو مل اور ماتا کا نام شریمتی دیا کور تھا۔ اور پیدائش متے کی سرائے فروز پور میں ہوئی تھی۔ یہ شری گورو نانک دیو جی کے دیدار (درشن) کرنے شری کرتار پور گئے اور وہاں پر ان کی سیوا اتنی لگن سے کی کہ شری گورو نانک دیو جی مہاراج نے گورپائی کی گدی ان کو بخش دی۔ شری گورو انگد دیو جی نے شری گورو نانک بانی کو گورمکھی زبان کی شکل دی۔ ان کے وقت میں بہت سے لوگ سکھ دھرم میں شامل ہو گئے۔ شری گورو امرداس جی کو گورو یائی دیکر چیت شدی چوتھ ۱۶۰۹ بکری سمت مطابق ۲۹ مارچ ۱۵۵۲ء کو جوتی جیوت سما گئے۔

(۳) گورو امرداس جی

ان کا جنم بیساکھ شدی چودش بکری ۱۵۳۶ء یعنی عیسوی ۵ مئی ۱۴۷۹ء کو گاؤں باسرے کے ضلع امرتسر میں ہوا تھا۔ اُن کے پتا کا نام بابا تیج بھان تھا۔ سورج ونشی راجہ دشرتھ کے لڑکے شری بھرت جی کے ونش سے مانے جاتے ہیں۔ شروع سے ہی ان کا رجحان فقیری کی طرف لگتا تھا۔ ۲۱ بار تیرتھ یاترا کے لئے گئے۔ سماج کے کھوکھلے رواجوں کو سدھارنے کی جانب خاص دھیان دیا۔ عورتوں میں رسم ستی کو بند کروا کے عورتوں کو دوبارہ شادی کرنے کی اجازت دی۔ گوئیند وال میں ایک بڑی باولی بنوائی۔ ۱۵۷۴ء میں شری گورو رام داس کو گرورو گدی دیکر بھادوں شدی پورنماشی یعنی یکم ستمبر ۱۵۷۴ء مطابق (۲) اسوج ۱۶۳۱ء بکری سمت کو جوتی جیوت سما گئے۔

(۴) چوتھی پاتشاہی گورو رام داس جی

کا جنم اُتار لاہور (پاکستان) چونا منڈی میں کارتک بدی دوج ۲۴ ستمبر ۱۵۳۴ء کو ہوا تھا۔ ان کے پتا شری ہرداس اور ماتا دیا کور دونوں پرماتما کے بھگت اور پروپکاری کی مورت تھے۔ لاہور میں اکبر بادشاہ نے ان سے ملاقات کرنے کے بعد ان کے علم سے خوش ہو کر اُن کو زمین دی جس پر انہوں نے ایک بڑا بھاری تالاب بنوا کر شری امرتسر کی بنیاد رکھی۔ بھادوں شدی تیج سن ۱۵۸۱ء یکم ستمبر کو اپنے پتر شری گورو ارجن دیو جی کو گورو یائی دے کر گوئیند وال جوتی جیوت سما گئے۔

(۵) پانچویں پاتشاہی گورو ارجن دیو جیؒ

ان کا جنم بیساکھ بدی سپتمی ۱۵ اپریل ۱۵۶۳ء کو گورو ئیند وال ضلع امرتسر میں گورو رام داس جی کے گھر میں ہوا تھا۔ گورو ارجن دیو جی سنسکرت اور فارسی زبان کے بڑے عالم تھے۔ ساتھ میں گورو مکھی زبان کے بھی بڑے ماہر

تھے۔ انہوں نے سکھ دھرم کی بنیاد رکھی اور گورو گرنتھ صاحب کی بچی اور پوتر بانی کا پرکاش کیا شری گرنتھ صاحب کی پرسدھ بانی سکھمنی صاحب' باون اکھری' بارہ ماہ وغیرہ رچنائیں ان کی وقت شاعری اور علم کی قابلیت کو ظاہر کرتی ہیں۔ انہوں نے ڈیرا صاحب اور ہرمندر صاحب کی تعمیر کا کام مکمل کر دلیا۔ ترنتارن اور کرتار پور شہریوں کی بنیاد رکھی۔ انکی بڑھتی ہوئی مقبولیت کو دیکھ کر ان کے مخالفوں نے وقت کے بادشاہ جہانگیر کے کان بھرنے شروع کر دیئے۔ اس طرح بادشاہ نے ان کو لاہور کے قلعہ میں قید کر دیا۔ انسانیت اور دھرم کے دشمن نے شدید ظلم کرنے کے بعد ۳۰ مئی ۱۶۰۶ء میں ان کو شہید کر دیا۔ ان کی شہادت کی یادگار میں میلہ جوڑ منایا جاتا ہے۔

(۶) چھٹی پاتشاہی گورو ہرگوبند صاحب

ان کے پتا شری گورو ارجن دیو اور ماتا کا نام شریمتی گنگا تھا۔ ان جنم ہاڑ بدی یکم سمت ۱۶۵۲ بکری مطابق ۱۹ جون ۱۵۹۵ء کو وڈالی صاحب ضلع امرتسر میں ہوا تھا۔ اپنے پتا کی شہادت کے بعد گورو گدی پر بیٹھے۔ اپنے پتا کا بدلہ لینے اور اس وقت کے ظالم حاکموں کو سبق سکھانے کیلئے فوج تیار کر کے بہت بار جنگ کی۔ جہانگیر نے ان کو گوالیار کے قلعہ میں قید کروا دیا۔ وہاں سے رہائی کے بعد انہوں نے صوبیدار پنجاب کو تین دفعہ شکست دی۔ چیت شدی پنچمی کے مطابق ۲ مارچ ۱۶۴۴ء میں وہ جوتی جیوت سمائے۔

(۷) ساتویں پاتشاہی گورو ہری رائے جی

یہ گورو ہرگوبند صاحب کے پوترے تھے۔ ان کے پتا کا نام بابا گوروتا جی تھے۔ ان کا جنم ۱۶ جنوری ۱۶۳۰ء (ماگھ شدی ترودشی) کو کیرت پور صاحب میں ہوا تھا۔ ان کی دارا شکوہ کے ساتھ بہت دوستی تھی۔ انہوں نے سکھ فوج کی طاقت میں بہت اضافہ کیا اور ظلم کے خلاف جدو جہد کرتے رہے یہ گورو ہری کرشن کو گورو گدی سنبھال کر کارتک بدی نومی (۶ اکتوبر ۱۶۶۱ء) کو کیرت پور صاحب میں جوتی جیوت سما گئے۔

(۸) گورو ہری کرشن صاحب

اُن کے پتا گورو ہری رائے اور ماتا کا نام بی بی سلکھنی تھا۔ ان کا جنم کیرت پور صاحب میں ساون بدی نومی (۷ جولائی ۱۶۵۶ء) کو ہوا تھا۔ یہ ایشور بھگتی پر بہت یقین رکھتے تھے۔ چیت شدی چودش (۳۰ مارچ ۱۶۶۴ء) کو دلی میں جوتی جیوت سمائے۔ انکی یاد میں بنگلہ صاحب دلی میں ہر سال میلہ منایا جاتا ہے۔

(۹) گورو تیغ بہادر صاحب

نویں پاتشاہی گورو تیغ بہادر جی کا جنم بیساکھ بدی پنچمی تتھی بکری ۱۶۷۸ء کو یعنی سن ۱۶۲۱ء شری امرتسر میں ہوا تھا۔ اُن کے پتا کا نام گورو ہری گوبند صاحب اور ماتا کا نام نانکی جی تھا۔ انہوں نے ہتھیار چلانے کی ٹریننگ اپنے والد صاحب سے لی۔ بچپن سے ہی شری تیغ بہادر دلیر اور دیانتدار تھے۔ چھوٹی عمر میں ہی انہوں نے اپنے پتا کے ساتھ مل کر مغلوں کے خلاف جنگ لڑی۔

کشمیری پنڈتوں کی فریاد پر وہ اپنی سکھ سنگت کے ساتھ دہلی روانہ ہوئے۔ اورنگزیب نے انہیں مسلمان بنانے کی ناکام کوشش کی۔ شاہی حکم کے مطابق اگھن مگھر شدی پنچمی تتھی (۱۵ نومبر ۱۶۷۵ء) کو دہلی کے چاندنی چوک میں شہید کر دیا گیا۔ اس طرح گوروؤں کی امر جیوت کو مسلسل قائم رکھتے ہوئے ہندو دھرم کی حفاظت کیلئے بے مثال قربانی دی۔

(۱۰) دشم پاتشاہی شری گورو گوبند سنگھ جی

ان کے پتا کا نام گورو تیغ بہادر اور ماتا کا نام گجری تھا۔ ان کا اوتار (جنم) پٹنہ صاحب میں پوہ شدی سپتمی تتھی بکری ۱۷۲۳ء (۲۲ دسمبر ۱۶۶۶ء کو ہوا تھا۔ بچپن میں ہی ان کو تیر کمان اور دوسرے ہتھیار چلانے کا بہت شوق تھا۔ جب ان کے پتا گورو تیغ بہادر کی شہادت ہوئی تو انہوں نے ہندو دھرم کی حفاظت کیلئے سن ۱۶۹۹ء میں یکم بیساکھ کو خالصہ پنتھ کی بنیاد رکھی اور ہر بچے سکھ کو کیس' کرپان' کنگھی' کڑا اور کچھا دھارن کرنا لازمی قرار دیا گیا اور تمباکو اور دیگر نشہ کی چیزوں کے استعمال کی مناہی کی۔ مغل فوج کو جنگ میں کئی بار شکست دی۔ ان کے چار صاحبزادوں میں دو بڑے صاحبزادے چمکور صاحب کی جنگ میں شہید ہوئے جبکہ دو چھوٹے صاحبزادوں کو سرہند میں دیوار میں زندہ چنوا دیا گیا۔ شری گورو گوبند سنگھ جی سچے دیش بھگت' سنت' سپاہی' بہادر اور انکھی یودھا تھے۔ اس کے ساتھ ہی وہ فارسی اور سنسکرت زبان کے بلند پایہ شاعر بھی تھے۔ ان کی کچھ چیدہ رچناؤں میں چنڈی دی وار' ظفر نامہ' بچتر ناٹک' جاپ صاحب اکال استوت مشہور ہیں۔ بکری ۱۷۶۵ء کارتک شدی پنچمی ۷ اکتوبر ۱۷۰۸ء کو ننددڑ حضور صاحب میں جوتی جیوت سما گئے۔

گم ہوئی چیز ملے گی ؟

گھر میں کاروبار میں اچانک کوئی قیمتی چیز گم ہو جائے تو اس کے متعلق چار قس کے نچھتر خیال کئے جاتے ہیں۔ (۱) اندھاکش (۲) سلوچن (۳) مدھم کش (۴) سندراکش

(۱) اندھاکش نچھتروں میں گم ہویا چوری ہوئی چیز مشرق دشا کی جانب گم ہوتی ہے۔ اور کشش کرنے پر جلد مل جاتی ہے۔

(۲) سلوچ نچھتروں میں گم ہوئی چیز شمال (North) دشا کی طرف ہو جاتی ہے۔ اس کا کچھ پتہ نہیں چلتا اور نہ ہی وہ کوشش کرنے پر حاصل ہوتی۔

(۳) مدھیہ کش نچھتر میں گم یعنی چوری چیز دکھن دشا کی طرف گم ہوتی ہے اور بہت کوشش کرنے کے بعد آخر مل جاتی ہے۔

نام نچھتر	جس نچھتر میں گم ہوئی ہے							ملے گی یا نہیں
اندھاکش	روہنی	پکھ	اتراپھا	دشاکھا	پوکھاڑہ	دھنیشٹھا	ریوتی	کوشش کرنے پر جلد ملے گی
سلوچن	کرتکا	پنربسو	پوپھاگنی	سواتی	مولا	شرون	اترابھا	نہیں ملے گی
مدھم کش	بھرنی	آردرا	مگھا	چترا	جیشٹھا	ابھیجت	پوربا بھادور	پتہ لگنے پر بھی ملنا مشکل ہے
سنداکش	اشونی	مرگشر	اشلیکھا	ہست	انورادا	اترا کھاڑہ	شتبھکا	بہت کوشش کرنے پر ملے گی

چوری کا مال کہاں پر ہے؟ مندرجہ بالا طریقہ کا چور کا نام کیا ہے میں ۲۸ کی تقسیم سے جو کچھ باقی بچے اس کو چار پر تقسیم کیجئے۔ اگر ایک باقی رہے تو مال بہت قریب ہے یعنی اس جگہ محلہ یا شہر میں ہے اگر ۲ باقی بچیں تو مال ایک جگہ سے منتقل ہو کر دوسری جگہ چلا گیا ہے۔ اگر کچھ بھی باقی نہ ہو تو مال دور جا چکا ہے۔ واللہ اعلم!

چور مرد ہے یا عورت۔ اسی خارج قسمت کو جو اعداد ہوں انہیں باقی القسمت سے ضرب دیکر ۹ پر تقسیم کریں اگر باقی القسمت عدد جفت ہو تو کسی عورت کی سازش سے چوری یا خود عورت چور ہے اگر اعداد طاق ہوں تو چور مرد ہے۔

چور کی عمر کیا ہے۔ مندرجہ بالا قاعدہ سے چور مرد ہے یا عورت سے جو اعداد تقسیم کے بعد باقی القسمت چار ۶،۵،۴ ہو تو چور نوجوان و طاقتور ہے۔ اور اگر باقی القسمت ۷، ۸، ۹، ہو تو چور سن رسیدہ ہے یعنی بوڑھا آدمی۔

فہرست ہائے مسلم اولیاء کرام درسال

نمبر	نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری
۱	حضرت مولانا سید احمد شاہ نقشبندی	لاہور	۳۰ ہجری
۲	حضرت بابا فرید الدین شکر گنج شکر	پاک پٹن	۵ محرم الحرام
۳	حضرت بو علی شاہ قلندر صاحب	پانی پت	۱۳ رمضان
۴	حضرت شاہ صیدر صاحب	غازی آباد	۲۴ رمضان
۵	حضرت بھورے میاں صاحب	رامپور	۱۴ محرم الحرام
۶	حضرت غوث الاعظم قدس اللہ سرہ العزیز	گوالیار	۲۰ محرم الحرام
۷	حضرت شیخ عبداللہ صاحب	بغداد	۱۱ ربیع الاول
۸	خوجہ شمس الدین صاحب	سیالکوٹ	۱۳-۱۵ صفر
۹	خواجہ نظام الدین اولیا	دہلی	۱۷ ربیع الاول
۱۰	عرس داتا میاں (محمد علی عدآم)	بریلی	۱۴ ربیع الاول
۱۱	خواجہ معین الدین چشتی	اجمیر	۶-۸ رجب
۱۲	خواجہ امیر خسرو	دہلی	۱۷-۱۸ شوال
۱۳	خواجہ نصر الدین چراغ دہلوی	دہلی	۱۸ رمضان
۱۴	خواجہ قطب الدین بختیار کاکی	دہلی	۱-۱۴ رمضان
۱۵	حضرت شیخ مجدد الف ثانی	سرہند	۲۷ تا ۲۹ صفر
۱۶	سائی حبیب اللہ صاحب نقشبندی	فیروز پور کنٹ	۱۹ تا ۲۰ ذیقعد
۱۷	مخدوم شاہ مینا صاحب	لکھنؤ	۲۲ صفر
۱۸	پیر عظمت علی شاہ صاحب	دیوبند	۵ تا ۸ شوال
۱۹	مولانا فضل الرحمن صاحب	مراد آباد	۱۴ رمضان
۲۰	پیری حیدر علی شاہ صاحب	جلال پور	۵-۷ جمادالثانی

شراب اخلاق کی دشمن

پروفیسر بیر دفن نے لکھا ہے شراب انسان کے اخلاق کے ساتھ وہی کام کرتی جو آگ مٹی کے تیل کے ساتھ۔ وہ تمام محاسن کو رفتہ رفتہ جلا کر انسان کو تباہ کر دیتی ہے۔ آدمی خوف خدا، قوانین مذہب اور آئین کا حکومت کسی کے پاس نہیں رہتا۔ آدمی نشے کی حالت میں ہر طرح کے جرائم کا مرتکب ہو سکتا ہے۔ شراب برائی اور بھلائی کا امتیاز مٹا کر آدمی کے اخلاق کو کمزور کر دیتی ہے۔

علم التعویذات

عملیات نقش تعویذات!!

عملیات نقش اور تعویذات کا اثر وقت کے سعد و نحس ہونے اور تاثیرات حروف کے سعد و نحس دیکھنے میں بہت اثر رکھتا ہے۔ عمل پڑھتے وقت یا تعویذ لکھنے کے وقت اس امر کا خیال رکھ لینا چاہئے کہ جو عمل شروع کیا جائے۔ اس میں پہلے ان قاعدوں پر عمل رکھے۔ اس کے بعد اس کا عمل کرے۔ کیونکہ عملیات نقش اور تعویذات میں ساوات و مزدوج اور ترکیب نوشت و خواند کو عجیب تاثیر حاصل ہے۔ جو عمل اور تعویذ وغیرہ اوقات معینہ پر ترکیب میں کسی طرح کا فتور یا بے اعتدالی پائی جائے تو اس کے اثر میں ضرور نقص ہو جاتا ہے۔ جس طرح دوائیوں میں ترکیب کو دخل ہے۔ اسی طرح سے ہر ایک عمل میں سعادت و نحوست کا دارومدار قدرت نے گردش کواکب و مزدوج نظرات و ترکیب نوشت و خواند پر قائم کر رکھا ہے۔ جس کی تاثیرات وقت کو دیکھ کر اسی کے عامل اپنے مقصد میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

ترکیب نقش اور تعویذات

جب کوئی نقش یا تعویذ لکھنا ہو تو لکھنے کے وقت ساعت مذکور میں عطارد یعنی بدھ کی ساعت میں اس کے لئے قلم بنانا مفید ہے اور زحل یعنی سنیچر کی ساعت میں دشمن اور مقدمہ کے واسطے اور قمر یعنی چندرماں کی ساعت میں تسخیر دوستی و ترقی دولت و رزق کے لئے قلم بنا کر لکھنا بہت مفید ہوتا ہے۔ نقش آبی کو سیاہی سے لکھنا چاہئے نقش آتشی کو کھمم کیل کا فور اور نیلے رنگ کی سیاہی سے بند کرنا چاہئے نقش خاکی اشٹ گندھ سے لکھنا چاہئے۔ اور بادی کو سرخ صندل سے لکھنا مفید اور زود تاثیر ہوتا ہے۔

اشٹ گندھ :- سفید چندن۔ لال چندن۔ مشک کافور۔ کیسر۔ اگر۔ عود گر اور کستوری اور خس یہ چیزیں ملا کر تعویذ لکھنا بہت مفید ہوتا ہے۔

ترقی اور بلندی مراتب

اس نقش کی تاثیر سے عامل تمام سال دنیاوی مشکلات سے محفوظ ہو کر کاروبار میں ترقی اور ہر کام میں فائدہ اٹھائیگا۔ اس کو اشٹ گندھ سے بھوج پتر پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

۱	۳۱	۱۱	۸
۱۲	۷	۳	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

قرض سے نجات ہو

اس نقش کو چاند کے پکش کے شروع میں منگلوار یا اتوار کے دن لکھ کر اپنے پاس رکھیں اس نقش کے رکھنے سے روزگار میں ترقی ہوگی اور قرض ادا ہو جائیگا۔

۷۹۵	۵	۳۹	۶۶۳
۳۷	۶۷	۸۹	۶۵
	۸۷	۶۶	۴۵

فتح اور مرتبہ بلندی کے لئے

جب کوئی مقدمہ۔ یا کسی دشمن سے تکرار رہتا ہو تو اس نقش کو اشٹ گندھ سے بروز منگلوار لکھ کر گلے میں ڈال لیویں کامیابی ہوگی۔

۵	۴	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۴	۵	۳	۸

مفید اور کار آمد جنتر

سنتان کے لئے

جب کسی کے ہاں لڑکا نہ ہوتا ہو یا سنتان ہو کر گذر جاتی ہو تو اس نقش کو لال چندن سے لکھ کر حاملہ کی کمر کے ساتھ باندھ دیں۔ مراد پوری ہوگی۔

۸۱۲	۸۱۵	۸۱۸	۸۰۵
۸۱۰	۸۰۶	۸۱۱	۸۱۶
۸۰۷	۸۲۰	۸۱۳	۸۱۰
۸۱۴	۸۰۹	۸۰۸	۸۱۹

راج دربار میں عزت ہووے

۵۶	۶۲	۲	۸
۶	۳	۶۰	۵۹
۶۲	۵۷	۸	۱
۳	۵	۵۸	۶۱

پردیسی کی واپسی کا جنتر

۶۴	۶۹	۲	۶
۶	۳	۶۸	۶۵
۶۸	۶۳	۸	۱
۴	۵	۶۴	۶۷

سرب سدھی جنتر

۸۱	۹۲	۲	۸
۷	۳	۸۵	۸۴
۸۷	۸۴	۹	۱
۴	۶	۸۴	۸۷

ڈر دور کرنے کا جنتر

۳۱	۲۸	۲	۸
۷	۳	۳۵	۳۴
۳۷	۳۷	۴	۱
۴	۶	۳۳	۳۶

نظر نہ لگنے کا جنتر

۷۲	۸۱	۳۳	۳۲
۹۸	۸۲	۹	۱۱
۲۵	۳۷	۴۹	۵۰
۳۵	۲۷	۹	۱

بلوان ہونے کا جنتر

۷۲	۷۹	۲	۸
۷	۳	۶۲	۷۵
۷۰	۷۳	۹	۱
۴	۶	۷۴	۷۷

بیڑا پار ہونے کا جنتر

۶۵	۷۲	۲	۷
۶	۳	۶۹	۶۸
۷۲	۶۶	۸	۱
۴	۵	۷۸	۶۷

سب کارج پورے ہوں

۸	۱۵	۲	۸
۷	۳	۱۱	۱۰
۱۳	۹	۹	۱
۴	۶	۹	۱۲

گھر بھر رکھنا جنتر

۲۴۲	۲۴۱	۲۴۰	۲۳۹
۲۲۸	۲۳۷	۲۳۶	۲۳۵
۲۳۴	۲۳۳	۲۳۲	۲۳۱
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

گمشدہ کا پتہ معلوم کرنا

ایک گھڑا جس پر کوئی کالا داغ نہ ہو لے کر اس کے اوپر اور بیچ میں نیچے لکھا ہوا منتر لکھ دیں۔ پھر منتر لکھ دو پھر منتر کو کاغذ پر لکھ کر گھڑے میں ڈال دو۔ اور ساتھ ہی چار پیسے تانبے کے ڈال دیویں۔ گھڑے کو ڈھکنا دیکر بائیں طرف گھمائیں۔ اور ساتھ یہ منتر پڑھیں۔

ایک	ہریگ	کلینگ
ڑا	منڈ	چ
بے	دی	چھے

گمشدہ ہوئے شخص کا نام

"اوم۔ ایک۔ ہریگ۔ کلینگ۔ چ۔ منڈا ایی دے ہے۔ گھڑے کو سات بار گھما کر گھڑے کو علیحدہ رکھ دو۔ سات دن تک ایسا کرنے سے وہ آدمی واپس آجائے گا۔ یا چٹھی آجائیگی۔ گمشدہ کا نام نیچے لکھیں۔ اس منتر کو سفید کاغذ پر لکھ کر چرخے کے ساتھ الٹا بھی گھما سکتے ہیں۔

برہم منتر :- اوم تھ پد کم۔ برہم یہ منتر سب منتروں سے سریشٹ ہے اور یہ سا کھشات دھرم ارتھ کام اور موکش کا دینے والا ہے اور سن کی کامنائیں پورن ہوتی ہیں۔

نوٹ :- جنتروں کے متعلق زیادہ جانکاری کے لئے ہمارے ہاں سے جنتر شکتی کے نام کی کتاب منگوا سکتے ہیں۔ جنرل بک ڈپو جالندھر۔

فہرست عرس مبارک مسلم اولیاء کرام

نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری	نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری
قلندر صاحب	حیدر آباد	۱۱ر محرم	حضرت امام صاحب	سیالکوٹ	۷ر ربیع الثانی
بھورے میاں	رامپور	۴ "	شاہ دولہا دریا	گجرات	۱۹ "
بابا فرید الدین گنج شکر	پاک پتن	۵ "	نظام الدین	دلی	۱۵-۱۷ "
شیخ عبداللہ صاحب	گوالیار	۲۰ "	حضرت نیاز احمد	بریلی	۱۹ "
بابا پھول شاہ	اجمیر	۲۵ "	شمس الدین	پانی پت	۱۹ "
شاہ ولی اللہ	دلی	۲۵ "	حبیب اللہ شاہ نقشبندی	فیروزپور	۱۹-۳۰ "
شاہ لعل	رامپور	۱-۴ صفر	مولانا ثناء اللہ	پانی پت	یکم رجب
غوث پاک	راولپنڈی	۱۳ "	خواجہ معین الدین چشتی	اجمیر	۶-۱۱ "
خواجہ شمس الدین	سیالکوٹ	۱۳-۱۵ "	میاں بادشاہ	لاہور	۸ "
عبدالرحیم	دلی	۱۳ "	عبدالحکیم	لاہور	۱۲ "
میاں کالے	دلی	۱۴ "	خواجہ شمس الدین	احسان آباد	۱۶ "
سرمد اللہ	لکھنؤ	۱۴ "	شاہجہاں بادشاہ	آگرہ	۱۶ "
داتا گنج بخش	لاہور	۲۰ "	خواجہ ناصر الدین	دلی	۲ شعبان
شاہ مینا	لکھنؤ	۲۲ "	فضل علی	علی گڑھ	۱۱ "
علی شاہ	دلی	۲۲ "	مولانا باپولی	لکھنؤ	۲۲ "
محمد ابوالحسن	حیدر آباد	۲۴ "	مولانا انوار الحق	لکھنؤ	۲۶ "
مخدوم شاہ علی	کانپور	۲۸ "	اکبر بادشاہ	آگرہ	۲۷ "
شیخ احمد صاحب	سرہند	۲۸ "	بندگی شاہ	سکندر آباد	۲۹ "
صادق شاہ	کانپور	۲۸ "	بو علی شاہ قلندر	پانی پت	۱۳ رمضان
شیخ مجدد الف ثانی	سرہند	۲۷-۲۹ "	سید محمد غوث	گوالیار	۱۴ "
محمد کامل	جلال پور	۱۳ ربیع الاول	نصیر الدین چراغ	دلی	۱۵-۱۷ "
میاں شیر محمد	شرقپور	۲ "	پیر شاہ ولایت	دیوبند	۲۱ "
برونق بخش	اورنگ آباد	۶ "	مولانا فضل الرحمن	مراد آباد	۱۳ "
میاں میر	لاہور	۷ "	میاں وڈے شاہ	لاہور	۵ شوال
قدم شریف	آگرہ	۱۱ "	شاہ عبدالعزیز	دلی	۷ "
مخدوم علاؤالدین صابر	کلیر	۳-۸ "	پیر عظمت علی شاہ	دیوبند	۵-۸ "
شاہ محمد غوث	لاہور	۲۶ "	شاہ احمد سرور	مراد آباد	۸ "
شاہ ابوالمعالی	لاہور	۱۷ "	شہید ثالث	آگرہ	۱۲ "
قطب الدین بختیار	مہرولی دلی	۱۸ "	شاہ مادھو لال حسین	لاہور	۱۸ "
خواجہ نظام الدین اولیاء	دلی	۱۷ "	خواجہ امیر خسرو	دلی	۱۷-۱۸ "
شاہ لعل	لاہور	۱۳ ربیع الثانی	کریم اللہ شاہ	بمبئی	۸ ذیقعدہ
حافظ علی	مراد آباد	۳ "	میاں عالم شریف	بمبئی	۱۲ "
حبیب اللہ شاہ	فیروزپور	۲۹-۳۰ "	شاہ نظام	اورنگ آباد	۱۲ "
نظام الدین	دلی	۲۶ "	حضرت عبدالخالق	بہاولپور	۲۸ "
شاہ دولہ دریائی	گجرات	۱۹ "	حاجی اوسیا	کشمیر	۱۷ ذوالحجہ
صوفی محمد امام	ٹنڈہ سکھیڑ	۲۳ "	خلیفہ محمد رمضان	لاہور	۲۲ "
چشتی صاحب	رامپور	۲۶ "			تاریخ عیسوی
حضرت سید صاحب	کوہاٹ	۲۶-۲۷ "	عرس نیاز احمد شاہ	کرتارپور	۲۸ جون
بابا بابا کرداس	لاہور	۶ جمادی الثانی	عرس نیاز دو شاہ	کرتارپور	۱۷ اکتوبر
مولانا فخر الدین	دلی	۷ "	عرس امام ناصر	جالندھر	۱۳ ستمبر
محمد علی شاہ	لکھنؤ	۹ "	عرس میاں دولہا	پھلور	[illegible]

مسلم تیوہار کب و کیوں منائے جاتے ہیں

تیوہار	تاریخ	
محرم الحرام	۱۰ محرم	اس دن امام حسین شہید ہوئے۔ انکی یاد میں یہ دن مناتے ہیں
چہلم شہید کربلا	۱۹ صفر	محرم سے ۴۰ ویں دن کربلا میں جا کر شوک مناتے ہیں۔
آخری چہار شنبہ	صفر کے آخری بدھ	اس دن حضرت محمدؐ بیماری سے صحتیاب ہوئے اور غسل کے بعد فوت ہو گئے
عید میلاد النبی	۱۲ ربیع الاول	اس دن حضرت محمدؐ صاحب پیدا ہوئے۔
بارہ وفات	"	اس دن حضرت محمدؐ صاحب نے دنیا سے رخصت فرمائی
گیارہویں شریف	۱۱ ربیع الثانی	اس دن سید غوث اعظم وفات پائے۔ غریبوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے
شب معراج	۲۶ رجب	اس دن حضرت محمدؐ اللہ تعالیٰ سے عرش معلیٰ پر ملاقات کی۔
شب برات	۱۴ شعبان	سال بھر کے اچھے کاموں کا گوشوارہ بنتا ہے جہاں کسی کی قسمت
جمعۃ الوداع	رمضان	رمضان کے آخری جمعہ کو مسلمان اکٹھے ہو کر نماز ادا کرتے
عید الفطر	یکم شوال	رمضان کے روزے ختم ہونے پر یکم شوال کو عید مناتے ہیں
عید الضحیٰ	۱۰ ذوالحجہ	حضرت ابراہیم نے حکم خدا اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل کی قربانی کی
روزے	تمام رمضان	اس مہینے قرآن حضرت محمدؐ پر نازل ہوا۔ یہ مقدس مہینہ ہے

قومی میلے اور عرس جموں و کشمیر

حاجی محمد مراد بخاری	۱۷ر ذوالحجہ	میر سرک صاحب اندرابی	۵ "
حضرت مولانا نعیم الدین	۱۸ "	امام موسیٰ علی رضا	۹ "
حضرت شیخ شہاب الدین	۱ر محرم	خواجہ نجم الدین احمد کبریٰ	۱۷ "
میر حیدر لاری تولہ مولا	۸ر "	شیخ مخدوم کشمیری	۲۴ "
یوم عاشورہ	۱۰ر "	مولانا احمد رضا خاں	۲۵ "
بابا نصیب الدین غازی	۱۲ر "	عرس حضرت کاکا	۲۹ "
سید محمد عالی بکھر پورہ	۱۲-۱۶ "	شاہ ہمدان کاشمیری	۶ر ربیع الاول
امام زین العابدین رو	۱۸ "	شیخ عبدالقادر جیلانی	۱۱ "
میاں شاہ صاحب قادری	۱۵ "	عید میلاد النبیؐ	۱۲ "
شیخ قمر الدین شیر گڑھی	۲۴ "	میر محمد ہمدانی	۱۷ "
حضرت مخدوم اشرف	۲۸ "	شاہ نعمت اللہ قادری	۲۶ "
شیخ بابا داؤد خاکی رو	۲ر صفر	وفات سید مظفر شاہ	۱۰ جمادی الاول

گرہوں کی ناقص اثرات سے راحت حاصل کرنے کے اُپائے

سبھی گرہ انسانی زندگی پر اپنا اچھا بُرا اثر کرتے ہیں۔ جیوتش شاستر میں گرہوں کے ناقص (بُرے) اثرات کے دُور کرنے کے لئے بہت طرح کے مزید اُپائے (طریقہ) بتائے گئے ہیں۔ جنکو اپنا کر کے اپنے مقدر سے پریشان کوئی بھی شخص راحت حاصل کرسکتا ہے۔

از پنڈت پنالال جیوتشی

۱۔ سورج (شمس)۔ جنم زائچہ میں سورج خراب حالت میں پڑا ہو یا راہو، سنیچر وغیرہ دشمن گرہ کی نظر میں ہو تو سورج کے بیج منتر کا سات ہزار سے لے کر سوا لاکھ کی تعداد میں جاپ کرنا چاہیے۔ جپ کا آغاز شکل پکھ (شدی) کے اتوار یا سورج سنکشتی، روی یوگ، روی پکھ، روی پشر بسو یوگ میں کرنا زیادہ فائدہ مند ہوتا ہے۔ جپ کے واسطے رودراکش کی مالا اچھی ہوتی ہے۔ تلسی کی مالا کا بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ پاٹھ کے بعد کل جاپ کا دسواں حصہ کا ہون کرنے سے پاٹھ خاص پُر اثر ہو جاتا ہے۔

پاٹھ کے بعد روزانہ سورج کو ارگھیہ دینا اور گایتری منتر کا جاپ کرنا مفید ہوتا ہے۔ پاٹھ اور ہون کے بعد سورج کے متعلق چیزوں کا دان باحیثیت کسی براہمن کو دینا چاہیے۔

سورج کا بیج منتر۔ اوم ہرام، ہریم، ہروم سہ سوریائے نمہ

ॐ ह्रां ह्रीं ह्रौं सः सूर्याय नमः

سورج ارگھیہ کے لئے چھوٹا بیج منتر۔ اوم گھرنی سوریائے نمہ

ॐ घृणिः सूर्याय नमः ।।

اسکے علاوہ اتوار کو برت رکھنا۔ مانک (سورج منی) پتھر سونے کی انگوٹھی میں شبھ مہورت میں دھارن کرنا۔ تانبہ یا بھوج پتر پر سورج جنتر دھارن کرنا اور پھر بعد میں اپنی حیثیت کے مطابق ضرورتمندوں کو دان کرنے سے سورج کے بُرے اثر سے راحت حاصل ہوتی ہے۔

سورج کے دان کے متعلقہ اشیاء۔ گندم، گڑ، لال کپڑا، گھی، بچھڑے والی لال یا پیلے رنگ کی گائے۔ تانبہ یا سونے کا برتن، کیسر، لال پھول، لال چندن، مانک وغیرہ لال رنگ کی چیزوں کا دان کرنا مبارک ہوتا ہے۔ سورج کے جاپ سے روحانی طاقت، پیچیدہ بیماری سے راحت، صحت، جسمانی طاقت اور سیاسی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

۲۔ چندرماں (قمر)۔ پیدائش زائچہ میں چندرماں ۴، ۶، ۸ یا ۱۲ اویں خانہ میں ہو تو چندرماں بُرا اثر والا مانا جاتا ہے۔ اسکے بیج منتر کے جپ کی تعداد کم از کم ۱۱ ہزار ہونی چاہیے۔ جپ کے بعد کل پاٹھ دسویں حصہ کا ہون پلاش کی لکڑی سے کرنا چاہیے۔ جپ کا آغاز شکل پکھ (شدی) کے سوموار یا پورنماشی سے کرنا مفید گر ہوتا ہے۔

جپ کے لئے بیج منتر۔ اوم شرام شریم شروم سہ چندر مسے نمہ

ॐ श्रां श्रीं श्रौं सः चन्द्रमसे नमः ।।

چندرماں کا ارگھیہ منتر۔ اوم سوم سومائے نمہ

ॐ सों सोमाय नमः

منتر جاپ کے علاوہ چندرماں کے بُرا اثر سے راحت کے لئے چاندی کی انگوٹھی میں سفید موتی یا چندر کانت منی دھارن کرنا، سوموار یا پورنماشی کا برت رکھنا، جڑی بوٹی دھارن کرنا، چندرماں کا جنتر چاندی کے پترے پر کھدوا کر باترکیب دھارن کرنا، شیوجی کی پوجا کرنا بھی نہایت مفید ہوتا ہے۔

دان کی اشیاء۔ چاول، چینی، سفید چندن، شنکھ، کپور، دہی، دودھ، کھیر، گھی، سفید کپڑا، چاندی، کانسے کا برتن، چاندی کے ورق لگی برفی، سفید گائے، سفید موتی وغیرہ۔

چندرماں اگر شبھ ہو تو دل دماغ، عورت م ماتا اور دھن دولت کے لئے فائدہ ہوتا ہے۔

۳۔ منگل گرہ (مریخ)۔ جنم کنڈلی میں ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹ یا ۱۲ اویں خانہ میں منگل ہو یا سنیچر وغیرہ دشمن گرہ کی زیرِ نظر میں ہو یا منگل اپنی نیچ راشی میں ہو تو خراب اثر کرتا ہے۔ نیچے لکھے منتر کا کم از کم دس ہزار کی تعداد میں منگلوار کو شبھ مہورت میں لال چندن، چاول، لال پھول، مولی، گڑ، گنگا جل لے کر شبھ سنکلپ سے جپ شروع کریں، مکمل پاٹھ ہونے کے بعد کل پاٹھ کا دسواں حصہ ہون کرنا اور بعد میں برہمن بھوجن و پرساد بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔

منگل کا بیج منتر۔ اوم کرام، کریم، کردم، سہ بھومائے نمہ

ॐ क्रां क्रीं क्रौं सः भौमाय नमः ।।

جپ کے علاوہ منگل کے ناقص اثر کی شانتی کے لئے ہر منگلوار کو باترتیب برت رکھنا، منگل استوتر کا پاٹھ، شری ہنومان اپاسنا، لال رنگ کی گائے کو چارہ ڈالنا، تانبہ یا سونے کی انگوٹھی میں مونگا پہننا اوشدھی، اشنان، میٹ ماس وغیرہ سے پرہیز اور باترتیب طریقہ سے بنا ہوا منگل کا جنتر دھارن کرنا اور جپ ادیاپن پر براہمن کو میٹھا سمیت بھوجن کھلانا شبھ ہوتا ہے۔

منگل کا دان۔ منگلوار کو طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ بعد تانبہ کی پلیٹ میں رکھ کر دیں۔ دان کی چیزوں میں گندم، مسور کی دال، تانبہ کا برتن، سونا، کنیر کا پھول، لال پھول، لال چندن، کیسر، ناریل، سیب وغیرہ لال رنگ کے پھل، مونگا، گڑ سے بنے ہوئے میٹھے چاول یا میٹھی، چاپاتیاں، براہمنوں کو بھوجن کھلانا مبارک ہوتا ہے۔ منگل گرہ ٹھیک ہو جانے سے حوصلہ، جوش، زمین بھائی اولاد وغیرہ کا سکھ حاصل ہوتا ہے۔

۴۔ بدھ (عطارد)۔ پیدائش زائچہ میں بدھ ۴، ۶، ۸ یا ۱۲ اویں خانہ میں کسی ناقص گرہ کے ساتھ ہو یا زیرِ نظر ہو تو بُرا اثر کرنے والا ہوتا

ہے۔ بدھ خراب اثر کرتا ہو تو عقل میں خرابی، چمڑی کی بیماری، آواز میں گڑبڑ اور اولاد اور بیوپار کے متعلق پریشانی رہتی ہے۔ بدھ گرہ کی بہتری کے لئے یہ لکھے اُپائے کرنے چاہیئے۔

بدھ کا بیج منتر۔ اوم برام۔ بریم۔ بروم۔ سہ بدھیائے نمہ

ॐ ब्रां ब्रीं ब्रौं सः बुधाय नमः ।

منتر جاپ کے علاوہ بدھوار کا باترکیب برت رکھنا، اوشدھی اشنان کرنا، ہرے رنگ کا نگ پنا (Emareld) سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر دھارن کرنا۔ صحیح طریقہ سے تیار شدہ بدھ کا جنتر رکھنا، شری درگا سپت شتی اور شری وشنو بھگوان کا پاٹھ کرنا۔ گائے کو ہرا چارہ ڈالنا، بدھوار کو کنیا پوجن کے بعد ہری چیزوں کا دان کرنا مبارک ہوتا ہے۔

بدھ کا دان۔ مونگی سابت، کھانڈ، چھوٹی الائچی، ہری سبزیاں، ہرا ریشمی کپڑا، کانسہ کا برتن، ہرے پھول ہیا رنگ برنگے پھول گھی کپور۔ ہرے پھل مٹھائی دکشنا سمیت براہمن کو بدھوار کے دن دان کرنا شبھ ہوگا۔

۵۔ برہسپت (مشتری)

جنم کنڈلی میں ۳، ۶، ۸، یا ۱۲ ویں خانہ میں ہو یا نیچ راشی (مکر) میں پڑا ہو یا دشمن گرہوں کی زیرِ نظر میں ہو تو برہسپت برا اثر کرتا ہے۔ کنڈلی میں برہسپت ناقص حالت میں ہو تو وہ پڑھائی میں ناکامیابی، شادی اور اولاد کے سکھ میں اڑچنیں بھائی کو تکلیف جسم کو تکلیف، عقل میں کمی وغیرہ خراب اثر پیدا کرتا ہے۔

برہسپت میں بہتری (اچھے اثر) کے لئے برہسپت کے بیج منتر کا انیس ہزار (۱۹۰۰۰) کی تعداد میں پاٹھ کرنا یا کسی براہمن سے پاٹھ کروانا شبھ ہوتا ہے۔ مکمل پاٹھ کے بعد دسویں حصہ کا ہون (پیپل کی لکڑی سے) کروانا اچھا ہوتا ہے۔

برہسپت کا بیج منتر۔ اوم گرام۔ گریم۔ گروم سہ گوروے نمہ

ॐ ग्रां ग्रीं ग्रौं सः गुरवे नमः

برہسپتی کا دان۔ سونے یا تانبہ کی انگوٹھی میں پکھراج پہننا یا باترتیب تیار شدہ جنتر دھارن کرنا۔ اوشدھی اشنان کرنا۔ باترتیب وِیروار کا برت رکھنا۔ چنے کی دال۔ شکر گھی۔ پیلے کپڑے، ہلدی، بچھڑے سمیت پیلے رنگ کی گائے، آم، کیلے وغیرہ پیلے پھل، پیلا کمبل، دھارمک گرنتھ (مذہبی کتاب) بیسن کے لڈو، کانسا کا برتن، نمک، مٹھائی وغیرہ کا دان شکل پکھ کے ویروار کو براہمن بھوجن کے بعد دان کرنا مبارک ہوتا ہے۔

جو شخص پکھراج کا نگ نہ دھارن کر سکتا ہو وہ کیلے یا نارنگی کی جڑ کو پیلے کپڑے میں لپیٹ کر دائیں کلائی میں ویروار کو منتر پڑھتے ہوئے باندھ سکتا ہے۔ میٹ مانس وغیرہ کے استعمال سے پرہیز رکھنا چاہیئے۔

۶۔ شکر (زہرہ) گرہ

جنم کنڈلی میں شکر ۶، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں یا نیچ (کنیا) راشی میں منعقد ہو یا برہسپت، سورج وغیرہ دشمن گرہوں کی زیرِ نظر میں ہو تو شکر برا اثر کرتا ہے۔ شکر کے خراب اثر سے دھن دولت میں کمی، زمین، عورت، سواری وغیرہ کے سکھوں میں کمی رہتی ہے۔ اسکے اچھے اثر کو بڑھانے کے لئے شکر کے بیج منتر کا کم از کم سولہ ہزار (16000) کی تعداد میں جپ اور اسکے دسویں حصہ کا ہون کرنا اچھا ہوتا ہے۔ ہون ڈھاک یا گولسر کی لکڑی سے کرنا چاہیئے۔

شکر بیج منتر۔ اوم دروام۔ دریم دروم سہ شکرائے نمہ

ॐ द्रां द्रीं द्रौं सः शुक्राय नमः

شکر کا دان۔ چاندی، چاول۔ مصری، چینی، دودھ یا کھیر، دہی، وغیرہ سفید چندن سفید گائے، سفید پھول، پھل، سفید کپڑے، خوشبودار چیزیں، سفید یا کریم رنگ کی چیزوں کا دان مبارک ہوتا ہے۔

شکر جاپ کے علاوہ چاندی یا سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر ہیرا پہننا، شکر کا جنتر دھارن کرنا اوشدھی اشنان، سفید گائے کی سیوہ (خدمت) کرنا۔ سفید چندن کا تلک کرنا چھوٹی کنیاؤں کا پوجن کرکے انکو بری کپڑے وغیرہ تحفے دینا اور شری درگا سپتشتی کا پاٹھ کرنا مفید ہوتا ہے۔

۷۔ سنیچر (یعنی زحل) گرہ

جب کسی کنڈلی میں سنیچر ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۰ یا ۱۲ ویں خانہ میں پڑا ہو۔ یا میکھ وغیرہ نیچ راشی میں چڑھا ہو یا سورج منگل دشمنی گرہوں کی زیرِ نظر یا دشا ہو تو سنیچر ناقص اثر کرتا ہے۔ کنڈلی میں سنیچر برا اثر کر رہا ہو تو وہ آمدن کے ذریعہ میں رکاوٹیں جسم کو تکلیف، ذہنی تناؤ، پریوار میں تکرار اور بنتے کاموں میں بار بار اڑچنیں پیدا ہوتی ہیں۔ شنی کے ناقص اثر کو دور کرنے کے لئے شنی کے بیج منتر کا کم از کم ۲۳ ہزار کی تعداد میں جاپ اور اسکے کل دسویں حصہ کی تعداد میں شمی کی لکڑی سے ہون کروانا مفید ثابت ہوتا ہے۔

شنی کا بیج منتر۔ اوم پرام۔ پریم۔ پروم سہ شنیہ نمہ

ॐ प्रां प्रीं प्रौं सः शनये नमः

شنی کا ویدک منتر۔ اوم شنو دیوی رابھشٹیہ آپو بھونتو پیتیئے شم یور ابھیسر ونتونہ

باترتیب منتر جاپ کے علاوہ پانچ دھات کی یا سونے کی انگوٹھی میں نیلم دھارن کرنا سنیچر کے برت رکھنا، شنی استوتر کا پاٹھ کرنا، لوہے کی کٹوری میں تیل ڈال کر چھایا پاتر کرنا، اوشدھی اشنان، اندھے، ودیالیہ یا کوڑھی آشرم میں باجرے کی دال کے ساتھ بیماروں کو کھانا، دوائی، کپڑا وغیرہ کا دان کرنا، شو استوتر کا پاٹھ کرنا شبھ اور مبارک ہے۔ اسکے علاوہ شنی کی شانتی کے لئے کالی گائے کی خدمت کرنا بھی اچھا ہوتا ہے۔

جو شخص نیلم دھارن نہیں کر سکتے ہوں وہ بائیں ہاتھ کی کلائی میں لوہے یا سٹیل کا کڑا یا انگوٹھی پہن سکتے ہیں۔ بائیں بازو میں بچھو گھاس کی جڑ کالے کپڑے میں لپیٹ کر دھارن کر سکتے ہیں۔

شنی کے دان کی اشیاء۔ اُڑد، کالے تل، کالے چنے، سرسوں کا تیل، کالی گائے، کالا کپڑا، لوہے کا برتن کالے جوتے، بھینس کستوری، نیلم، چھتری، نیلم کالے اور نیلے پھول، اور بوڑھے غریب مفلس شخص کو بھوجن کروانا مبارک ہوتا ہے۔ شنی کا دان اندھے ودھیر کو کرنا اچھا مانا جاتا ہے۔

۸۔ راہو راس۔ جس کنڈلی میں ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۰ یا ۱۲ ویں خانہ میں راہو پڑا ہو خراب دشا کا اثر ہو تو یہ گرہ جسم کو تکلیف، تناؤ، دولت کاروبار اور گھریلو الجھنیں کلیش اور دیگر پریشانیوں کو پیدا کرتا ہے۔ راہو کے برے اثر کو دور کرنے کے لئے اسکے بیج منتر کا کم از کم ۱۸ ہزار کی تعداد میں پاٹھ کرنا اچھا ہوتا ہے۔

راہو کا بیج منتر۔ اوم بھرام۔ بھریم۔ بھروم سہ راہوے نمہ

ॐ भ्रां भ्रीं भ्रौं स: राहवे नम: ।

منتر جاپ کے علاوہ راہو سے متعلقہ اشیاء کا دان، سنیچر کا برت، راہو کا جنتر دھارن، اوشدھ اشنان، گومید نگ پنچ دھات کی انگوٹھی میں سنیچر کے روز درمیانی انگلی میں دھارن کرنا، راہو استوتر کا پاٹھ کرنا، بہتے پانی میں ناریل بہانہ شری درگا پوجا کرنا، کشٹھ آشرم یا اپاہج آشرم میں اناج پھل کپڑوں (خاص کر گرم کمبل) اور راہو کی اشیاء کا دان کرنا مبارک ہوگا۔

راہو کی اشیاء۔ ست ناجا، گومیدھ، سیسا، کالا گھوڑا، تیل، کالے پھول نیلا کپڑا کالے ماش (اڑد) گوار چنا وغیرہ کمبل۔ تل پتر کستوری وغیرہ۔ راہو کا دان رات کو کرنا اچھا مانا جاتا ہے۔

۹۔ کیتو (Ketu)۔ کنڈلی میں ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۷، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں ہو یا کسی ناقص گرہ کے زیر اثر ہو تو اس شخص کو جسم میں تکلیف، آپسی کلیش، گھریلو الجھنوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کیتو کے ناقص اثر کو دور کرنے لئے نیچے لکھا بیج منتر کا ۱۷ ہزار کی تعداد میں جاپ کرنا فائدہ مند ہوتا ہے۔ پاٹھ مکمل ہونے پر دسواں حصہ کی تعداد میں ہون کرنا چاہئے۔

کیتو کا بیج منتر۔ اوم۔ سرام۔ سریم۔ سروم سہ کیتوے نمہ

کیتو گائتری منتر۔ اوم پدم پتراے ودمہے امرتے شائے دھی می تنو کیتو پرچودیات

ॐ स्रां स्रीं स्रौं स: केतवे नम: ।

پاٹھ پورا ہونے پر سادھا بھی مبارک ہوتا ہے۔ منتر جاپ کے علاوہ کیتو سے متعلقہ اشیاء کا دان، شری درگا گنیش جی کی پوجا، کتوں کو دودھ چپاتی ڈالنا، گرم کپڑے (کمبل وغیرہ) کا دان اندھ ودیالیہ یا اپاہج آشرم میں اناج، دوائیوں، کپڑوں کھانوں وغیرہ کا دان پرندوں کو ستنا چارا ڈالنا اور کیتو کا جنتر یا نو گرہ جنتر دھارن کرنا مبارک ہوتا ہے۔

کیتو گرہ کے دان کی اشیاء۔ لہسنیا، لوہا، ناریل، تل، تیل، سپت دھان، ستر بھورے رنگ سمیت رنگ برنگے کپڑے، کستوری، چاقو، لال رنگ کی گائے، ہسپتال میں دوائیاں وغیرہ کا بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔

ست ناج گندم، اڑد، مونگی، جوں، کنگنی، دھان اور چاول۔ ان سات اناجوں کو ہی سات دھان یا ست ناجا کہتے ہیں۔

نوٹ۔ کسی گرہ بھرہ مٹھائی وغیرہ کا برہمنوں کو دان دینا، کھانا کھلانا اور گھوسلے بچوں میں پر سادہ بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔

ماخوذ انڈیا۔ پنڈت پنالال جیوتشی مصنف مفید عالم جنتری جالندھر شہر

جنم کنڈلی میں ناقص گرہوں کیلئے نوگرہوں کے جنتر

جن کو جنم کنڈلی میں کوئی ناقص پڑ گیا ہو اسکو چاہئے کہ مندرجہ ذیل میں سے مطلوبہ جنتر اشٹ گندھ سے مور کے قلم سے اس گرہ کے وار کو صبح شدھ پوتر ہو کر لکھے اس کا ناقص پھل کم ہو جائیگا۔ اشٹ گندھ اگر تگر کس مشک کافور لال و سفید چندن کیسر کستوری ان سب چیزوں کو گنگا جل میں مل کر کے چاندنے وار میں لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

سورج

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

چندرماں

۹	۲	۷
۴	۶	۸
۵	۱۰	۳

منگل

۱۰	۳	۸
۵	۷	۹
۶	۱۱	۴

بُدھ

۱۱	۴	۹
۶	۸	۱۰
۷	۱۲	۵

برہسپت

۱۲	۵	۱۰
۷	۹	۱۱
۸	۱۳	۶

شکر

۱۳	۶	۱۱
۸	۱۰	۱۲
۹	۱۴	۷

سنیچر

۱۴	۷	۱۲
۹	۱۱	۱۳
۱۰	۱۵	۸

راہو

۱۵	۸	۱۳
۱۰	۱۲	۱۴
۱۱	۱۶	۹

کیت

۱۶	۹	۱۴
۱۱	۱۳	۱۵
۱۲	۱۷	۱۰

صحت و تندرستی کیلئے

۳	۹	۲	۷
۶	۳	۶	۵
۶	۳	۸	۱
۴	۵	۴	۷


روزگار کیلئے

۹	۱۶	۵	۴
۷	۲	۱۱	۱۴
۱۲	۱۳	۸	۱
۶	۳	۱۰	۱۵

مرتبہ بلندی کیلئے

۲۵	۲۰	۲۷
۲۶	۲۴	۲۲
۲۱	۲۸	۲۳

دھن پراپتی کیلئے



شترو ناش کیلئے



اقوال زرین

☆ مظلوم کی پکار سے بچو اس لئے کہ وہ اللہ سے اپنا حق مانگتا ہے۔ اور اللہ کسی صاحب حق کو اس کے حق سے محروم نہیں رکھتا (رسول مقبول)

☆ انسان سب سے بڑی خطا ہی کی حد کرنے میں نہیں بلکہ گر کر اٹھنے میں ہے (قرآن کریم)

☆ رنج و غم سے بڑھ کر انسانی زندگی کا دشمن کوئی اور نہیں (ایک مشرقی مفکر)

☆ اپنے وقار کو مجروح کرنے سے دس بار مرنا زیادہ بہتر ہے (ایڈیسن)

☆ بے وقوف اپنے آپ کو عقلمند اور عقلمند خود کو بیوقوف سمجھتا ہے (شیکسپیئر)

☆ قلم کیا ہے کسی کی زبان اور تحریر خاموش آواز (سقراط)

۲۷ پچھتروں میں پیدائش کا بیان

۱۔ اشونی : میکھ راشی کے اور کیتو کے اس پچھتر میں پیدا ہونے والا شخص خوبصورت، عقلمند، ہر دلعزیز، خوش اخلاق، ملنسار، تیز فہم ہوتا ہے۔ زیب و آرائش پسند، آرٹسٹک ہوتے ہیں۔ یہ گنڈ مول پچھتر ہے جو کہ والد کو ارشٹکاری ہوتا ہے۔ شروعاتی زندگی عموماً جدو جہد بھرا ہوتا ہے۔ اس میں پیدا شخص پڑھنے و پڑھانے اور تصنیف کے کاموں میں دلچسپی رکھنے والا، امیر اور امیر لوگوں سے تعلقات رکھنے والا، نئی کاموں میں آگے، ترکشیل، سیاح، اور غیر ملکی کاموں میں دلچسپی اور بدیش میں قسمت طلوع ہوتا ہے۔ قسمت کا ستارہ ۲۵ ویں سال میں طلوع ہوگا۔

۲۔ بھرنی :۔ میکھ راشی اور پچھتر کا مالک شکر ہے۔ اس پچھتر میں پیدا ہونے والا شخص چالاق، شروع کئے کاموں کو انجام تک پہنچانے والا۔ مخالفوں کو نیچا دکھانے والا۔ اچانک حملہ کرنے کی یوجنا میں ماہر۔ مذہبی کاموں میں دلچسپی رکھنے والا۔ بھاگیہ وادی، تیز، کامی اور دھوکہ دینے والا۔ اس میں پیدا شخص خوبصورتی اور عیش پسند، شراب اور شباب کا شوقین، تفریح، کھیل کود کا سنگیت کا شوقین۔ کلا، فوٹو گرافی، ہوٹل، قانون، انجینیرنگ، سرجری، گپت روگ ماہر، خرید و فروخت اور کھیتی میں دلچسپی رکھتا ہے۔ اسکی قسمت کا ستارہ ۲۷ ویں سال میں طلوع ہوگا۔

۳۔ کرتکیا :۔ میکھ راشی اور سورج پچھتر میں پیدا شخص کے منہ پر پیدائش سے نشان، بے رحم دل، جلد غصہ ہو جانے والا، ہائی بلڈ پریشر کا خوف ہوتا۔ اس میں پیدا شخص کو کاروبار سے متعلق کاموں اور زیادہ سے زیادہ دولت بنانے میں میں جدو جہد کرنا پڑتا ہے۔ سرکاری اداروں سے بھی فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ بدیشوں سے متعلق کاموں میں زیادہ ترقی کر سکیں گے۔ سنگ تراش، آرٹسٹ، بجلی، فوٹو گرافی، میڈیکل، کپڑا فروش، تعلیم اور ڈاکٹری میں کامیاب ہوتے ہیں۔ قسمت کا ستارہ ۲۹ ویں سال کے بعد چمکے گا۔

۴۔ روہنی۔ اس پچھتر میں پیدا شخص خوبصورت شکل، خوبصورتی پسند، سنگیت، کلا، ناٹک، تصنیف کے کاموں میں خاص دلچسپی لینے والا، خوش اخلاق، عورتوں کے طرف مائل رہتا ہے۔ کپڑے زیورات کا اور خوشبودار چیزوں کا شوقین۔ دوسرے چرن میں پیدا شخص پریولر کے ساتھ خاص لگاؤ رکھتے ہیں لیکن باہری زندگی میں خود مرکوز رہتے ہیں۔ تیسرے و چوتھے چرن میں پیدا شخص کے ہاتھ، پیر عموماً چھوٹی ہوتی ہے۔ مذہبی کاموں میں دلچسپی، چالاک۔ ملنسار اور خوش اخلاق ہوتے ہیں۔ قسمت کا ستارہ ۳۰ سال کے بعد چمکے گا۔

۵۔ مرگشر :۔ پچھتر کے پہلے حصہ میں برکھ راشی سوامی شکر اور پچھتر سوامی منگل ہوتا ہے۔ شکر کی راشی اور منگل کے پچھتر میں پیدا ہوئے ایسا شخص زیادہ تر امیر، غلط کاموں سے پیسہ کمانے والا، غیر بھروسہ مند، بڑے خواہشمند، عیش پسند زندگی۔ تیز فہم، جواب دینے میں ماہر۔ خود غرض، لیڈرشپ میں ماہر، فوج اور اداروں کا ہیڈ بننے میں دلچسپی۔ opposite sex کے طرف خاص لگاؤ۔ زمین، عمارت، کاسمیٹک، ٹی وی اور فلم انڈسٹری، انکم ٹیکس اوارے، ٹیلرنگ، شراب، سنگیت کلا سے متعلق کاروبار میں خاص کامیاب۔ بدیش میں قسمت طلوع ہوگا۔ ۲۸ برس کے بعد خوش حال ہوگا۔

۶۔ آردرا۔ بدھ کی راشی متھن اور راہو کے اس پچھتر میں پیدا ہوا شخص خوش کلام، ملنسار، ویدھ اور منتر کا علم جاننے والا۔ صاف دل، گذرے عمل پر فکر کرنے والا۔ کمزور دل، عام حالات۔ غیر دور اندیش، نشلی چیزوں کے استعمال میں دلچسپی۔ گھمنڈی۔ اس پچھتر میں پیدا شخص کتب فروش۔ خرید و فروخت کرنے والا، تیلی کام دھاگ، شراب کا کاروبار یا کمپیوٹر، اشتہار کے کاروبار سے تعلق رکھتا ہے۔ مانسون بارش بھی اسی پچھتر میں طے ہوتی ہے۔ اس پچھتر میں پیدا ہوئے شخص عموماً گلے، سانس، کان، استھما جیسے مرضوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔ ۲۸ برس کے بعد قسمت چمکے گا۔

۷۔ پنر بسو :۔ بدھ کی راشی (متھن) اور برہسپت کے پچھتر میں پیدا ہوئے شخص خور د خوز، عقلمند، سسرال سے سے دولت حاصل کرنے وال، دانت کا مریض، بڑھاپے عیش کرنے والے ہوتے ہیں۔ وہ سندر کپڑوں کے شوقین، اونچے خواہشمند، بڑے عہدے حاصلکرنے والا، تیز فہم۔ اچھی یادداشت، دیکھنے میں خوبصورت۔ دولت مند، بڑے خاندان میں پیدا، دھارمک ہوتے ہیں۔ اچھی اولاد، بہو اور کافی دوست ملتے ہیں۔ ویش و دیش کے کئی سفر میں جانے کا موقع فراہم ہوتا ہے۔ قسمت کا ستارہ ۲۸ سال میں چمکے گا۔

۸۔ پکھ۔ شنی کے پچھتر اور چندرماں کی راشی (کرک) میں پیدا شخص امن پسند، خوبصورت شکل، پنڈت، چالاق، دولتمند اور مذہبی خیالات والا ہوتا ہے۔ ایسا شخص عقلمند، ہوشیار، محفوظ رہ کر کام کرنے والا، وزیر، افسر، ایماندار، ہر دلعزیز، صفائی پسند، مسافرت، مشکل کاموں کو بھی ہوشیاری سے مکمل کرتے ہیں۔ بڑے عمر والے اور سابق کاموں میں کامیاب مانے جاتے ہیں۔ خوش قسمت ہوتے ہیں۔ قسمت کا ستارہ ۳۵ سال کے بعد چمکے گا۔

۹۔ اشلیکھا۔ اس میں پیدا شخص جلد ہی خوش ہو جانے والا، چالاک، جلد ہی بدل جانے والے، دوسرے کی نقل کرنے والے۔

آرٹسٹ، دولت مند، عاشق مزاج۔ دوسروں کا کام کو تیار، کھانے پینے کے شوقین، ہنس کھ، ساہتیہ اور سنگیت کا جانکار۔ بڑے کنبہ والا۔ صاف گو۔ ۳۲ویں سال میں قسمت طلوع ہوگا۔

۱۰۔ مگھا :۔ صاف گو، منہ پھٹ، جلد ہی غصہ اور جلد ہی مان جانے والا ہوتا ہے۔ ایسے لوگ کاروباری، دولت مند، دیوتا پتروں کے بھگت۔ دوردشی، نڈر، بہادر، جذباتی اور کبھی گھمنڈی جلدباز اور گرم مزاج بھی ہو جاتے ہیں۔ بڑے خواہشمند، کام میں ماہر، سرکاری یا نجی اداروں میں بھروسہ مند عہدوں پر مامور ہو۔ پوشیدہ کاموں میں خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس میں پیدا شخص لیڈر، کلاکار، مصنف، کھانے پینے کے شوقین۔ انہیں پیٹھ یا ریڑھ کی ہڈی سے متعلق مرض ہوتے ہے۔ اسے قسمت کا ستارہ ۲۵ویں برس کے بعد چمکے گا۔

۱۱۔ پوربا پھالگنی :۔ شیریں کلام، ہوشیار، کئی ہنروں میں ماہر، عالم، سندر شکل صورت کا۔ رحم دل، مہربان ہوتے ہیں۔ اس نچھتر میں پیدا شخص شاعر، عیش آرائش کا شوقین۔ ایماندار، سچے، سنگیت کار، بیش قیمتی چیزوں اور زیورات کا شوقین۔ جلد ہی خوش ہو جانے والا، خرید و فروخت میں ماہر، مذہبی اداروں سے تعلقات، عزت و آبرو کو زیادہ اہمیت دینے والا ہوتا ہے۔ اس کے قسمت ۲۸ویں سال میں چمکے گا۔

۱۲۔ اترا پھالگنی :۔ اس نچھتر میں پیدا شخص بہادر، مہربان، بڑے خواب دیکھنے والا۔ اپنے تعریف آپ کرنے والا، خوش اخلاق۔ ہمت والا، صاف گو۔ دانی، بڑے عہدے سے فائدہ لینے والا۔ ہر دلعزیز۔ اپنے عقل سے دولت کمانے والا۔ سرکاری ادارے۔ انتظامیہ۔ سیکورٹی ادارے۔ مصنف۔ سیاست۔ آنکھ کے ڈاکٹر۔ استاد وغیرہ زیادتر اسی نچھتر کو لوگ ملتے ہیں۔ اان کے قسمت ۲۸۔ ۳۱ سال کے درمیان چمکے۔

۱۳۔ ہست :۔ بدھ کا راشی (کنیا) اور چندرماں کے نچھتر (ہست) میں پیدا شخص حوصلہ مند۔ بے رحم۔ شراب کا شوقین۔ کاریگر۔ ماہر کاروباری۔ لاپروہ۔ اپنی محنت سے ترقی کرنے والا۔ عورت کے طرف مائل۔ صاف دل والا۔ عقلمند، ہوشیار۔ اپنے غرض کے لئے کوئی بھی غلط راستہ اختیار کرنے والا۔ یہ اپنے عمر کے ۳۰ سے ۳۲ویں سال میں خاص فائدہ اٹھائیگا۔

۱۴۔ چترا :۔ اس نچھتر میں پیدا شخص خوبصورت ناک و نقشے کا۔ بات چیت کرنے میں چالاک۔ صاف گو۔ خوش اخلاق۔ کاروباری۔ کبھی کبھی سنجیدہ ہو جانے والا۔ تیز مزاج۔ چھوٹی چھوٹی باتوں میں روٹھ جانے والا۔ سندر کپڑے اور زیورات کو شوقین۔ ایماندار۔ لال اور ہرے رنگ کو عاشق۔ پریس پرکاشن۔ عدالتی معاملوں۔ محلی۔ سیکورٹی ادارے، ڈاکٹری، کمپیوٹر، تصنیف وغیرہ سے تعلق رکھتا ہے۔ ان کے قسمت ۳۲۔ ۳۸ برس کے درمیان چمکیں گے۔

۱۵۔ سواتی۔ سنجیدہ۔ مہربان، ایماندار، عقلمند۔ انصاف پرور۔ رُک رُک کر بولنے والا۔ صاف گو۔ جذباتی۔ ملنسار۔ جیوتشی۔ شراب کا شوقین۔ تیز یادداشت۔ کاروبار میں ماہر۔ دوستوں میں پیدا شخص۔ خوش قسمت۔ لیکن غصہ میں خود کو نقصان کرنے والا۔ کبھی حادثہ میں خطرناک چوٹ بھی آتی ہے۔ ایسے لوگ محلی کا سامان، خرید و فروخت، سیاحت۔ ناٹک۔ دودھ ڈیری فارم۔ کمپیوٹر، آٹو موبائل وغیرہ کاروبار سے نسبت رکھتے ہیں۔ ۳۰ سے ۳۵ سال کی عمر میں خاص فائدہ ہوگا۔

۱۶۔ وشاکھا :۔ خوبصورت ہر دل عزیز۔ آزاد خیال والا، انصاف پرور۔ بولنے میں ماہر۔ ایشور میں بھروسے رکھنے والا۔ غیر ممالک میں سفر کرنے والا۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ۔ کاروبار میں دلچسپی رکھنے والا۔ منور نجن کے شوقین۔ جیوتش میں دلچسپی۔ ۲۱۔ ۲۸۔ ۳۴ برس میں قسمت چمکے۔ ایسے شخص ٹریولنگ اجنٹ۔ بینکنگ۔ کمیشن اجنٹ، آڈیٹر۔ استاد، سمپادک۔ سنیما۔ عدالت۔ بیکری، ٹیلی ویزن، میڈیکل، سائنس وغیرہ سے نسبت رکھتا ہے۔

۱۷۔ انوارادھا۔ اس نچھتر میں پیدا ہونے والا شخص محنتی، فنوں میں ماہر، کام نکالنے میں چالاک۔ سفر کا شوقین۔ دولت مند، اپنے عزیز و قریب کا مددگار، پکا ارادہ۔ خود غرض۔ بے رحم، نڈر، ایماندار، بھوک نہ برداشت کرنے والا۔ گوشت۔ تمباکو وغیرہ کا شوقین، اپنے محنت سے ترقی حاصل کرنے والا۔ قانون گو، ڈاکٹری، سرجن، کمپیوٹر انجنیر، سرکار ملازم، چمڑا کاروباری، جج، جاسوس، انجن و گاڑی چلانے والا اسی نچھتر کے میں آتے ہیں۔ قسمت ۳۹ویں برس کے بعد چمکے گا۔

۱۸۔ جیشٹھا :۔ اس میں پیدا شخص ہر کام کے لئے صدا تیار۔ جلدی جلدی کام کرنے والا۔ نرم دل، تیز فہم، صاف گو، غصہ ور، بات چیت میں ماہر، مذہبی خیالات، دوستوں کا مددگار، مہربان ہوتے ہیں۔ ان کا تعلق علم ادب خبر نویش، پرکاشن، سمپادن مشین مین، دوا، سرجیکل، محلی، پولیس، فوج سے ہے۔ ۱۳، ۲۷، ۳۱ اور ۴۹ویں سال صحت کے لئے نقصاندہ رہے گا۔

۱۹۔ مولا :۔ مذہبی خیالات کے، نرم دل، ایماندار ملنسار، قانون کا پالن کرنے والا۔ دولتمند، سماجک کاموں میں مشغول، پکے ارادہ۔ اور اچھے طور طریقے والا ہوتا ہے۔ یہ سفر کا شوقین، جادو ٹونے میں یقین رکھنے والا۔ دشمنوں پر فتح حاصل کرنے میں ماہر۔ اس نچھتر میں پیدا شخص استاد، وکیل، جج، پجاری، مصنف، جاسوس، ایڈیٹر، تاجر، کلرک، جیوتشی، ڈاکٹر، اور سیاست میں کامیاب ہوتے ہیں۔ ان کا قسمت ۲۷ یا ۳۱ویں سال میں چمکے گا۔

۲۰ :۔ پوربار کھاڑہ :۔ اس میں پیدا شخص خوش قسمت، ہر دلعزیز، اچھے دوستوں سے بھرے ہوئے۔ تعلیم یافتہ، ہنس کھ، ایماندار، انصاف پرور، سچائی پسند، سماج معزز، ملنسار، ہوتے ہیں۔ یہ بینک، ٹیلی ویزن، وکیل، مصنف، ریلوے، محلی، بیکری، کلاکار، سنیما، سنگیت سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے قسمت کا ستارہ ۳۱ویں سال میں چمکے گا۔

۲۱۔ اترا کھاڑہ :۔ اچھی شکل و صورت، عقلمند، قانون گو، مذہبی خیالات، خوشدل، کئی زبان کا جاننے والا، صحت مند، تیز فہم، ہر دلعزیز،

مضبوط خواہش قوت والا، مستقبل کو لیکر ہوشیار ہوگا۔

اترا کھاڑہ (آخری چرن)۔ سورج کے پچھتر اور شنی کی راشی میں (مکر) پیدا شخص سمجھدار، عقلمند، بھروسے مند، بحث کرنے میں قابل، تکنیکی کاموں میں ماہر، کئی بار جھگڑے کی وجہ سے مشکل میں۔ سائنس وحساب کے کاموں میں ماہر ہوتے ہیں۔

۲۲۔ شروَن۔ چندرماں کے پچھتر اور شنی کی راشی (مکر) میں پیدا شخص عقلمند، تعلیم یافتہ، ہوشیار، شکی مزاج، حوصلہ کی کمی، کاموں کا ٹالنے والا۔ فضول کاموں میں الجھا رہنے والا۔ خوبصورت آنکھ اور پتلی کمر والے، آلسی، زیادہ گرمی اور زیادہ سردی برداشت نہ کرنے والا۔ خوب سمجھ والا۔ خوبصورت اور بہتر بیوی والا، دولتمند، جیوتش، سنگیت اور حساب میں دلچسپی رکھنے والا۔ ماں باپ کا فرماں بردار، کچھ خود غرض، کوئی کام کو بہت سوچ وچار کر کرنے والا ہوتا ہے۔

۲۳۔ دھنیشٹھا۔ (پہلے دو چرن)۔ شنی کی راشی (مکر) اور منگل کے پچھتر میں پیدا شخص اپنی محنت سے ترقی حاصل کرنے والا، عورت کا عاشق، ایماندار، غصیل و خواہشمند، لوہے کے کام میں فائدہ پانے والا، تشدد سے نقصان اٹھانے والا، ہمتور، بدلے لینے والا، خودغرض، غصہ سے بے قابو ہونے والا، سنگیت یا کھیل کا شوقین، بحث کرنے والا منہ زور اور وعدے کا پکا ہوتا ہے۔

دھنیشٹھا (آخری دو چرن) کے پچھتر کا مالک منگل اور شنی کی راشی (کنبھ) میں پیدا شخص کی عام خوبیاں دھنیشٹھ کے پہلے حصہ کی ہی طرح ہونگی۔ لیکن کنبھ راشی کے اس حصہ میں پیدا شخص طاقتور، ہنسی، زندگی میں خوش قسمت، کام فوراً کرنا، لالچی، مذہبی، پیار اور دوستی کے تعلقات میں بھروسے مند، تکنیکی کام ماہر ہوتا ہے۔

۲۴۔ شت بھکا۔ شنی کی راشی (کنبھ) اور راہو کے اس پچھتر میں پیدا شخص سچا، آزاد خیالوں والا، آرام کا خواہشمند، چھٹیاں زیادہ بتانے والا، مشینری اور تکنیکی کاموں میں دلچسپی رکھنے والا، خدمتگار، نرم دل، تیز دماغ، تعلیم یافتہ، مذہبی، سادھوں سنتوں کی خدمت کرنے والا، کلا پریمی، بنا سوچے کام کرنے والا۔ کام ٹالنے والا، افسر اور ۲۸ ویں سال کی عمر میں خاص قسمت طلوع ہوگا۔

۲۵۔ پوروا بھادر پد۔ (اول تین چرن) شنی کی راشی (کنبھ) اور برہسپت کے پچھتر میں پیدا ہونے والا، خوش مزاج، چوڑا چہرا، دانشور، سچا، دوستوں کا بھلا چاہنے والا، عقلمند، نظم وضبط والا، دوسروں سے کام نکلوانے میں چالاک، عورتوں سے شرم کرنے والا۔ بوڑھاپے میں اچانک دولت حاصل کرنے والا ہوتا ہے۔

پوروا بھادر پد (چوتھا چرن)۔ گرو کے پچھتر اور گرو کی ہی راشی (مین) میں پیدا شخص رحم دل، دلکش اور ہر دلعزیز، سچا، نیک خیالات والا، سنگیت، آرٹ کو جاننے والا، سماج میں معزز، دھن دولت اور گاڑی کے سکھ حاصل ہوگا۔

۲۶۔ اترا بھادر پد۔ برہسپت کی راشی (مین) اور شنی کے پچھتر میں پیدا ہوا شخص خوبصورت شکل، ہر دلعزیز واعظ، دانشور، نیک اولاد والا، مذہبی خیالات، دشمنوں پر فتح پانے والا، دھن دولت اور گاڑی کا سکھ حاصل، دوستوں میں پیارا، دکھی لوگوں کی مدد کرنے والا۔ امن پسند، آزاد خیالات، نیک کیرکٹر والا ہوگا۔

۲۷۔ ریوتی۔ بدھ کے پچھتر میں اور برہسپت کی راشی (مین) میں پیدا شخص سڈول جسم، ہر دلعزیز، تعلیم یافتہ، عقلمند، مشورہ دینے میں بہتر، دور بین، ماں باپ کا فرماں بردار، سماجک کاموں میں دلچسپی، زندگی کے ۱۷، ۲۱ و ۲۴ ویں سال میں کوئی پریشانی پڑے اور ۲۸ سے ۳۲ ویں سال میں قسمت طلوع ہو گے۔

گنڈ مول پچھتروں کے مختلف چرن میں پیدائش کا ثمرہ

اشونی پچھتر۔ میکھ راشی اور کیتو کے اس پچھتر میں پیدا ہوئے بچے کی زندگی عموماً جدوجہد والا ہوتا ہے۔ اس پچھتر کے **پہلے چرن** میں پیدا ہونے سے والد کے لئے تکلیف دہ، **دوسرے چرن** میں فضول خرچی، **تیسرے چرن** میں سفر کرنے والا، **چوتھے چرن** میں جسمانی تکلیف رہتا ہے۔


اشلیکھا پچھتر۔ کرک راشی اور بدھ کے پچھتر کے شخص عموماً چست اور چالاک دماغ والا اور بدلاؤ فطرت کا ہوتا ہے۔ **پہلے چرن** میں پیدا ہو تو خاص خامی نہیں، **دوسرے چرن** میں وارثتی دولت کا نقصان۔ **تیسرے چرن** میں والدین کے لئے اور **چوتھے چرن** میں والد کے لئے نقصاندہ ہوتا ہے۔

مگھا پچھتر۔ سورج راشی اور کیتو کے پچھتر میں پیدا ہوئے شخص، صاف گو، جلدی غصہ ہونے والا، محنتی، اور دولتمند ہوتے ہیں۔ **پہلے چرن** میں پیدا ہو تو والدین کو تکلیف، ماں کی جانب نقصان۔ **دوسرے چرن** میں والد کو پریشانی۔ **تیسرے چرن** میں جنم ہو تو شبھ پھل۔ **چوتھے چرن** میں ہو تو تعلیم و دولت کے شبھ ہوتا ہے۔

جیشٹھا پچھتر۔ منگل کی راشی (برچھک) اور بدھ کے پچھتر میں پیدا شخص رحم دل، تیز دماغ، مذہبی، اور ترقی کے راہ میں اٹک رکاوٹیں ہو۔ **پہلے چرن** میں پیدا بچہ بڑے بھائی کیلئے نقصاندہ، **دوسرے چرن** میں ہو تو چھوٹے بھائی کے لئے نقصاندہ۔ **تیسرے چرن** میں والد کے لئے تکلیف دہ اور اگر **چوتھے چرن** میں پیدا ہو تو خود اور والد کے لئے نقصاندہ ہوتا ہے۔

مول پچھتر۔ کیتو کے پچھتر اور برہسپت کی راشی (دھن) میں پیدا شخص مذہبی دلچسپی والا، رحم دل، ملنسار، بھلا کرنے والا، دولت اور سواری سکھ کا مالک ہوتا ہے۔ **پہلے چرن** میں پیدا شخص والد کو نقصان دیتا ہے۔ **دوسرے چرن** میں والدہ کو نقصان۔ **تیسرے چرن** دولت کا نقصان اور چوتھا چرن شبھ ہوتا ہے۔ پچھتر کی طریقے سے شانتی کروا لینے سے نقصان کا خوف نہیں رہتا ہے۔

ریوتی پچھتر۔ بدھ کے پچھتر اور برہسپت کی راشی (مین) میں پیدا شخص ہر دلعزیز، تعلیم یافتہ، خوبصورت، بحث کرنے والا اور امیر ہوتا ہے۔ **پہلے چرن** میں پیدا ہو تو راجا کے طرح نامور، **دوسرے چرن** میں وزیر کی طرح عیش وآرام کا مالک۔ **تیسرے چرن** میں ہو تو دولتمند اور **چوتھے چرن** میں پیدا ہو تو والدین کے لئے نقصاندہ ہوتا ہے۔



تعویذ برائے حل مشکلات

ترکیب:- جو کوئی اس نقش کو جس کام کے واسطے استعمال کریگا وہ کام پورا ہوئیگا۔ اگر اپنے بازو پر باندھے گا تو کسی آفت میں نہ پھنسے گا اور اگر تنگدست ہوگا تو رزاقِ مطلق روزی غیب سے دیگا۔ کبھی محتاج نہ رہے گا۔ صاحب توقیر ہو، دشمن دوست ہو، اگر بیمار کے بازو پر باندھے یا گھول کر پلائے مریض شفا پائے مرض دور ہو جاوے اگر حاکم کے سامنے جاوے وہ مہربان ہو جائے

ضروری ہدایات:- یہ نقش ایک بزرگ درویش رسیدہ ہوئے فقرا کی مہربانی سے حاصل ہوا ہے۔ اُن کے حکم کے مطابق یہ نقش پنڈت دیوی دیال جیوتشی لاہور والوں کی مفید عالم جنتری میں شائع کیا جا رہا ہے۔ جس کو کاٹ کر کورے کپڑے میں لپیٹ کر یا تعویز میں رکھ کر بازو میں باندھنے سے خدا نے چاہا تو یقیناً کامیابی ملے گی مگر شرط یہ ہے کہ نیت پاک و صاف ہو۔ خدا پر پورا بھروسہ ہونا نہایت ضروری ہے۔ کامیابی حاصل کرنے کے لئے محنت و ایمانداری سے کام کرنا ضروری ہے۔ (۲) نقش کو دوسرے کاغذ پر نقل کر کے استعمال کرنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ غلطی ہونے کا اندیشہ ہے جس کا اثر الٹ ہو سکتا ہے۔ لہٰذا جنتری سے کاٹ کر ہی استعمال کریں تاکہ کسی غلطی کا احتمال نہ رہے۔

اقوال زریں

۱۔ دکھ انسانیت کی ترقی کا سادھن ہے۔ بے انسان کا جیون دکھ میں ہی کس اُٹھتا ہے سونے کو رنگ تپانے پر ہی چمکتا ہے۔

۱۔ سب جگہ پرماتما کی من موہنی مورتی دیکھ کر آنند میں مگن رہو جس کو اُس کی مورتی سب جگہ دکھتی ہے وہ تو خود ہی آنند سروپ ہے۔

۲۔ شانتی تو آپ کے اندر ہے کامنا روپی وان یا چڑیل کو سایہ اتار کر شانتی کے درشن ہوتے ہیں۔ ویراگ کے ہتھیار سے کامنا کو بھگا دو پھر دیکھو سب جگہ شانتی ہی شانتی نظر آئے گی۔

۴۔ پرماتما پر بھروسہ رکھ کر جیون ڈور اس کے چرنوں میں باندھ دو پھر بھگوان آپ کی راہی بن جائے گی۔

۵۔ جو لوگ آتما کو نہیں جانتے وہی موت سے کانپتے ہیں۔

بارہ ماہ کی مضر و مفید ہدایات نامہ

جنوری اس ماہ صبح نہار منہ چند گھونٹ گرم پانی پینا صبح سیر کو جانا گرم جگہ تیل کی مالش کر کے ورزش کرنا دھوپ میں بیٹھنا مفید ہے سورج نکلنے سے حوائج ضروری سے فارغ ہو کر تازے پانی سے غسل کرنا مفید ہے۔

فروری اس ماہ میں دھوپ میں بیٹھ کر مالش کرنا گرم پانی سے نہانا صبح کھلی ہوا میں سیر کرنا۔ نمکین چائے اور دودھ میں شہد ملا کر پینا مفید ہے بستر سے ننگے بدن اُٹھ کر پاخانہ جانا سرد ہوا اور شبنم سے بدن محفوظ رکھنا مکان میں کوئلے جلا کر دروازہ بند کرنا۔ سرد پانی سے نہانا دن میں سونا مضر ہے۔

مارچ علی الصباح ہلکی ورزش۔ سیر باغ۔ شہد اور ترکاریوں کا بکثرت استعمال موٹا کپڑا پہننا اور دریا میں غسل کرنا مفید ہے کھانا کھا کر فوراً نہ سونا چاہیے کچھ دیر آہستہ آہستہ ٹہلنا چاہیے۔

اپریل ہلکا جلاب لینا، ہلکی غذا کھانا، کھانے کے ساتھ سرکہ استعمال کرنا تازہ پانی پینا۔ تازہ پانی سے نہانا صبح کی سیر اور مکان کی سفیدی کرانا صبح سویرے بیدار ہو کر باقاعدہ آسن پرانایام کرنے سے جسم سڈول اور تندرست رہتا ہے۔ بدن پر تیل سرسوں کی مالش کرنا مفید ہے۔

مئی علی الصبح اُٹھنا۔ ورزش کرنا ترش اشیاء کا استعمال کھانے کے بعد ٹھنڈا لینا۔ کھانا خوب چبا کر کھانا چاہیے اور گرم غذا کھانا۔ دوپہر کو زیادہ سونا برف کا استعمال کھانے کے بعد کرنا باریک کپڑے پہننا مضر ہے۔

جون سر کو دھوپ سے بچانا دھوپ اور ٹھنڈی چیزوں و شربتوں نیز میٹھے اور نمکین رسوں کا استعمال کرنا صبح کی سیر۔ رات کو معمولی دوپہر کو سونا مفید ہے اور زیادہ ورزش بدن ننگا رکھنا بھیگے کپڑے پہننا۔ دھوپ میں ننگے سر پھرنا عورت سے زیادہ صحبت اور گرم اشیاء کا استعمال مضر صحت ہے۔

جولائی صبح سویرے ندی کے کنارے سیر کرنا دوپہر کو تھوڑا سونا ہوادار مکان میں رہنا ترش اور ٹھنڈی اشیاء اور ہلکا لباس پہننا مفید ہے دھوپ میں ورزش کرنا مضر صحت ہے۔

اگست صبح سویرے اُٹھنا تازے پانی سے نہانا باغیچوں میں ہوا خوری، ہلکی غذا لیموں پودینہ اور پیاز کا استعمال مفید ہے دن کے آخر میں دودھ رات کے آخر میں لسّی پی چاہیے اور ورزش کرنا زمین پر سونا دھوپ میں ننگے بدن رہنا رات کو جاگنا عورت سے زیادہ صحبت کرنا مضر ہے۔

ستمبر علی الصبح دریا کے کنارے سیر ہلکی غذا تھوڑی ورزش تازہ سبزیاں اور پھل استعمال کرنا مالش کو سرمہ لگانا مفید ہے ہمیشہ خوش رہنا درازی عمر کا راز ہے اور دن کو سونا بغیر عادت پان، چائے، شراب پینا مضر ہے۔

اکتوبر نہار منہ پانی پینا صبح شام چہل قدمی کرنا جلاب لینا بھوک سے کم کھانا اور دودھ دہی کا استعمال، باغ کی سیر چشمہ میں غسل کرنا اور موٹا کپڑا پہننا مفید ہے سونے سے جاگ کر پانی پینے سے نزلہ کھانسی زکام اور پھل کھانے کے بعد پانی پینے سے صحت خراب ہوتی ہے دن چڑھے تک سونا گرم غذا کے بعد ٹھنڈا پانی پینا مضر ہے۔

نومبر صبح اُٹھ کر ورزش کرنا بھینس کا گرم دودھ اور چائے پینا تازے پانی سے نہانا۔ ریشمی گرم کپڑے پہننا سیر یا تیل کی مالش اور عصر کو پھل کھانا مفید ہے اور دن چڑھے تک دن میں سونا دہی کی لسی خاص رات کو سرد ہوا میں سونا ننگے بدن ہوا میں نکلنا باریک کپڑے پہننا بھوک روکنا مضر ہے

دسمبر گرم جگہ ورزش کرنا چائے اور دودھ پینا گلے و کانوں کو سرد ہوا سے بچانا گرم غذا تیل کی مالش گرم لباس پہننا زمین کھانا مفید ہے

بیچ کے ... حسب سنگ نفس
خواہ بزرگ ... علی المشکلات
بیچ
... سکے ہے حجود بی
...


پچھتر کشاولی

جب کسی کی بیماری کا نتیجہ معلوم کرنا ہو تو اس روز جنتری میں دیکھیں کہ بیمار ہونے کے وقت اس تاریخ کو کون پچھتر تھا پس مقدر گھڑی ہیں وہ پچھتر ہوں اس پچھتر کی گھڑیوں کی چوپر تقسیم کر دو پھر دیکھیں بیمار ہونے کے وقت کس پچھتر کا کون چرن تھا پھر نقشہ ذیل میں دیکھو کہ اس پچھتر اور چرن کے واسطے کتنے دن کا کشٹ ہے اس کے لئے علاج تجویز ہے کا جپ کروانا ضروری ہوتا ہے۔

پچھتر	چرن (حصے) 1	2	3	4	اُپائے
اشونی	9	11	10	13	منگل کا جاپ
بھرنی	0	10	12	11	〃 〃
کرتکا	0	10	19	27	شکر کا دان
روہنی	7	10	12	20	〃 〃
مرگ شرا	16	14	22	21	بادام کا دان
آردرا	0	18	0	0	〃 〃
پنروس	7	14	10	20	چنددال کا دان
پکھ	7	7	12	21	〃 〃
اشلیشا	0	0	14	0	سونے کا دان
مگھا	15	14	7	30	〃 〃
پوربا پھاگن	0	15	0	30	بادام کا دان
اترا پھاگن	7	13	7	40	〃 〃
ہست	15	14	15	8	شکر کا دان
چترا	11	9	8	16	〃 〃
سواتی	14	15	5	5	〃 〃
وشاکھا	15	14	15	11	مشک کا دان
انورادھا	6	13	14	24	〃 〃
جیشٹھا	9	5	19	22	شربت کا دان
مول	1	19	15	5	〃 〃
پوربا کھاڑ	7	16	14	10	پنیر کا دان
اترا کھاڑ	12	12	12	16	〃 〃
شرون	6	13	6	9	〃 〃
دھنشٹا	15	12	12	14	〃 〃
شت بھکا	0	16	12	15	〃 〃
پوربا بھادوں	0	11	12	9	〃 〃
اترا بھادوں	5	12	9	14	شربت کا دان
ریوتی	8	12	9	12	〃 〃

جیسے جنتری اپنے طور سے کسی روز کا دن ہے ... اپنا ہوشیار ... جنتری ایک ... کر لیں۔

آج کا دن کیسا گزریگا



جس روز معلوم کرنا ہو کہ آج کا دن کیسا گزریگا تو اس دن جنتری سے اپنے نام کا پچھتر دیکھیں بعد ازاں اس روز کا پچھتر نقشہ میں نمبر ایک پر لکھیں پھر ترتیب وار نقشہ پُر کر کے دیکھیں کہ آپ کے نام کا پچھتر نقشہ میں کس جگہ پر آیا ہے اگر اس میں آپ کے نام کا پچھتر نقشہ میں کس جگہ پر آیا ہے۔ اگر اس میں آپ کے نام کا پچھتر دائرہ کے اوپر آیا ہے تو خوش نصیب ہو کر لابھ ہوگا۔ اگر دائرہ کے باہر پڑا ہے تو نصف حصہ خوشی اور نصف غم و فکر میں گذریگا۔ اگر آپ کا پچھتر تر شول کے اوپر پڑے تو تمام دن غم و فکر بیماری نقصان اور لڑائی جھگڑے میں گذریگا اور پریشانی زیادہ رہے گی۔

مریض کے لئے کال چکر

جنم پچھتر یا نام پچھتر یا وقت بیماری پچھتر یا پرشن لگن پچھتر سورج اور چندرماں پچھتر جس وقت ایک ناڑی میں طول خواہ عرض کے اندر آجائیں تو اس وقت بیمار کے لئے موت ہوگی جنم پچھتر چندرماں و سورج پچھتر جس وقت ایک ناڑی طول یا عرض میں آجائیں گے اس وقت بیمار مر جائے گا اگر عمر ناڑی میں پاسکے جائیں تو دیر بعد صحت ہوگی۔ اگر تین ناڑی میں پاسے جائیں تو مریض کو جلد صحت ہوگی۔

لوح حیات

1	3	8
10	13	14
15	16	17
19	20	24
25	31	29

لوح ممات

2	4	5
6	7	9
11	12	18
21	22	23
26	28	27

مُستند فالنامہ خواجہ غریب نواز رحمتہ اللہ علیہ

فال دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو سات بار درود شریف پڑھ کر خیالات یکسو کر کے کسی بھی خانہ پر کلمہ کی انگلی رکھ کر جو حرف اور عدد انگلی کے نیچے آئے جوابات میں ملاحظہ فرمائیں

ص ۶	م ۴	ق ۱	ر ۳
ی ۱۰	ج ۱۲	الف ۲	ط ۷
ل ۱۱	ع ۹	ن ۸	س ۵

(ق ۱) تمہارے ذہن میں جو مقصد ہے اس کے پورا ہونے میں کم از کم دو ماہ لگیں گے۔

(الف ۲) یہ کام پورب کے سفر سے پورا ہوگا۔

(ر ۳) مالی نقصانات کے علاوہ ابھی جسمانی اذیتیں بھی برداشت کرنا پڑیں گی صدقات و خیرات جلد شروع کریں بہتیں دور ہوں گی۔ (م ۴) مالی فائدہ بھی پہنچے گا اور نیک مقصد حاصل ہوگا گناہ کا خیال ہرگز دل میں نہ ہوگا۔ (س ۵) سفر کرو بغیر سفر مطلب براری مشکل ہے۔ (ص ۶) پریشان مت ہو وقت اچھا آرہا ہے جس کی مدد کا خیال ہے اُسے نکال دو ورنہ سخت دھوکہ ہوگا اور مالی نقصان ہوگا۔ (ط ۷) جس کام کی تمہیں فکر ہے اس میں کامیابی دیر سے ہوگی گھبراہٹ بجا کام ہونا یقینی ہے صبر ضروری ہے۔ (ن ۸) اس چیز کا ملنا بہت مشکل ہے زیادہ کوشش سے تکلیف نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔ (ع ۹) فکر و پریشانی کا زمانہ ختم ہو چکا ہے جو تم کو نقصان پہنچا رہا ہے اب اس کی پریشانی کا انجر ہے۔ (ی ۱۰) اس وقت تمہارا ستارہ گردش میں ہے جو کام کیسے ہو نقصان اُٹھاتے ہو یہ حالات اب ختم ہو چکی ہے۔ (ل ۱۱) لائق استاد تلاش کرو کام کو فیصلہ کرنے کے بعد ہی ہوگا۔ اپنے ساتھی سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے (ج ۱۲) روزگار میں ترقی ہوگی۔ نیت درست رکھو لیکن فاسد خیال جو تمہارے دل میں ہے اُسے قطعی نکال دو۔

کارآمد نقش برائے اولاد

ا ب ج یا دو د ... ح ... ما

ح	ز	و	ہ
و	و	ز	ح
ز	ح	ہ	و
و	ہ	ح	ز

داہنے ہاتھ کے ناخن سے لے کر خود بیضہ و شملہ تک کسی قسم کا اسرار تکلیف ہو یا ماں جو اولاد کا خواہاں ہو تو اس نقش کو ساعت مشتری میں لکھ کر بانده ... اور یہی نقش ... پر لکھ کر ... اپنے ... کے ... اور ... سے ... نقش ... سے ... ہو ...

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ناقص گرہوں کی بھتری کے لئے کار آمد نگینے (پتھر)

نیک گرہوں کے اثرات میں اضافہ اور ناقص گرہوں کے ناقص اثر کو دور کرنے کے لئے گرہوں کے لئے مناسب نگینے بہت فائدہ مند ہوتے ہیں۔ کنڈلی میں پڑے گرہوں کی حالت اور اسکیں لکھی راشی کے مطابق ہی مناسب نگ کا چناؤ کرنا چاہئے ورنہ کئی دفعہ فائدہ کے بجائے غلط نگ پہننے سے نقصان کا اندیشہ ہو جاتا ہے۔ صحیح نگ کو جاننے کے طریقہ کے متعلق مزید جانکاری کے لئے ہمارے یہاں سے نگوں کے متعلق کتاب اردو یا ہندی میں منگوا سکتے ہیں۔ قیمت -/200 جنرل بک ڈپو لاہو شیار پور جالندھر۔

سورج گرہ کا نگ مانک (Ruby) اس نگ کا دیوتا سورج ہے اسکو انگریزی میں روبی (Ruby) ہندی میں مانک، فارسی اور اردو میں یاقوت یا لعل بھی کہتے ہیں۔ ان کا رنگ لال کمل کی طرح سنگرف کی طرح اور لاکھ کی طرح ہو سکتا ہے۔

پہچاننے کا طریقہ۔ اصلی مانک لال سرخ شفاف چمکیلا بھاری پن ہوتا ہے۔ ہتھیلی پر رکھنے سے ہلکی سی گرمی ہونے لگتی ہے۔ (۲) شیشے کے برتن میں رکھنے سے چاروں طرف ہلکی سی لال کرنیں دکھائی دیتی ہیں۔ (۳) گائے کے دودھ میں اصلی مانک رکھا جائے تو دودھ کا رنگ گلابی دکھائی دیگا۔ (۵) اگر چاندی کی تھالی میں موتیوں کے ساتھ رکھکر مانک سامنے رکھ دیا جائے تو دودھ کا رنگ گلابی دکھائی دیگا۔ (۵) اگر چاندی کی تھالی میں موتیوں کے ساتھ رکھکر مانک سامنے رکھ دیا جائے تو اس میں رکھے سبھی موتی لال رنگ کے دکھائی دینگے (۶) دوپہر کے وقت روئی میں رکھنے سے روئی میں آگ لگ جائیگی۔ اصلی نگ کی یہی پہچان ہے۔ چمکیلا اور بھاری اور کنیر کے پھولوں جیسا رنگ ہونا چاہئے۔ اس کے نقص کالے اور دودھیا رنگ سے آڑی ترچھی لکیریں ہیں، دودھ میں بنا رنگ، جس میں گڑھے پڑے ہوں ایسا مانک کبھی پہننے کے قابل نہیں ہوتا۔ الٹا برا اثر پڑتا ہے۔

پہننے کی ترکیب۔ مانک رتن اتوار کو سورج کے ہورا میں کرتکا پھاگنی اترا پھاگنی اترا کھنڈ اور وی تکھ یوگ میں سونے یا چاندی کی انگوٹھی میں جڑوا کر وسورج کے بیج منتروں سے پوجن کر کے چھوٹی انگلی کے ساتھ والی انامکا انگلی میں پہننا چاہئے جسکا وزن ۳۔ ۵۔ ۷۔ ۹ رتی تک ہونا چاہئے۔

سورج کا بیج منتر:۔ اوم ہرانگ ہرینگ ہرونگ سہ سوریائے نمہ۔ پہننے کے بعد گایتری منتر کی ۳ مالا کا پاٹھ ہون و سورج بھگوان کو طریقہ کے مطابق ارگھیہ دینا چاہئے اور تانبے کے برتن گنک ناریل، گڑ، لال وغیرہ کا دان کرنا چاہئے۔ طریقہ کے مطابق مانک پہننے سے راج دربار میں مان عزت بھاگیہ کا ستارہ چمکے۔ اولاد کا سکھ تیج بل میں طاقت ملے دل کی بیماری۔ آنکھوں کی بیماری۔ خون کی بیماری جسمانی کمزوری میں مفید ہے۔ میکھ، کرک، سنگھ، تلا، برشچک دھن راشی یا اس لگن والوں کو مانک پہننا فائدہ مند ہے۔ جنکی جنم کنڈلی میں سورج گرہ کا اثر نہ ہوتا ہو انکو بھی مانک پہننا مبارک ہے۔

چندرماں کا گرہ موتی (Pearl) : چندرماں کے نگ کو سنسکرت میں موکتک، مکتک، مکتا، چندر منی، ہندی پنجابی میں موتی۔ انگریزی میں (Pearl) کہا جاتا ہے۔ مکتا یا موتی نگ کا دیوتا چندرماں ہے۔ عربی فارسی میں گوہر کہتے ہیں۔

پہچان۔ موتی گول اور سفید صاف چندرماں کی طرح چمکنے والا نگینہ خوبصورت اور ہلکا پن والا ہوتا ہے۔ گئو ماتا کے پیشاب میں مٹی کے برتن میں رات بھر پڑا رہنے دیں اگر وہ نہ ٹوٹے تو سمجھیں کہ نگینہ بالکل ٹھیک ہے۔ (۲) پانی سے بھرے شیشے کے گلاس میں موتی ڈال دیں۔ اگر پانی سے کرنیں نکلتی دکھائی دیں تو سمجھ لینا چاہئے کہ نگینہ بالکل ٹھیک ہے۔ اگر نقلی ہوگا تو ٹوٹ جائے گا (۳) دھان کی بھوسی کو ہتھیلی پر رکھ کر اس پر موتی رکھ دیں اگر اصلی ہوگا تو اسکی چمک بڑھ جائیگی۔ سچا موتی اگر نہ ملے تو چندر کانت منی یا سفید پکھراج پہن سکتے ہیں۔ اصلی شدہ موتی پہننے سے دماغی طاقت بڑھ جاتی ہے۔ مکتا بھسم کا استعمال نہایت فائدہ مند ہے۔ مرگی، ہائی بلڈ پریشر، پیٹ کی خرابی، پتھری، دانت کے روگ میں فائدہ مند ہے۔ جسمانی خوبصورتی، عورت دھن وغیرہ سکھ حاصل ہونگے۔

پہننے کا طریقہ:۔ موتی چاندی کی انگوٹھی میں شکل پکش کے سوموار کو یا پورنماشی کے دن چندرماں کی ہورا میں گنگا جل اور کچا دودھ چاول میں ڈبوتے ہوئے "اوم شرانگ شرینگ شرونگ سہ چندرسے نمہ" کے بیج منتر کا گیارہ ہزار بار پاٹھ کرنے کے بعد پہننا چاہئے۔ اسکے بعد چاول، چینی، کھیر، سفید پھل و کپڑا وغیرہ دان کرنا چاہئے۔ موتی ۲۔ ۳۔ ۶ یا ۱۱ رتی کا انامکا یا کنشکا انگلی میں۔ ہست روہنی یا شرون نکشتر میں اچھے جوتشی کے بتائے مہورت میں پہننا چاہئے۔ میکھ وبرکھ۔ متھن۔ کرک۔ کنیا تلا برشچک مین راشی یا لگن والوں کو موتی شبھ ہے۔

چندرماں کا اُپ رتن۔ چندر کانت منی (Moon Stone) چندر کانت منی چاندی کی طرح چمک والا ہوتا ہے۔ اس کو ہلانے اس پر سفید روشنی ہلتی ہے۔ یہ نگ بھی ذہنی سکون، یادداشت میں اضافہ کرتا ہے۔ اسے چاندی کی انگوٹھی میں پہننا چاہئے۔

منگل کا نگ مونگا (Coral) اسے سنسکرت میں پروال، انگارک منی، انگریزی میں کورل (Coral) اور عربی فارسی میں مرجان کہتے ہیں۔ مونگا عام طور پر لال سیندھوری، گیروا رنگ کا ہوتا ہے۔ گول چکنا چمکدار دوست سے زیادہ وزنی۔ سیندھوری و شنگرف کے ملتے رنگ کا مونگا اتم مانا جاتا ہے۔ اس کا دیوتا منگل ہے۔

پہچان۔ (۱) اصلی مونگے کے خون میں ڈال دیا جائے تو اسکے چاروں طرف گاڑھا خون جمع ہونے لگتا ہے۔ (۲) اصلی مونگا اگر گئو کے دودھ میں ڈال دیا جائے تو اس میں لال رنگ جھائی دکھائی دینے لگتی ہے۔ پہننے کے روز دو حرم مقام پر لال رنگ کا کپڑا اور پھل وغیرہ کا دان کریں۔ اسکی درجہ کا مونگا پہننے سے زمین۔ جائیداد:

بھائیوں کا سکھ۔ بزرگوں کا نصیب ہوتا ہے۔ اسکے علاوہ خون کی بیماریاں بھوت پریت اگر ست ہوتا۔ کمزوری بھوک کا نہ لگنا دل کی بیماری۔ وایو، کف وغیرہ میں موتی کی بھسم کا استعمال ہوتا ہے۔ میکھ، کرک، سنگھ، برچھک، مکر، کنبھ، مین راشی یا لگن والوں کو اچھے جیوتشی کے صلاح سے پہننا چاہئے۔ منگل بیج منتر۔ اوم کرانگ کرینگ کرونگ سہ بھومائے نمہ۔

پہننے کا طریقہ۔ شکل پکش کے منگلوار کو ہو دا میں ہر کنٹھر، چترا یا دھنیشٹا نکشتر و میکھ، مکر یا برچھک کے چندرماں کے وقت سونے یا تانبے کی انگوٹھی میں بیج منتر کا پاٹھ کر کے انامکا انگلی میں چھ آٹھ دس یا بارہ رتی وزنی پہننے سے شبھ ہے۔ پہننے کے بعد منگل ستوتر یا منگل گرہ کا دان کرنا شبھ ہے۔

بدھ کا نگ پنا (Emerald) پنا بدھ گرہ کا نگ ہے اسے سنسکرت میں مرکت منی۔ اشمگربھ، سوپرنی ہرتی۔ فارسی میں زمرد، انگریزی میں (Emerald) کہتے ہیں۔ پنا ہرے رنگ کا صاف، ملائم چمکدار ہوتا ہے۔

پہچان۔ شیشے کے گلاس میں پانی و پنا ڈال دیا جائے تو ہری کرنیں نکلتی دکھائی دیگی۔ (۲) اصلی پنا کو ہاتھ میں لینے سے یہ ٹھنڈا کو مل و آنکھوں کو ٹھنڈک دیتا ہے۔ تاثیر۔ پنا نگ پہننے سے عقل میں اضافہ اور یادداشت بڑھتی ہے۔ علم، عقل، دولت، بیوپار میں ترقی کے لئے فائدہ مند مانا جاتا ہے۔ سکون اور دماغی بیماریوں سے نجات دلاتا ہے۔ حکیم اسکو بھسم استعمال کرتے ہیں۔ زچہ عورت کی کمر پر اس نگ کو رومال میں بدھوار کے روز باندھنے سے بچہ بغیر تکلیف کے ہو جاتا ہے۔ اسکے علاوہ یہ نگ جادو ٹونے، خون کی خرابی، پتھری، آنکھوں کی بیماری گردے کی بیماری اور دماغی کمزوری میں فائیدہ مند ہے۔

نگ پہننے کے طریقہ۔ یہ نگ چاند نے پکش میں بدھوار۔ اشلیکھا۔ جیشٹا۔ ریوتی، پوروا پھالگنی، یا کہہ نکشتر میں اور بدھوار کی ہو دا میں سونے کی انگوٹھی میں دائیں ہاتھ کے چھوٹی انگلی میں بدھ گرہ کے بیج منتر کم از کم ۱۶ ہزار بار پڑھ کر صبح پہننا چاہئے۔ بیج منتر۔ اوم براں گ، بریںگ، بروںگ سہ بدھائے نمہ۔

برہسپت کا نگ پکھراج (Topaz) : پکھراج برہسپت کا اہم نگ ہے۔ سنسکرت میں اسے پشپ راج، پیت منی۔ ہندی میں پکھراج فارسی میں زرد یاقوت اور اسے انگریزی میں ٹوپاز کہتے ہیں۔ پکھراج کی مشابہت ہیرے سے بہت ملتی ہے۔ اسکا ذائقہ ترش ہوتا ہے۔

پہچان کا طریقہ۔ پکھراج کا نگ اکثر پیلا ہوتا ہے مگر رنگت کے مطابق (۱) نیبو کے چھلکے کی طرح (۲) سونے کی رنگ کی طرح (۳) کیسر اور ہلدی کے رنگ کی طرح (۴) سفید ہیرے کے طرح بھی ہو سکتا ہے۔ پکھراج ہتھیلی پر رکھنے سے چکنا، کچھ بھاری، پاردرشی اور قدرتی چمک والا اعلیٰ درجہ کا ہوتا ہے۔ مگر بغیر چمک کے سفید دھبوں والا اور اندرونی ریشے دار پکھراج ناقص ہوتا ہے۔ دیگر پہچان۔ (۱) کسوٹی پر گھسنے اور زیادہ چمکدار ہوتا ہے۔ اصلی نگ چوبیس گھنٹہ دودھ میں رکھنے کے بعد بھی چمک میں فرق نہیں پڑتا۔ جہاں کسی زہریلے کیڑے نے کاٹا ہو وہاں گھس کر لگانے سے زہر کا اثر دور ہو جاتا ہے۔ جادو ٹونے کا اثر بھی نہیں ہونے دیتا۔ محبوب کے دل میں محبت اور کشش پیدا کرتا ہے۔ خاصیت۔ پکھراج پہننے سے طاقت دماغ، ہمت میں فائدہ مند ہوتا ہے عمر دراز کرتا ہے۔ پکھراج شادی سکھ لڑکے کی پراپتی و دھرم کرم کی طرف رجحان پیدا کرتا ہے۔ اگر کسی پر آسیب روح کا سایہ پڑتا ہو تو وہ بھی دور ہو جاتا ہے۔ کاروباری الجھنوں کا حل ہے سمندری سفر کے لئے مفید ہے۔ دواؤں میں استعمال۔ حکیم اسکی بھسم کو کیوڑہ یا شہد کے ساتھ دینے سے پیلیا، تلی، کھانسی، دانتوں کی بیماری، منہ کی بدبو۔ بواسیر، بھوک کا نہ لگنا وغیرہ میں فائدہ مند ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ پکھراج ۳۔۵۔۷۔۹۔۱۲ رتی وزن کا سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر ترجنی انگلی میں پہنیں۔ سونے یا تانبہ کے برتن میں کچا دودھ گنگا جل پیلے پھول ڈالکر بیج منتر کا ۱۹ ہزار پاٹھ کر کے شدھ کرنا چاہئے۔ یہ نگ شکل پکش کے ویروار کے ہو دا میں یا گورو پشیہ یوگ میں یا پنر بسو۔ وشاکھا۔ پوروا بھادرپد نکشتر میں کرک، دھن یا مین کا چندرماں ہو۔ پہننے سے مبارک ہوتا ہے۔ برہسپت کا بیج منتر۔ اوم گرام گریم گروم سہ گوروے نمہ۔ پکھراج دھن مین ورشی کے علاوہ میکھ کرک، برچھک راشی والوں کے فائدہ مند ہے۔ پہننے کے بعد برہسپت کے مطابق دان دینا مبارک مانا گیا ہے۔

پکھراج کی جگہ نگ سونیلا۔ پکھراج قیمتی نگ ہونے کی وجہ سے ہر کوئی عام شخص نہیں خرید سکتا اسکے بدلے میں سونیلا بھی پہنا جاتا ہے۔ مبارک سونیلا ہلکے پیلے رنگ (سرسوں کی طرح پیلا پن) کا ہوتا ہے۔ کئی بار یہ پکھراج سے زیادہ پیلا پن لئے ہوتا ہے۔ پہننے کا طریقہ پکھراج کی طرح ہی ہے۔

شکر کا نگ ہیرا (Diamond)۔ سنسکرت میں اسے وجر منی ہندی میں ہیرا انگریزی میں (Diamond) کہتے ہیں۔ ہیرا خوب چمکدار سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ پہچان زیادہ چمکدار چکنا۔ مضبوط پاردرشی اور کرنوں والا ہیرا اصلی ہوتا ہے۔

شناخت۔ (۱) ہیرہ گرم پگھلے ہوئے گھی میں ڈالدیا جائے تو گھی بہت جلد جمنے لگتا ہے۔ (۲) اگر یہ ہیرا دھوپ میں رکھ دیا جائے تو اسمیں اندر دھنش کی طرح کرنیں دکھائی دیتی ہیں۔ تو تلے بچے کے منہ میں رکھنے سے بچہ ٹھیک طرح بولنے لگتا ہے اندھیرے میں جگنو کی طرح چمکتا ہے۔ خاصیت۔ ہیرے میں آکرشن کرنے کی خاص طاقت ہوتی ہے۔ اسکو پہننے سے ونش میں اضافہ۔ دھن دولت و جائیداد میں اضافہ۔ عورت و اولاد سکھ ملے۔ صحت یابی۔ گھریلو و دنیاوی سکھ میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہیرے کا مارا ہوا کشتہ بہت سی بیماریوں میں فائدہ مند مانا جاتا ہے۔ جنسی ہارمون پیدا کرتا ہے۔ نامردی اور شوگر کو کنٹرول کرتا ہے۔ دوا کے طور پر استعمال۔ ہیرے کی بھسم شہد ملائی کے ساتھ لینے سے بہت سی بیماریوں میں فائیدہ مند ہے مثال کے طور پر کمزور، مدھومیہ، وایو کا پرکوپ، بھوک کا نہ لگنا۔ دھاتو میں نقص، دل کی تکلیف، سفید پردر، زہریلا مادہ ہونا۔ بچوں میں سوکھا کی مرض، دماغی کمزوری وغیرہ۔ دوائی کے طور پر استعمال حکیم کے مشورہ سے کرنا چاہئے۔

پہننے کا طریقہ۔ شدی یعنی شکل پکش کے شکروار کو شکر کی ہو دا میں کچھ پہنا چاہئے۔ پورب کھاڑا نکشتر ہو۔ ملا یا مین راشی ہو تو ایک رتی یا اس سے زیادہ

وزن کا ہیرہ سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر شکر کے بیج منتر (اوم دراں دریں دروں سہہ شکرائے نمہ) کا سولہ ہزار بار پاٹھ کر کے اچھے صورت میں مدھیہ انگلی میں پہننا چاہیے۔

پہنے کے دن شکر گرہ کے مطابق چیزوں جیسے دودھ چاندی، دہی، مصری، چاول، سفید کپڑے، چندن وغیرہ دان کرنا چاہیے۔ ہیرہ پہنے کی تاریخ سے سات سال تک اثر والا بنا رہتا ہے۔ ہیرہ برکھ، متھن کنیا، تلا، مکر کنبھ راشی والوں کو فائدہ مند ہوتا ہے۔

ہیرا کی جگہ نگ : (ا) فیروزہ۔ نیلے آسمانی رنگ کی طرح یہ نگ شکر گرہ میں ہیرہ کی جگہ پہنا جاتا ہے۔ یہ نگ بھوت پریت قدرتی مشکلوں میں آنے والی تکلیفوں میں مددگار ہوتا ہے۔ اگر اس نگ کو کوئی موقعہ میں ملنے پر پہنے گا تو زیادہ اثر والا رہے گا۔ ہلکے چمکدار رنگ والا نگ مبارک ہوتا ہے۔ کوئی بھی مشکل آنے سے یہ نگ اپنا رنگ بدل لیتا ہے۔ آنکھوں کی بیماری سر درد زہریلا مادہ والی تکلیف میں خاص فائدہ مند ہوتا ہے۔

(۲) اوپل (Opal)۔ یہ بھی شکر کا دوسرا نگ ہے۔ اسکو پہنے سے اچھے خیال (وچار) دھارمک کاموں کی طرف توجہ رہتی ہے۔ زیادہ مشہور نہیں ہے۔

شنی کا نگ نیلم (Saphire) ۔ نیلم شنی گرہ کا خاص نگ ہے۔ سنسکرت میں اسے نیل، تیلگی، اندر نیل، ہندی میں نیلم۔ انگریزی میں سفائیر (Saphire) کہتے ہیں۔ عربی و فارسی میں یاقوت اور ارزاق کہتے ہیں۔ پہچان۔ اصلی نیلم چمکدار چکنا مور پنکھ کی طرح کے رنگ والا نیلی کرنوں والا پاردرشی ہوتا ہے۔ لال پیلے دھبوں والا گھسا ہوا۔ بغیر چمک والا۔ ٹوٹا ہوا نیلم ناقص ہوتا ہے۔ ایسے پہننے سے نقصان کا اندیشہ رہتا ہے۔

شناخت۔ اصلی نیلم کو گائے کے دودھ میں ڈال دیا جائے تو دودھ کا رنگ نیلا لگتا ہے۔ پانی سے بھرے شیشے کے گلاس میں ڈال دیا جائے تو نیلی کرنیں دکھائی دیں گی۔ فائدہ نیلم پہنے سے دھن دولت مان عزت دماغی قوت نوکری یا بیوپار خاندان میں اضافہ صحت کی بہتری میں فائدہ مند ہے۔

نیلم شنی کی ساڑھ ستی کے برے اثر کو دور کرتا ہے۔ خیال رہے عام طور پر نیلم چوبیس گھنٹہ میں اثر کرنا شروع کر دیتا ہے۔ اگر نیلم ٹھیک نہ بیٹھے تو سخت نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے۔ شناخت کے طور پر کم سے کم ۳ تین دن تک پاس رکھ کر برے خواب آئیں۔ بیماری آئے یا چہرے کی بناوٹ میں فرق تو مت پہنو۔

بیماری میں شانتی کے لئے۔ نیلم پہنے یادداشت کی شکل میں دم، ٹی بی دل کی بیماری کھانسی، بخار، آنکھوں کی بیماری دماغی بیماری کشٹ روگ۔ پیشاب کے متعلق بیماریوں میں فائیدہ مند ہے۔ ٹوٹا ہوا نیلم پتھر پہننا کسی حادثہ میں موت کا سبب بن سکتا ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ نیلم ۵۔۷۔۹۔۱۲ یا زیادہ وزن کا پنج دھاتو۔ سونا یا لوہے کی انگوٹھی میں شنی وار کے دن شنی کی ہودہ میں پشیہ، انترابھادر پد، چترہ، سواتی، دھنشٹا یا شتبھ نکشتر میں سنی کے بیج منتر (اوم پرانگ۔ پرینگ، پرونگ سہہ شنیئے نمہ) منتر کے ۲۳۰۰۰ (تئیس ہزار) پاٹھ کر کے پہنیں۔ اسکے بعد شنی کے مطابق چیزوں کا دان کریں۔

راہو کا نگ گومید (Zircon)۔ راہو کے نگ گومید کو سنسکرت میں گومید انگریزی اور اردو میں زرقون (Zircon) کہتے ہیں۔ گومید کا رنگ گئو موتر کی طرح ہلکے پیلے رنگ کا کچھ لالی و کالا پن لئے ہوتا ہے۔ صاف بھاری گومید مبارک ہوتا ہے۔ اس میں شہد جیسی چمک بھی دکھائی دیتی ہے۔

پہچان۔ اصلی گومید الو یا باز کی آنکھ جیسا ہوتا ہے۔ گئو موتر جیسا۔ دل کے بغیر یعنی جو پر تدار نہ ہو۔ ایسا گومید مبارک ہوتا ہے۔ (ا) اصلی گومید کو ۲۴ گھنٹے تک گئو موتر میں رکھنے سے گئو موتر کا رنگ بدل جائیگا۔ یہ پتھر دشمن کے خوف سے راحت دلاتا ہے اور رکاوٹوں کو دور کرتا ہے۔

پہننے کا طریقہ۔ گومید نگ شنی وار کو شنی کی ہودا میں سواتی، شتبھکا، آردرہ، روی پشپ یوگ میں پانچ دھاتوں یا لوہے کی انگوٹھی میں جڑوا کر، راہو کے بیج منتروں کا پاٹھ کر کے دائیں ہاتھ کی مدھما انگلی میں پہننا چاہیے۔ اس کا وزن ۵۔۷۔ رتی کا ہونا چاہیے۔

راہو کا بیج منتر۔ "اوم بھراں بھریں بھروں گ سہہ راہوے نمہ"

پہننے کے بعد بیج منتر کا پاٹھ ہون و سورج دیوتا کو ارگھ دیں۔ نیلے رنگ کا کپڑا کمبل تل، باجرا و کشتا کے ساتھ دان کریں۔

طریقہ کے مطابق پہننے سے بہت سے بیماریاں دور ہوتی ہیں۔ دولت و جائیداد و اولاد کا سکھ۔ وکالت و راج دربار میں عزت مان کے لئے خاص فائیدہ مند ہے۔ دشمنوں کے ناش ہوتا ہے۔ جنکی کرم کنڈلی میں راہو۔ ا۔ ۳۔ ۵۔ ۷۔ ۹۔ ۱۰ ویں گھر میں ہو۔ انہیں گومید پہننا چاہیے۔ مکر کنبھ والوں کو گومید مبارک ہوتا ہے۔

کیت کا نگ لہسنیا۔ (Cat's Eye Stone) : کیتو کینگ کو سنسکرت و ہندی میں لہسنیا انگریزی میں (Cat's Eye Stone) کہتے ہیں۔ یہ نگ اندھیرے میں بلی کی آنکھوں کی طرح چمکتا ہے۔ لہسنیا چار رنگوں میں پایا جاتا ہے۔ کالی یا سفید چمک والا لہسنیا جس پر جینو کی طرح تین دھاریاں ہوں۔ صاف و اوسط سے زیادہ وزنی ہو مبارک ہوتا ہے۔ اسے سوتر منی بھی کہتے ہیں۔ پہچان۔ اصلی لہسنیا کو اگر ہڈی کے اوپر رکھ دیا جائے تو وہ چوبیس گھنٹہ کے اندر ہڈی کے آرپار چھید کر دیتا ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ لہسنیا بدھوار کے روز۔ اشنی، مگھا، مولا، نکشتر میں روی پشپ یوگ میں پانچ دھاتو کی انگوٹھی میں کنشٹا (چھوٹی) انگلی میں بدھوار کے روز پہنیں۔ پہننے سے پہلے کیتو کے بیج منتر کا پاٹھ کریں پانچ رتی سے کم وزن نہ ہو۔ ہر تین سال بعد نئی انگوٹھی میں لہسنیا جڑوا کر پاٹھ کر کے پہننا چاہیے۔

کیتو کا بیج منتر اوم سرانگ سرینگ سرونگ سہہ کیتوے نمہ۔

نگ پہننے کے بعد بدھوار کو ہی کسی شریشٹھ برہمن کو تل کمبل دو رنگ کا کپڑا۔ سات اناج (الگ الگ) ہمت کے مطابق دکشنا کے ساتھ دیں۔ ودھی کے مطابق پہننے سے بھوت پریت کا اثر نہیں رہتا۔ اولاد کا سکھ دولت میں اضافہ و دشمن بیماری کو دور کرنے میں مددگار ہوتا ہے۔

زیادہ جانکاری کے لئے یہاں درشن جیوتش و گیان کتاب ۔ ۵۰ روپے بھیج کر منگوا سکتے ہیں۔ جنرل بک ڈپو الہ آباد بھو شیار پور۔ جالندھر

جیوتش، صنعت و حرفت ہنر اور دولت کمانے کی بے نظیر کتابیں

نام کتاب	قیمت
بڑی تلسی رامائن اردو	450
بالمیک رامائن اردو	550
بالمیک رامائن ہندی	450
تلسی رامائن ہندی	400
شریمد بھاگوت ہندی	700
مہا شو پران ہندی و اردو	450
شو پران چھوٹا ہندی	300
بھگتی ساگر اردو ہندی	250
رام چرتر مانس گٹکا ہندی	90
شریمد بھگوت گیتا اردو	90
رامائن جسونت سنگھ توہانہ ہندی	300
شری درگا پاٹھ اردو	150
شری درگا سپتی شتی ہندی	100
یوگ آسن پرانایام ہندی اردو	200
منش جیون کا رہسیہ اردو	120
لکشمی شکتی اردو	130
گایتری شکتی ہندی	120
مہابھارت ہندی و اردو	450
مہابھارت اردو	500
شری ہنومان اپاسنا ہندی	200
نت نیم اردو ہندی حجم	100
شری ہنومان اپاسنا ہندی	100
نت نیم اردو ہندی	60
ہمی صاحب دل محمد	300
گیتا دل محمد اردو	300
جپجی سکھمنی صاحب دل محمد	200
سندر گٹکا سٹیک پنجابی اردو	120
سندر گٹکا عام پنجابی اردو	120
پریم ساگر ہندی اردو	
جنم ساکھی گورو نانک دیو جی گور	130
جنم ساکھی گورو نانک اردو	500
قرآن شریف اردو ہندی	375
علم الخواب اردو ہندی	130
کارتک مہاتم ہندی اردو	100
ماگھ مہاتم ہندی	90
گرڑ پران اردو ہندی	100

نام کتاب	قیمت
جیوتش —	
آئینہ قسمت حصہ چاروں حصے	1900
(فوٹو اسٹیٹ ایڈیشن میں)	—
سیر شتہ تقدیر یعنی ورش پھل	500
رسالہ علم کیرل اردو ہندی	300
ورش پھل چندرکا ہندی	110
پرشن درپن ہندی	120
جیوتش تتو ہندی آغا نسہ	110
جیوتش تتو پھلیت ہندی	500
گلشن آفتاب اردو	200
آئینہ فلک اردو	350
پرانے سال کی جنتریاں فی عدد	100
بھرگو سنگتا ہندی (نو جلد)	400
ہست ریکھا سامدرک اردو ہندی	300
مان ساگری بھاشا ٹیکہ ہندی	250
نیومرولوجی (دانک ودیا) ہندی	260
ہوا ہوا اڑا چکر ہندی	60
جیوتش شاستر ہندی	120
تیزی مندی شہ ہندی	200
گنجینہ روزگار اردو	120
بیوپار دستکاری اردو ہندی	190
رہنمائے صابن سازی اردو	200
باورچی خانہ اردو ہندی	150
مرغی خانہ اردو ہندی	200
جیوتش گیان شاستر پنجابی	175
ہدایت خاوند ہندی اردو	175
بھوجن دا ہسی صحت اردو ہندی	175
حکمت	
ایلوپیتھک گائیڈ ہندی	190
پیٹینٹ میڈیسن ہندی اردو	250
میڈیکل گائیڈ ہندی اردو	300
میڈیکل گائیڈ ہندی اردو	300
گھر کا وید نسخہ جات ہندی	200
گھر کا وید نسخہ جات ہندی	150
طبی نسخے اردو	100

نام کتاب	قیمت
بوٹی پرکاش ہندی اردو	200
طب دار الشفا پنجابی اردو	200
گپت روگوں کا علاج ہندی اردو	150
علاج مویشی ہندی اردو	150
حرفت —	
کوک شاستر اردو ہندی	120
سلائی کٹائی ہندی اردو	130
رسوئی شکشا ہندی اردو	150
سہاگ رات ہندی اردو	150
ہارمونیم گائیڈ ہندی	150
ہندی انگلش ٹیچر	100
اردو ہندی ٹیچر و پنجابی	75
امرت ساگر اردو ہندی	250
علاج الغربا اردو	260
پنجابی کی دھارمک کتابیں —	
جنم ساکھی گورو نانک دیو جی بڑی	500
گورو بھگت مال پنجابی	250
ساکھی پرمان پنجابی	250
ٹرنکاری چمتکاری پنجابی	300
وشیش چمتکاری پنجابی	300
سوڑھی چمتکاری پنجابی	300
مہابھارت پنجابی	500
چتر ناٹک اردو پنجابی . . —	200
ظفر نامہ اردو ہندی ۔ گورمکھی	200
ہر دو لرنٹ علی شاہ اردو پنجابی	300
رامائن تلسی داس پنجابی	360
رامائن بالمیک اردو پنجابی	370
دیپ سکھمنی صاحب پنجابی	200
گیتا ہندی ترجمہ	100

نام کتاب	قیمت
سندر گٹکا اردو	110
سندر گٹکا سٹیک پنجابی	90
بھگت بانی پنجابی	100
دس گرنتھی پنجابی	90
جنتر منتر جادو وغیرہ ←	
منتر شکتی ہندی اردو	80
علم مسمریزم ہندی	150
اندر جال ہندی اردو	250
وشی کرن منتر ہندی اردو	100
نقش سلیمانی اردو ہندی	150
چین بنگال کا جادو ہندی اردو	130
جادوگری شکشا ہندی	150
تاش کا جادو ہندی اردو	100
کوا تنتری ہندی	100
الو تنتر ہندی اردو	100
علم التسخیر حیات اردو	160
ہر قسم کی دھارمک دیلمٹ نجوم کتب اور اصلی منفرد عالم جنتری تبرک وغیرہ حاصل کرنے کے لئے ہمارے سول ایجنٹ جنرل بک ایجنسی ہوشیار پور سے جالندھر کو لکھیں۔

کنڈلی میں منگلیک یوگ وچار

لڑکے یا لڑکی کی جنم کنڈلی میں اگر پہلے چوتھے ساتویں آٹھویں بارہویں گھر میں منگل پڑ جائے تو ایک دوسرے کی زندگی کے لئے نقص ہوتے ہیں اگر ایک ور کی کنڈلی منگلیک ہو اور دوسری (کنیا) منگلیک نہ ہو تو شادی نہیں کرنی چاہئے اگر دونوں کی کنڈلیاں منگلیک ہو تو شادی کرنے میں کوئی دوش نہیں ہے۔ اگر بیچ کی گن، چندری گن وغیرہ کا میلان بھی کر لینا چاہئے۔ چند دوسری حالتوں میں منگلیک دوش ختم ہو جاتا ہے اگر۔

۱۔ دوسری مخالف کنڈلی میں ا۔ ۴۔ ۷۔ ۸ اور ۱۲ ویں گھر میں کہیں سنیچر ناقص گرہ پڑا ہو۔

۲۔ بلوان برہسپت شکر لگن یا ساتویں بھاؤ میں ہو تو منگل دوش نہیں رہتا۔

۳۔ اگر ایک کنڈلی میں جس جگہ منگل پڑا ہو۔ دوسری کنڈلی میں اسی خانہ پر کوئی طاقتور پاپی یا ناقص گرہ ہو تو منگل دوش نہیں رہتا۔

۴۔ راشی کا میلان ہوتا ہو گن بھی ایک ہوں یا تیس یا تیس سے زیادہ گنوں کا میلان ہوتا ہو تو منگلیک دوش نہیں رہتا۔

۵۔ کیندر ریہ ستھان میں چندر منگل کی ہو تو بھی منگل دوش رہتا۔

۶۔ اگر لڑکی کی کنڈلی منگلیک ہو اور لڑکے کی کنڈلی میں چھٹے گھر میں منگل ساتویں خانہ میں راہو اور آٹھویں خانہ میں سنیچر ہو تو منگلیک دوش دور ہو جاتا ہے۔

۷۔ (ا) منگل کا دوش دور ہوتا ہے اگر دوسرے کمانہ میں چندر شکر کا یوگ ہو (ب) منگل برہسپت کی یوتی یا اس پر برہسپت کی پوری نظر ہو (ج) چھندر بھاروں (ا۔ ۴۔ ۷۔ ۱۰) میں راہو ہو۔

۸۔ سیکھ راشی کا منگل لگن میں یا برچھک راشی کا منگل چوتھے بھاؤ میں یا کرک راشی کا ساتویں یا کرک راشی کا آٹھویں یا دھن راشی کا منگل بارھویں خانہ میں ہو تو منگلیک کا دوش نہیں رہتا۔

چندر ماں اور برہسپت

شادی کے وقت کنڈلیوں میں چندرماں چوتھے۔ آٹھویں اور بارہویں نہ ہونا چاہئے اس کے علاوہ اور گھروں میں شبھ ہوتا ہے۔

شادی کے وقت لڑکی کا برہسپت دیکھنا ضروری ہوتا ہے۔

لڑکی کی راشی سے دوسرے پانچویں۔ ساتویں، نویں اور گیارہویں برہسپت شبھ ہوتا ہے۔ چھٹے آٹھویں بارہویں اشبھ پھل دیتا ہے۔

میلا راشی۔ لڑکی اور لڑکے کی راس ایک دوسرے سے چوتھے، چھٹے، آٹھویں دوسرے اور بارہویں نہ ہونی چاہئے۔ لڑکے کی راس لڑکی کی راس سے نویں اور لڑکی کی راس لڑکے سے پانچویں ہو مبارک ہے۔

میلان راشی۔ اگر لڑکے کی راس سے لڑکی کی راشی پانچویں اور لڑکی کی راشی سے نویں ہو تو مبارک ہے اگر اس کے برعکس لڑکے کی راس لڑکی کی راس سے نویں ہو تو لڑکی کے باپ کو خطرناک ہے۔

نئی مشنری چالو کرنے کے لئے صورت

استھر لگن ہو، اتوار، دیوار، شکروار یا سنیچروار ہو۔ مسد ہد اشلی، ہست اور لوحا، سیکو وصلیکھا، جیوشنا، پترلس بیا یوتی ان میں سے کوئی نچھتر ہو۔ کم سے کم ان میں اور لوس ان نچھتروں کو چھوڑ کر دوسری نچھتروں میں نئی مشینری چالو کرنا شبھ ہے۔

انگریزی مہینوں میں کام کی کیفیت

جنوری	فروری	مارچ
یہ مہینہ شادی کے واسطے خوش قسمت ہے اگرچہ دولت زیادہ حاصل نہ ہو لیکن وفاداری انکساری اور ذہنی سکون ضرور حاصل رہے۔ یکم جنوری کو اگر کوئی آدمی کسی دہلیز کو پہلے پار کرے تو سال خوشی کے ساتھ گذرے۔ اگر کالی عورت ہو تو زیادہ اچھی [illegible]	اس ماہ کی سرحد پر [illegible] منحوس ہیں۔ اس ماہ کسی صبح کو بگلے کو دریا کے کنارے پر دیکھنا شگون ہے۔ یہ مہینہ کاشتکار یا کسی نئے کام کے شروع کرنے کے لئے اچھا ہے۔ اس ماہ میں پیدا آدمی اچھے مزاج والا اور خوشحال ہوتا ہے۔ لڑکی کی شادی کیلئے کچھ اچھا ہے	اس ماہ میں پیدا ہونے والا [illegible] جلد باز، ڈاکٹر، دلیر، بہادر اور جھگڑالو ہوتا ہے۔ اس ماہ کی شادی خوشگوار اچھی رہتی ہے۔ یہ ماہ گھر یا مقام بدلنے کے لئے اچھا ہے۔ اس ماہ میں ہیروں کا دیکھنا دولت ملنے کی دلیل ہے۔ مگی میں ہیرے کا ملنا اچھا لیکن [illegible] ملنا اچھا نہیں
اپریل	**مئی**	**جون**
بت کرنے والوں کے لئے یہ ماہ خوش قسمت مانا جاتا ہے۔ اپریل کا دن خاص طور سے [illegible] کے لئے اچھا مانا جاتا ہے۔ یکم اپریل کو کوئی کسی کو بیوقوف بنانا شادی ہونے کا باعث ہوتا ہے۔ اس ماہ میں [illegible] اگر تبدیل کرنے پر نئی جگہ کو ایک چٹکی کھانا لے جانا شگون ہے	یہ ماہ شادی یا کسی مالی [illegible] کے لئے اچھا ہے نہیں مگر اس ماہ میں پیدا ہونے والوں کیلئے اتنا برا بھی نہیں ہوتا۔ نیلا یا سفید رنگ کا کپڑا اپنے ساتھ رکھنا اچھا ہے۔ سوتے وقت سرہانے رکھ کر سونے سے برے خواب نہیں آتے۔ اس ماہ میں [illegible] خریدنا اچھا مانا جاتا ہے۔	یہ مہینہ شادی اور خوشی کا ہے اور نیک کاموں کے کرنے کے لئے بڑا اقبال مند ہے۔ گلاب کا پھول اور [illegible] کا پھول اس مہینے کے لئے اچھا ہوتا ہے۔ اس مہینے سنگ سلیمانی پہننے سے زندگی قسمت اچھی رہتی ہے اور عمر بھی دراز ہوتی ہے۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والے [illegible]
جولائی	**اگست**	**ستمبر**
یہ مہینہ چھٹیوں کا ہے۔ بہت سے لوگ اس مہینے میں [illegible] یہ مہینہ ان لوگوں کے لئے بہت اچھا ہے جو پوشیدہ اور مستقبل کے حالات جاننا چاہتے ہیں۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والوں کو [illegible] کرنا چاہئے۔ [illegible]	ہیرا اور سنگ سلیمانی اس مہینہ میں پہننا [illegible] شادی شدہ زندگی میں خوشی اور وفاداری کو پیدا کرتا ہے۔ یہ مہینہ تمام چیزوں کے لئے جن کا تعلق پانی سے ہے خوش قسمت ہے۔ [illegible] بھی اس مہینے میں مفید ہے۔ جو بھی شادی اس ماہ میں ہو گی وہ تکلیف دے گی۔	یہ مہینہ روپیہ کمانے اور [illegible] اقبال مند [illegible] ہے۔ [illegible] اس ماہ کے پیدا ہونے والے [illegible] بہت جلد [illegible]۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والے [illegible] دھوکہ سے نقصان اٹھاتے ہیں۔
اکتوبر	**نومبر**	**دسمبر**
یہ مہینہ بت کرنے والوں کے لئے [illegible]	[illegible] شادی شدہ لوگوں کے لئے یہ مہینہ بہت اچھا ہے۔ اس مہینے میں جو [illegible] پیدا ہوں گے۔ اگر [illegible]	یہ مہینہ [illegible] لوگوں کے لئے خوش قسمتی [illegible]

بکرمی مہینوں میں پیدائشی حالات

چیت	بیساکھ	جیٹھ
جس شخص کی پیدائش اس ماہ میں ہو وہ بڑا متکبر اور غصہ ور جھگڑالو ہوتا ہے۔ اس ماہ میں [illegible] اچھی مالی حالت [illegible]۔ [illegible] استری کی طرف طبیعت کا زیادہ لگاؤ رکھے۔ نرم مزاج اور غذا شیریں سے رغبت رکھے اقبال مند ہو۔	دولت مند خوش وضع طبیعت کا صاف دل ہو دوستوں سے ملاقات اور ان کا ساتھ کا شائق رہے جو قصد کرے اسے پورا کرنے پر مستعد رہے اقبال مند اور خود پسند بھی ہو تھوڑی سی بات پر بگڑ جائے۔ اقرار کا پابند ہو نیک [illegible] رکھنے والا ہو۔	پردیس میں حیران رہے بڑا مشکل پسند دانا اور سمجھدار ہو اور کامل عقل مزاج اور صاف دل ہو دولت حاصل کرے اقبال مند ہو [illegible] پاک جسم اور مزاج صفراوی ہو۔ بعض حالتوں میں تھوڑی بات پر بگڑ جائے دوست اس کے بہت ہوں زندگی خوشحال رہے۔ صحت اچھی رہے
ہاڑ	**ساون**	**بھادوں**
جس دولت کا سکھ ہو کام کم پائے۔ عورت خوبصورت سے تعلق رہے اولاد سے آرام پائے۔ [illegible] دولت باوجود کوشش کے جمع کرنے پر بھی حسب منشا جمع نہ ہو سکے۔ سیر و سیاحت میں وقت زیادہ گذرے۔ بہت [illegible]	نیک اور رحم کے کاموں میں طبیعت کا رجحان زیادہ رہے سکھ دکھ، نفع و نقصان ہر حالت میں مطمئن رہے اپنے مذہب پر قائم رہے۔ خوش وضع اور فربہ بدن ہو۔ خوبصورت زیادہ اولاد کا سکھ دیکھے۔ ہنرمند اور بات کا پکا ہو۔ سماج میں عزت پائے۔ جلد مزاج ہو۔	جسم خوش وضع اور فربہ بدن ہو شیریں گفتار اور شستہ مزاج ہو قول و اقرار پر پورا اترے امیر [illegible] کے دربار میں اس کی قدر ہو لوگوں میں مان اور عزت پائے۔ [illegible] اور زیادہ باتونی ہو۔ تھوڑی خلاف بات پر بگڑ جائے۔ عورت اور اولاد کا سکھ پائے [illegible]
اسوج	**کاتک**	**مگھر**
تجارت اور زراعت سے تعلق رکھے۔ [illegible] زیادہ رغبت رکھے۔ دولت [illegible] اسباب جمع کرے۔ اقبال مند اور [illegible] ہو۔ [illegible] وقت پر پورا کرے۔ دولت مند [illegible] صاحب علم اور شاعر بھی ہو۔ [illegible] ہو۔	پیشہ میں نیک [illegible] تجارت اور خرید و فروخت میں اس کی رغبت زیادہ رہے۔ عورت بیگانہ سے محبت رکھے۔ سخت جان اور جفاکش ہو۔ دولت مند ہو [illegible] آرام [illegible] صحت جسمانی اچھی رہے۔	دولت مند [illegible] اقبال ہو۔ [illegible] کی پرورش کرے۔ دوست اس کے بہت ہوں [illegible] رکھے۔ حلیم مزاج [illegible] کوشش پر مستعد رہے۔
پوہ	**ماگھ**	**پھاگن**
[illegible] ہو [illegible] اور قوت [illegible] پیدا کرے۔ [illegible] رکھے۔ دولت مند [illegible] بہت اچھا رہے۔	دھن دولت والا ہو صاحب اقبال اور حسین ہو [illegible] طبیعت [illegible] ہوشیار [illegible] اور خوش رہے۔	خیالات کو پوشیدہ [illegible] بڑا [illegible] طبیعت میں [illegible] غالب اور تندرست رہے۔

بارہ لگنوں وراشیوں کے مختصر حالات

میکھ لگن کے حالات۔



جسمانی حالت۔ مولود خوبصورت اور جسم ہو۔ اعضاء سڈول۔ پیدائش متوسط حال خاندان میں ہو۔ جوں جوں عمر بڑے۔ خاندان کی مالی حالت بہتری کی طرف جائے۔ اوائیل عمر میں قرضہ اور تفکرات زیادہ۔ واسعیر ہوں۔ مزاج غصیلہ اور تیز ہو۔

تعلیمی حالت وروزگار درمیانہ ہو۔ نشانہ بازی۔ تیر اندازی۔ سواری۔ اسپ و دیگر پیچیدہ شعبہ جات میں اچھی مہارت و کمال حاصل کرے۔ حاکم وقت سے دراجہ دربار میں عزت وناموری حاصل کرے۔ کسی اچھے عہدہ پر سرافراز ہو۔ خویش واقارب سے ہمیشہ برگشتہ خاطر رہے۔ زرومال کافی پیدا کرے۔ ۱۔۷۔۱۷۔۲۱۔ ۲۸ برس میں خونی امراض سے تکلیف اٹھائے۔ سفید سونگا پہننا بہتر ہو گا۔

برکھ لگن کے حالات :۔



مولود خوبصورت ۔ جسمانی حالت درمیانہ روش کی ہو۔ ناک لمبا ۔ آنکھیں دھوی۔ رخسار و پیشانی جوڑے ہوں محمل مزاج۔ سنجیدہ۔ کم گو ہو۔ دماغی قوت تیز ہو۔ تعلیم تسلی بخش ہو۔

(۲۷ سال کی عمر میں بھاگ اودے ہوتا ہے)

فلاسفی۔ ریاضی۔ تواریخ۔ علم ہیت میں کافی دسترس ہو ۔ خاندان میں اچھی پوزیشن ہو۔ رشتہ داران و عزیزان میں میل ملاپ پیدا کرنے والا۔ سوسائٹی اور برادری میں ہر دلعزیز ہو۔ بزرگوں کے ساتھ ادب سے پیش آئے۔ حصول زر بذریعہ ملازمت اخراجات ہو جائے۔ ۱۳'۵'۳ '۱۹'۲۷'۳۷'۳۹'۴۸'۵۸ ویں سال برائے کثرت اخراجات ضروری ہیں۔ شبھ نگ موتی ہے۔

متھن لگن کے حالات :۔



مولود خوبصورت ہو۔ دانشمند شیریں زبان ہو۔ تعلیم معیار بلند۔ تحریر و تقریر پر ندوست۔ اگر جوگ شکل یوگی بھی ہمراہ ہو تو مولود پریس و پلیٹ فارم کے ذریعہ دھارک۔ سوشل و پولیٹیکل معاملات کو کافی تقویت و اشاعت دے۔ متعدد بار حکومت وقت کے غصہ و قہر کا شکار ہو۔ زندانی تکالیف بھی اٹھائے۔ مالی حالت کو بھی نقصان عظیم ہو لیکن اپنے اصولات سے ایک انچ بھی پیچھے نہ ہٹے۔ زبان میں سوز و ساز بھرا ہو۔ مردہ دلوں میں آن واحد میں روح پھونک دے۔ دولت سایہ کی طرح پیچھے رہے۔ علم موسیقی اور یوگ وِدیا میں بھی کچھ دسترس حاصل کرے۔

مولود ۲۔۶۔۸۔۱۰۔۱۶۔۲۸۔۳۸۔۴۸ برسوں میں روحانی اور جسمانی طور پر تکلیف اٹھائے۔ زندگی جھلاہٹ 'تیاگ' استقلال 'صبر وقناعت کا آورش جیون ہو۔ شبھ نگ ہرا پنا ہے۔

کرک لگن کے حالات :۔



جسمانی لحاظ سے مولود کمزور ولاغر اندام ہو۔ تعلیمی لحاظ سے کورا اور محروم رہے۔ عمر کا زیادہ حصہ جائے پیدائش سے دور پردیس میں بسر کرے۔ زراعت وبیوپار۔ لین دین ذریعہ معاش ہو۔ روپیہ کافی جمع کرے۔ لوازمات عیش وسامان خورد ونوش کا شائق ہو۔ اپنی آمدنی اپنے ہم نشینوں میں خرچ کرے۔ عداوت و دشمنی سے دست کشی دھارک اصولات سے بے پرواہ۔ ماڈرن تہذیب کا دلدادہ۔ شہوانی جذبات کی تکمیل میں کوشاں۔ تھکا امراض میں مبتلا۔ جلد ہی جوانی میں بڑھاپے کا دور دورہ ۵۔۱۱۔۱۳۔۱۶۔۲۰۔۲۳۔ ۳۱ سال تکلیف کے سال ہوتے ہیں شبھ نگ موتی ہے۔

سنگھ لگن کے حالات :۔



مولود خوبصورت 'سڈول جسم 'طاقتور 'تعلیمی حالت درمیانہ 'جنگی اوصاف سے بہرہ ور یوگ ودیا اور روحانیت میں دسترس ہو۔ حکومت وقت سے عزت وناموری میدان کارزار میں شہرت حاصل کرے۔ روبی نگ پہننا اچھا ہو گا۔ شبھ نگ مانک ہے۔

استری خوبصورت 'گھر میں پریم 'سادھو 'مہاتما کی سیوا' بھگتی سے دل معمور ہو۔ اولاد کی طرف سے دل متفکر۔ اولاد کا سکھ برائے نام ہو۔ ۳۔۵۔۱۰ ۔۲۶۔۲۷۔۳۶ میں مہلک امراض کا حملہ۔

کنیا لگن کے حالات :۔



جسمانی طور پر قد وقامت تکمیل ۔ خوبصورت ہو ۔ تعلیمی حالت معمولی ہو۔ طبیعت نہایت شوخ واقع ہو۔ خود نمائی کا شائق 'صنعت وحرفت میکینکل آرٹس میں تجربہ اور واقفیت اپنی لیاقت اور جدت سے نئی معلومات پیدا کرے۔ زندگی بھر میں کسی دوسرے کے سہارہ پر دارومدار نہ رکھے بقول مرشی جیمنی کی Cave of Gems. موتیوں کا گچھہ۔ یعنی مولود کا دماغ نئی نئی ایجادات کا مخزن ہو۔ ۷۔۱۸۔۱۹۔۲۱۔ ۲۹۔۳۷۔۴۰۔۶۳ سال کی عمر میں تکلیف پائے مفید نگ پنا ہے۔

تلا لگن کے حالات :۔



مولود صاحب اقبال ہو ۔ پیدائش سے ہی گھرانہ کی حالت روبہ ترقی ہو۔ امرا و راجگان کی محبت وقرب حاصل ہو۔ اپنے اعلیٰ اخلاق ۔لیاقت و تدبر سے دھن۔ دولت۔ مان و مرتبہ پائے ایک شادی کا پورا سکھ نہ ہو۔ تین شادیاں ہوں۔ غیر مستورات سے بھی تعلقات پوشیدہ طور پر ہوں۔ دشمنوں پر ہمیشہ غالب رہے ۔ تیرتھ یاترا سیر وسیاحت سے خوب لطف اندوز ہو۔ ۷۔۹۔۱۳۔ ۳۶۔۲۸۔۴۳۔۵۶۔۶۲ سالوں میں مہلک امراض سے تکلیف اٹھائے۔

برشچک لگن کے حالات :۔



مولود کے جسمانی نشوونما اچھے ہوں ۔ خویش واقارب کی پرورش کرے۔ استری سکھ پورن ہو۔ استری خوبصورت وخوب سیرت ملے۔ ال سسرال سے زر مال دستیاب ہو۔ خیالات منتشر و پراگندہ میں بھی بعض اوقات مبتلا ہو جائے ۔ عمر اور جوانی عیش وعشرت سکھ وآرام کے ساتھ بسر کرے۔ عالم پیری میں چڑچڑا ہو جائے۔ خبط الحواسی کا دورہ بھی پڑے۔ ۲۔۶۔ ۔۱۲۔۱۸۔۲۸۔۳۷۔۵۶۔۷۲ سالوں میں بیماری سے تکلیف اٹھائے۔ مونگا شبھ نگ ہے۔

دھن لگن کے حالات :۔



مولود نیک طبیعت اور ملنسار ہو ۔ سوسائٹی میں عزت و توقیر کی نگاہ سے دیکھا جائے۔ حکومت وقت کا وفادار۔ علوم وفنون میں مکمل ہو۔ تیاگ تپسیا سلسلہ سر ہے۔ ۱۲۔۱۵۔۲۰۔۶۲ سال جسم کو تکلیف کے

سال ہیں۔ زرومال کا خرچ اور تکلیف اٹھائے۔ بکھراج نگ شبھ ہوگا۔

مکر لگن کے حالات :۔



جس شخص کی پیدائش مکر لگن میں ہو وہ شخص بلند قامت اور کثیر الاولاد ہوگا۔ مریض اور روگی بہت رہے آنکھیں چوڑی ہوں۔ آنکھوں کے گرد کوئی سیاہ حلقہ بھی ہو یعنی بدکار لوگوں سے موافقت و صحبت رکھے۔ اپنے کام میں ہوشیار و خبردار ہو جس قدر دولت زیادہ ہو قناعت نہ کرے۔ طبیعت طالع اور نوکری ہو۔ کھوٹے کاموں کی طرف رغبت بہت رکھے۔ صابر اور مستقل خیال کا آدمی ہو۔ بے صبر اور اپنے کو مفلس مشہور کرے۔ چہرہ کا رنگ اچھا ہو۔ پہلے اور دسویں برس تپ سے زبان اٹھائے۔ کھانسی کف اور وایو روگ اس کو زیادہ ہو۔ ۲۱،۲۰ برس کی عمر میں مسافت کرے۔ ۲۷ ویں برس کی عمر میں یہ سبب کسی زہریلے جانور مثل سانپ وغیرہ کے زندگی پر خطر ہو۔ متوسط حال ہو۔ زندگی کے ۲۵۔۳۳۔۳۵۔۳۶۔۴۲ واں سال ترقی دینے والا ہوگا۔

کھمبھ لگن کے حالات



جس شخص کی پیدائش کھمبھ لگن میں ہو وہ شخص متکبر اور مغرور طبیعت ہو۔ لوگوں پر ناجائز عیب اور تہمت دینے کا خیال رہے۔ چنچل سبھاؤ کومل بدن، کوتاہ قد اور متوسط شکل ہو۔ طبیعت ایک حال پر قائم نہ رہے۔ علم میں پروانہ ہو۔ روزگار کی تلاش میں ہمیشہ مصروف رہے اولاد اس کی ناموافق خیالات ہو۔ عورت غیر کے عشق میں مبتلا رہے۔ خیالات ناجائز بہت رہیں۔ دوستوں سے محبت اور میل جول بہت رکھے۔ شکتی اور ہمت والا ہو۔ زراعت اور پیشہ تجارت خرید و فروخت میں اچھا فائدہ اٹھائے۔ ۱۱ ویں سال میں پیدائش سے تپ کے مرض میں مبتلا ہو۔ 19 ویں سال میں مرض بیہوشی میں گرفتار ہو۔ 42,36,28,25 واں سال بھاگیہ میں ترقی دینے والا ہوگا۔ آخر زندگی میں کچھ فکر ہو۔

مین لگن کے حالات



جس شخص کی پیدائش مین لگن میں ہو وہ شخص دولتمند اور خوبصورت بدن ہو خوشبو، عطریات اور سوگندھت پھولوں کا شوقین ہو عیاش اور شہوت پرست ہو۔ دولت جمع کرنے کیلئے کوشش بہت کرے۔ طبیعت نہایت طالع ہو بعض اوقات شکی مزاج ہو جائے وعدہ اقرار اور بات کا پروانہ کرے۔ برے کام کے کرنے والا رشتہ داروں کا مشتاق ہو قوی جسم اور دلیر و بہادر ہو۔ امراض صفراوی سے اکثر تکلیف پائے۔ درد کان میں مبتلا ہو۔ ٹانگ میں لنگ یا کوئی نقص ہو۔ سونا۔ چاندی وغیرہ اسباب ثروت اس کو حاصل ہوں 50,38 سال کی عمر میں دمہ سل یا تپ دق کے مرض میں گرفتار ہو۔ زندگی متوسط حال میں بسر کرے۔ عمر کے 36,33,28,22 ویں سال اچھے رہیں۔ آخری عمر اچھی طرح گذرے۔

جب ہماری گھڑیاں بارہ بجاتی ہیں !

دنیا کے ہر ملک کا اسٹینڈرڈ ٹائم اپنا الگ ہوتا ہے۔ ایک ہی وقت میں مختلف ممالک کے سٹینڈرڈ ٹائم میں کئی گھنٹوں کا فرق رہتا ہے۔ مثال کے طور پر جب بھارت میں بارہ بجتے ہیں تو انگلینڈ میں صبح کے ساڑھے چھ بجے ہوتے ہیں اور پاکستان میں صبح کے ساڑھے گیارہ بجے ہوتے ہیں۔


نام ممالک	راجدھانی	سٹینڈرڈ ٹائم
بھارت	نئی دہلی	دوپہر ۱۲ بجے
امریکہ	واشنگٹن	صبح ایک بجکر ۳۰ منٹ
افغانستان	کابل	صبح ۱۱ بجے
آسٹریلیا	کینبرا	شام ۴ بجکر ۳۰ منٹ
آئرلینڈ	ڈبلن	صبح ۶ بجکر ۳۰ منٹ
انڈونیشیا	جکارتہ	دوپہر ایک بجکر ۳۰ منٹ
انگلینڈ	لنڈن	صبح ۶ بجکر ۳۰ منٹ
اٹلی	روم	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
ایران	تہران	صبح ۱۰ بجے
اومان	مسقط	صبح ۱۰ بجکر ۳۰ منٹ
کینیا	نیروبی	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
کینیڈا	اوٹاوا	دوپہر ایک بجکر ۳۰ منٹ
ناروے	اوسلو	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
کویت	کویت	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
بنگلہ دیش	ڈھاکہ	دوپہر ۱۲ بجکر ۳۰ منٹ
کوریا	سیول	شام ۳ بجکر ۳۰ منٹ
گریس	ایتھنس	صبح ۸ بجکر ۳۰ منٹ
زامبیا	لوساکا	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
قطر	عرب	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
برما	رنگون	دوپہر ایک بجے
پاکستان	اسلام آباد	دوپہر ۱۱ بجکر ۳۰ منٹ
فرانس	پیرس	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
سوئٹزرلینڈ	جنیوا	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
جاپان	ٹوکیو	دوپہر ۳ بجکر ۳۰ منٹ
چین	پیکنگ	دوپہر ۲ بجکر ۳۰ منٹ
روس	ماسکو	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
سعودی عرب	مکہ	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
تھائی لینڈ	بنکاک	دوپہر ایک بجکر ۳۰ منٹ
ڈین مارک	کوپن ہیگن	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
سنگاپور	سنگاپور	دوپہر ۲ بجے
ملیشیا	کوالالمپور	دوپہر ۲ بجے
نیوزی لینڈ	ولنگٹن	شام ۶ بجکر ۳۰ منٹ
جرمنی	برلن	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
فلپائن	منیلا	دوپہر ۲ بجکر ۳۰ منٹ

ہندوؤں کے مشہور اور مقامی تیوہاروں کی مختصر کیفیت

لوہڑی	پوہ ساعت	موسم کی تبدیلی پر مکر سنکرانت کے ایک دن پہلے بھارت میں منائی جاتی ہے۔
مکر سنکرانت	یکم ماگھ (بکمی)	اس دن چاول کھچڑی کا کھیر وغیرہ کا دان گنگا اشنان کا مہاتم گنگا ساگر میں ہوتا ہے۔
مونی اماوس	ماگھ بدی اماوس	اس دن گنگا اور تریبنی ندیوں میں اشنان اور دان پن کا بڑا مہاتم ہے۔
گنیش جنم چوتھ	" بدی چوتھ	اس دن گنیش جی کا جنم آدھی رات گزرنے پر چوتھ میں ہوا تھا۔
بسنت پنچمی	" سُدی پنچمی	اس کو رتی پنچمی بھی کہتے ہیں۔ اس دن سرسوتی اور وشنو بھگوان کی پوجا ہوتی
اچلا ستمی	" سُدی ستمی	اسکو سورج ستمی بھی کہتے ہیں استریوں کو سوہاگ دینے والا ہے پراگ اشنان
بھیشم اشٹمی	" سُدی اشٹمی	اس دن بھیشم پتامہ کی موت ہوئی ان کے لئے ترپن اور جل دان کیا جاتا
میلہ چنتی دیوی	شُدی چودس	یہ میلہ چندی گڑھ کے پاس چنتی دیوی کے مقام پر بڑی دھوم سے منایا جاتا
سیتا جنم اشٹمی	پھاگن بدی اشٹمی	اس دن سیتا جی کا جنم جنکپور میں ہوا تھا استریوں کو پتی ورت دھرم ملتا ہے۔
شوراتری	" بدی ۱۳	اس دن رات کو شو جی کا پوجن اور برت کرنے سے پاپ ختم ہوتے ہیں۔
میلہ بیجناتھ	" بدی اماوس	اس دن بیجناتھ ضلع کانگڑہ میں بھاری میلہ لگتا ہے۔ دور دور سے لوگ آتے
ہولی کا میلہ	" شُدی پورنما	موسم کی تبدیلی اور پرہلاد بھگت کی یاد میں متھرا برندابن میں منایا جاتا ہے۔
ہولا	چیت بدی یکم	اس دن آنند پور میں بڑی دھوم دھام سے میلہ لگتا ہے رنگ پھینکا جاتا ہے۔
میلہ کنڈاں	" بدی چودس	یہ میلہ رام کنڈاں میں علاقہ [illegible] میں بڑی دھوم سے منایا جاتا ہے۔
[illegible]	" بدی اماوس	کورو کشیتر اور [illegible] میں دور دور سے آکر لوگ اشنان کرتے
سرسوتی اشنان	" بدی اماوس	[illegible] ضلع [illegible] میں اس بھاری میلہ لگتا ہے اور لوگ اشنان کرتے ہیں۔
سمت سر	" شُدی یکم	اس دن بکرمی سمت کا آغاز ہوتا ہے اور سب برہما جی سرشٹی کے کاموں میں لگ جاتے
گن گوری تیج	چیت شُدی تیج	اس دن شو جی نے پاربتی کو سوہاگ دیا عورتیں اس دن برت رکھتی ہیں
نوراتر	چیت یکم تا نومی	اس دن شکتی کا پوجن کیا جاتا ہے۔ رامائن اور مہابھارت کا پاٹھ ہوتا ہے۔
میلہ منسا دیوی	چیت شُدی اشٹمی	اس دن منسا دیوی ضلع انبالہ میں بھاری میلہ لگتا ہے اور خوب رونق ہوتی۔
شری جوالا مکھی	" شُدی اشٹمی	یہ میلہ جوالا مکھی ضلع کانگڑہ میں ہوتا ہے اور [illegible] میں بھینٹ چڑھائی جاتی ہے
رام نومی	" شُدی نومی	راجہ دسرتھ کے گھر رام چندر جی کا جنم ہوا اسی لئے بھارت میں منایا جاتا
بیساکھی	یکم بیساکھ	گنگا اشنان کا بڑا مہاتم ہے پنجاب بھر میں خصوصاً امرتسر میں بھاری میلہ ہوتا
مہاویر جینتی	چیت شُدی [illegible]	سوامی مہاویر جی کی یاد میں یہ میلہ جین دھرم میں خاص طور پر منایا جاتا ہے
اکھے تیج	بیساکھ شُدی تیج	(ست جگ شروع ہوا) اس دن گنگا اشنان سے پاپ ختم ہوتے ہیں۔
پرشو رام جینتی	" شُدی تیج	رینکا کے پتر پرشو رام جی کا جنم ہوا تھا اس دن پرشو رام کی پوجا ہوتی ہے
شنکر آچاریہ جینتی	" شُدی پنچمی	اس دن شنکر آچاریہ جی نے [illegible] کی یاد میں منایا جاتا ہے۔
گنگا جنم ستمی	بیساکھ شُدی ستمی	یہ دن گنگا جی کے جنم دھارن کی خوشی میں منایا جاتا ہے۔ گنگا اشنان کا مہاتم
گوتم جینتی	- - -	گوتم بدھ کا اس دن جنم ہوا تھا اس دن [illegible] لوگ [illegible] میلہ لگتا ہے
میلہ مہابیر جی	جیٹھ بدی [illegible]	یہ میلہ مہابیر سوامی کی یاد [illegible] میں خاص طور پر لگتا ہے
[illegible]	" بدی [illegible]	یہ میلہ (پہلے لاہور) [illegible] اور جالندھر میں منایا جاتا ہے
میلہ [illegible]	جیٹھ [illegible]	یہ میلہ [illegible] ضلع [illegible] میں بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔
[illegible]	جیٹھ شُدی [illegible]	اس روز ہردوار تیرتھ پر بھاری میلہ لگتا ہے۔
نرجلا ایکادشی	" شُدی ایکادشی	اس دن [illegible] کو گرو دوسرے دن جل سے بھرا گھڑا [illegible] دان کیا جاتا
رتھ یاترا	اساڑھ شُدی دوج	بھگوان کو [illegible] میں بٹھا کر جگناتھ پوری میں [illegible] نکالی جاتی ہے
دیو شنی ایکادشی	" ایکادشی	اس دن بھگوان وشنو کشیر ساگر میں شین کرتے ہیں۔
ویاس پوجا	" پورنماشی	اس دن ویاس جی کا جنم ہوا تھا گرو اور [illegible] کا پوجن ہوتا ہے۔
[illegible] چوتھ	ساون بدی چوتھ	اس دن گنیش جی کا برت کرنے سے سب مرادیں حاصل ہوتی ہے
ناگ پنچمی	" پنچمی	[illegible] اس دن ناگ [illegible] کی پوجا ہوتی ہے
میلہ [illegible]	" اشٹمی	[illegible] بھاری میلہ [illegible]

رکھڑی	ساون پورنما	پرانے زمانے میں یہ [illegible] رکھشا کیلئے بہنیں اپنے بھائیوں کے ہاتھ میں باندھتی تھیں۔
امرناتھ یاترا	" پورنماشی	اس دن شو جی کی یاد میں امرناتھ (کشمیر) میں بڑا بھاری میلہ ہوتا۔
رام بن	یکم بھادوں	یہ میلہ رام بن جموں میں ہوتا ہے۔ چندر بھاگا میں اشنان کا بڑا مہاتم ہے
کجلی تیج	بھادوں بدی تیج	اس دن عورتیں نئے کپڑے اور زیور پہن کر جھولا جھولتی اور پوجا کرتی ہے
سیتلا ستمی	" ستمی	اس دن دیوی کا پوجن کرکے کنبہ کی رکھشا کیلئے [illegible] بھوجن کرتے
کرشن جنم اشٹمی	" اشٹمی	روہنی نچھتر اشٹمی [illegible] کو رات کے ۱۲ بجے متھرا میں کرشن کا جنم ہوا تھا
گوگا نومی	" نومی	یہ میلہ ضلع کانگڑہ کے مختلف مقامات خصوصاً [illegible] بڑی دھوم دھام سے
سورج چھٹ	" چھٹ	اس دن برت دھارن کرکے سنتان کی لمبی عمر کے لئے دعا کی جاتی ہے
رادھا اشٹمی	" اشٹمی	یہ دن رادھا جی کے جنم دن اور رشی کے جنم دن کی یاد میں منایا جاتا ہے۔
مہالکشمی اشٹمی	- - -	اس دن مہالکشمی کے برت اور پوجن سے [illegible] کا ناش ہوتا ہے۔
اننت چودش	" چودش	اس دن دریا وغیرہ میں اشنان کرکے اننت بھگوان وشنو کی پوجا کی جاتی ہے
میلہ بابا سوڑل	- - -	اس دن سوڑل بابا کی سمادھی پر جالندھر میں ان کی یاد میں بھاری میلہ لگتا ہے
میلہ [illegible]	بھادوں بدی اماوس	یہ میلہ بابا جی کی یاد میں [illegible] کے کنارے منایا جاتا ہے
مہالیہ اماوس	اسوج - -	اس دن [illegible] پتروں کا شرادھ اور پتروں کو جل انجلی دی جاتی ہے
نوراتر	" شُدی یکم	ان دنوں میں شکتی اور درگا پاٹھ اور پوجن کرکے پرشاد بانٹا جاتا ہے۔
مہانومی	" نومی	اس دن دیوی کا پوجن کرنے سے مرادیں پوری ہو کر دشمن کا ناش ہوتا ہے
وجیا دشمی	" دسمی	یہ دن بھگوان رام چندر جی کی راون پر فتح کی یاد میں بھارت میں منایا جاتا ہے
شرد پورنماشی	" پورنماشی	اس دن [illegible] سفید کپڑے [illegible] رات میں بھگوان [illegible] کی پوجا ہوتی
کروا چوتھ	کاتک بدی چوتھ	یہ تہوار عورتیں شری پاربتی جی کی تپسیا کی یادگار میں مناتی اور برت رکھتی ہیں
آہوئی اشٹمی	" اشٹمی	اس دن دیوی کا پوجن اور سنتان کی لمبی عمر کے لئے دعا کی جاتی ہے
نرک چودس	" چودس	اس دن برت کرنے سے [illegible] کے سب مرادیں پوری ہوتی ہیں۔
[illegible]	- - -	[illegible] سوامی [illegible] کا جنم ہوا
دیپ مالا	" اماوس	اس دن رام چندر جی بن باس سے [illegible] واپس آئے تھے لکشمی کی پوجا ہوتی ہے
ان کوٹ	کاتک شُدی یکم	اس دن گوردھن پوجا سے وشنو بھگوان خوش ہوتے ہیں۔
بھرا تری دوج	" دوج	[illegible] اس دن جمنا میں اشنان کرنے سے پاپ ختم ہوتے
گوپ اشٹمی	" اشٹمی	اس دن شام کے وقت [illegible]
میلہ [illegible]	" ایکادشی	یہ میلہ [illegible] میں ہوتا [illegible]
[illegible]	- - -	[illegible]
کاتک اشنان	" پورنماشی	[illegible] اشنان کرنے سے پاپ دور ہوتے ہیں۔
میلہ [illegible]	- - -	سوامی [illegible] کے جنم دن [illegible] امرتسر میں بھاری میلہ لگتا ہے
[illegible] جنم	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	اس دن دوپہر کے وقت [illegible] کا جنم ہوا تھا اس کی پوجا ہوتی ہے
میلہ [illegible]	" اماوس	یہ میلہ جموں سے ۲۲ میل دور [illegible] میں لگتا ہے۔
[illegible] جنم	[illegible]	[illegible] کے جنم دن پر [illegible] میں خاص طور پر منایا جاتا ہے
میلہ [illegible]	[illegible] دسمبر	یہ میلہ جالندھر میں [illegible] میلہ کے نام سے منایا جاتا ہے
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible] اماوس	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]

پامسٹری



تصویر نمبر۲

تصویر نمبر۱

خطِ زندگی:- انگوٹھے کے قریب گیند کی صورت میں گول قوس کی طرح کا ہوتا ہے۔ وتنی زندگی بھی کم ہوتی ہے اور یہ جتنا بڑا اور واضح ہوتا ہے۔ اتنی ہی اس کی عمر بھی طویل ہوتی ہے۔ شکل نمبر۲ میں غور سے دیکھئے۔ صاف ظاہر ہے۔ اور اگر اسی خطِ زندگی کے ساتھ ایک اور خط اس کے متوازی ہو تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ شخص نہایت لمبا بحری سفر کرے گا (دیکھئے خطِ زندگی کے قریب ڈبل لائن آف زندگی) اور اگر وہ بڑا خط پورا انگوٹھے کے قریب روشن اور واضح ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص ضرور سفر سے اپنے شہر واپس آجائے (دیکھئے تصویر نمبر۲) اگر خطِ زندگی ہاتھ سے گزر کر دوسری طرف چلا جائے تو معلوم ہونا چاہیئے کہ اس شخص کی اس کے وطن سے دور دراز ملک میں موت واقع ہو گی۔

اگر خطِ زندگی درمیان سے قطع ہو جائے یا کسی جگہ سے ٹوٹ جائے، اس کا مطلب ہے۔ جو کہ اس کی عمر فلاں سال ختم ہو جائے گی۔ دیکھئے تصویر نمبر۲

اگر بائیں ہاتھ کا خطِ زندگی قطع ہو اور دائیں ہاتھ کا خطِ زندگی ثابت ہو تو اس کا یہ مطلب ہے کہ وہ شخص بڑی سخت اور مہلک بیماری سے تندرست ہو گا یعنی دوبارہ حیات حاصل کرے گا۔ اگر دونوں ہاتھوں کے خطِ زندگی قطع ہوں تو یقیناً اس کی زندگی ختم ہو جائے گی۔ زندگی کی لائن میں سے اندر کی لائن دیکھو اس کو خطِ تقدیر بھی کہتے ہیں۔ (تصویر نمبر۲ میں دیکھئے) اگر خطِ زندگی کے قطع ہوئے حصے سے بھی صاف اور بغیر قطع گزر جائے تو اس کا یہ مطلب ہے کہ وہ شخص خوفناک بیماری سے کسی خطرناک حادثے سے کسی نہ کسی طرح بچ جائے گا۔

اگر یہ لائن یعنی زندگی کی ڈبل لائن میں سے اندر والی لائن ہاتھ کے دونوں طرف گزر جائے تو اس کا یہ مطلب ہوا کہ کوئی خطرہ اس کو پہنچنے والا ہے۔ اور کوئی اس کو قسمت کی دھمکی دے گا۔ اگر وہ خطِ زندگی کو نقصان دے۔

اگر خطِ زندگی ایک زنجیر کی طرح ہو اور واضح اور صاف نہ ہو یعنی نقطے ہوں تو تم کو اندازہ لگا لینا چاہیئے کہ اس شخص کی صحت عموماً خراب رہے گی جب تک کہ وہ زندہ رہے گا۔ اگر خطِ زندگی اور خطِ دماغ ہاتھ کے درمیان سے دو حصوں میں تقسیم ہو کر چلیں جائیں تو یہ اندازہ لگا لینا چاہیئے کہ یہ شخص نہایت زیرک اور بڑا عقلمند ہے۔ اگر خطِ زندگی دم سا ہو تو یہ خراب صحت کی نشانی ہے۔ بائیوں کی نشانی خطرے کی نشانی ہے اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس کے رشتہ دار اس کی زندگی میں کسی طرح کی مدد نہ کریں گے۔

اگر خطِ زندگی اور خطِ دماغ دونوں بہت ملے ہوں تو اس کا یہ مطلب ہوا کہ وہ آدمی عقلمند ضرور ہے مگر خطروں کا اندیشہ ہے لیکن جاہل نہیں ہے۔ اگر خطِ زندگی ہاتھ کی ہتھیلی سے انگوٹھے کے قریب والے حصے کو اچھی طرح گھیرے (اس لائن کو ماؤنٹ آف وینس بھی کہتے ہیں) اور وہ جگہ تنگ نظر آنے لگے تو وہ شخص کبھی مشکل سے نہ گھبرائے گا۔ ایسے شخص کو محبت میں کبھی ناکامی نہ ہو گی اور اگر وہ کسی سے شادی کرے گا تو اس کے بچے نہایت سنجیدہ ہوں گے۔ برخلاف اس کے خطِ زندگی ہتھیلی میں سے گزر کر انگوٹھے کے باہر نکلے ہوئے خطوط کو روشن اور واضح کر دیتا ہے۔

خطِ دماغ:- خطِ دماغ جسے خطِ عقلِ انسانی بھی کہتے ہیں۔ ہتھیلی کے درمیان سے یعنی مشرق سے مغرب کی طرف جاتا ہے اس خط کے سبب کا ہاتھ کی تجارت اور کرشمہ کی بات سب کچھ معلوم ہو سکتا ہے (دیکھئے شکل ۲) اگر یہ خط نیچے کی طرف آتا ہوا نچلے حصے کی طرف جھکا ہوا ہو تو یہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ شخص بڑا زیرک ہے نئی نئی چیزوں کا موجد اور عجیب عجیب اشیاء کے گھڑنے والا اور مصوری کی قابلیت رکھنے والا ہو گا۔ شکل نمبر اور نیچے کی طرف رخ کرتے ہوئے خصوصاً تھوڑی سی گولائی جیسے پہاڑ چاندی اور عطارد کے درمیان ہو جو ہتھیلی کے سامنے ہو کر وہاں گزر جائے وہ اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ وہ شخص زیرک اور ہوشیار ہے اور وہاں میں کچھ وقتی جھک

خودکشی کی بھی پائی جاتی ہے۔

اگر یہ خط اوپر کی طرف سے چھوٹی انگلی کی طرف جائے تو یہ ظاہر کرتا ہے کہ کوئی شخص اس کا قدرتی دشمن ہے اور اس کا کوئی شخص انسانی لالچ یا کسی اور فائدے سے قتل کر دے گا اور یہ نشان خطرہ معیبت خودداری کو بھی ظاہر کرتا ہے۔

جب خط دماغ خط زندگی سے جدا ہو جائے تو یہ بات ظاہر کرتا ہے کہ وہ شخص اپنی بات اپنے تک محدود رکھنے والا ہے اور جلد باز و بھڑکیلا ہے لیکن جب خطوں کا فاصلہ زیادہ ہو جائے تو اس وقت وہ آدمی ناعاقبت اندیش اور جلد باز ہوتا ہے جب خط دماغ خط زندگی سے قریب ہو جاتا ہے تو اس وقت وہ یہ بات ظاہر کرتا ہے کہ وہ خوددار نہیں ہے مگر وہ بہت زیادہ دانشمند ہوتا ہے۔

اگر ایک سیدھی لائن ہاتھ کی ہتھیلی کو قطع کرے یعنی ایک طرف سے دوسری طرف گزر جائے تو وہ شخص غیر معمولی دماغی طاقت کا مالک ہوتا ہے۔ وہ حکم چلا سکتا ہے، وہ اپنا کام خود اپنی عقل سے کر سکتا ہے اسی طرح خط دل جو انگلیوں کے نیچے ہوتا ہے یہ بھی ایسے ہی پیشن گوئیاں ظاہر کرتا ہے۔ خط دماغ جتنا قطع کرتا ہے بڑا اور روشن ہوتا ہے۔ اتنا ہی آدمی مستقل مزاج ہوتا ہے اور وہ بڑی سختی سے کام کرتا ہے جتنی لائن لمبی اور واضح ہوتی ہے اتنا ہی وہ شخص مستقل مزاج ہوتا ہے اور وہ اپنا کام کرنا خود پسند کرتا ہے۔

جب خط دماغ اور خط دل دونوں قریب قریب مل کر متوازی شکل میں سیدھے ہتھیلی کی طرف گزر کر دوسری طرف تک چلے جائیں تو وہ شخص اپنے عشق و محبت میں خوب ثابت قدم رہے اور یہ دوسرے کاموں میں بھی اسی طرح رہے گا۔ ایسے آدمی جس سے محبت کرتے ہیں تو وہ اپنی محبت سالہا سال برقرار رکھتے ہیں۔ اور جس سے محبت ہو اس کے برسوں منتظر رہتے ہیں اور جس سے نفرت ہو جائے تو اس سے انتقام لینے کے لئے بہت عرصہ تک موقع کا انتظار کرتے ہیں۔

ایسے آدمی میں غیرت اور خود رائی اور خودداری بہت ہوتی ہے۔ اپنے کام انجام دینا بہت پسند کرتے ہیں۔

ہر بات میں اپنی رائے کو دیگر راؤں پر ترجیح دیتے ہیں وغیرہ وغیرہ دراصل یہ غیر معمولی بات ہے اس قسم کے آدمی سے کہ ہزاروں کی تعداد میں مل سکتے ہیں۔ بعض اوقات یہ نشانی بھی ظاہر کر دیتی ہے کہ کوئی اس کا اچھا رفیق ہے۔

ہاتھ میں اس سے بھی اچھے اور مفید خطوط ہوتے ہیں۔ مثلاً خط قسمت کامیابی ایسے عجیب خط رکھنے والے لوگ اپنی آرزو اور خواہشات کو پورا کر لیتے ہیں خواہ ان کی خواہشات ہو یا اور کوئی کامیابی کا راستہ ہو۔

یہ خط قاتل کے نشان کا ہے زیادہ واضح نہیں ہوتے جہاں خط دماغ اوپر کی طرف مڑ جائے یا اس کا رخ دل کے خلاف ہو جائے تو اس صورت میں وہ خط جو قاتل کی نشانی ہے اپنا اثر نہیں دکھاتا۔ بعض آدمیوں کے ہاتھوں پر بے شمار موٹے موٹے خطوط ہوتے ہیں جہاں پر کہ بڑے بڑے خطوط یعنی خط دماغ، خط دل، اور خط زندگی آپس میں الجھے ہو جائیں تو یہ ظاہر کریں گے کہ اس شخص پر زبردست خطرہ ہے یا اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کا کوئی بڑا دشمن اس کی موت کا باعث ہوگا۔ ایسی حالت میں وہ کبھی پنپتا ہوا نظر نہیں آتا۔ ایسی حالت میں اکثر دیکھا جاتا ہے کہ وہ کوئی ایسا جرم کر گزرے گا جس کی وجہ سے اس کا سر قلم کر دیا جائے گا۔

خط دماغ کی تشریح:- خط دماغ یا خط عقل ایک بہت ہی ضروری نشانی ہے جو ہاتھ پر پائی جاتی ہے۔ خط دماغ کپاس کی سوئی کی طرح ہوتا ہے اس لائن سے صحیح صحیح نتیجہ اخذ ہو سکتا ہے مسالم آغاز میں جلدی سے اکثر غلطیاں ہو جایا کرتی ہیں۔ میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ طلباء اس طرح غلطی کر جاتے ہیں۔ وہ سب سے پہلے خط کامیابی کو دیکھتے ہیں اور یہ معلوم کرتے ہیں کہ ان کی قسمت کیسی ہے اور وہ اس وقت خط دماغ جو کہ مرہم سا ہوتا ہے اس کو بالکل نظر انداز کر دیتے ہیں جس سے کہ کامیابی کی بابت بہت کچھ معلوم ہو سکتا ہے۔ اس طرح اور بھی بہت سی لائنیں ہیں جو کہ کامیابی ظاہر کر دیتی ہیں۔

اگر طالب علم اس وقت اپنے دوسرے ہاتھ کے خط دماغ پر نظر ڈالے تو وہ اس قابل ہو جائے گا کہ وہ کامیابی کی بابت معلوم کر سکے۔

ذہانت اور دماغی طاقت سے کامیابی دور نہیں۔

زمانہ گزرتا جاتا ہے اس طرح انسان کے خیالات اور اس کی عقل میں بھی اختلاف پیدا ہو جاتا ہے عقل بڑھتی جاتی ہے سمجھ کا مادہ زیادہ ہوتا جاتا ہے یہ تمام اختلافات انسان کی عقل اور اس کے خیالات کے ذریعہ ہوتے ہیں۔

بعض لڑکے دس سال کی عمر سے لے کر ۲۰ برس کی عمر تک کچھ غور ہی نہیں کرتے تو ان کی تمام زندگی میں انقلاب پیدا ہو جاتا ہے اور ترقی کی راہ پر آ جاتے ہیں اور بعض لڑکے جب ان کی عمر دس سال کی ہوئی انہوں نے غور کرنا شروع کیا تو اختلاف بھی شروع ہو گیا۔ خط دماغ میں بھی تبدیلی ہو گی اور ۲۵ سال کی عمر سے پہلے اس کے اختلاف اور ترقی کا زمانہ آ جاتا ہے۔

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس سے مستقبل کا حال تو ضرور معلوم ہو سکتا ہے مگر اچھی طرح توجہ اور دھیان کی ضرورت ہے۔

خط دماغ یا خط عقل ایک زبردست سبق ہے ہر طالب کے لئے یہ ایک ضروری لائن ہے زبردست توجہ اس پر دینی چاہیے اگر تم اس پر زیادہ دماغی طاقت صرف کرو گے تو جلد کامیاب ہو جاؤ گے۔

اگر دونوں ہاتھوں کا اچھی طرح موازنہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ بائیں ہاتھ کے نشانات پیدائشی ہیں اور دونوں ہاتھوں کے نشان زندگی کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ دونوں ہاتھوں کا ذرا سا فرق بھی اچھی طرح دیکھنا چاہیے اور اس کو خوب یاد رکھنا چاہیے۔ دونوں ہاتھوں بڑے غور و فکر اور توجہ سے مقابلہ کرنا چاہیے ہر ایک لائن کا کسی نہ کسی جگہ پر خاتمہ ضرور ہوتا ہے انہیں ہاتھوں سے اپنی ہر قسم کی ضروریات کی بابت معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

خط دماغ کے ذریعہ دوسری باتیں بھی معلوم ہو سکتی ہیں مثال کے طور پر اگر تمہاری لائن نیچے جا کر بائیں ہاتھ پر ختم ہو جائے اور دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر سیدھی چل کر اس کو قطع کرے۔ ایسی حالت میں طالب علم گھبرا جائے گا اور وہ حیران ہوگا کہ آگے کے حالات کیونکر معلوم کرے؟ ایسی حالت میں اس لائن کو چھوڑ کر اپنے دماغ سے کام لے اور دوسرے خطوط کے ذریعے جو کچھ ہو سکے معلومات حاصل کرے پھر اس معلومات کی مدد سے آسانی سے اندازہ لگا لے۔

طالب علم کو یہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے اس میں اوائل عمر ضرور صرف کر دینی چاہیے کیونکہ خطوط کا بہت جلد علم نہ ہوگا۔ خط دماغ صرف تین جگہ آتا ہے۔

(۱) خط زندگی کے نیچے کی طرف (۲) خط زندگی سے ملا ہوا (۳) خط زندگی سے اوپر۔

اگر خط دماغ زیادہ روشن اور صاف ہو تو یہ بھی اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ شخص اچھی عقل کا مالک ہے اور کاروبار خوب کر سکتا ہے اگر وہ جھکا ہوا ہو تو وہ شخص افسانہ نگار، ماہر مصور اور اعلیٰ قابلیت کا مالک ہوگا۔

تکمیلی حالت اخر ن(؟) کے لیے مینڈک یا امرود کی بڑی کتاب منگوائیں

بارہ گھروں میں نوگرہ کا مختصر پھلادیش

خانہ جات	سورج	چندرماں	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہو کیتو
خانہ اول	فکر طبیعت میں رنج خرچ کی زیادتی	دشمن لابھ اور کوئی خوشی کا موقعہ ملے	دردسر آنکھوں میں تکلیف دل کو رنج و غم	دلیری و خوشی کا سکھ آسائش آرام	ترقی ہنر حصول علم کا شوق مذہبی دلچسپی	راگ رنگ کا شوق دشمن کا ناش	جسم کو تکلیف تند مزاج۔ دل کو رنج	جسم کو تکلیف خرچ زیادہ دل کو رنج
خانہ دوم	مال دولت کی طرف فکر اور خرچ زیادہ	روزگار بہتر، تجارت سے فائدہ ہو	آمدن کم و خرچ زیادہ جسم روگی	زر و مال کی ترقی اور ہر طرف فائدہ	زر و مال کی بہتری سواری کا سکھ	دولتمند ترقی روزگار ہر طرح سے فائدہ	خرچ کی ترقی لابھ کم اور نقصان	دشمن کا نقصان آمدن کم اور خرچ زیادہ
خانہ سوم	جانور محبت دشمن۔ دل کو خوشی آرام ملے	جسمانی آرام بھائی سے محبت اور خوشی ہو	بھائیوں کا سکھ صاحب تدبیر و اقبال مند ہو	بھائیوں اور مخالفوں پر غالب رہے۔	بدرجہ اوسط فائدہ بھائیوں کی طرف سے اتفاقی	بھائیوں کا سکھ دشمنوں پر فتحیابی اور غالب رہے	بھائی سے خوشی روزگار میں فائدہ صحت اچھی	تندرستی اور فائدہ روزگار بھائیوں سے سکھ، خوشی لابھ
خانہ چہارم	والدین سے رنج تکلیف دوستوں سے جھگڑا	گروش زمانہ اور لڑائی جھگڑا و تکرار پیدا ہوں	والدین سے رنج تکلیف دوستوں سے تنازعہ	والدین سے رنج اور بگاڑ پیدا کریگا دشمن کا خرچ بڑھیگا	خویش و اقارب بگاڑ ہر کام میں نقصان۔	والدین سے رنج و دشمن سے خوف زر کا نقصان	خوف دشمن لڑائی جھگڑا والدین سے رنج تکلیف	خوف دشمن والدین سے رنج لڑائی جھگڑا ہوگا۔
خانہ پنجم	اولاد سے رنج پہنچے مگر عقل کی ترقی ہو۔	بدرجہ اوسط فائدہ دشمن کا سکھ، گھر میں ماتم کی	زر کا خرچ کاروبار میں ہانی، اولاد سے رنج ہو	اولاد کی خوشی عزت کی ترقی اور اقبالمند ہو	اولاد کا سکھ اور خوشی شوہر کی طرف سے بہتری	اولاد کا سکھ کشائش رزق اور آرام ملے	اولاد کی طرف سے خوف دل کو فکر و رنج ہو	اولاد کی طرف سے رنج اور فکر و تکلیف پیدا ہو۔
خانہ ششم	دشمن کا ناش دلکو راحت اور کوئی خوشی ملے	دشمن کا خوف گردش میں مبتلا اور لڑائی جھگڑا	دشمن کا ناش دل کو خوشی ترقی رزق مرتبہ بلند	دشمن کا ناش اور بیماری کی شکایت رہے۔	خوف دشمن جسم کو تکلیف درد کمر کی شکایت۔	خوف دشمن دل کو رنج اور زر کا نقصان ہو	دشمن کا ناش دل کو خوشی حب مراد کامیابی	دشمن کا ناش دل کو خوشی اور آرام ملے۔
خانہ ہفتم	آزار کم عورت کو تکلیف اور دل کو رنج	بہتر روزگار خوشی کامیابی عورت سے محبت	عورت سے رنج تکلیف دلی۔ امیدوں میں کامیابی	عورت سے محبت و بہتر روزگار اور کشائش	عورت کا سکھ اور ہر طرح سے نئے کام میں فائدہ	عورت کا سکھ بہت محنت سے فائدہ لابھ	عورت سے رنج غم اور تکلیف ملنے کا خوف	عورت سے رنج و تکلیف اور گفتگو تنازعہ ہو۔
خانہ ہشتم	جسم کو تکلیف بیماری اور جدائی	ہر کام میں تکلیف خوف آزار کلیش	جسم کو کلیش دردسر اور دلکو رنج	جسم کو تکلیف اور بخار کی شکایت۔	شریر کو تکلیف اور فکر اندیشہ	طبیعت کو فکر کلیش غم اور درد	آزار غم اور تکلیف میں مبتلا	شریر کو کلیش امراض بادی و بواسیر
خانہ نہم	بدرجہ اوسط روزگار اور سفر دھرم میں توجہ کم کرے	دلی مراد حاصل ہو اور دھرم کرم میں توجہ بڑھے	بیماری سوز دلکو غم اور دھرم کرم میں توجہ کرے	قسمت یار اور روزگار اچھا۔ دھرم میں توجہ رہے۔	دوستوں سے ملاپ روزگار کی بہتری نیک کام میں توجہ	روزگار کی بہتری عبادت اور نیک کام میں توجہ ہو	بدرجہ اوسط فائدہ دھرم میں توجہ کم اور خرچ زیادہ ہو	کھوٹے کرموں میں رغبت اور کینے خیالات پیدا ہوں۔
خانہ دہم	کشائش رزق راج دربار سے فائدہ	زر و مال کی ترقی راج دربار سے فائدہ	تکلیف دور ہو۔ روزگار میں ترقی	عزت و مرتبہ بلند راج دربار کامیابی	مرتبہ زیادہ دشمن ناش اور کامیابی	دشمن سکھ و راج دربار میں عزت	دلی مراد حاصل ہو اور مرتبہ زیادہ	بدرجہ اوسط فائدہ مگر سفر اور رنج۔
خانہ گیارھواں	دشمنوں کا ناش اور ہر طرح سے فائدہ ملے	حسب المراد کامیابی اور کاروبار میں فائدہ	ہر طرح فائدہ ترقی روزگار حسب المراد کامیابی ہو	ترقی روزگار ہر طرح سے فائدہ اور آرام ملے	ترقی اور مرتبہ بلند حسب المراد کامیابی۔	دشمن لابھ صاحب تدبیر اور مرتبہ بلند	ترقی روزگار کی مرتبہ اور اقبال مند ہو۔	صاحب مرتبہ ترقی روزگار اور ناموری پیدا کرے
خانہ بارھواں	امراض چشم۔ دشمن کا نقصان اور خرچ بڑھے	دل کو مایوسی اور زر کا نقصان ہو سفر پڑے۔	جسم کو تکلیف خرچ کی زیادتی دشمن اور رنج	دشمن کا نقصان اور خرچ کی زیادتی رہے۔	شریر کو کلیش اور تکلیف خرچ زیادہ	زر کا نقصان خوف دشمن اور دلکو رنج	شریر کو تکلیف اور دشمن کا نقصان	روزگار کا نقصان بیماری اور دشمنی پیدا کرتا ہے۔

دشا شول وچار

مندرجہ ذیل واروں اور نچھتروں میں ان کے سامنے والی دشا میں سفر کرنے سے دشاشول کا دوش لگتا ہے۔ ان دنوں سفر کرنے سے ناقص حالات پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ بہت ضروری ہونے پر اس وار کے متعلق چیز کو کھانے سے دشاشول کچھ حد تک دور ہو جاتا ہے۔ جیسے اتوار کو گھی سوموار کو دودھ کھیر۔ منگلوار کو گڑ بدھ وار کو تل و تل دیروار کو دہی شکروار کو کچا دودھ یا جون سنیچروار کو ماش (اڑد) کو کھا کر اس دشا میں سفر کرنے سے دشاشول نہیں رہتا ہے۔

نقشہ دشاشول و نچھتر شول

نام وار	دشاشول	نچھتر خاص میں دوش
سنیچروار	مشرق (پورب)	جیشٹا
منگلوار۔ بدھوار	شمال (اتر)	اترا پھالگنی
ویروار	جنوب (دکن)	پوروا بھادرپدا
شکروار۔ اتوار	مغرب (پچھم)	روہنی
بدھ وار۔ سنیچروار	شرق شمال (پورب اتر)	جیشٹا۔ اترا پھالگنی
بدھوار۔ اتوار	شمال۔ مغرب از پچھم	اترا پھالگنی
سوموار ویروار	جنوب۔ مشرق۔ دکن۔ پورب	جیشٹا۔ پوروا بھادرپدا
ویروار شکروار	جنوب۔ مغرب۔ دکن۔ پچھم	روہنی۔ پوروا بھادرپدا

گھوڑے دوڑ میں ہار جیت کا سوال

گھوڑا دوڑ میں عموماً پانچ رنگ کے گھوڑے ہوتے ہیں۔ سفید سرخ زرد۔ ابھرنا اور کالا۔ دوڑ کے وقت آپ پانچوں رنگوں کی گولیاں بنالیں اور دوڑ کے وقت ایک گولی نکال لیں۔ جس رنگ کی گولی نکلے اسی رنگ پر بازی کا عنصر غالب رہے گا۔ دوسری ترکیب میں جس وقت پر جس ستارے کی ساعت ہو گی اس رنگ کا گھوڑا نکلے گا۔ اور وہی دوڑ میں غالب رہے گا۔

سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت
سورج	اتوار	سرخی	بدھ	بدھوار	ابھرنا	شکر	شکروار	سفید
چندر	سوموار	سفید						
منگل	منگلوار	سرخ	برہسپت	ویروار	پیلا	سنیچر	سنیچروار	کالا

میری قسمت آج کیسی ہے

اگر کوئی ایسا سوال کرے کہ میری قسمت آج کیسی ہے تو ایسے پرشن میں سائل کے نام کے حرف شمار کر لو اور اس وقت چندرماں کو دیکھو کہ کس راشی میں ہے جس راشی میں چندرماں اس وقت پڑا ہو۔ اس کے اعداد حسب نقشہ اعداد راشی اور یوم کے اعداد جو نقشہ اعداد یوم میں لکھے گئے ہیں۔ لے کر جمع کر لیں۔ بعد ازاں ۱۲ اعداد قانون کے اس میں اور زیادہ کر دیں اور پھر کل مجموعہ کو ۷ پر تقسیم کریں۔ اور اگر باقی ایک یا تین یا پانچ رہیں تو تمہارا طالع ابھی گردش میں ہے۔ اگر ۲ یا ۴ رہیں تو نحوست گزر گئی۔ تھوڑے دنوں میں تمہاری دلی امید بر آئیں گی۔ اگر ۶ رہیں تو تمہارے دل کو وہم نے خراب کیا ہوا ہے اگر باقی صفر رہے تو تمہاری قسمت آج کل اچھی ہے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالو گے اس میں نقصان اٹھاؤ گے اگر یقین نہ ہو تو دیکھو تمہارے سر میں زخم کا نشان ہے۔

چاروں یگوں کا بیان

چار یگ ایک بار گذر جانے پر برہما کا ایک دن ہوتا ہے۔ انہی دنوں کے پرمان سے برہما کی آیو سو برس کی ہوتی ہے۔ اس وقت برہما کی آیو پچاس برس گذر کر ۵۱ برس کے پہلے دن کا طلوع ہو کر ۱۳ گھڑی ۲۳ پل ۳ پل ۲۳ پرتی وپل گذر چکے ہیں۔ برہما کے ایک دن میں ۱۴ منو ہوتے ہیں اور ایک منو میں ۷۱ مہا یگ ست یگ ہوتے ہیں۔

کارتک شدی نومی بدھوار کو پہلے شرون نچھتر بردھی یوگ میں ست یوگ کا آغاز ہوا۔ اس کی عمر ۱۷۲۸۰۰۰ برس کی تھی۔ اس میں شری وشنو۔ متسیہ۔ کورم۔ وراہ اور نرسنگھ یہ چار اوتار ہوئے۔ متسیہ نے ویدوں کے چور شنکھاسُر کو مار کر برہما کو وید لا کر دیئے وراہ نے جل اودھار کیا۔ کورم نے پرتھوی کی رکھشا کی اور نرسنگھ ہرنیہ کشپ کو مارا۔ اس یگ میں منشیہ کی اوسط عمر ایک لاکھ سال تھی۔ بالک اوستھا دس ہزار سال اور شریر کی لمبائی ۲۱ ہاتھ تھی۔ چھ ۲۰ دوشوے تھے اس میں سورج گرہن بھی ۲۰ ہزار ہوئے۔

تریتا یُگ

بیساکھ شدی تیج سوموار کے دوسرے پہر روہنی نچھتر شوبھن یوگ میں تریتا یگ کا آغاز ہوا۔ اس کی عمر ۱۲۹۶۰۰۰ برس تھی اس یگ میں تین اوتار وامن پرشورام اور رام چندر جی ہوئے ہیں۔ وامن جی نے راجہ بلی سے تین پیر پرتھوی دان لے کر تین پیر میں جاپ کیا اور بعد میں راجہ کو پاتال کا راجیہ دیا۔ پرشورام نے گھمنڈی شتری راجاؤں کو مار کر برہمن راجیہ قائم کیا اور رام چندر جی نے راون کو مارا۔ اس میں منش کی پورن آیو دس ہزار سال اور بالک اوستھا ایک ہزار برس تھی۔ اس میں چھ ۱۵ اور دوشوے ۵ تھے۔ شریر کی لمبائی ۱۴ ہاتھ تھی سونے کا برتن چلتا تھا اس میں سورج گرہن ۲۰ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۰ ہزار ہوئے ہیں۔

دواپر یُگ

ماگھ بدی اماوس شکروار تیسرے پہر دھنشٹا نچھتر وریان یوگ میں دواپر یگ کا آغاز ہوا۔ اس کی آیو ۸۶۴۰۰۰ برس تھی اس میں بھگوان کرشن اور شری بلدیو نے دشٹوں کا ناش کر کے دھرم کا ادھار کیا۔ اس میں پورن آیو ایک ہزار سال اور بالک اوستھا ۱۰۰ سال تھی جسم کی لمبائی سات ہاتھ اس میں چھ ۱۰ اور پاپ ۱۰ دوشوے تھا اس میں سورج گرہن ۲۴ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۶ ہزار ہوئے۔

کل یُگ

بھادوں بدی ترودشی اتوار آدھی رات کے وقت اشلیشا نچھتر تپات یوگ میں کل یگ کا آغاز ہوا۔ اس کی آیو ۴۳۲۰۰۰ برس کی ہے اس میں دو اوتار ہونے والے ہیں ان میں بدھ اوتار تو ہو چکے ہیں۔ جنھوں نے اہنسا کا پرچار کیا۔ منش کی آیو ۱۲۰ سال اور بالک اوستھا ۱۰ سال ہے شریر کی لمبائی ۳1/2 ہاتھ ہے اس میں چھ ۵ اور پاپ ۱۵ دوشوے ہے۔ اس میں ۳۶ ہزار سورج گرہن و چندر گرہن ہوں گے اس یگ میں گنگا تیرتھ پردھان ہو گا۔ تانبے اور لوہے کا سکہ چلے گا۔ راجیہ شاسن میں دھرم کا نام نہیں ہو گا۔ لوگوں میں پاپ ورتی اور بھر شٹاچار کی بڑھوتی رہے گی۔

اعداد یوم

نام وار	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار
اعداد	۵	۲۱	۱۳	۹	۸	۳	۱۱

علم ہندسہ کے ذریعہ اپنی قسمت معلوم کرنا

جن لوگوں کو اپنی پیدائش کا صحیح وقت، تاریخ یا سن وغیرہ معلوم نہ ہو تو وہ لوگ علم ہندسہ یعنی مول انک کے ذریعہ اپنے مقدر کا حال جان سکتے ہیں۔ نام راس اور نام کے اکھروں کی بنا پر اپنا مول انک جان کر چھپی ہوئی اپنی قوت (گنوں) کا صحیح طرح سے پتا لگایا جاسکتا ہے۔ اسی کے مطابق زندگی میں کامیابی حاصل کرسکتے ہیں۔ مول انک جاننے کے لئے دو تین طریقہ استعمال میں لائے جاتے ہیں ان میں سب سے آسان طریقہ انگریزی زبان کی بنا پر مول انک معلوم کرنا ہے۔

1	2	3	4	5	6	7	8	9
S	T	U	V	W	X	Y	Z	R
J	K	L	M	N	O	P	Q	I
A	B	C	D	E	F	G	H	

مثال کے طور پر اگر کسی کا نام راکیش کمار ہے تو اس کا مول ہندسہ اس طرح سے ہوگا۔

RAKESH KUMAR

RAKESH = 9+1+2+5+1+8 = 26 = 2+6 = 8

KUMAR = 2+3+4+1+9 = 19 = 1+9 = 10 = 1

8+1 = 9 مول ہندسہ (انک)

اس طرح راکیش کمار کا مول انک (ہندسہ 9 ہوگا) اسی سے اپنے نام کا مول انک جان سکتے ہیں۔

مول انک (۱) والے شخص

اس ہندسہ کی نمائندگی کرنے والا سورج (آفتاب) ہے۔ یکم ہندسہ والے شخص پکے ارادے، آزاد خیال اور اپنے اصول اور وقار پر قائم رہنے والے ہوتے ہیں۔ اپنے حق کو حاصل کرنے کی خواہش ہوتی ہے کسی دوسرے شخص کی سختی برداشت نہیں کرسکتے ہیں۔ انک یکم والوں کو اتوار، منگلوار، شکروار اور سوموار مبارک دن ہوتے ہیں۔ پیلا اور سنہری رنگ خاص طور پر مفید رہتے ہیں۔ زندگی کے ۱۳۔۱۹۔۲۲۔۲۸۔۳۱۔۴۹۔۵۸ ویں سال خاص اہمیت والے ہوتے ہیں۔ ان اشخاص کو آنکھوں، گلے، خون اور پیٹ وغیرہ امراض کا ڈر رہتا ہے۔

مول انک دوئم (۲) کا پھل

اس انک کا مالک چندرماں ہے اس انک والے شخص یکم انک والے آدمیوں کی نسبت شانت مسرت والے ہوتے ہیں۔ خیالوں میں کھوئے رہنا ادب سے لگاؤ، آرٹ اور خوب صورتی کو چاہنے والے اور لکھنے پڑھنے کے کاموں میں دلچسپی رکھنے والے ہوتے ہیں۔ سوموار اور شکروار ان کے لئے خاص مفید ہوں گے۔ سفید رنگ ٹھیک رہے گا۔ زندگی کے ۲۵۔۳۱۔۳۴۔۷۔۳ اور ۴۳ سال میں خاص واقعات پیش آئیں گے۔ انکو سوموار، منگلوار اور شکروار مبارک ہوں گے۔

مول انک سوئم (۳) کا پھل

اس انک کا مالک برہسپت ہے اس انک والا شخص دھارمک۔ ایماندار، دیانتدار، دیالو دھارمک اور اچھے کام کرنے والا ہوگا۔ ان کے لئے ویروار، اتوار اور سوموار مبارک ہوتے ہیں۔ قانون اور قاعدے کے پکے واعظ تعلیم محنتی اور رہنمائی کرنے میں ہوشیار ہوتے ہیں۔ ان کے لئے منگلوار، ویروار اور پیلا رنگ اچھا ہے۔ زندگی کے ۳۰۔۸۳ اور ۳۵ ویں سال خوش نصیبی والے ہوتے ہیں۔

مول انک چہارم (۴) کا پھل

اس کا ستارہ منگل ہے، اس انک والے شخص نئی نئی چیزوں کے موجد ہوشیار، محنتی بلند خیالات، تیز سمجھ اور زندگی میں جدوجہد کرنے والے ہوتے ہیں۔ دولت زیادہ جمع نہیں کرپاتے۔ ۴۔۱۳۔۲۲۔۴۔۵۸ اور ۵۹ ویں سال بھاگیہ میں ترقی کرنے والے ہوں گے۔ سنیچر، اتوار اور سوموار شبھ دن ہیں نیلم پتھر خاص مفید رہے گا۔

مول انک پنچم (۵) کا پھل

اس کا مالک بدھ ہے اس انک والے شخص پھرتی سے کام کرنے والے جلد باز بیوپار اور اپنے کام میں ترقی کرنے والے اور چنچل من کے ہوتے ہیں۔ ہر طرح کے ماحول میں داخل جاتے ہیں اہم سال ۱۵۔۲۵۔۳۴۔۴۱۔۵۱۔۵۷ ہوتے ہیں۔ بدھوار اور شکروار کا دن اور سفید، ہرا رنگ خاص طور سے مفید رہتا ہے۔ پنا پتھر دھارن کرنے سے فائدہ ہوگا۔

مول انک ششم (۶) کا پھل

اس انک والے شخص سنگیت، فوٹوگرافی، مصوری اور خوبصورتی کو چاہنے والے اصول پسند اور خیالات میں گم رہتے ہیں۔ کسی دوسرے کے ماتحت رہنا پسند نہیں کرتے۔ منگل۔ جمعرات اور جمعہ کے دن اور نیلا گلابی رنگ شبھ ہے۔ اپنی قابلیت سے پیسہ کمانا جانتے ہیں۔ زندگی کے ۱۵۔۲۴۔۳۳۔۴۲ اور ۵۱ ویں سال قسمت کو بدلنے والے ہوتے ہیں۔

مول انک ہفتم (۷) کا پھل

اس انک والے شخص کے نمایاں گرہ چندرماں اور نیپچون ہیں۔ ایسے بھاوک رد و بدل کرنے کے شوقین نئی نئی جگہوں پر گھومنا پسند کرتے ہیں۔ تنتر اور جادو ودیا، آزاد خیالات، وقار والے اور خوبصورت کو جاننے والے ہوتے ہیں عام طور سے مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سوموار، اتوار کے دن اور ہرا رنگ مبارک ہے۔ ۱۶۔۲۶۔۳۴۔۴۲۔۵۱ اور ۶۱ ویں سال بھاگیہ میں تبدیلی والے ہوتے ہیں۔

مول انک ہشتم (۸) کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ شنی ہے ایسے اشخاص اپنے میں مگن رہنے والے بیوپار کرنے میں ہوشیار، دوراندیش ہوتے محنتی اور پکے ارادے والے ہوتے ہیں اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لئے ہر ممکن ذریعہ (واجب اور غیر واجب) کا خیال کئے بنا اپناتے ہیں۔ جدوجہد پسند، دوراندیش اور گہرے علم والے ہوتے ہیں۔ گیس کے روگ سے پریشان ہوں۔ سوم وار، سنیچر وار اور گہرا نیلا رنگ پر خاص طور سے متعلق رہتے ہیں۔ زندگی کا ۲۶۔۳۳۔۳۵۔۴۴ اور ۵۳ ویں سال بھاگیہ میں ترقی اور خوشحالی کے ضامن ہوں گے۔

مول انک نہم (۹) کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ منگل ہے۔ یہ شخص صاف گو، خوددار ہوتے محنتی۔ تیز مزاج مگر رحمدل ہوتے ہیں۔ تمام زندگی جدوجہد میں گذرتی ہے۔ خون میں خرابی کا اندیشہ رہتا ہے۔ شکروار، منگلوار اور ویروار کے دن مبارک اور لال، گلابی رنگ خاص طور سے موافق ہوتے ہیں۔ کوزہ تا ترک دنیا میں خاص دلچسپی ہوگی۔ زندگی کے ۷۔۳۱۔۳۶۔۴۵ اور ۶۳ ویں سال خاص طور پر زندگی میں ترقی لانے والے ہوتے ہیں۔

حروف کاری کے لئے انک ودیا (Nemerology) کتاب منگوائیں۔ قیمت 40/-

آپ کی زندگی اور رنگ

جس طرح رتنوں میں مبارک اور خوشحال بنانے کی خوبی ہوتی ہے۔ اسی طرح کچھ خاص رنگوں کا بھی انسانی زندگی پر ضرور اثر پڑتا ہے۔ یہ سارا نظارہ ہی رنگوں کا ایک میلہ اور خوبصورت چمن ہے۔ پانی جیسی کچھ گنی چنی ہی چند ایک چیزیں ہوں گی جن کا اپنا اصلی رنگ نہ ہو۔ جن جن چیزوں میں ان کو ڈالا یا ملایا جاتا ہے۔ ان ان چیزوں کے رنگ اختیار کر لیتی ہے۔

نظارہ میں چھ رنگ اہم ہیں۔

۱۔ کالا ۲۔ نیلا ۳۔ ہرا ۴۔ پیلا ۵۔ سفید ۶۔ لال ان کے علاوہ کتھئی، گیروا، جامنی وغیرہ رنگ بھی دکھائی دیتے ہیں۔ لیکن یہ سبھی اوپر بتائے ۶ رنگوں میں سے کسی دو رنگوں کا ملا کر تیار کئے جاتے ہیں۔ ہر ایک رنگ کی خوبی کیا ہے اس کے مفصل بیان مندرجہ ذیل ہیں۔

<u>کالا</u>۔ جن کا بھاگیہ انک ۹ ہو گا ان کے لئے کالا رنگ فائدہ مند ہے۔ ایسے آدمیوں کو کالا رنگ کے کپڑے ضرور پہننا چاہیے۔ مبارک تاریخیں ۹، ۱۸ اور ۲۷ ہیں۔ کم سے کم ان تاریخوں پر تو کالے کپڑے ضرور پہنیں۔ کالے رنگ کے پھل کھائیں۔ ۶ انک والے آدمیوں کے ساتھ کسی طرح کا میل نہ رکھیں۔

<u>نیلا</u>۔ جن کا بھاگیہ انک ۳ آتا ہے ان کے لئے نیلا رنگ فائدہ مند ہے نیلا رنگ کا کمبل تو ضرور پہنیں۔ انہیں ۳، ۱۲، ۲۱ اور ۳۰ ان مبارک تاریخوں پر تو نیلے رنگ کے کپڑے ضرور پہننا چاہیے۔ نیلے رنگ کی سیاہی کا استعمال کریں۔ نیلے رنگ کی مٹھائی کھائیں دیوتا کو نیلے رنگ کے پھول چڑھائیں۔ ۹ بھاگیہ انک والے آدمیوں سے میل جول نہ رکھیں ان کو شنی کے رتن کا استعمال کرنا بھی فائدے مند رہے گا۔

<u>ہرا</u>۔ جن کا جنم انک ایک ہے ان کے لئے ہرا رنگ فائدے مند رہے گا۔ ان کی مبارک تاریخ ۱، ۱۰، ۱۹، ۲۸ ہے۔ ان تاریخوں پر ہرے رنگ کے کپڑے ضرور پہنیں۔ ہری بھاجی، ہرے رنگ کے پھل کھائیں۔ ۷ بھاگیہ انک والے آدمیوں کے ساتھ میل جول نہ رکھیں کامیابی حاصل نہیں ہو گی۔ پنا رتن کا استعمال کریں۔ دولت ملے گی اور کاروبار میں برکت ہو گی۔

<u>پیلا</u>۔ جن کا بھاگیہ انک ۴ آتا ہے ان کے لئے پیلا رنگ فائدہ مند ہے۔ پیلے رنگ کے کپڑے پہنیں ۴، ۱۳، ۲۲ ان کی مبارک تاریخیں ہیں۔ ان دنوں پیلے کپڑے ضرور پہنیں۔ جن کے بھاگیہ انک ۱ ہے ان کے ساتھ میل جول نہ رکھیں۔ پکھراج رتن کا استعمال کریں۔

<u>سفید</u>۔ جن کا بھاگیہ انک ۸ ہے ان کے لئے سفید رنگ فائدہ مند ہے ۸، ۱۷، ۲۶ مبارک تاریخ میں سفید کپڑے ضرور پہنیں۔ دودھ چاول دہی کھائیں اچھدر موتی کی انگوٹھی پہنیں فائدہ ہو۔ جن کا بھاگیہ انک ۵ ہے ان لوگوں نے کسی طرح کا میل ملاپ نہ رکھیں بے عزت ہونا پڑے گا۔ انگوٹھی کے استعمال سے بڑا پن اور دھن بھی ملے گا۔

آپ کا بھاگیہ (نصیب) کب طلوع ہو گا؟

۱۔ بھاگیہ کا مالک دھن بھاؤ میں خزانے کے گھر کا مالک بھاگیہ کے خانے میں گیا ہو تو ۳۲ ویں سال کے بعد بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۲۔ بھاگیہ کا مالک بھاگیہ کے خانہ میں ہو۔ اور بدھ پر اوچیہ راشی میں گیا ہو تو ۳۶ ویں سال کے بعد بھاگیہ کا طلوع ہو گا۔

۳۔ برہسپت بھاگیہ کے مقام میں گیا ہوا ہے اور اس کا مالک کا کیندر (۱، ۴، ۷، ۱۰) میں ہو تو ۴۰ ویں سال میں بھاگیہ کا طلوع ہو گا۔

۴۔ بھاگیہ کا مالک سورج ہو تو ۲۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۵۔ بھاگیہ کا مالک چندرماں ہو تو ۲۴ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۶۔ بھاگیہ کا مالک منگل ہو تو ۲۸ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۷۔ بھاگیہ کا مالک بدھ ہو تو ۳۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۸۔ بھاگیہ کا مالک برہسپت ہو تو ۱۶ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۹۔ بھاگیہ کا مالک شکر ہو تو ۲۵ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۱۰۔ بھاگیہ کا مالک سنیچر ہو تو ۳۶ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۱۱۔ بھاگیہ کا مالک راہو ہو تو ۴۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

نوٹ۔ اوپر لکھے یوگوں کے علاوہ اپنی دشا۔ انتر دشا اور گوچر گرہوں کا خیال بھی کر لینا چاہیے۔

گرہوں کی دوستی ودشمنی کا بیان

کنڈلی میں جو گرہ جس استھان پر ہوتا ہے وہ اُس استھان سے دوسرے تیسرے چوتھے دسویں اور گیارہویں بارہویں جو گرہ ہوتا ہے وہ اُس کا تت کال متر ہوتا ہے اس کے برعکس دوسرے استھان میں جو گرہ ہوتا ہے وہ اس کا تت کال شترو کہنا چاہئے اگر کوئی گرہ تت کال متر ہوتا ہے نقشہ ذیل کے مطابق اُس کے گھر میں پایا جائے تو وہ ولی متر اس کا نہایت دوست کہلاتا ہے۔ اسی طرح شترو تت کال ہوتا ہے۔ اگر نقشہ میں شترو پایا جائے تو نہایت دشمن کہلاتا ہے۔ اگر متر ہو تو نہایت متر کہلاتا ہے۔

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
دوست گرہ	چندرماں منگل	سورج بدھ	سورج چندرماں برہسپت	سورج شکر منگل	سورج چندرماں منگل	سنیچر بدھ راہ	شکر بدھ راہ	سنیچر بدھ شکر	سنیچر بدھ شکر

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
مساوی گرہ	بدھ	شکر منگل برہسپت	شکر سنیچر	برہسپت سنیچر منگل	سنیچر راہ	منگل برہسپت	برہسپت	برہسپت	برہسپت
دشمن گرہ	شکر سنیچر راہ	راہ کیت	بدھ راہ	چندرماں	شکر بدھ	سورج چندرماں	سورج منگل چندرماں	سورج منگل چندرماں	سورج منگل چندرماں

گرہوں کی نظرات (دریشٹی) کا بیان

کنڈلی کے اندر جس جس گھر میں گرہ پڑے ہوتے ہیں وہاں سے تیسرے دسویں بھاؤ میں اُن کی چوتھائی درشٹی ہوتی ہے۔ پانچویں نانویں بھاؤ میں آدھی ساتویں بھاؤ میں پورن درشٹی بھی جاتی ہے چوتھے آٹھویں تین پاؤ ۳/۴ درشٹی جیوتش شاستر میں کہی ہے۔ برہسپتی جس گھر میں ہوتا ہے اُس گھر سے ترکون بھاؤ پانچویں نانویں خانہ میں اُس کو پورن درشٹی ہوتی ہے۔ شنی کی اپنے استھان سے تیسرے یا دسویں اور منگل چوتھے اور آٹھویں استھان میں پورن درشٹی کہی گئی ہے۔ اس کے علاوہ باقی سب گرہوں کی درشٹی تیز شنی منگل اور برہسپتی کی درشٹی بھی اپنے استھان سے ساتویں استھان پر پورن درشٹی مانی ہے۔

نام گرہ	سورج	چندرماں	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہو کیت
دیشٹی مقدار	-	-	-	-	-	-	-	-
خانہ سوم	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	پورن	۱/۴
خانہ چہارم	۳/۴	۳/۴	پورن	۳/۴	۳/۴	۳/۴	۳/۴	۳/۴
خانہ پنجم	۱/۲	۱/۲	۱/۲	۱/۲	پورن	۱/۲	۱/۲	-
خانہ ہفتم	پورن	[illegible] کال	کال	پورن	پورن	پورن	کال	پورن
خانہ ہشتم	۳/۴	۳/۴	پورن	۳/۴	۳/۴	۳/۴	۳/۴	-
خانہ نہم	۱/۲	۱/۲	۱/۲	۱/۲	پورن	۱/۲	۱/۲	-
خانہ دہم	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	پورن

شرف وہبوط سیارگان

شرف یعنی اوچ اور ہبوط یعنی نیچ سے متصور ہے۔ جو گرہ اپنی راشی یا خانہ شرف میں وقت مطلوب کے ہوتا ہے طاقتور اور بلوان ہوتا ہے اور شرہ نیک ظاہر کرتا ہے جو ستارہ خانہ ہبوط نیچ راشی میں واقع ہوتا ہے وہ ناطاقت اور کمزور ہوتا ہے اور اُس کے گھر کے منسوبات کو سمجھ پریشان کرتا ہے نقصان پہنچاتا ہے۔ گرہوں سے شرف وہبوط کا وچار نیچ ہے۔

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
شرف اوچ راشی	میکھ	برکھ	مکر	کنیا	کرک	مین	تلا	کنیا	مین
اوچ درجہ	۱۰ درجہ	۳ درجہ	۲۷ درجہ	۱۵ درجہ	۵ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ
ہبوط نیچ راشی	تلا	برچھک	کرک	مین	مکر	کنیا	میکھ	دھن	متھن
نیچ درجہ	۱۰ درجہ ۱۸	۳ درجہ	۲۸ درجہ	۱۵ درجہ	۵ درجہ	۲۷ درجہ	۲۰ درجہ	۳۰ درجہ	۲۲ درجہ

مکیت اور وبال سیارگان

کنڈلی میں گرہ پڑے ہیں ان کو دیکھنا چاہئے کہ وہ خانہ خود یا خانہ وبال یا اوچ نیچ راشی میں پڑا ہے۔ پس جو گرہ جس گھر کا مالک ہے۔ اس سے ساتواں گھر اُس کا وبال یعنی ناقص ہوتا ہے۔ جیسے سورج کا سنگھ راس اپنا گھر ہے سنگھ سے شمار میں ساتویں راس کنبھ ہے جو سورج کے لئے وبال راشی ہے۔ اس لئے اس میں ہبوط ستارہ مثل حیران اور بیقرار رہے اور جو برج جس ستارہ کا ہو وہ شرف ہوتا ہے۔ اس سے ساتواں گھر اس کا ہبوط یعنی نیچ ہے۔ جیسے سورج کا میکھ شرف ہے اور میکھ سے شمار میں ساتویں راس تلا ہے جو سورج کی ہبوط یعنی نیچ راشی ہے۔ پس اس طرح سے ہر ایک ستارہ کا اوچ نیچ اور خانہ وبال وغیرہ کو دیکھنا چاہئے۔

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیتو
خانہ بروج	سنگھ	کرک	میکھ برچھک	متھن کنیا	دھن مین	برکھ تلا	مکر کنبھ	متھن کنیا	متھن کنیا
خانہ وبال	کنبھ	مکر	تلا برکھ	دھن مین	متھن کنیا	برچھک میکھ	کرک سنگھ	دھن مین	دھن مین

ذہنی اور جسمانی تندرستی کیلئے یوگ اور پرانایام کی اہمیت

پرانایام کی مشق میں فائدے

پرانایام آجیات کی طرح مفید ہے۔ گھی دودھ پھل اور دیگر مقوی اغذیہ سے انسان کو اتنا فائدہ نہیں پہنچتا جس قدر پرانایام سے پہنچتا ہے۔ اس میں خرچ ایک پائی کا بھی نہیں ہوتا۔ اس کے کرنے سے فائدے بیشمار ہیں۔ پیٹ کے درد، بدہضمی کی شکایت اور کمی اشتہاء کا یہ دشمن ہے۔ کھانسی دمہ اور تپ دق اس کے نام سے دور بھاگتے ہیں۔ کمزوری بددلی اور سستی پرانایام کرنے والے کے پاس پھٹکتی نہیں ہے۔ پرانایام ریاضت اور روشن ضمیری کی برداشت طاقت ہے۔ اس کی روزانہ بلاناغہ مشق کرنے سے شاید امراض دور ہو جاتے ہیں۔ جسم بالکل تندرست ہو جاتا ہے۔ اگر تندرست آدمی کرے تو۔ اس کی عقل طاقت جلال اور عمر میں ترقی ہوتی ہے۔ یہ کم بھی کی بات ہے کہ اس کے کرنے سے کبھی بھی بڑا نقصان ہو جاتا ہے۔ پرانایا سے نقصان کی کسی حالت میں جرا سا بھی نہیں ہوتا۔ شری بھگوت گیتا میں لکھا ہے کہ دولت کی ماں عقل ہے۔ جس کی عقل جتنی ہی تیز اور صاف ہوگی اسی قدر علم اسی قدر دولت وہ شخص پیدا کریگا۔ اس عقل کو ظاہر کرنے والا جلا دینے والا پرانایام کی طرح کا دوسرا کوئی طریقہ نہیں ہے۔ اس لئے انسان اور کچھ کرے یا نہ کرے لیکن پرانایام ہر ایک آدمی کو روزانہ ضرور کرنا چاہئے۔

پرانایا یعنی ضبط انفاس کی مشق

علم نفس کو پرانایام یعنی مشق ضبط انفاس بھی کہتے ہیں۔ شخصی مقناطیس یا بسی کرن کی طاقت حاصل کرنے کا یہ ایک نہایت اعلےٰ اور زبردست طریقہ ہے۔ اس مشق میں اعصاب کی مکمل صفائی ایک ماہ یا اس سے کچھ زیادہ عرصہ میں ہونے لگتی ہے۔ پانچ یا چھ ہفتے کی مشق کے بعد جسم ہلکا معلوم ہونے لگ جاتا ہے۔ سستی اور کاہلی دور ہو جاتی ہے۔ ہر عضو میں چستی آ جاتی ہے۔ بشاشت دل میں مسکن بنالیتی ہے۔ اور جسمانی حالت میں ایک انقلاب عظیم واقع ہو جاتا ہے۔ اس مشق میں بعض مرتبہ ایسا بھی معلوم ہونے لگتا ہے کہ بڑی عمدہ خوشبو کسی طرف سے آ رہی ہے۔ حالانکہ خوشبو کا کہیں وجود بھی نہیں ہوتا۔ اسکی مشق سے انسان کو دوسرے کے دل کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔ جس کی خبر خود اس کی جات کو نہیں ہوتی۔ اس کی بدولت آپ تمام دنیا کو اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں۔

پرانایام میں ضروری باتوں کی پابندی

پرانایام کی مشق میں جس کے لئے گھی دودھ وغیرہ طاقتور چیزوں کے کھانے کا مناسب انتظام نہ ہو۔ اس کو بہت زیادہ پرانایام نہ کرنا چاہئے کیونکہ پرانایام سے آکسیجن نامی ہوا اندر جاتی ہے۔ جو سائنس دانوں کے اصول کے مطابق آگ کا جزو ہے۔ یہی ہوا حرارت کو تیز کرتی ہے۔ یہی ہوا سب امراض کو دور کر دیتی ہے۔ اس عمل میں اگر گھی دودھ نہیں کھایا جائیگا تو پرانایام سے سر درد وغیرہ خشکی کی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس سادھن میں ایک بات اور بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ داہنے نتھنے سے نکلا ہوا سانس گرمی پیدا کرتا ہے۔ اور بائیں طرف سے سردی کی حرارت پیدا ہوتا ہے۔ اس لئے جس وقت گرمی زیادہ معلوم ہو تو داہنے نتھنے سے سانس کھینچ کر بائیں طرف نکال دینا چاہئے۔ اگر سردی زیادہ ہو تو بائیں سے کھینچ کر داہنے نتھنے سے خارج چاہئے۔ منہ کے ذریعہ سے بھی سانس باہر نکال دینا اچھا ہے۔ لیکن کھینچنا ہمیشہ ناک کے ذریعہ اچھا ہوتا ہے۔ کیونکہ ناک کے چھیدوں میں جھلی ہے۔ جس میں سے ہوا چھن کر اور صاف ہو کر اندر پہنچتی ہے۔ جو ہوا ہمارے اندر بھری رہتی ہے۔ وہ گندہ ناصاف بیماری پیدا کرنے والے اور بالکل نقصان دہ ہوتی ہے۔ اس کو باہر نکال دینا اور صاف ہوا جسم میں جس قدر ممکن ہو بھر دینا ہی پرانایام کا خاص مقصد ہے۔ اسی لئے جنگل تالاب باغ باغیچہ وغیرہ مقامات پر جہاں صاف اور پاک ہوا کثرت سے دستیاب ہو سکے۔ پرانایام کرنا خاص طور پر مفید ہوتا ہے۔

پرانایام کے سلسلے میں چند ضروری مشقیں

پرانایام کے سلسلے میں اب ہم ایسی چند مشقوں کی ھدایت کریں گے جن سے خواہ جسمانی اور روحانی انکشاف میں طاقت اور توانائی حاصل ہوتا ہے اسی مشق میں دماغ اور پٹھے دونوں چیزوں سے کام لیا جاتا ہے۔ وہ خیالات جو روشن ضمیری اور انکشاف قلب میں پراگندہ اور منتشر کرنے والے ہوتے ہیں۔ دماغ سے خارج ہو جاتے ہیں۔ ان مشقوں میں اور ریاضت پرانایام میں فرق صرف اتنا ہے کہ اس میں دماغ سے بھی قریب قریب اسی قدر کام لیا جاتا ہے جتنا پٹھوں سے لیا جاتا ہے۔ اسی میں یکسوئی اور قوت ارادی دونوں کی مشق ساتھ ساتھ ہوتی ہے۔ یہ دونوں ایسی چیزیں ہیں جن کے بغیر ہر ایک طریقہ ریاضت بالکل بے سود ہوتا ہے۔ ان مشقوں میں دماغ کو یکسو کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ جب تک دماغی یکسوئی نہ ہو جائے۔ اس وقت تک ان کو عمل میں لانا منع ہے۔ ان ریاضتوں کے کرنے سے کھوئی ہوئی تندرستی واپس ملتی ہے۔ اور ساری دماغی الجھن دور ہو جاتی ہے۔

پرانایام کے سلسلے میں پہلی مشق

جن شخصوں کے کمزور معدے ہیں۔ وہ سیدھے کھڑے ہو کر بازوؤں کو اس طرح پھیلا دیں کہ وہ ایک خط مستقیم میں رہیں۔ اس کے بعد اپنے سارے جسم کو بائیں طرف موڑ کر گھما دیں۔ پاؤں کی حرکت اس مشق میں ایک ہی جگہ بے جنبش رہے۔ اس کے بعد پھر پہلی مرتبہ کی مانند دائیں طرف کو بدن موڑ لیں۔ یہ جسم کا دائرہ حرکت کئی مرتبہ عمل میں لانا چاہئے۔ اس مشق میں پاؤں کی حالت میں

فرق نہ واقع ہونے پائیں۔ وہ ایک ہی جگہ پر قایم رہیں۔ اس عمل کے دوران میں تمہیں برابر اس خیال پر طبیعت کو یکسو کرنا چاہئے۔ کہ تمام قوائے ہاضمہ میں حرکت ہو رہی ہے۔ اور ان کو نہایت سرعت کے ساتھ فائدہ پہنچ رہا ہے۔

دوسری مشق

اس مشق سے تمام پٹھوں کی ورزش ہو جاتی ہے۔ یہ مشق بہت آسان ہے اور ساتھ ہی ساتھ نفیس بھی ہے۔ اس مشق سے اپنے دونوں پاؤں ایک ساتھ جوڑ کر اور ہاتھوں کو ران پر رکھ کر سیدھے کھڑے ہو جاؤ۔ اس کے بعد رانوں کو جھکا کر جسم کو رفتہ رفتہ نیچے لے آؤ۔ اس مشق کے ساتھ اپنے دل میں آعصاب کا تصور کرتے رہنا اور تمام طاقت خرچ کر کے اُن پر زور پہنچانا چاہئے۔ اس کے بعد پھر پہلی سی حالت قایم کرو۔ یہی عمل متواتر جاری رکھو جب تک تھک نہ جاؤ۔ اس مشق سے دل میں یہ تصور کرو کہ ہر ایک پٹھے کے متعلق اس میں حرکت ہو رہی ہے۔

تیسری مشق

اس مشق میں پور طاقت سے کام لیکر گہری سانس لی جاتی ہے۔ جس سے پھیپھڑوں میں صاف ہوا بھر جاتی ہے۔ اس کے بعد اتنی ہی طاقت سے سانس کو باہر نکالنے میں جس سے پھیپھڑے بالکل خالی ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح سانس کی اندرونی اور بیرونی کشید متواتر جاری رہنے سے خون میں ایک نئی حرکت پیدا ہو جاتی ہے۔ خون تمام جسم میں دوڑ جاتا ہے۔ اور جراثیم امراض دُور ہو جاتے ہیں۔ اس میں محض دریا یا کسی اور چیز کی طرف رُخ کر کے جدھر سے صاف ہوا آ رہی ہے۔ اسی طرح کھڑے ہوتے ہیں۔ کہ سینہ ابھرا ہوا رہے اس کے بعد نتھنے کے ذریعہ سے آہستہ آہستہ حتے الامکان بڑی دیر تک ایک نہایت سانس کھینچی جاتی ہے۔ جس سے پھیپھڑوں میں ہوا جمع ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد فوراً ہی آہستہ آہستہ حتے الامکان پوری ہوا باہر نکال دی جاتی ہے۔ یہ مشق نہایت سادا ہے اور اس میں ذرا بھی وقت نہیں واقع ہوتی۔ اس کو عمل میں لانے سے انسان کی تندروستی میں اضافہ ہوتا ہے۔ امراض کہنے کے جراثیم مرجاتے ہیں۔ سل اور ہر قسم کی بیماریاں دُور ہو جاتی ہے۔

چوتھی مشق

جس جانب سے صاف ہوا آ رہی ہے۔ اُدھر منہ کر کے سیدھے بیٹھ جاؤ اگر پدم آسن سے بیٹھا جائے تو بہتر ہے۔ اسکے بعد پھر ہونٹوں کو اس طرح آگے نکال دو جیسے سیٹی بجانے میں کیا جاتا ہے۔ دونوں ہونٹوں کے درمیان ذرا سا سوراخ رہنا چاہئے۔ پھر منہ سے آہستہ آہستہ سانس کو نکال دو۔ اندر کی طرف سانس لینے میں ایک آوازسی پیدا ہوتی ہے۔ اس مشق سے خون غیر معمولی طور پر صاف ہو جاتا ہے۔ دق کی بیماری اور پرانے بخار کے لئے یہ عمل نہایت ہی فائدہ مند ہے۔ اگر بھوک کم لگتی ہو یا خون میں زہر دوڑ گیا ہو تو اس عمل کے کرنے سے شکایت دُور ہو جاوے گی۔ درد قولنج کے دفعیہ میں یہ ایک نہایت انگیز علاج ہے۔ یہ مشق دن تین چار مرتبہ اگر دل چاہے تو اسے بھی زیادہ مرتبہ کی جا سکتی ہے۔ ایک مشق میں دس یا بارہ منٹ ...... سے ...... زیادہ ...... وقت ...... صرف ...... نہ ...... کرنا چاہئے۔

پانچویں مشق

جو مشق اُوپر بیان کی گئی ہے۔ اُسکے موافق سیدھے بیٹھ کر ہونٹوں کے ذریعہ سے اندر کی طرف سانس لو۔ جس سے آواز نکلتی ہو۔ اس میں ہونٹ باہر نکالنے کی ضروری نہیں۔ ہونٹ بند کر لینا چاہئے۔ اس قدر صرف گنجائش ہے۔ کہ سانس صرف اندر کھینچی جائے۔ اس کے بعد پھر نتھنوں کے ذریعہ سے جس قدر بھی ہو ممکن ہو سانس باہر کی طرف نکالنا چاہئے۔ جتنے کے معدہ اور پیٹ پیٹھ سے مل جائے۔ روزانہ دو یا تین مرتبہ یہ عمل کرنے سے مختلف امراض کے جراثیم مرجاتے ہیں۔ اور بیماری پاس تک نہیں آ سکتی۔ انسان طاقتور خوبصورت اور بشاش نظر آنے لگ جاتا ہے۔ کاہلی فسوردگی اور اپاہج پن مٹ جاتا ہے۔ یہ مشقیں جو بتائی گئی ہیں۔ ان کے دوران میں اندر کی طرف سانس لیتے وقت اپنے دماغ کے اندر یہ تصور جما لینا چاہئے کہ تم آبحیات پی رہے ہو۔ تمہارے بدن میں عالمگیر طاقت زندگی ہوا کے ذریعہ سے پہنچ رہی ہے۔ اور جذب ہو کر تمام امراض جسمانی کی بیخ کنی پر مائل ہے۔ اگر کوئی عارضہ لاحق ہو تو اس عارضہ کے دفعیہ کا تصور کرنا چاہئے۔ سانس کی باہر کے کشیدہ کے دوران میں خیال کرنا چاہئے کہ جسم سے تمام مادا فاسد باہر نکل رہا ہے۔ اور اجزا کے جسم میں پہنچ جانے سے بیماری پیدا ہو گئی تھی۔ وہ قطعاً خارج ہو رہے ہیں۔

چھٹی مشق

دنیاوی ضروریات اور غسل فارغ ہو کر منہ ہاتھ دھونے کے بعد جہاں تازہ صاف ہوا ہو۔ جہاں جوئی ذی روح آ کر اس خاموشی میں خلل انداز نہ ہو سکے۔ شرق کی طرف رُخ کر کے پالتی مار کر بیٹھ جاؤ۔ یا جی چاہے تو کھڑے رہو۔ سر گردن اور جسم ایک سیدھ میں کر لو۔ اگر کھڑے ہو تو منہ تھوڑا آگے کو نکال دو اور دونوں کاندھے کچھ پیچھے کی طرف پھینک دو۔ کھڑے ہوئے کی صورت میں جسم کے کسی حصہ پر کسی قسم کا دباؤ نہ الواب پہلی مرتبہ زور سے سانس کو زور سے باہر نکال کر آہستہ آہستہ پھر نتھنوں کے ذریعے سے اندر کی طرف کشید کرو۔ جس سے پھیپھڑے بالکل بھر جائیں۔ اس کے بعد پھر آہستہ آہستہ سانس کو باہر نکالتے رہو اور اندر کھینچتے رہو۔ سانس باہر نکالتے وقت یہ دیکھ لو کہ پیٹ بالکل پیٹھ سے لگ گیا ہے۔ اور سانس اندر لیتے وقت ایسا معلوم ہونا چاہئے کہ تمام جسم میں ہوا بھر رہی ہے بدن پھول رہا ہے اور مضبوط ہو رہا ہے۔ سانس لیتے وقت آہستہ آہستہ اپنے دونوں ہاتھ اوپر اُٹھاتے جانا چاہئے۔ جس سے آپکو مشق کا وقت معلوم ہوتا جائے۔ اس کے بعد اپنے اُٹھے ہوئے ہاتھوں کو آہستہ آہستہ

نیچے کھینچتے جانا چاہئے۔ حتیٰ کہ وہ پاؤں کے انگوٹھوں سے چھو جائے۔ ایسا کرنے میں نہ تو زانو جھکنے پائیں اور نہ ہی سانس باہر نکلنے پائیں۔ اس طرح سے دوبارہ اپنے ہاتھ اُٹھا کر اُس طرح سر کی طرف لے جائیں اور سانس آہستہ آہستہ اندر کی طرف کھینچتے جائیں اسکے بعد پھر جب ان کو نیچے کی طرف اُتاریں تو ساتھ ساتھ پھیپھڑوں سے ہوا بھی خارج کرتے جائیں۔ جب پھیپھڑے ہوا سے بالکل بھر جائیں تو ناک سرے کی طرف ٹکٹکی جما کر دیکھیں اور اپنے دل میں یہ خیال کو استحکام کے ساتھ داخل ہونے کی جگہ دیں۔ کہ آپ کے اندر ایک نہایت زبردست مقناطیس سرایت کر رہی ہے۔ جس کی کشش کا تمام دُنیا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ اس مشق کو پرانایام کہتے ہیں۔ اس مشق کے اندر شروع شروع میں پورے عمل میں ایک منٹ سے زیادہ وقت نہ لگنا چاہئے۔ مہینہ پندرہ دن کرنے سے عمل کرنے میں بڑی آسانی ہو جاتی ہے۔ کم از کم نصف گھنٹہ صبح اور نصف گھنٹہ شام کے وقت یہ عمل جاری رکھنا چاہئے۔ جتنی طاقت مشق سے بڑھتی اور عادت پڑتی جائے نہ آپکو اسکی مدت میں اسی حساب جیسی کرنے کا بھی اختیار ہے۔ اس مشق میں باقاعدگی ہونی چاہئے۔

پرانایام کی ساتوی مشق

دُنیاوی ضروریات واستان سے فارغ ہو کر صبح کے وقت ایک علیحدہ کمرہ میں بیٹھ جائیں۔ اُس وقت آپ یہ خیال دل میں جمالیوے کہ یہ کمرہ وہ خلوت خانہ ہے۔ جہاں صرف خدا اور انسان کی ملاقات ہو سکتی ہے۔ اسکے بعد پھر نتھنوں کے ذریعہ سے ۶ مرتبہ گہری سانس باہر اور اندر کی طرف لے جائیں۔ منہ کے ذریعہ سے کبھی سانس نہ لیویں۔ دماغ کو یکسوں بنالیویں ایک سانس باہر نکال کر ذرا سی دیر تک باہر ہی روک لیویں۔ پھر آہستہ آہستہ کھینچ لیویں۔ پھر اسی طرح ذرا سی دیر اندر ہی روک کر آہستہ آہستہ اُوپر لے جائیں۔ ایڑیاں دیوار سے لگا دیویں۔ سر ہتھیلیوں پر رہے جسم کا توازن کہنیوں سے تراش کریں۔ اس مشق کی مواظبت میں ماہ تک برابر ہونی چاہئے۔

پرانایام کی آٹھویں مشق

پرانایام کی مشق کے لئے ایک کمرے میں جا کر سب کپڑے اُتار ڈالیں جس سے جسم کی ہر کت میں کسی قسم کا ہرج واقع نہ ہونا پائے۔ اسکے بعد ایک گہری سانس لیوے جس سے پھیپھڑے بالکل بھر جائیں۔ پھر سینے کو پھیلاوٹ دیویں۔ اور شکم اندر کی طرف کھینچئے۔ اس کے بعد چند سکنڈ بعد سینا سکوڑ لیویں۔ پھر شکم پھیلا دیں اور سانس کو اندر قائم رکھیں۔ سانس اس طرح اندر کے رہنے کی حالت میں آپ کو کم از کم پانچ مرتبہ ملے متواتر سایہ پھیلانا اور شکم سکوڑنا چاہئے۔ ایک ایک منٹ کا وقفہ دیکر کم از کم نصف گھنٹہ روزانہ اسکی مشق جاری رکھنا چاہئے۔ اس قسم کی اندرونی مشق سے نابھی کنوں کو بہت تقویت پہنچتی ہے۔ جو ایک زبردست مرکز مقناطیسی کشش کی ہوتی ہے۔ اس مشق میں دوسروں پر اثر کرنے اور دوسروں کا اثر قبول کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

پرانایام یعنی ضبط انفاس کی مشق

پرانایام کی اس مشق کے دوران میں مقناطیسی کشش کی نشونماں کی خواہش مظبوطی کے ساتھ آپ کے دل میں قائم ہونی چاہئے۔ اس مشق میں باقاعدگی روزانہ بلاناغہ جاری رکھنی واجب ہے۔ جب نابھی کنول میں پران یعنی زندگی کی طاقت اس طرح ترقی کرنے لگتی ہے تو اس سے خیال کی لہریں کشش ہونے لگتی ہیں۔ جن کا آخرکار ماتحت باخبری کی دُنیا میں اثر ہوتا ہے۔ اس سے فوراً مطلوبہ حالت پیدا ہونے لگتی ہے اس مطلوبہ حالت میں اس طرح زیادتی تربیت کے آغاز کے ساتھ نو مہینے تک آپکی مشق کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اگر آپ راستی اعتقاد سے شوق کے ساتھ کام کرنے والے ہیں تو اس ارسہ میں بلا مزاحمت ایک زبردست مقناطیسی شخصیت پیدا ہو سکتی ہے جس کی بدولت آپ تمام دُنیا کو اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں۔

پرانایام کی نویں مشق

پرانایام کی یہ مشق کرنے سے جب آپکی شخصیت میں مقناطیسی کشش پیدا ہو جائے تو۔ یہ نہ سمجھ لینا چاہیے کہ یہ کمال یہیں پر ختم ہوا ہے۔ یہ محض ایک قوس کا نقشہ ہے۔ اس کا مکمل دائرہ ابھی بنا ہی نہیں ہے اس دائرے میں مخفی شخصیت کی نشونماں کرنے کے بعد (استغراق) کا عمل کرنا پڑتا ہے۔ اس عمل میں تقریباً ۱۵ منٹ تک راستی اور پورن اعتقاد سے مشق کرنی چاہئے۔ پرانایام کا اس مشق میں آپ ایک ایسے کشادہ میدان میں یا کبھی ایسے کمرہ میں چلے جائیں جہاں آپکے بنا دوسرے کی آمد و رفت نہ پائی جائے آپ اس مشق کے لئے ایک ایسی جگہ پسند کر لیوں جو شور وشغب سے دُور ہو اور سناٹے کا جہاں عالم ہو جہاں کوئی زیرج آکر اس خاموشی میں خلل انداز نہ ہو سکے وہاں آپ پدم آسن سے بیٹھ جائیں۔ تو بہتر ہے۔ ورنہ اسی طرح بیٹھے کہ نشست میں کسی قسم کی بھی تکلیف معلوم نہ ہوں اسکے بعد پرانایام کیجئے۔ اس مشق میں کم سے کم دس سانس باہر اور اندر کی طرف لینا اہئے۔ یعنی ایک سانس باہر نکال کر ذرا سی دیر تک باہر ہی روک لیویں۔ پھر آہستہ آہستہ کھینچ لیویں اسی طرح ذرا سی دیر اندر ہی روک کر آہستہ آہستہ باہر نکال دیویں۔ یہ ایک پرانایام ہوگا۔ اسی طرح دس پرانایام کرنا چاہئے۔ اسکے ساتھ ہی ساتھ مقدس گائتری منتر یا اوم منتر کا جاپ کرتے رہنا چاہئے۔ یہ منتر سانس کے ساتھ ساتھ جاری رہنا چاہئے۔ اس سے آپ کے دل و دماغ کو سکون حاصل ہوگا۔ اسکے بعد آپ کو ہوشیاری کے ساتھ پاؤں کے بل کھڑا ہو جانا چاہئے اور اپنے سامنے ایک آئینہ رکھ کر اپنے عکس کے ساتھ بات چیت کرنی چاہئے۔ جو کچھ آپ کہنا چاہتے ہو کہئے۔ خواہ وہ باتیں غیر معقول۔ خواہ معقول لفظ لیکن ہر جملے سے پہلے خوب غور کر لینا چاہئے۔ اس کے بعد اس کو مظبوط مکمل طور اور پر اعتماد لہجہ میں ادا کرنا چاہئے۔ ہر ایک کن لفظی کو بار بار دوہرانا اور اس کو خوب موثر دینا واجب ہے۔ اس مشق میں آپ واقعی موثر حرکات سے ایک دوسرے شخص سے ہم کلام ہو رہے ہیں۔ مقناطیسی شخصیت کی نشونماں اور اس کے قیام و قرار کیلئے یہ مشق شاندار اور مفید ہے۔

ہری بھری سبزیوں سے مختلف مرض کے اعلاج

سبزیاں انسان کی بنیادی غذا نہیں، بلکہ ان کا کام غذا کو پُر لطف اور متوازن بناتا ہے۔ انسان کی فطری خوراک سبزیاں ہیں جو جسمانی مشینری کو درست حالت میں رکھتی ہیں۔ سبزیوں میں موجودہ خصوصیات سے اگر انسان آگاہ ہو جائے تو وہ ادویات اور ڈاکٹر سے چھٹکارہ حاصل کر سکتا ہے اسی موضوع پر ہم کچھ سبزیوں کے بارے میں بتا رہے ہیں کہ کس انداز میں اور کس کس جسمانی نقص کو دور کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

کدو (گھیا)

بے حد مشہور اور پسندیدہ سبزی ہے اس کی دو قسم ہیں۔ لمبا اور گول۔ اسے گھیا بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں نمکیات اور وٹامن اے۔ بی۔ سی موجود ہے۔

خصوصیت وعلاج : کدو دل و جگر اور دماغ کو قوت و فرحت دیتا ہے۔ بلڈ پریشر اور خون کی گرمی کو کدو ختم کرنے میں لاثانی ہے۔ پیشاب کے امراض میں بے حد مفید ہے اور اگر پیشاب جل کر آتا ہے تو یہ اسے جلد ختم کر دیتا ہے۔ کدو کے بیجوں کا تیلا نکالا جاتا ہے۔ جو سر کے بالوں کو بڑھاتا اور طاقتور بناتا ہے۔ دردِ سر دور کرتا ہے۔ سر کو ٹھنڈک دیتا ہے۔ کدو کھانے سے دائمی قبض دور ہو جاتی ہے۔ کدو کے گودے میں مصری ملا کر حاملہ عورت کو کھلانے سے خوبصورت بچہ پیدا ہوتا ہے۔ کدو کا گودہ بچھو کے ڈنک والے مقام پر ملنے اور اسکا رس مریض کو پلانے سے درد ختم ہو جاتا ہے۔ اور زہر اپنا اثر نہیں کرتا۔ آنکھوں تلے اندھیرا آتا ہو اور سر چکراتا ہو تو کدو کاٹ کر اس کا ٹکڑا پیشانی پر رکھنے سے دردِ سر کو آرام آجاتا ہے۔ کدو کے چھلکے پاؤں پر ملنے سے گرمی کا خمار دُور ہو جاتا ہے۔ اور پاؤں کے جلن کو بے حد آرام ملتا ہے۔

ادرک

ادرک ایک ایسی بے مثال سبزی ہے جو اپنی حیثیت میں تو کھانے کے کام نہیں آتی بلکہ اسے مختلف کھانوں میں لذیذ بنانے اور اسکی تاثیر بدلنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور یہ بہت سے امراض کا شافی علاج ہے۔ وٹامن سی اور بے شمار ضروریات بدنی کے ہمراہ اس کی تاثیر گرم خشک ہوتی ہے۔

خصوصیت وعلاج : ادرک کھانے کو ہضم کرنے میں معاون ہے۔ یہ قبض توڑتا ہے۔ ریح کو پیٹ سے دور کرنے میں سب سے کامیاب ہے۔ معدے میں رطوبت اور بلغم کو ختم کرنے میں اور سب سے بہتر سبزی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ جگر کو بھی طاقت دیتا ہے۔ بلغم دور کرنے کے لئے ادرک ادوا اور غذا دونوں صورتوں میں بے حد مفید ہے۔ معدہ رطوبتیں جمع ہو کر جن لوگوں کا پیٹ بڑھا دیتی ہیں۔ اور وہ موٹے ہو جاتے ہیں۔ ان کے لئے ادرک ایک بے حد مفید اور کار آمد سبزی ہے۔ ایسے لوگ ادرک ایک تولہ لیں اور اسے باریک کتر کر توے پر ذرا سا پانی ڈال کر اسے بھون لیں اور جب یہ پانی خشک ہونے لگے تو چمچہ بھر گھی ڈال کر اسے بھون لیں اور روٹی کے ہمراہ اسے بطور سالن کھالیں۔ یہ بے حد لذیذ غذا تیار ہو جائے گی۔ جب کہ دوا کی حیثیت میں بھی یہ بے حد فائدہ دے گی۔ اس کا اس طریقے سے مسلسل استعمال پیٹ کی رطوبتیں ختم کر دیتی ہے اور انسان کو موٹاپے سے نجات مل جاتی ہے۔ ادرک کا رس شہد ملا کر چاٹنے سے سردی کی کھانسی کو آرام ملتا ہے۔ ادرک کا مربہ کھانے اور جائفل چوستے رہنے سے فالج کا مریض شفا حاصل کرتا ہے۔ ادرک کا پانی نکال لیں اور اسے کان میں ڈالتے رہیں۔ کان درد کے لئے بے حد مفید ہے۔ پیٹ درد کے لئے ادرک کا مربہ سبھی دواؤں سے زیادہ فائدہ مند ہے۔

پالک

پالک دنیا بھر میں پایا جانے والا ساگ ہے جو کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔ یہ چھوٹے چھوٹے پتوں والی وہ مزے دار سبزی ہے جو سال بھر رہتی ہے۔ اس کے اجزاء میں نمکیات، فولاد، تانبہ اور وٹامن اے۔ بی۔ ایچ۔ سی اور پی ہیں۔ اس کا مزاج سرد تر ہے۔

خاصیت و علاج : سبھی سبزیوں سے زیادہ زود ہضم ہے اور معدہ کی جلن کو دور کرتا ہے۔ پیشاب آور سبزی ہے اور مثانہ میں اگر پتھری موجود ہو تو اسے خارج کرنے میں لاثانی ہے۔ مصفی خون ہے۔ انتڑیوں کی سستی ختم کر کے ان میں حرکت لانے کا باعث ہے اور قبض اسی سے ختم ہو جاتی ہے۔ وہ لوگ جو خشکی اور گرمی کا شکار ہوں انہیں پالک کا استعمال بکثرت کرنا مفید ہے۔ پیاس زیادہ لگنے اور پیشاب جل کر آنے کی صورت میں پالک کا استعمال یہ مرض دور کر دیتا ہے۔ دائمی قبض پالک کا کثرت سے استعمال کرنے سے مستقل ختم ہو جاتی ہے۔ زود ہضم ہے اور یہ معدہ و آنتوں کو نرم کرنے کا باعث ہے۔ بخار میں مبتلا لوگ اسے شوق سے اور بلا جھجک استعمال کریں۔ یہ بخار نزلہ۔ زکام۔ درد گردہ اور تبخیر معدہ کے لئے بے حد عمدہ غذا ہے۔ گلے کے درد کیلئے اس کے پتے ابال کر ان سے غرارے کرنا بے حد مفید ہے۔

پیاز

پیاز دنیا بھر میں مشہور عام سبزی ہے جس کے بغیر کوئی سالن پکانا ممکن نہیں۔ اور نہ ہی کوئی سالن اس کے بغیر مزے دار بنتا ہے۔ اسے مصالحہ کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اور بطور سلاد بھی اسے کھایا جاتا ہے۔ چٹنی بھی تیار کی جاتی ہے۔ اس میں نشاستہ۔ پروٹین۔ نمکیات۔ فاسفورس اور وٹامن بی و ای جی اسکے اجزاء ہیں۔

خصوصیت و علاج: پیاز وہ نعمت ہے کہ جب قوم بنی اسرائیل من وسلویٰ کھاتے کھاتے اکتا گئی تو اس نے حضرت موسیٰ سے پیاز۔ مسور اور لسن کی تمنا کی تھی۔ پہلے پہل پیاز کی اہمیت سے کیمیا دان۔ اور علم طب کے موجد آ گانہ تھے۔ مگر تحقیق جب اس میں وٹامن جی بھی دریافت کی گئی تو یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ وہ مفید عالم اور کامیاب غذا ہے جس کی کچھ اپنی خصوصیات ہیں اسے اگر کچی حالت سے سبزی کے طور پر پکایا جائے تو اس میں سے کچھ کم نہیں ہوتا بلکہ اس کے حیاتین کی مقدار پکنے کے بعد بڑھ جاتی ہے۔ روم کے مشہور زمانہ حکیم پلائنی نے پیاز کے ستائیس وہ فائدے تحریر کی ہے۔ جو زندہ رہنے کے لئے سنگ میل ہیں۔ روم کا مشہور بادشاہ نیرو علم موسیقی اور گانے کا رسیا بھی تھا۔ وہ اپنی آوازہ کو سریلی بنانے کے لئے سال کے بارہ ماہ پیاز کا استعمال کرتا تھا۔ پاکستان کی ملکہ ترنم نور جہاں جو اپنی سریلی آواز کے لئے دنیا بھر میں لاثانی ہیں۔ اپنے ایک انٹرویو میں اپنی پسندیدہ سبزی پیاز بتلاتی ہیں اور مشہور عالم لوگوں نے بھی اپنی آواز کو سریلی بنانے کے لئے رنگ کو گورا کرنے کے لئے اور ذہن تیز کرنے کے لئے پیاز کو ذریعہ بنایا انہوں نے ٹوٹی ہوئی ہڈیاں جوڑنے میں بھی پیاز سے مدد لی ہے۔ آئرلینڈ کے لوگ اسے کھانسی، نزلہ وزکام کے لئے بطور دوا استعمال کرتے ہیں۔ مصر والے اسے دیوتا خیال کرتے ہیں۔ اور اس کی پوجا کرتے ہیں۔ زمانہ وسطیٰ کے لوگ مریضوں کے پاس جانے سے پہلے ہاتھوں میں پیاز پکڑ لیا کرتے تھے یا پیاز کا پانی ہاتھوں میں لگا لیا کرتے تھے تاکہ مریض سے چھوت یا جراثیم اثر نہ کریں۔ قدیم اطباء کا قول ہے کہ اگر بچھو یا بھڑ کاٹ لے تو پیاز کا پانی وہاں لگا دیں۔ درد دُور ہو جائے گا اور زہر اپنا اثر نہ کرے گا۔ یہ بات طے شدہ ہے اگر ہاتھ میں پیاز کی گانٹھ ہو تو لو نہیں لگتی۔ کانوں کے امراض کے لئے بے حد مفید ہے اس کا عرق کانوں میں ٹپکانے سے ثقل سامعہ اور دوی و طنین کو فائدہ حاصل ہوتا ہے اور کانوں کی میل کو یہ عرق صاف کر دیتا ہے۔ پیاز کو پیس کر اس کا لیپ بالوں پر کر دینے سے بال سیاہ اگنے شروع ہو جاتے ہیں۔ بدن پر سیاہ داغ موجود ہوں تو اس پر پیاز کا عرق لگاتے رہنے سے یہ ختم ہو جاتا ہے۔ کچا پیاز کھانے اور پیاز پاس رکھنے سے طاعون اور دوسری وبائی امراض قریب نہیں آسکتیں۔ پیاز آگ میں بھون لیں اور اس کا رس نکال کر گرم گرم پلائیں۔ پیٹ درد کو شفا حاصل ہو گی۔ ایام ہیضہ میں اگر پیاز کاٹ کر گھر میں رکھ لیں تو اس گھر میں ہیضہ کا داخلہ تک نہ ہو۔ پیاز کو آگ پر بھون لیں اور پھر اس کا چھلکا دور کر کے اسے گھی میں بریاں کریں۔ یہ گرم گرم پیاز بواسیر کے مسوں پر باندھ دیں۔ مسے ختم ہو جائیں گے اور درد فوری بند ہو جائے گا۔ نصف چھٹانک پیاز کا پانی صبح سویرے پلاتے رہنے سے گردہ و مثانہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جاتی ہے۔ یہ پانی نہار منہ پینا شرط ہے۔ پیاز چھیل کر اسے دھو لیں اور اس پر کھانے والا نمک چھڑک لیں۔ جب شدید ہچکی آ رہی ہو تو یہ مریض کو دیں ہچکی بند ہو جائے گی۔ کئی روز سے ہچکی آ رہی ہو تو چند روز اسے کھانے سے ہمیشہ کے لئے ہچکی بند ہو جائے گی۔ پیاز کا رس ایک دو قطرہ ناک میں ٹپکائیں۔ نکسیر بند ہو جائے گی۔

ٹماٹر

دنیا بھر میں پھلوں اور سبزیوں میں بادشاہت تقسیم کی گئی ہے۔ سیب کو پھلوں کا بادشاہ مانا گیا ہے اور ٹماٹر کو سبزیوں کا بادشاہ تسلیم کیا گیا ہے۔ اسے سلاد کے طور کچا کھانا بے حد سود مند ہے۔ سبزیاں پکاتے وقت اسے ان سبزیوں میں شامل کر کے پکایا جاتا ہے۔ ہر چند اس سے کھانے کے لطف دوبالا ہو جاتا ہے۔ اس کے اجزاء میں فولاد، وٹامن اے۔ ایچ اور سی ہیں۔

خصوصیت و علاج:۔ ٹماٹر خون صاف کرتا ہے اور خشکی کو دُور کرتا ہے۔ وہم اور دہشت کو ختم کرتا ہے۔ دانتوں کے امراض میں یا دانتوں کو مضبوط بنانے اور بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لئے ٹماٹر کا استعمال بے حد ضروری اور اہم ہے۔ لاغر اور کمزور بچوں کو ہر صبح دھو کر چوسنے کے لئے ایک ٹماٹر دینا چاہئے۔ کیونکہ بچوں کی پرورش کے لئے اس میں سبھی اجزا موجود ہوتے ہیں۔ بچوں کو ٹماٹر کا جوس دیا جائے تو انہیں دانت نکالنے میں بے حد آسانی ہوتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ان کا معدہ بھی درست کام کرتا رہتا ہے۔ حاملہ خواتین ہر صبح ایک ٹماٹر چوس لیں یا اس کا رس نکال کر پی لیں ان کا معدہ درست کام کرتا رہے گا۔ اور نہ تے حلی کی شکایت نہیں ہو گی۔ ہر دوپہر کھانے کے بعد مولی۔ چقندر۔ سلاد اور ٹماٹر کا استعمال ضرور کریں۔ اس طرح آپ ہمیشہ صحت مند رہیں گے اور اور آپ کا ہاضمہ درست رہے گا۔ جب کچا ٹماٹر کھایا جائے تو کچھ دیر پانی ہرگز نہ پینا چاہئے کیونکہ پانی پئے بغیر ٹماٹر میں موجود تیزابی معدے جو آپ کے لئے فائدہ بخش ہیں۔ معدے میں حوالی اپنا کام سرانجام دیں گے۔

احتیاط: ٹماٹر بادی اور بلغم پیدا کرنے کا موجب ہوتا ہے ٹماٹر زکام پیدا کرتا ہے۔ تپ دق کے مریضوں کے لئے ٹماٹر مفید سبزی نہیں ہے۔ جو سینے و گلے کے مرض میں مبتلا ہیں وہ ٹماٹر استعمال نہ کریں۔

کریلا

کریلا ایک مشہور سبزی ہے جو کھانے کے ساتھ ساتھ محاورے میں بھی استعمال ہوتی ہے۔ "کریلا اور نیم چڑھا" تلخ مزاج لوگوں کے لئے یہ مثال عام ہے۔ پکانے سے پہلے اسے نمک لگا کر کاٹ کر دھوپ میں ذرا دیر رکھنے کے بعد دھولیں اور پھر پکائیں کڑواہٹ کم ہو جائے گی۔ کریلے میں فولاد۔ کیلشیم، فاسفورس۔ پروٹین اور وٹامن اے وی سی اس کے اجزا ہیں۔

خصوصیت وعلاج :۔ درد کو نفع دیتا ہے اور اعصاب کو طاقتور بناتا ہے۔ جوڑوں کے لئے درد اور گنٹھیا کو نفع دیتا ہے۔ بلغم کو ختم کر دیتا ہے اور اسے کھانے سے پیٹ کے کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ باہ کو طاقت دیتا ہے اور ورموں کو تحلیل کرنے میں لاثانی ہے۔ کریلے کا استعمال لقوہ اور فالج میں بے حد مفید ہے۔ کریلا جسم سے گردہ و مثانہ کی پتھری توڑ کر پیشاب سے خارج کر دیتا ہے۔ دمہ کے مریضوں کے لئے کریلا بے حد فائدہ بخش سبزی اور دوا ہے۔ تین ماشہ کریلے کا پانی ذیابطیس (شوگر) کے مریضوں کو پلانے سے مرض ختم ہو جاتا ہے۔ کریلے کا رس نمک نچوڑ کر ہیضہ کے مریض کو پلانے سے قے اور دست بند ہو جاتے ہیں۔ خونی وبادی بواسیر میں کریلا بے حد مفید ہے۔ نقرس اور جوڑوں کے درد والے اصحاب کریلا بھون کر گھی ملا کر کھائیں شفا ہو گی۔ چوں کے ہر مرض میں اس کے پتوں کو نچوڑ کر ان کا رس پلانے سے مرض قریب نہیں رہتا ہے۔ معدے سے ریح خارج کرنے میں کریلا لاجواب ہے۔ ہاضمہ کو تیز کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔

لہسن

لہسن وہ مشہور زمانہ سبزی ہے جسے سبز اور خشک دونوں حالتوں میں سال بھر استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے ہر سبزی میں اور سالن میں فائدہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے مسالہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں نمکیات۔ فولاد، تانبہ اور وٹامن اے۔ ایچ۔ سی وغیرہ اس میں شامل ہیں۔ اس کی گری بے حد اثر دکھاتی ہے اور اس کا مزاج گرم خشک ہے۔

خصوصیت و علاج :۔ لہسن ملین ہے۔ یہ معدے کی رطوبتوں کو خشک کرتا ہے۔ لہسن کا پانی لگانے سے سر کی جوئیں ہلاک ہو جاتی ہیں۔ رعشہ اور لقوہ والے مریض لہسن کا زیادہ استعمال کریں تو اس مرض سے نجات پا سکتے ہیں۔ یہ سرد مقام والوں کے لئے بے حد مفید ہے۔ پاؤ گولہ۔ ورم اعضاء۔ دمہ۔ کھانسی اور بواسیر کے لئے بے حد مفید ہے۔ جراثیم اور کیڑوں کو ہلاک کرتا ہے۔ بچھو اگر ڈنک مارے تو اسے کھانے سے شفا حاصل ہوتی ہے۔ لہسن کھانے سے بلڈ پریشر کے مریض کو فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ اسے کھانے سے آواز صاف ہو جاتی ہے اور گلا صاف ہو جاتا ہے۔ رعشہ۔ لقوہ اور امراض گنٹھیا کے لئے یہ بے حد مفید ہے۔ وہ عورت جس کا حیض بند ہو اسے خوراک کے طور پر لہسن استعمال کرائیں تو حیض کھل جاتا ہے۔ جسم میں گرمی پیدا کرنے کے لئے اسے سردی کے موسم میں استعمال کرنا بہت بہتر ہے۔ پھوڑے پھنسیوں پر لہسن کوٹ کر لیپ کر دینے سے پھوڑے پھنسیوں کو آرام آجاتا ہے۔ ہمارے ہاں یہ دیسی علاج دیہات میں بالخصوص عام ہے یہاں دودھ میں لہسن کا رس ملا کر تپ دق کے مریضوں کو دیا جاتا ہے۔ دودھ بھینس کا ہونا چاہیے۔

لہسن چھیل کر مغز الگ کر لیں۔ پہلے روز ایک مغز کھائیں۔ دوسرے روز دو مغز کھائیں اور پھر چالیس روز تک ہر روز ایک مغز بڑھاتے رہیں اور چالیس مغز تک لے جائیں اور کے بعد پھر گھٹانا شروع کر دیں اور ایک تک لے جائیں۔ اس اسی روزہ علاج تک فالج۔ گنٹھیا۔ لقوہ و ریح جیسے خوفناک امراض کو شفا ملتی ہے۔ دانت درد کے وقت دانت کی پوتھی کو چھیل کر دانت کے سوراخ میں بھر دیں۔ دانت درد یکدم بند ہو جائے گا اور دانت کا کیڑا مر جائے گا۔ کان میں لہسن کا رس نکال کر قدرے گرم کریں اور اس کے چند قطرے کان میں ڈال دیں۔ کان میں سخت سے سخت درد کو شفا نصیب ہو گی اور کان میں موجود پھنسی ختم ہو جائے گی۔

مولی Radish

مولی وہ پسندیدہ سبزی ہے جسے سبھی لوگ ذوق و شوق سے کھاتے ہیں۔ یہ جڑ والی وہ مشہور عام سبزی ہے جو بے شمار عوارض کا شافی علاج ہے۔ اس میں فاسفورس۔ کیلشیم اور وٹامن سی کے علاوہ اس میں فولاد کی خاصی مقدار ہوتی ہے۔ اس کا مزاج گرم تر ہے۔

خصوصیت وعلاج :۔ پتھری کی صورت میں گردہ و مثانہ سے ریت آنے کی حالت میں مولی کا استعمال بے حد مفید اور زود اثر ہوتا ہے اور اگر ان امراض والے اسے مسلسل استعمال کریں تو ان کے جسم سے ریزہ ریزہ ہو کر پتھری خارج ہو جاتی ہے۔ یہ خود دیر ہضم ہے مگر دوسری غذاؤں کو ہضم کرنے میں سب سے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ بواسیر کے مریضوں کے لئے مولی کا رس اور مولی کے پتے بے حد مفید ہیں۔ اگر لوگ اسے بطور سلاد استعمال کریں تو اسے کھانے سے مسوں کی جلن و خارش کم ہو جاتی ہے۔ مولی کھانے سے تلی اور جگر کے امراض ختم ہو جایا کرتے ہیں۔ بند پیشاب مولی کھاتے رہنے سے کھل جاتا ہے۔ پیشاب کا رک رک کر آنا۔ جل کر آنا۔ کم آنا۔ یا قطرہ قطرہ آنا یہ سب شکایات مولی ختم کر دیتی ہے۔

قابل یادر کھنے کے مفید عالم ٹوٹکے

☆ بکری کے دودھ میں ادرک کا رس ملا کر پینا گنج کے لئے مفید ہوتا ہے۔ ☆ قوت حافظہ خراب ہو جائے تو ادرک کا چاٹنا مفید ہوتا ہے۔ ☆ عورت کو بوقت تولید تکلیف ہو تو زعفران ایک تولہ ہاتھ میں رکھنے سے فوراً وضع حمل ہو جاتا ہے۔ ☆ گدھی کے سم کی دھونی حاملہ کو دی جائے فوراً وضع حمل ہو جاتا ہے۔ ☆ روغن زیتون اور لیموں کا رس برابر وزن ملا کر چہرہ پر لگایا جائے تو چہرہ نہایت صاف اور ملائم ہو جاتا ہے۔

☆ پان کھانے میں چونا سے منہ جل جائے تو سرسوں کا تیل اوپر ملنا جلن کو دور کر دیتا ہے۔ ☆ ہاتھی دانت کی خالص چوڑیاں بچہ کے دونوں ہاتھوں میں ڈال دینے سے بچہ نہایت آسانی کے ساتھ دانت نکال لیتا ہے۔ ☆ لیموں کا رس صاف پانی میں ملا کر بالوں کو دھویا جائے تو بال نہایت ملائم اور چمکدار ہو جاتے ہیں۔ ☆ پیشاب بند ہو تو زعفران کی ایک تار آلہ تناسل کے منہ میں رکھنے سے فوراً پیشاب آجاتا ہے۔ ☆ صندل سفید اور کافور ملا کر لگانے سے درد شقیقہ کو فوراً آرام ہو جاتا ہے۔

☆ لیموں کی سکنجبین یا ملائی دار دہی کی لسی پینے سے پیاس کم ہو جاتی ہے۔ ☆ کافور یا سرکہ کھانے سے شراب کا خمار بالکل اتر جاتا ہے۔ ☆ نیم کے پتے گھی میں جلا کر زخم پر لگائی جائیں زخم کو بیحد فائدہ ہوتا ہے۔ چونا اور سیاہی ملا کر زخم پر لگائی جائے تو زخم کو بیحد فائدہ پہنچتا ہے۔ ☆ عطر گلاب گرم کر کے کان میں ڈالنے سے کان کا درد دور ہو جاتا ہے۔ ☆ گلے میں درد ہو تو سرد پانی میں نمک اور کاربونیٹ آف سوڈا ملا کر غرغرے کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ حلوہ کدو کا چھلکہ شالی چاول کے ساتھ جوش دیکر دودھ کے ہمراہ کھانے سے شیر خوارہ والدہ کا دودھ بڑھ جاتا ہے۔ بدن کسی جگہ سے چھل جائے تو اوپر مکھن دینے سے درد دور ہو جاتا ہے۔

☆ مسوڑھے نازک ہوں اور خون نکلتا ہو تو گرم پانی سڑا ئین ملا کر کلیاں کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ پیاز کو نمک میں دبا کر مسہ پر مالش کریں تو مسہ جاتا رہتا ہے۔ ☆ مچھر کاٹنے کی جگہ پر صابن کے ٹکڑے کو ذرا سا پانی میں تر کر کے ملا جائے تو خارش بند ہو جاتی ہے۔ ☆ پیاز کو گائے کے گھی میں جلا کر نیم گرم ہوا میں کے مسوں پر لگایا جائے تو درد فوراً بند ہو جاتا ہے۔ ☆ مولی کے سبز پتے ایک تولہ آدھ سیر ٹھنڈے پانی میں گھوٹ کر پیئے جائیں شراب کا نشہ اتر جاتا ہے۔

☆ مولی اور دہی ایک ساتھ کھانے سے قولنج کا اندیشہ ہو جاتا ہے۔ ☆ مچھلی یا دودھ یا رس میلنگر یا شہد سے بدام پر جس اور قولنج کا خوف ہوتا ہے۔ ☆ لیموں اور سونٹھ پیس کر نمک ملا کر پیشانی پر لگا دیں تو درد سر کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ کالی مشرح گھی ملا کر کھانا۔ ترپھلا کے پان چبنے۔ ضعف بصارت کیلئے مفید علاج ہے۔ ☆ عرق لیموں میں زرد کوڑی کی راکھ ملا کر کان میں ڈالیں یا میٹھے تیل میں خس جلا کر کان میں ٹپکا دیں تو کان درد بند ہو جاتا ہے۔

☆ پھٹکری اور نیلا تھوتا ملا کر رال بچے کو ٹپکایا جائے تو منہ میں چھالوں کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ چونا کا پانی اور دودھ ملا کر پیا جائے تو قے اور بدہضمی کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ شدگی جڑ کی چھال اور مشرح ساہ ادرک کے رس میں گولی باندھ کر استعمال کریں تو ہیضہ کی مرض کو دور کرتا ہے۔ ☆ ترپھلا پھانک کر اوپر سے دودھ پی لیا جائے تو قبض دور ہو جائے۔ ☆ بھیڑ کا دودھ لاف میں بھرنا مرض اسہال کے لئے بہترین علاج ہے۔ پھٹکری کا پاس لیکر سر میں پانی ڈالنی نکسیر کو بند کرتا ہے۔

☆ کنگھی بار بار کرنے سے یا سر میں دہی ڈال کر نہانے سے درد سر کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ عقر قرحا اور کافور ملنے سے دانت کا درد اچھا ہو جاتا ہے۔ ☆ گھی میں عرق گلاب ڈال کر پینے سے یا پانی میں جو ہر پودینہ کو کر کھانے سے پیٹ کا درد اچھا ہو جاتا ہے۔ ☆ مقام درد پر چوکرا اور نمک لاہوری کی ٹکور کرنے سے درد شکم کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ ہیلہ جورات کو پانی یا گرم دودھ سے کھالیں تو بلا تکلیف قبض رفع ہو جاتا ہے۔

☆ جن لوگوں کا مزاج گرم خشک ہو انکو گرم دودھ میں روغن بادام یا روغن گنوڈال کر پلانے سے قبض رفع ہو جاتا ہے۔ ☆ ہچکی، سانس لمبی بھر کری ایک دو منٹ تک دم بند رکھنے یا ٹھنڈہ پانی گھونٹ گھونٹ پینے یا کسی دوسری طرف مشغول اور متوجہ ہو جانے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے۔ ☆ مردہ سنگھ چھ ماسہ سہاگا ایک تولہ، کاغزی لیموں کا ۱۲ تولہ روغن چنبلی تین تولہ سب کو ملا کر جسم پر مالش کریں۔ خشک کھجلی دور ہو جاتی ہے۔ ☆ گوند یا شہتی چھیل کر منہ میں رکھنے یا رب السوس کا تکرار رکھنے سے کھانسی جاتی رہتی ہے۔ ☆ سونگ یا سنترے کا چھلکہ منہ میں چبانے سے پیاز کی بدبو دور ہو جاتی ہے۔

☆ اُبلا ہوا چاک جو تمام انگریزی دوا فروشوں سے مل سکتا ہے اور تھوڑا عقر قرحا اور کافور ملا کر دانتوں ملا کر دانتوں پر ملا جاوے تو دانتوں کا درد اچھا ہو جاتا ہے۔ ☆ کوئلہ میں ذرا سا نمک ملا کر دانتوں پر ملا جائے تو دانتوں کی تکلیف جاتی رہتی ہے۔ ☆ عرق۔ ے۔ گلاب خالص ایک ایک بوند میں آنکھ میں ڈالنا یا آنکھوں کو سرد پانی سے دھوتے رہنا لال مرچ کم کھانا آنکھوں کی حفاظت کے لئے اچھا اور بہترین علاج ہے۔ ☆ پیاز کو گائے کے گھی میں

جلا کر نیم گرم بواسیر کے مسوں پر لگایا جائے تو درد فوراً بند ہو جاتا ہے۔

☆ سولی کے سبز پتے ایک تولہ آدھا سیر ٹھنڈے پانی میں گھوٹ کر تین تولہ مصری ملا کر پلانے سے شراب کا نشہ اُتر جاتا ہے۔

☆ ہفتہ میں ایک دن مکمل فاقہ کرنے سے صحت ہمیشہ اچھی رہتی ہے۔

☆ تمباکو نوشی آنکھوں کے لئے مضر ناک کیلئے نفرت خیز دماغ کے لئے نقصان رساں اور پھیپھڑوں کے لئے خطرناک ہے۔ ☆ کپڑوں پر گرم استری پھیرنے سے بیماریوں کے جراثیم مر جاتے ہیں۔ ☆ حاملہ اور دودھ پلانے والی عورتوں کے دانت خراب ہوں تو بچے کی صحت ضرور خراب ہو جاتی ہے۔ ☆ پانی کھانوں والوں کو نمک اور سرسوں کا تیل ملا کر دانتوں پر ملنا فائیدہ مند ہے۔

☆ آک کی روئی زخم پر رکھنے سے خون بند ہو جاتا ہے۔ ☆ مٹی کے تیل کے دو، تین قطرے بھوری شکر میں ملا کر پے جاوے تو سمندری بیماری سے ایک ملیریا والے مریض کے پاس تمباکو مفید ہے۔ ☆ پیروں کے دونوں انگوٹھے سخت باندھ دینے سے یا مریض کے دونوں بازوؤں اور دونوں ران باندھ دینے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے۔ ☆ جوڑوں کا درد خواہ کیسا ہی ہو گیدڑ کی چربی جوڑوں پر ملا کرنے سے دور ہو جاتا ہے۔ ☆ اوری کا سالن جس میں پیاز اور دھنیا ڈالا گیا ہو چالیس روز کھانے سے سل کی بیماری دور ہو جاتی ہے۔

☆ دو رتی پیتا پانی میں گھول کر بخار کے وقت سے پہلے پلا دے تو بخار اور چوتھیا بخار رک جاتا ہے۔ پہلی دوسری مرتبہ بالکل نہیں ہوتا۔ ☆ سونف کا عرق یا لیموں کا رس پینے سے بدہضمی دور ہو جاتی ہے۔ ☆ کورا گنڈل کے گودے میں ذرا سی داو ہلدی پسی ہوئی چھڑک کر نیم گرم کر کے باندھنے سے ہر قسم کا درد دور ہو جاتا ہے۔ ☆ رسولی پر پیتا رگڑ کر لگانے سے رسولی دور ہو جاتی ہے۔ ☆ پاؤ بھر تیل میں ایک تولہ کاربا کسائیڈ ملانے سے کاربک تیل بن جاتا ہے۔ یہ زخموں کے نہایت مفید چیز ہے۔

☆ مسوڑوں کا درد آیوڈین لگانے سے بند ہو جاتا ہے۔ ☆ حنظل کی کاٹھ سر پر باندھ دو درد سر کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ پنچ کنڈا کی جڑ جس شخص کو بچھو کھائے اُس کو کھلا دو فوراً آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ سونٹھ کی کاٹھ اگر بخار والے کے گلے میں ڈالا جاوے اُسکو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ سرگین فیل اور سانپ کی کینچلی ملا کر سرمہ میں حل کر کے پڑوال کی آنکھ میں لگایا جاوے تو پڑوال دور ہو جاتے ہیں۔ ریچھ کا خون سلائی سے آنکھ میں لگانے سے پڑوال دور ہو جاتے ہیں۔ ☆ ہاتھی دانت کی خاک اور رسوت ہم وزن لیکر بکری کے دودھ میں گھول کر کے بالوں پر لگانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

☆ چھپر کے سم روغن السی میں ملا کر اس کو جوش دیکر اس تیل کو سر سے گنجے پر لگاؤ تو گنج کو آرام ہوتا ہے۔ ☆ گدھے کا دانت رگڑ کر حقو اثر چالیس روز آنکھ میں ڈالنے سے آنکھ میں کوئی داغ چنا وغیرہ بالکل صاف ہو جاتا ہے۔

☆ کان کے درد کا علاج۔ گلسرین میں تھوڑا افیوں کا کاست یا افیون شامل کر کے کان میں ڈال دیں اور ذرا سی روئی آگے رکھ دے تو کان کے درد کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ کھانسی کا مجرب علاج۔ مغز کدو تین ماشہ مغز تخم جلہار دو ماشہ جافران ایک ماشہ گوند تین ماشہ نشاستہ تیس ماشہ کیشر ۳۱ ماشہ مغز بادام شرین مقشر ۳ ماشہ رب السوس ۳ ماشہ منقی ۳ ماشہ خشخاش سفید ۴ ماشہ شکر سفید ۷ ماشہ کوٹ چھان کر لعاب بیدانہ کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی منہ میں ڈال کر چوستے رہیں خانسی فوراً بند ہو جائے گی۔ گوکھرو مفرح سیاہ ہموزن برابر پیش کردہ چاول تپاسہ میں ڈالکر استعمال کرنا کھانسی کے لئے بہترین علاج ہے۔

☆ ست لیموں ۱ تولہ فلفل سیاہ ۳ تولہ گندھک آملہ سار ۶ ماشہ ہڑتال ورقیہ ۳ ماشہ سب کو کوٹ کر سکنجبین کے ہمراہ دانہ سور کے برابر گولیاں باندھیں اور ترکیب بالا کام میں لاویں۔ ☆ سرخ مفرح کے بیج سالم پانچ عدد کے کر بقدر مناسب موم سفید میں چھپا کر مریض کو نگلوا دیں۔ خدا چاہے دست اور کے سب موقوف ہو جائیں گے۔ ☆ ست لیموں نمک سونچل کالی مفرح ہر ایک ایک تولہ آک کے پھول ۲ تولہ آک کی جڑ ۲ تولہ مشل سرمہ باریک کر کے سکنجبین کے ہمراہ چنے کے برابر گولیاں بنا کر بطریق بالا کام میں لاویں بہت اکسیر ہے۔ ☆ زبان کی قوت ذائقہ مل ہو جاوے تو اورک چبائیں۔ ☆ سینگ بریان شہد میں ملا کر رات کو چاٹنا نیند لاتا ہے۔

☆ سفوف پیپلا موم وقند سیاہ ملا کر کھانا نیند لاتا ہے۔ ☆ جو کی راکھ میٹھے تیل میں ملا کر جلی ہوئی جگہ پر لگانا مفید ہے۔ ☆ برگ لیموں کا عرق ملنے سے بغل کی بدبو جاتی رہتی ہے۔ ☆ پوست سرسوں کو ہمراہ گھی ایک صد دفعہ دھو کر ملا کر پھوڑے پر لگانا مفید ہے۔

☆ مٹی کے تیل کی مالش بچھو کے کاٹنے کی زہر زائل ہو جاتی ہے۔

☆ ایک گٹھلی انس شیر گاؤ میں حل کر کے مارگزیدہ کو پلانا نصف گھنٹہ میں قطعی آرام کرتا ہے۔ ☆ آب کی گٹھلی کا مغز پانچ میں پیس کر مارگزیدہ کو پلانا زہر کو زائل کرتا ہے۔ اُس کو فوراً پلایا جاوے پاخانہ آ جائے گا۔ زہر اور ترنے کے بعد مریض کو اسکا ذائقہ میٹھا ہو گا۔ اگر ایک دفعہ سے آرام نہ ہو تو دو تین دفعہ دیویں مگر مارگزیدہ کو پہلی شب سونے نہ دیا جاوے۔ پارچہ کا بند لگانا یعنی اُس جگہ باندھنا بھی مفید ہے۔ ☆ شہد خالص آنکھوں خوب بھر کر لگانے سے ضعف بصارت دور چشم کو مفید ہے اور ہر روز اس کا استعمال تمام جلدی امراض کو مفید ہے۔ ☆ عورت کے دودھ میں قدرے افیون ملا کر کان ڈالنا درد گوش کو از حد مفید ہے۔

یہ بھی ٹوٹکے کتاب "سنیاسی ٹوٹکے" سے لئے گئے ہیں۔

مفید اور کار آمد نقش

من چاہا میٹھا پھل پانے والوں کیلئے

بیوی اور خاوند کی سازداری کے واسطے ایک نقش شوہر کو اور دوسرا بیوی کو اپنے بازو پر باندھنا چاہیے نقش یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۱۳	۲	۹	۶
۱۰	۱۵	۳	۱۵

نقش برائے فراخی رزق

اس نقش کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کے ہاتھ میں پہنے۔ نقش یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۴	۵	۴	۱۵

نشق سورہ نور

افلاس دور کرنے کیلئے مجرب ہے۔

۱۶۱۳	۱۶۱۷	۱۶۲۰	۱۶۰۶
۱۶۱۹	۱۶۰۷	۱۶۱۳	۱۶۱۸
۱۶۰۸	۱۶۲۲	۱۶۱۵	۱۶۱۳
۱۶۱۶	۱۶۱۱	۱۶۰۹	۱۶۶۱

نقش سورہ قُل ھواللہ برائے حُب

نقش سورہ قل ھو اللہ لکھ کر درخت میں لٹکا دے جب ہوا سے ہلے گا تو مطلوب بے قرار ہوگا۔

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۵۸	۲۴۵	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۲	۲۵۷

مُراد پوری ہو

اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے جس کام کے واسطے ارادہ کریگا انشاءاللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی۔

۳۸	۴۲	۴۵	۳۱
۴۴	۳۲	۳۷	۴۳
۳۳	۴۸	۰	۳۶
۴۱	۳۵	۳۴	۴۶

نقش سورہ اعلیٰ

نقش سورہ اعلیٰ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے امن و امان میں رہے۔

۴۴۲۵	۴۴۲۸	۴۴۳۲	۴۴۱۸
۴۴۳۱	۴۴۱۹	۴۴۲۴	۴۴۲۹
۴۴۲۰	۴۴۳۴	۴۴۲۶	۴۴۲۳
۴۷۴۷	۴۴۲۲	۴۴۲۱	۴۴۳۳

نقش سورہ طور

سورہ طور کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تنگی دور اور فراخ معاش ضرور ہو۔

۳۱۱۳	۳۱۱۵	۳۱۱۸	۳۱۰۵
۳۱۱۷	۳۱۰۶	۳۱۱۰	۳۱۱۶
۳۱۰۷	۳۱۳۰	۳۱۱۳	۳۱۱۰
۳۱۱۴	۳۱۰۹	۳۱۰۸	۳۱۱۹

غیب سے رزق پانے کیلئے

جو کوئی شخص سورہ نظر کو اپنے پاس لکھ کر رہے رزق غیب سے پائے بلائے فاقہ کشی دور ہو۔ نقش یہ ہے۔

۲۰۱۸	۲۰۲۱	۲۰۱۳	۲۰۱۱
۲۰۲۳	۲۰۱۲	۱۷۱۷	۲۰۲۲-
۲۰۱۳	۲۰۲۶	۲۰۹۰	۲۰۱۶
۲۰۳۰	۲۰۱۵	۲۰۱۳	۲۰۴۰

نقش برائے فراخی رزق

برائے حصول غنا اس نقش کو ہر روز چار مرتبہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے ایک چلے تک یہ عمل کرے۔

۵۵۹۱	۵۵۹۳	۵۵۹۷	۵۵۸۴
۵۵۹۶	۵۵۸۵	۵۵۹۰	۵۵۹۵
۵۵۸۶	۵۵۹۹	۵۵۹۲	۵۵۸۹
۵۵۹۳	۵۵۸۸	۵۵۸۷	۵۵۹۸

دشمن کی زبان بندی کیلئے

۷۸۹

اس نقش کو لکھکر موم جامہ میں بند کر کے جس مٹکے میں پانی بھرا ہو اس میں نیچے رکھ دے۔

۱۷	۲۱	۴۴	۲۰
۳۴	۱۱	۱۲	۲۲
۱۲	۰	۱۹	۱ح
۴۸	۱۴	۱۳	۲ح

بھوت پریت بھاگ جائے

۷۸۶

اس نقش کو مولی کے عرق سے لکھکر آسیب زدہ کو دھونی دے، بھوت پریت بھاگ جائے گا۔

۷۴	۸۱	۲	۸
۷	۳	۷۸	۷۷
۸۰	۷۵	۹	۱
۴	۶	۷۶	۷۹

عزت نصیب ہو

اس نقش کو بھوج پتر پر لکھ کر اپنے پاس رکھے جہاں جائے عزت حاصل ہو۔

۴۳	۵۱	۲	۷
۶	۳	۴۸	۴۷
۵۰	۴۵	۸	۱
۴۴	۴	۴۶	۴۹

مفید اور کار آمد نقش

۶۳	۶۹	۳	۷
۶۸	۶۳	۶۶	۶۵
۶۸	۶۳	۸	۱
۴	۵	۶۳	۶۷

امساک کے لئے

یہ تعویز کمر میں باندھے انزال دیر سے ہوگا۔

۵	۲	۴	۲
۶	۶	۵	۹
۸	۵	۲	۴
۴	۱	۱	۵

حاکم مہربان ہو، معشوق بیقرار ہو

جو کوئی کسی شخص کو مہربان کرنا چاہے تو اس نقش کو فلیتہ بنا کر اس میں اپنا نام اور دوسرے کا نام جس پر کہ نظر اپنی ہے لکھ کر خالص ارنڈی کے تیل میں وہ فلیتہ جلا کر کاجل پاڑے اور رکھ چھوڑے اور یہ کاجل دائیں بھوکس پر لگا کر اپنے محبوب کے سامنے جاوے اللہ کے حکم سے مہربان ہوگا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۵۷۱۸	۱۱۵۸۳۱	۱۳۵۷۳۴	۱۵۱۱
۱۳۵۲۲	۲۵۷۲۲	۲۵۷۱۷	۳۵۷۵۲
۱۳۹۷۱۳	۵۲۷۲۲	۱۹۵۷۱۹	۲۵۷۱۲
۱۰۵۷۲۰	۹۱۵۵۵	۳۵۷۱۳	۵۵۷۳۲

کھیت میں غلہ زیادہ ہو

اس نقش کو اتوار کے دن کھیت میں گاڑ دے تو غلہ زیادہ ہو کیڑے سے کھیت بچار ہے۔

۷۸۶

۸	۲	۸۲	۸۵
۲۸	۷۹	۱	۷
۱	۹	۲۶	۸۱
۸۰	۲۷	۶	۴

کاروبار میں ترقی ہو جائیگی

اس نقش کو ایک بار لکھ کر دریا میں بہا دے تو تجارت میں نفع ہوگا۔

۵	۵۷	۲	۷
۶	۳	۵۴	۳
۵۶	۵۱	۸	۱
۴	۵	۵۴	۵۵

بچہ ہر آفت اور ہر مرض سے محفوظ رہے

یہ نقش چاندی کی تختی پر لکھ کر بچے کے گلے میں باندھ دیں بحکم خدا تعالیٰ ہر مرض و با سے محفوظ رہے گا۔

۴	۱۴	۱۵	۱
۹	۷	۶	۱۳
۵	۱۱	۱۰	۸
۶	۱۲	۳	۱۳

گمشدہ کی تلاش کے لئے

جو کوئی گم ہو گیا ہو تو ﷺ کی انگلی سے زمین پر لکھے اور چھینٹا مارے گمشدہ فوراً چلا آئے گا۔

دفینہ ہاتھ آوے

اگر کوئی نیک اور عبادت گذار شخص اس نقش معظم کو سفید کاغذ پر مشک اور زعفران سے لکھ کر سفید مرغ کی گردن میں باندھ کر چھوڑے تو جس جگہ جا کر مرغ بانگ دے گا اسی جگہ پر خزانہ ہوگا۔

۵۸	۹۴	۹۷	۱
۹۶	۳	۷	۹۸
۳	۰	۹۳	۶
۵۳	۵	۱	۹۹

دشمن پر فتحیاب ہو

اس نقش کو ندی کے کنارے بیٹھ کر لکھے تو دشمن پر فتحیاب ہو۔

۴۷	۷۴	۲	۸
۷	۳	۷۱	۷۰
۷۲	۶۸	۹	۱
۴	۶	۷۱	۷۲

دماغ روشن ہو

اس نقش کو ایک سو ساٹھ مرتبہ ہر روز لکھے علم بہت آئے عقل زیادہ ہو جائے ۔ میاں منصور علی صاحب عامل فرماتے ہیں کہ یہ نقش زیادتی علم کے لئے مجرب ہے۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۴	۷	۲	۱۳
۱	۹	۱۶	۳
۵	۴	۵	۱۰

دشمن خراب ہو

اس نقش کو لکھ کر کمہار کے آوے میں ڈال آوے جس قدر یہ نقش جلتا جاوے گا اسی قدر دشمن برباد ہوتا جائیگا۔ مجرب ہے۔

۷۹	۷۲	۲	۷
۶	۳	۸۳	۸۴
۸۵	۸۰	۸۱	۱
۴۰	۸۵	۸۳	۸۴

دیگر

اس نقش کو الّو کے پر پر لکھ کر دشمن کے گھر میں ڈالے تو دشمن خراب ہوگا۔

۸۴	۹۱	۲	۷
۶	۳	۸۸	۸۷
۱۰	۵	۸	۱
۴	۵	۸۵	۸۹

جنم لگن میں گرہوں کا چمتکاری پھل شعروشاعری کی طرز پر

جنم لگن میں آفتاب (سورج) کا پھل

پڑے خانہ اول میں آفتاب جو ۔ بدن اس کا سارا کرودھی کہو
بگانوں سے وہ ایچ خاموش رہے نہ عورت سے بھی اپنے سن کی کہے
رہے وات پت سے دُکھی وہ سجان ۔ سفر سے اسے لابھ ہووے نہ بدن

آفتاب کا دوسرے دھن خانہ میں ہونا ثمرہ

پڑے دھن بھاؤ میں جب آفتاب تو۔ اُس شخص کو قسمت والا بنا
سواری ۔مویشی ۔ رہن اس کے گھر ۔ ہے کلیش کینے سے ہو کر دھود
کمانے کی تدبیر سوسو کے ۔ نہ ہو کامیابی ۔ خویش اقارب سے مڑے

آفتاب کا تیسرے بھراتری استھان کا ثمرہ

جو خورشید ہو خانہ سوئم میں مقام ۔ براد براور بڑے کی کرے اس کی بدن
پتورا خاص اس کا کمایا ہوا ۔ پوری طاقت سے اپنے لایا ہوا
ہے کلیش بھائیوں سے اس کا عام ۔ پھرے فرودشمنوں سے کرتا مقام
وہ جیت دشمن کو سدا جنگ میں ۔ کرے عیش راجاؤں کے سنگ میں

آفتاب کا چوتھے سکھ استھان کا ثمرہ

جو پنچہ میں خورشید ادے سجان تعدیہ منتروں میں اس کا دھیان
کہاوت کی علم میں اس کو ہو ۔ عقل تیز اس کی نہایت کہو
کمانے میں دھن کے لگے اس کا سن۔ کمائے اسی کام میں خوب دھن
دلوانہ رہے درد ہو کوکھ میں ۔ ختم زندگی ہو اسی روگ میں

آفتاب کا دشمن خانہ میں ثمرہ

جو خوشید خانہ دشمن میں پڑے ۔ ہوں مغلوب دشمن اس سے لڑے
کہیں راہ میں جب وہ سفر ۔ تو دل پہ رہے اس کے چوروں کا ڈر
بعاشف اور منتروں میں ہوے خرچ دھن ۔ مویشی اور حاسوں کو ہو کب امن

آفتاب کا ساتویں عورت خانہ میں ثمرہ

جب ہو شمس خانہ ہفتم سجان۔ تو عورت کو سدا تکلیف جان
رہے فکر دل پر ہو اور خفیف ۔ وہ دوکانداری اس کی کرے کچھ ضعیف
(خاص نوٹ) اگر کسی لڑکی کے لگن سے ساتویں سورج ہو۔ اس کا خاوند (دوائی
بواس) چھوڑ دیتا ہے

آفتاب کا آٹھویں دجوت خانہ کا ثمرہ

پڑے جاندا ثم جو خورشیدا ۔ کرے کام اپنے وہ سب سے چھپا
رکھے بیگانی عورت سے وہ اُلفت ضرور ۔ نہ اُس کو مضمون ہو پر سر
کرے کام ناقص ہے دل میں ہو ۔ چوری ۔ تنگی سے وہ دھن لو

آفتاب کا خانہ نہم۔ قسمت خانہ کا ثمرہ

پڑے خانہ میں جو آفتاب ۔ تو اس شخص کو فکر سے ہو بیتاپ
جب نیم سے روج پڑلے ۔ نہ کرتے منکرب سے
بھائی بندوں سے تکلیف جان ۔ سورج کی اس پر صاحب دھرم سجان

آفتاب کا دسویں گھر کا پھل ۔چاند درج دربار

دسم گھر میں سورج جو ادے سجان ۔ تو ماتا تو تکلیف کا ہو گمان
کرے وہ صدا شاہ کی ہمری ۔ رہے جس سے اس کی طبیعت بھری
ہر قسم کی شے رہے اس کے گھر ۔ مگر بھائی بندوں سے ہو اس کو ڈر

آفتاب کا گیارھویں لابھ میں ثمرہ

جو پڑے سورج کا گیارھویں بھاؤ میں آ ۔ رہے راج دواروں میں وہ بھاگ
ہر اِک شے ملے ۔ اس کو سرکار سے ۔ بڑے سکھ عزت بھی زرپ دوار سے
وہ رعب اور اقبال ور ۔ کہ دشمن دوست اس کے دو پست پر
لیکن بے اولاد کو یہ خراب ۔ کرے اس کی تدبیر کرے وہ شتاب

آفتاب کا بارھویں خانہ ۔خرچ کا ثمرہ

پڑے لگن سے بارھویں شمس جو ۔ درد چشم یا نظر کم کہو
لڑائی میں دشمن کو جیتے سجان ۔ خریدے زمین بناوے کمان
اپنے بیگانوں سے اکثر پریشان رہے ۔ ناپائے سکون گھریلو الجھنوں سے

چندرماں کا پہلے خانہ اول کا ثمرہ

پڑے چندر ماں خانہ اول میں جو ۔ نظر کم ہو ۔ بہرہ یا کم عقل ہو
پڑے چندرماں سکھ "برکھ" کرک جان ۔تو ہو خوش نصیب اور بڑا بھاگواں
کرے سونا چاندی کا ہیرے موتی کی کار ۔ یا ہووے خزانہ میں راجہ کے دربار
بیماریوں سے رہے جسم دور ۔ ہو عاشق اسے دیکھ کر تیز ہور

چندرماں کا خانہ دوئم دھن دولت کا ثمرہ

پڑے چندر جو خانہ دو میں سجان ۔ رہے اس پر ناری ازحد مہربان
کرے عیش عشرت زر دار ہو ۔ مگر کینے اس کے تئیں کم پیار ہو
وہ ہو۔ خوبصورت بھی ایسا ضرور ۔ کہ عاشق اُسے دیکھ کر ہووے غور

چندرماں کا خانہ سوئم ۔بہن بھائیوں کا خانہ کا پھل

پڑے چندرماں تیرے جان۔ رہیں اس کے بھائی مہربان
وہ دھن اپنی ہمت سے پیدا کرے۔ وہ شادی بھی کر لوگ میں چپ برے
جو عورت بھی اس کو لبھاوے اجان۔ نہ مانے کسی کی لگاونے وہ دھیان

چندرماں کا خانہ چہارم سکھ میں پھل

پڑے چندرماں اگر کانہ چہار۔ تو سرکار سے دھن ملے بے شمار
پسر اور زوجہ بھی پاوے آرام۔ اطاعت کرے اس کی دل سے ودام
رعیہ کی اہوے وزیر ایک بار۔ ہو رتبہ بڑا اور اقبال دار

چندرماں کا خانہ پنجم رستان بھاؤ کا پھل

خانہ پسر جو پڑے ماہتاب۔ تو سہیدگی اس کو بخشے شتاب
اولاد سے بھی بھرے اس کا گھر۔ ہووے پسر اُس کا اقبال ور
زمین اور تنوں کی اور کرے۔ وہ ہر قسم کی شے کے گھر کو بھرے

چندرماں کا خانہ ششم خانہ روگ کا پھل

جو خانہ چھٹے چندرماں ہو مال۔ تو حاکم سے دشمن ہمیشہ پایمال
وہ ہو جلوہ اگر بڑا بھاگید وان۔ مگر ماتر سوا کرے رکھے اپنی شان

چندرماں کا ساتویں خانہ ہفتم۔ خانہ عورت کا پھل

پڑے ساتویں گھر میں جو آن چند۔ تو بھوجن اُسے شیرنی ہو پسند
وہ اچھی ہی طاقت سے پائے آرام۔ وطن غیر میں وہ کرے جا مقام
وہیں اس کے دل خواہ ہو روزگار۔ بذریعہ اُس کے وہ ہو مال دار
خوش دل خوش نصیب اس کی نار۔ رہے اپنے سوامی کی خدمت گذار

چندرماں کا خانہ ہشتم خانہ قوت کا پھل

اگر چندرماں آٹھویں گھر پڑے۔ نوبت اس کے گھر پر جو شادے کرے
پکار سونگ کی دال کا جل پلاوے اُسے۔ گرم پانی کر کے نہلاوے اُسے
ہمیشہ رہے پانی سے پُر خطر۔ تو تکلیف کا بھی رہے دل پر ڈر
حکیموں کی مجلس اس کے مکان پر رہے۔ کرے خراج زر وہ اس سے کہے
